سنہ ۱۹۲۸ء

آصف نمبر ۱۰

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ تَرٰىہُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا

سلسلۂ دار المصنفین

نمبر ۳۱

سیر الصحابہؓ کے حصۂ مہاجرینؓ کی

پہلی جلد

خلفائے راشدینؓ

جس میں

اولاً خلافت راشدہ کے خصایص وحقایق پر ایک مقدمہ ہے، اور اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ، عمر فاروقؓ، عثمان ذی النورینؓ، اور علی مرتضیٰؓ کے سوانح حیات، اور ان کے سیاسی، انتظامی، مذہبی، اخلاقی، اور علمی کارنامون کی تفصیل، اور انکے عہد کے ملکی فتوحات کا تذکرہ ہے

از

مولوی حاجی معین الدین صاحب ندوی سابق رفیق دار المصنفین

باہتمام مسعود علی ندوی،

مطبع معارف دار المصنفین اعظم گڈھ مین چھپی

سنہ ۱۳۴۶ھ
۱۹۲۷ء

سیر الصحابہ رض

رسول اللہ صلعم کے بعد مسلمانون کے لیے صرف صحابۂ کرام کی ذات اسوۂ عمل ہی، لیکن ان کے حالات واقعات اور اخلاق و عادات بھی اسی تنقید و تنقیح کے محتاج تھے، اور یہ سلسلہ بھی اسی اصول کو پیش نظر رکھ کر زیادہ تر قرآن و حدیث سے اخذ کر کے لکھا گیا ہی، اب تک اس کے پانچ حصے شایع ہو چکے ہین، دو حصون مین انصار کے حالات حروف تہجی کے مطابق لکھے گئے ہین اور مقدمہ مین انصار کے نسب، تمدّن، وغیرہ کے متعلق متعدد مباحث ہین، ایک حصے مین صرف صحابیات، ازواج مطہرات و بنات طیبات کے حالات مذکور ہین، اس سلسلے کے اہم ترین دو حصے وہ ہین جو اسوۂ صحابہ کے نام سے شایع ہوے ہین، اور یہ ایک ایسی کتاب ہے جسکی نظیر عربی فارسی مین نہین ملتی، یعنی اس کے پہلے حصے مین صحابۂ کرام کے عقائد، اعمال، عبادات اور اخلاق و معاشرت وغیرہ کے متعلق نہایت مستند اور پر اثر واقعات درج کیے گئے ہین، جو بیشتر قرآن و حدیث سے ماخوذ ہین، دوسرے حصہ مین صحابۂ کرام کے سیاسی، مذہبی اور علمی خدمات کی تفصیل کی گئی ہے، اور اس مین بھی زیادہ تر احادیث سے کام لیا گیا ہے، صحابیات کے متعلق اس قسم کے جو واقعات تھے ان کو الگ کر کے ایک مستقل رسالہ مین جمع کر دیا گیا ہے، جو لوگ عہد رسالت اور عہد صحابہ کی تمام اخلاقی مذہبی سیاسی اور علمی برکتون سے مستفید ہونا چاہتے ہین، اُن کے لیے سیرت کے ساتھ اس سلسلہ کا مطالعہ بھی ازبس ضروری ہے،

قیمت اسوۂ صحابہ جلد اول ہے، جلد دوم للعہ، سیر الانصار حصہ اول ہے، حصہ دوم عہ، سیر الصحابیات عہ، اسوۂ صحابیات عہ،

فہرست مضامین خلفائے راشدینؓ

مضمون	صفحہ
دیباچہ	۱-۳
تمہید	۴-۱۰
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۱ - ۴۱
نام، نسب، خاندان	۱
حضرت ابوبکرؓ کے والد	〃
حضرت ابوبکرؓ کی والدہ	۲
قبل اسلام	۳
اسلام	۳
اشاعت اسلام	۴
مکہ کی زندگی	۵
ہجرت حبشہ کا قصد اور واپسی	۶
ہجرت مدینہ اور خدمت رسولؐ	۸
مواخات	۱۳
تعمیر مسجد	〃
غزوات	۱۴—۲۰
غزوۂ بدر	۱۴
غزوۂ احد	۱۵
غزوۂ بنی مصطلق اور واقعۂ افک	۱۶
واقعۂ حدیبیہ	۱۸
امارت حج	۲۰
آنحضرت صلعم کی وفات اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت	۲۱ - ۲۷
سقیفۂ بنی ساعدہ	۲۳
حضرت علیؓ کی بیعت	۲۵
خلافت	۲۷ - ۳۳
اسامہ بن زیدؓ کی مہم	۲۷
مدعیان نبوت کا قلع قمع	۲۸
مرتدین کی سرکوبی	۳۰
منکرین زکوٰۃ کی تنبیہ	۳۰
جمع و ترتیب قرآن	۳۱
ایک غلط فہمی کا ازالہ	〃
آیات و سور عہد نبوت مین مرتب ہوچکے تھے،	۳۲
حضرت ابوبکرؓ نے قرآن کے متفرق اجزاء کو صرف ایک کتاب کی صورت مین جمع کرایا	〃
صحیفہ صدیقی کبتک محفوظ رہا	۳۳
فتوحات	۳۳ - ۳۸
مہم عراق	۳۶
حملۂ شام	۳۷
متفرق فتوحات	۳۸
مرض الموت اور استخلاف حضرت عمر فاروقؓ	۳۶ ، ۴۱

کارنامہاے زندگی

۴۱/۱ - ۴۱/۱۷

عنوان	صفحہ
نظام خلافت	۴۱/۲
ملکی نظم و نسق	۴۱/۲
حکام کی نگرانی	۴۱/۵
تعزیر و حدود	۴۱/۶
مالی انتظامات	۴۱/۸
فوجی نظام	۴۱/۹
فوج کی اخلاقی تربیت	۴۱/۱۰
سامان جنگ کی فراہمی	۴۱/۱۰
فوجی چھاؤنیوں کا معائنہ	۴۱/۱۱
بدعات کا سد باب	۴۱/۱۲
خدمت حدیث	〃
محکمۂ افتاء	۴۱/۱۳
اشاعت اسلام	۴۱/۱۴
رسول اللہ صلعم کی طرف سے ایفاے عہد	۴۱/۱۵
رسول اللہ صلعم کے اہلبیت اور متعلقین کا خیال	〃
ذمی رعایا کے حقوق	۴۱/۱۶

فضائل و مناقب

۴۱/۱۷ - ۴۱/۲۹

عنوان	صفحہ
بارگاہ نبوت میں رسوخ	۴۱/۱۷
علم و فضل	۴۱/۱۹
ذوق سخن	۴۱/۲۰
تقریر و خطابت	〃
نسب دانی	۴۱/۲۱
تعبیر رویاء	۴۱/۲۲
علم تفسیر	۴۱/۲۳
حدیث	۴۱/۲۵
امامت و اجتہاد	۴۱/۲۶
اصول اجتہاد	۴۱/۲۷
قیاسی مسائل سے خوف	۴۱/۲۷
ایک قیاسی مسئلہ	۴۱/۲۸

اخلاق و عادات

۴۱/۲۹ - ۴۱/۴۱

عنوان	صفحہ
تقوی	۴۱/۳۰
زہد	۴۱/۳۳
انفاق فی سبیل اللہ	۴۱/۳۵
خدمت گذاری خلق	۴۱/۳۷
مذہبی زندگی	۴۱/۳۷
خانگی زندگی	۴۱/۳۸
مہمان نوازی	۴۱/۳۹
لباس و غذا	〃
ذریعۂ معاش	۴۱/۴۰
جاگیر	۴۱/۴۱
حلیہ	۴۱/۴۱
ازواج و اولاد	〃

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالے عنہ

۴۲ - ۱۳۱

عنوان	صفحہ
نام و نسب اور خاندان	۴۲

اسلام حضرت عمرؓ

۴۴ - ۵۵

عنوان	صفحہ
زمانۂ اسلام	۴۹
ہجرت	۵۳

غزوات و دیگر حالات

۵۵ - ۶۱

خلافت اور فتوحات

۶۲ - ۷۱

فتوحاتِ عراق ۶۲
قادسیہ کی فیصلہ کُن جنگ ۶۷
عام لشکر کشی ۷۰

فتوحاتِ شام

۷۱ - ۷۸
میدانِ یرموک اور شام کی قسمت کا فیصلہ ۷۲
بیت المقدس ۷۴
بیت المقدس کا سفر ۷۵
متفرق معرکے اور فتوحات ״
فتوحاتِ مصر ۷۶
شہادت ۷۷
ازواج و اولاد ״

فاروقی کارنامے

۷۹ - ۱۰۴
فتوحات پر اجمالی نظر ۷۹
نظامِ خلافت ۸۰
احتساب ۸۵
ملکی نظم و نسق ۸۸
بیت المال ۹۰
تعمیرات ۹۱
مستعمرات ۹۲
فوجی انتظامات ۹۴
مذہبی خدمات ۹۷
متفرق انتظامات ۱۰۲
عدل و انصاف ۱۰۳

علم و فضل

۱۰۴ - ۱۰۸

اخلاق و عادات

۱۰۹ - ۱۳۱
خوفِ خدا ۱۰۹
حبِ رسول اور اتباعِ سنت ۱۱۱
زہد و قناعت ۱۱۵
تواضع ۱۲۲
تشدد و ترحم ۱۲۳
عفو ۱۲۶
رفاہِ عام ״
خدا کی راہ میں دینا ۱۲۸
مساوات کا خیال ״
غیرت ۱۲۹
خانگی زندگی ۱۳۰

امیر المومنین حضرت عثمان ذو النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۳۲ -
نام، نسب، خاندان ۱۳۲
قبولِ اسلام ۱۳۳
شادی ۱۳۴
حبشہ کی ہجرت ۱۳۵
مدینہ کی طرف ہجرت ۱۳۶
بیر رومہ کی خریداری ״

غزوات اور دیگر حالات

۱۳۷ - ۱۴۳
غزوۂ بدر اور حضرت رقیہؓ کی علالت ۱۳۷
غزوۂ احد ۱۳۹
دیگر غزوات ״
سفارت کی خدمت ۱۴۰
غزوۂ تبوک اور تجہیز جیش عسرہ ۱۴۱

خلافت اور فتوحات

۱۴۴ - ۱۵۲

فتحِ طرابلس ۱۴۶
فتحِ افریقہ ۱۴۷
اسپین پر حملہ "
عبداللہ بن ابی سرح کو انعام "
فتحِ قبرس ۱۴۸
والیِ بصرہ کی معزولی ۱۴۹
فتحِ طبرستان ۱۵۰
ایک عظیم الشان بحری جنگ ۱۵۱
متفرق فتوحات ۱۵۲

انقلاب کی کوشش اور حضرت عثمان رض کی شہادت

۱۵۲ - ۱۸۸

رفعِ فتنہ کی آخری کوشش ۱۷۶
مفسدینِ کوفہ کی رضاجوئی ۱۷۸
تحقیقاتی وفود "
انقلاب کی کوشش ۱۷۹
خلافت سے کنارہ کشی کا مطالبہ ۱۸۰
محاصرہ ۱۸۱
باغیوں کو حضرت عثمان رض کی فہمائش ۱۸۲
جان نثاروں کے مشورے اور اجازت طلبی ۱۸۳
شہادت کی تیاری ۱۸۵
شہادت "
حضرت عثمان رض کا ماتم ۱۸۷

عثمانی کارنامے

۱۸۹ - ۲۰۰

فتوحات پر اجمالی نظر ۱۸۹
فتوحات کی وسعت ۱۹۰
نظامِ خلافت "
عمال کی مجلس شوریٰ ۱۹۱
صوبوں کی تقسیم ۱۹۲
اختیارات کی تقسیم "
حکام کی نگرانی ۱۹۳
ملکی نظم ونسق ۱۹۴
بیت المال "
تعمیرات "
بند مهزور ۱۹۵
مسجد نبوی کی تعمیر و توسیع "
فوجی انتظامات ۱۹۶
امارت بحریہ ۱۹۸
مذہبی خدمات "

فضل وکمال

۲۰۰ - ۲۰۶

نوشت وخواند ۲۰۰
کتابتِ وحی "
اسلوبِ تحریر ۲۰۱
تقریر ۲۰۲
قرآن پاک ۲۰۲
حدیث شریف ۲۰۳
فقہ واجتہاد "
علم الفرائض ۲۰۶

اخلاق وعادات

۲۰۷ - ۲۱۳

خوفِ خدا ۲۰۷
حبِ رسول ۲۰۸
رسول کا ادب "
اتباعِ سنت "
حیا ۲۰۹
زہد ۲۱۰

تواضع ״
ایثار ۲۱۱
اعزہ اور احباب کے ساتھ حسن سلوک ۲۱۲
صبر و تحمل ۲۱۳
مذہبی زندگی ״

ذاتی حالات

۲۱۴ - ۲۱۶
مسکن ۲۱۴
وسائلِ معاش ״
جاگیر ״
زراعت ״
غذا ۲۱۵
صفائی ״
لباس ״
حلیہ ״
ازدواج و اولاد ۲۱۶

امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

۲۱۷-۳۲۸
نام، نسب، خاندان ۲۱۷
اسلام ۲۱۹
مکہ کی زندگی ۲۲۰
انتظام دعوت ۲۲۱
ہجرت ۲۲۲
فدویت و جان نثاری کا ایک عدیم المثال کارنامہ ۲۲۳
تعمیر مسجد ۲۲۴

غزوات اور دیگر حالات

۲۲۴-۲۷۵
غزوۂ بدر ۲۲۴
حضرت فاطمہؓ سے نکاح ۲۲۵
رخصتی ۲۲۶
جہیز ״
دعوت ولیمہ ״
غزوۂ احد ۲۲۷
بنو نضیر ۲۲۸
غزوۂ خندق ״
بنو قریظہ ״
بنو سعد کی سرکوبی ۲۲۹
صلح حدیبیہ ۲۲۹
فتحِ خیبر ״
مرحب ۲۳۰
مہم مکہ ۲۳۱
ایک غلطی کی تلافی ۲۳۳
غزوۂ حنین ״
اہلبیت کی حفاظت ۲۳۴
تبلیغِ فرمان ״
مہم یمن اور اشاعتِ اسلام ״
حجۃ الوداع میں شرکت ۲۳۵
صدمۂ جانکاہ ״
خلیفۂ اول کی بیعت اور توقف کی وجہ ۲۳۶
بیعتِ خلافت ۲۳۹
حضرت عائشہؓ کی قصاص پر آمادگی ۲۴۱
سفرِ عراق ۲۴۲
حضرت امام حسنؓ کا سفرِ کوفہ ۲۴۳
جنگِ جمل ۲۴۵
صلح کی دعوت ۲۴۹

معرکۂ صفین	۲۵۲
پانی کیلیے کشمکش	〃
میدانِ جنگ میں مصالحت کی آخری کوشش	۲۵۳
آغازِ جنگ	۲۵۳
خارجی فرقہ کی بنیاد	۲۶۰
تحکیم کا نتیجہ	〃
خوارج کی سرکشی	۲۶۴
معرکۂ نہروان	۲۶۵
مصر کیلیے کشمکش	۲۶۷
بغاوتوں کا استیصال	۲۷۰
امیر معاویہ کا جارحانہ طریقِ عمل	〃
کرمان وفارس کی بغاوتوں کو فرو کرنا	۲۷۱
فتوحات	۲۷۲
حجاز و عرب کے قبضہ کے لیے کشمکش	〃

کارنامے

۲۷۵ - ۲۸۶

خلافتِ مرتضوی پر ایک نظر	۲۷۵
ملکی نظم ونسق	۲۸۱
عمّال کی نگرانی	〃
صیغۂ مال	۲۸۳
رعایا کے ساتھ شفقت	〃
فوجی انتظامات	۲۸۴
مذہبی خدمات	〃
تعزیری سزا	۲۸۶

فضل و کمال

۲۸۷ - ۳۰۷

تفسیر اور علوم القرآن	۲۸۹
علم حدیث	۲۹۱
فقہ واجتہاد	۲۹۳
قضا اور فیصلے	۲۹۶
علم اسرار وحکم	۳۰۱
تصوف	۳۰۳
تقریر وخطابت	۳۰۴
شاعری	۳۰۶
علم نحو کی ایجاد	۳۰۷

اخلاق وعادات اور ذاتی حالات

۳۰۷ - ۳۲۸

امانت ودیانت	۳۰۸
زہد	۳۰۸
عبادات	۳۱۰
انفاق فی سبیل اللہ	۳۱۲
شرم وحیا	۳۱۳
شجاعت	〃
مخالفین کے ساتھ سلوک	۳۱۵
اصابتِ رائے	۳۱۶
خانگی زندگی	۳۲۵
غذا ولباس	۳۲۷
حلیہ	〃
ازواج واولاد	〃

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیر الصحابہؓ

سیرۃ النبی صلعم کے ساتھ ساتھ ارکان دار المصنفین کو خیال آیا کہ صحابہ کرامؓ جو اصل مین تعلیم محمدیؐ کی عملی مثال اور پیغمبر اسلامؐ کے فیض تربیت کے اصلی نمونہ تھے، ان کی سیرین بھی ترتیب دی جائین تاکہ اسلام کی اصلی عملی زندگی مسلمانون کے سامنے آجائے، چنانچہ ہمارے متعدد رفقا نے اس مقدس کام کی شرکت کی، اور بحمداللہ کہ اُس کو تکمیل اور اتمام کو پہونچایا،

صحابہ کی دو بڑی تقسیمین ہین، مہاجرین اور انصار، اسی اصول پر سیر الصحابہ کے دو حصے قرار دیے گئے، سیر المہاجرین اور سیر الانصار، دوسرا حصہ یعنی سیر الانصار دو جلدون مین چھپکر چند سال ہوے کہ شایع ہوچکا، اسی کے ساتھ مہاجرہ اور انصاریہ دونون قسم کی صحابیات کی ایک خاص جلد بھی شایع ہوچکی، صحابہ بحیثیت صحابہ کے ان کی مذہبی، اخلاقی، سیاسی، انتظامی زندگی کا مجموعہ اسوۂ صحابہ کے نام سے دو جلدون مین چھپکر مقبول ہوچکا ہے، غرض اسوقت تک اس سلسلے کے حسب ذیل حصے اشاعت پذیر ہوچکے ہین،

ا- سیر الانصار، جلد اول، جسمین حروف تہجی کی ترتیب سے الف سے لیکر س تک کے تمام مشاہیر

انصار کے سوانح ہین، اور شروع مین انصار کی قبل از اسلام زندگی کی تاریخ ہے؛

۲- سیر الانصار، جلد دوم، جسمین س سے ی تک تمام اکابر انصار کے احوال وسوانح ہین؛

۳- سیر الصحابیات، مہاجرہ اور انصاریہ ہر قسم کی صحابیہ عورتون کے حالات،

۴- اسوۂ صحابہ جلد اول، اس مین تمام صحابہ کے عقائد، عبادات، اور اخلاق وفضائل کی علمی مثالین جمع کی گئی ہین،

۵- اُسوۂ صحابہ جلد دوم، اس مین صحابہ کے علمی، تعلیمی، سیاسی اور انتظامی کارنامے جمع کیے گئے ہین

مہاجرین کے احوال وسوانح کی ترتیب وتالیف ہمارے فاضل رفیق حاجی معین الدین صاحب ندوی نے اپنے ذمہ لی تھی، لیکن وہ ابھی نصف حصہ بھی ختم کرنے نہ پائے تھے کہ ان کا انتخاب کتبخانۂ ندوۃ العلماء کی ترتیب فہرست کیلئے عمل مین آیا، وہان سے تقدیر ان کو ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے کتبخانہ مین کلکتہ لیگئی، اور چند سال ہوئے کہ پبلک اورنٹیل لائبریری پٹنہ مین لے آئی، اپنے عہدہ کے خدمات کی بجاآوری مین ان کا انہماک اس درجہ رہا، کہ سیر المہاجرین کے ناتمام مسودہ کی تکمیل سے اُن کو دست کش ہونا پڑا، حسن اتفاق کہ اس خدمت کیلئے اُنھین کے ایک ہمنام مدرسی بھائی کے نام قرعۂ فال نکلا، جو اس کام کو پوری ستعدی سے انجام دیرہے ہین،

سیر المہاجرین کے متعدد حصے ہونگے جنمین سے یہ پہلا حصہ خلفائے راشدین کے نام سے آپکے سامنے ہے، مہاجرین بلکہ صحابہ مین ان چارون بزرگون کو جو اہمیت حاصل ہے، وہ اُنکی ایک مستقل تاریخ کی مقتضی تھی، اسی لیے اس حصہ مین کسی اور مہاجر صحابی کا اضافہ نہین کیا گیا، اور نہ انکے لیے حروف تہجی کی ترتیب کی رعایت کیگئی، ان خلفائے اربعہ کے یہ حالات اسطرح لکھے گئے ہین کہ اُن کے ذاتی احوال وسوانح او راخلاق وفضائل کے ساتھ انکے عہد کی سیاسی انتظامی تاریخ بھی نظر کے سامنے آجائے، اور اس بنا پر یہ خلفائے راشدین کے حالات کے ساتھ خلافت راشدہ کے عہد کی پوری تاریخ بھی ہے،

مؤلف نے اسکی کوشش کی ہے کہ جہان تک ممکن ہو حالات احادیث کی کتابون سے اخذ کیے جائین جہان

اسمین ناکامی ہوئی ہے وہان تاریخ کی مستند کتابون، اخبار الطوال، تاریخ طبری، ابن اثیر، ابن خلدون اور تاریخ الخلفاء وغیرہ سے مدد لی ہے، لیکن نسبتہً ایسے موقع کم آئے ہین،

افسوس ہے کہ دوران طباعت مین حضرت ابوبکرؓ کے حالات مین ۴۰ صفحے، ۴۱ سے ۸۰ تک چھوٹ گئے تھے جو بعد مین ۴۱/۱ کرکے ۸۰/۱ تک بڑھائے گئے ہین، مضامین کی ترتیب مین کوئی فرق نہین ہے بلکہ صرف ہندسون کا اضافہ ہے، اسطرح یہ کتاب ۳۳۸ کے بجائے درحقیقت ۳۷۸ صفحون پر تمام ہوئی ہے،

سید سلیمان ندوی

ناظم دارالمصنفین

۱۵ صفر ۱۳۴۶ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ الطاہرین خلفائہ الراشدین

اس سے پہلے کہ **خلفاے راشدین** کے حالات پڑھے جائین، ضرورت ہے کہ **خلافت راشدہ** کا مفہوم و منشا سمجھ لیا جائے، خلافت کے لغوی معنی "جانشینی" اور "کسی کی جگہ پر اُس کے بعد بیٹھنے" کے ہین، یہ لفظ خود اپنے مفہوم و منشا کو ظاہر کر رہا ہے، کہ وہ ایک اصل کا سایہ، ایک آئینہ کا عکس، اور ایک حقیقی منصب کی قائم مقامی ہے، اسی کو امام کے لفظ سے بھی کبھی تعبیر کیا جاتا ہے، اور یہ دونون لفظ خلیفہ اور امام ایک ہی شخص کی دو مختلف حیثیتون کو ظاہر کرتے ہین، اپنے پیشرو کے نائب اور قائم مقام ہونے کے لحاظ سے وہ خلیفہ اور اپنے زمانہ کے پیروٴن کے لحاظ سے وہ امام اور پیشوا ہے، اس بنا پر درحقیقت خلافت و امامت پیغمبر کی قائم مقامی اور اس کے بعد اس کی امت کی پیشوائی ہے، صحیحین مین، یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ تم سے پہلے بنی اسرائیل مین انبیا اور پیغمبر سیاست کرتے تھے، جب ایک پیغمبر مرتا تھا تو دوسرا پیغمبر پیدا ہوتا تھا لیکن پیغمبری اب ختم ہو گئی، تم مین خلفا ہون گے"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ خلافت، پیغمبری کی نیابت اور قائم مقامی ہے، اور نبوت کے بعد اسلام مین یہ سب سے بڑا درجہ اور رتبہ ہے، اور اسی لیے اُن امور مین جن کی نسبت پیغمبر کی وحی اور فیصلہ موجود نہو، اس کا حکم اور فیصلہ بھی واجب الاطاعۃ ہے، آپ نے فرمایا کہ "میرے بعد میرے ہدایت پائے ہوئے جانشینون کی پیروی کرو"، اسی لیے ایک پیغمبر کے انتخاب کے لیے ظاہری حیثیت سے اسکی سیاسی و انتظامی استعداد و صلاحیت کو دیکھا جائے اس سے بہت زیادہ اس کے اندر پیغمبرانہ صحبت کی اثر پذیرائی، اور اس کے روحانی و علمی و اخلاقی فضائل و مناقب کی تلاش کرنی چاہیے

ان چار بزرگون کا درجہ بدرجہ اس منصبِ اعظم کے لیے انتخاب اس نقطۂ نظر کی تشریح وتصریح ہے،

اسلام مین خلافت کے فرائض اسقدر وسیع اور عالمگیر ہین کہ تمام دینی و دنیوی مقاصد کی تکمیل اُس کے تحت مین آجاتی ہے، لیکن ان کی اجمالی تشریح صرف ایک فقرہ مین کی جاسکتی ہو یعنی پیغمبر کے کامون کو قائم اور باقی اور ہر خارجی آمیزش سے پاک وصاف رکھنا، اور اُن کو ترقی دینا، یہ فقرہ ایک لفظ مین بھی سما سکتا ہے یعنی "اقامتِ دین"، لیکن یہ لفظ خود اس قدر وسیع ہو کہ تمام دینی و دنیوی مقاصد کو شامل ہوجاتا ہے، اور اقامتِ ارکان اسلام مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، امر بالمعروف نہی عن المنکر، جہاد، نصب قضاۃ، اقامتِ حدود اور وعظ و پند و تعلیم وغیرہ سب اس کے جزئیات مین داخل ہوجاتے ہین، رسول اللہ صلعم کی پاک زندگی انھین مقاصد کی تکمیل مین صرف ہوئی، اور آپ کے بعد جو لوگ آپ کے خلیفہ وجانشین ہوئے اُنھون نے بھی اپنی زندگی کو انھین مقاصد کی تکمیل کیلیے وقف کیا، خلفائے بلکہ خود رسول اللہ صلعم کے عہد مبارک مین اگرچہ ان مقاصد کی تکمیل کیلیے الگ الگ اشخاص مقرر تھے، مثلاً نماز کی امامت اور صدقات و زکوٰۃ کے وصول کرنے کا کام مخصوص اشخاص سے متعلق تھا، برائیون پر روک ٹوک کرنے کے لیے اور اشخاص معین تھے، مقدمات کے فیصلہ کا کام مخصوص اشخاص سے لیا جاتا تھا، قرآن وسنت کی تعلیم اور لوگ دیتے تھے، لیکن خلافت کی تعریف ان تمام مقاصد کو شامل ہے اس لیے ان اشخاص کیلیے متفرق طور پر جن اوصاف کی ضرورت ہے، خلیفہ کو اُن سب کا جامع ہونا چاہیے لیکن ان ظاہری اوصاف کے علاوہ روحانی فضائل کے لحاظ سے خلیفہ مین پیغمبرانہ تعلیم وتاثیر کا فیضان پورے جوش کے ساتھ جاری رہتا ہے، پیغمبر جن لوگون مین اس قسم کی روحانی استعداد دیکھتا ہے اشارات وتلویحات کے ذریعہ سے انھین کو اپنا خلیفہ اور جانشین مقرر کرتا ہے، زمانہ کے انقلاب اور حالات کے تغیر نے اسلام کے حقیقی نصب العین کو چالیس سال کے بعد بدل دیا اور ان لوگون کے ہاتھون مین یہ منصب آیا جو اندرونی و باطنی و روحانی حیثیت سے اس منصب کے لائق نہ تھے، بلکہ اُنکو صرف

ظاہری طور پر ثقہ، متدین، پاکباز، پابندِ ارکانِ اسلام اور عالم بالکتاب والسنۃ دیکھ کر امام و خلیفہ تسلیم کر لیا گیا، لیکن ایک پیغمبر کی نگاہ ان ظاہری صفات کے ساتھ مخصوص روحانی فضائل و کمالات پر بھی پڑتی ہے، اور انھیں فضائل و کمالات کے لحاظ سے قرآن و حدیث میں ایسے مخصوص اشارات پائے جاتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ خلافت کاملہ کا حقیقی مستحق صرف صحابہ کا گروہ تھا، چنانچہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ خداوند تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دل دیکھے تو اُن میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو سب سے بہتر پایا، اس لیے اس کو چن لیا اور آپ کو پیغمبر بنا کر مبعوث فرمایا، پھر آپ کے دل کے بعد اپنے بندوں کے دل دیکھے تو آپ کے اصحاب کے دل کو سب سے بہتر پایا، اس لیے اُن کو آپ کا وزیر بنایا جو آپ کے دین کی حفاظت کیلیے جنگ کرتے ہیں؛

لیکن یہ ظاہر ہے کہ صحابہ کا پورا گروہ خلیفہ نہیں ہو سکتا تھا، اس لیے خود اس گروہ میں ایسے مخصوص قیود و اوصاف کا اضافہ کیا گیا، جس سے خلافت کا مفہوم خدا و رسول کے منشا کے مطابق محدود ہو کر بالکل مکمل ہو جائے اور جن لوگوں میں یہ اوصاف موجود ہوں اُن کی نسبت یہ اطمینان حاصل ہو سکے کہ وہ خلافت کو صحیح اصول پر چلائینگے، چنانچہ قرآن و حدیث کے اشارات و تلویحات سے خلافت کے مفہوم کی تکمیل کے لیے جن مخصوص اوصاف کی ضرورت ہے، وہ یہ ہیں؛

(۱) کہ خلیفہ مہاجرین اولین میں سے ہو، صلح حدیبیہ اور دوسرے اہم غزوات مثلاً بدر و تبوک میں شامل اور سورۂ نور کے اُترنے کے وقت موجود رہا ہو، چنانچہ خداوند تعالیٰ مہاجرین اولین کے متعلق فرماتا ہے؛

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ	وہ لوگ جنکو اگر ہم زمین میں جگہ دیدینگے تو یہ لوگ نماز قائم کرینگے
وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ	زکوٰۃ دیں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے

اور یہ تمام چیزین مقاصدِ خلافت مین شامل ہین،

شرکاے صلح حدیبیہ کی نسبت ارشاد ہوتا ہے،

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ الخ — محمد رسول اللہ اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہین کفار پر سخت ہین،

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس گروہ کے ذریعہ سے اعلاء کلمۃ اللہ ہوگا جو خلافت کا سب سے بڑا مقصد ہے،

جو لوگ سورۂ نور کے اُترنے کے وقت موجود تھے ان کی نسبت ارشاد ہوتا ہے،

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَھُمْ دِیْنَھُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَھُمْ، (نور ع)

تم مین سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان سے خدا نے وعدہ کیا ہے کہ ان کو زمین کا خلیفہ بنائے گا جیسا کہ ان لوگون کو خلیفہ بنا چکا ہے جو ان سے پہلے تھے، اور انکے اس دین کو جو ان کے لیے پسند کیا ہے مضبوط کر دیگا،

اب اس آیت مین "منکم" کے لفظ سے وہی جماعت مراد ہے جو اس موقع پر موجود تھی، ورنہ اگر عام مسلمان مراد ہوتے تو ایمان وعملِ صالح کے لحاظ کے ساتھ یہ لفظ بیکار ہو جاتا، بہرحال اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ اس مخصوص جماعت سے خدا نے خلافت کا وعدہ کیا ہے، اور اس کے ذریعہ سے دین کو استحکام حاصل ہوگا،

شرکاے بدر وتبوک کے فضائل مین بھی اس قسم کے آیات واحادیث وارد ہین، جن سے ثابت ہوتا ہے کہ خلافت کیلیے جن اوصاف کی ضرورت ہے وہ ان مین موجود تھے،

(۲) وہ مبشر بالجنۃ ہو،

(۳) وہ امت کے طبقۂ علیا یعنی صدیقین، شہداء، صالحین اور محدثین مین شامل ہو، اور جنت مین اس کا درجہ بلند ہو،

(۴) رسول اللہ صلعم کا معاملہ اُس کے ساتھ ایسا ہو جیسا کہ ایک مستحقِ خلافت کے ساتھ ہو سکتا ہے، مثلاً آپ نے اُس کے استحقاقِ خلافت کا ذکر کیا ہو، ایسے قرائن بیان فرمائے ہون جن سے فقہا، صحابہ نے یہ سمجھا ہو کہ اگر آپ خلیفہ بناتے تو اسی شخص کو بناتے، جو کام نبوت سے تعلق رکھتے ہین آپ نے اپنی زندگی مین اس سے لیے ہون؛

(۵) خداوند تعالیٰ نے رسول اللہ صلعم سے جو وعدے کیے ہون وہ اس کی ذات سے پورے ہون؛

(۶) اس کا قول حجت ہو،

یہ اوصاف اگرچہ متفرق طور پر بہت سے صحابہ مین پائے جاتے تھے، لیکن اُن کا مجموعہ صرف خلفاے اربعہ کی ذات تھی، چنانچہ ان اوصاف کو اگر بہ ترتیب پیش نظر رکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان مین کوئی وصف ایسا نہین ہے جو اُن کی ذات مین موجود نہو، یہ لوگ مہاجرین اولین مین سے تھے صلح حدیبیہ مین شریک تھے، بدر، احد، اور تبوک اور دوسرے اہم غزوات مین شریک تھے، اور سورۂ نور کے اُترنے کے وقت موجود تھے، مبشر بالجنۃ تھے، اُمت کے طبقۂ علیا سے تھے، چنانچہ حدیث شریف مین ہے کہ ایک بار رسول اللہ صلعم حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ حضرت طلحہؓ، اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم ایک پہاڑ پر تھے کہ ایک چٹان ہلنے لگی، آپ نے اس وقت فرمایا کہ ٹھہر تجھپر صرف نبی یا صدیق یا شہید ہین، ہر ایک خلیفہ کے متعلق الگ الگ بھی اس قسم کی حدیثین وارد ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ تمام امت مین نہایت بلند درجہ رکھتے تھے، آپ نے حضرت ابوبکرؓ کی نسبت فرمایا کہ تم پہلے شخص نہین ہو جو میری امت مین سے جنت مین داخل ہوگا، تم حوض کوثر پر میرے رفیق ہو، اور غار مین میرے رفیق تھے، حضرت عمرؓ کی نسبت ارشاد ہوا کہ گذشتہ امتون مین محدثین تھے، اگر میری امت مین کوئی محدث ہوگا تو وہ عمرؓ ہون گے، بہت سی آیتین

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی راے کے مطابق نازل ہوئی ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ اس حدیث کے مصداق تھے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی نسبت فرمایا کہ جس سے فرشتے شرماتے ہین کیا مین اُس سے نہ شرماؤن، ہر پیغمبر کے رفیق ہوتے ہین اور جنت مین میرا رفیق عثمانؓ ہے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نسبت ارشاد ہوا کہ کیا تم یہ پسند نہین کرتے کہ میرے ساتھ تم کو وہی نسبت حاصل ہو جو ہارونؑ کو موسیٰؑ کے ساتھ تھی، کل مین جھنڈا ایسے شخص کو دونگا جو اللہ اور اُس کے رسول کو محبوب رکھتا ہے اور اُسکو اللہ اور اس کے رسول محبوب رکھتے ہین، رسول اللہ صلعم نے ان بزرگون کے ایسے اوصاف بیان فرمائے ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہی خلافت کے حقیقی مستحق تھے، چنانچہ آپ نے فرمایا کہ میری امت پر سب سے زیادہ رحمدل ابوبکرؓ خدا کے بارے مین سب سے زیادہ بولنے والے عمرؓ سب سے زیادہ حیادار عثمانؓ اور سب سے بڑے قاضی علی بن ابی طالبؓ ہین، ایک حدیث مین ہے کہ اگر تم لوگ ابوبکرؓ کو امیر بناؤگے تو اُن کو امین دنیا کا حقیر سمجھنے والا اور آخرت کا شائق پاؤگے اگر عمرؓ کو امیر بناؤگے تو ان کو قوی امین پاؤگے جو خدا کے بارے مین ملامت کا خوف نہ کرینگے، اور اگر علیؓ کو امیر بناؤگے اور میرا خیال ہے کہ تم لوگ ایسا نہ کروگے تو اُن کو ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ پاؤگے، ان اوصاف کے ساتھ جو کام منصب نبوت سے تعلق رکھتے تھے آپ نے اپنی زندگی مین اُن سے وہ کام لیے ہین، مثلاً حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو متعدد مواقع پر اپنی جگہہ امام بنایا ہے، اور ان کو امیر الحج مقرر فرمایا ہے، مسلمانون کے معاملے مین ہمیشہ شیخین سے مشورے کیے ہین، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بعض غزوات کا امیر بنایا ہے اور صدقاتِ مدینہ کا عامل مقرر فرمایا ہے، حضرت عثمانؓ سے صلح حدیبیہ کے زمانے مین سفیر کا کام لیا ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو یمن کا قاضی مقرر کرکے بھیجا ہے،

خداوند تعالی نے رسول اللہ صلعم سے جو وعدے کیے تھے وہ ان کے زمانے مین پورے ہوئے، مثلاً اقامتِ صلوۃ، ایتاءِ زکوۃ، امر بالمعروف، نہی عن المنکر، اور تمکین و تقویتِ دین سے وہ وعدے

پورے ہوے جو آیہ ان مکناھم فی الارض الخ اور وعد اللہ الذین آمنوا منکم الخ مین کئے گئے تھے، اسلام کے مقابل مین یہودیت، نصرانیت اور مجوسیت کے مغلوب ہو جانے سے لیظھرہ علی الدین کلہ کی بشارت پوری ہوئی، اور فتوحات کی کثرت نے آیہ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاة وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ الخ کی موعودہ خیر و برکت کو پورا کیا، آیہ من یرتد منکم مین مرتدین کی جنگ کی طرف اشارہ ہے اور وہ حضرت ابوبکر صدیق رض کے زمانہ مین ہوئی، اِنَّ علینا جمعہٗ وقرآنہٗ مین قرآن مجید کے جمع و تدوین کی طرف اشارہ ہے، اور یہ مقدس کام حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کی کوششون سے انجام پایا، قتالِ خوارج کی نسبت حدیث مین آیا ہے کہ اگر مین ان کو پاتا تو عاد کی طرح قتل کر ڈالتا، اور اُن کی جنگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے زمانہ مین ہوئی،

امورِ دین مین خود رسول اللہ صلعم کی تصریح کے مطابق اُن کا قول و فعل حجت تھا، چنانچہ آپ نے فرمایا کہ تم پر میری سنت اور میرے بعد خلفاے راشدین رض کی سنت کا اتباع فرض ہے حضرت ابن مسعود رض اور حضرت حذیفہ رض سے روایت ہے کہ میرے بعد کے لوگون مین ابوبکر اور عمر کی تقلید کرو، غرض اس قسم کے بیشمار فضائل ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا اور رسول کی مرضی کے مطابق خلافت کے حقیقی مستحق اور اس کی تعریف کا صحیح مصداق صرف خلفاے اربعہ تھے اور اُن کے کارنامہاے زندگی بھی جو اس کتاب مین مذکور ہین اسکی تصدیق کرینگے،

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

خلیفۂ اول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نام، نسب، خاندان عبداللہ نام ابوبکر کنیت، صدیق اور عتیق لقب، والد کا نام عثمان اور کنیت ابو قحافہ والدہ کا نام سلمیٰ اور ام الخیر کنیت، والد کی طرف سے پورا سلسلۂ نسب یہ ہے عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی القرشی التیمی اور والدہ کی طرف سے سلسلۂ نسب یہ ہے، ام الخیر بنت صخر بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ[1]، اس طرح حضرت ابوبکرؓ کا سلسلۂ نسب چھٹی پشت مین مرہ پر آنحضرت صلعم سے ملجاتا ہے،

حضرت ابوبکرؓ کے والد ابو قحافہ عثمان بن عامر شرفاے مکہ مین سے تھے اور نہایت معمر تھے ابتداءً جیسا کہ بوڑھون کا قاعدہ ہے، وہ اسلام کی تحریک کو بازیچۂ اطفال سمجھتے تھے، چنانچہ حضرت عبداللہؓ کا بیان ہے کہ جب آنحضرت صلعم نے ہجرت فرمائی ہی تو مین آپکی تلاش مین حضرت ابوبکرؓ کے گھر آیا وہان ابو قحافہ موجود تھے، انھون نے حضرت علیؓ کو اُس طرف سے گذرتے ہوے دیکھکر نہایت برہمی کے ساتھ کہا کہ ان بچون نے ہمارے لڑکے کو بھی خراب کردیا[2]،

ابو قحافہ فتح مکہ تک نہایت استقلال کے ساتھ اپنے آبائی مذہب پر قائم رہے، فتح مکہ کے بعد جب رسول اللہ صلعم مسجد مین تشریف فرما تھے، وہ اپنے فرزند سعید حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ بارگاہِ نبوت مین حاضر ہوے، آنحضرت صلعم نے اُن کے ضعف پیری کو دیکھکر فرمایا کہ انھین کیون تکلیف دی، مین خود ان کے پاس پہنچ جاتا، اُس کے بعد آپ نے نہایت

---

[1] طبقات ابن سعد قسم اول جز ثالث صفحہ ۱۱۹، [2] الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۲۱،

شفقت سے اُن کے سینہ پر ہاتھ پھیرا اور کلماتِ طیبات تلقین کر کے مشرف باسلام فرمایا،[1]

حضرت ابو قحافہ رض نے بہت بڑی عمر پائی آنحضرت صلعم کے بعد اپنے فرزند ارجمند حضرت ابوبکر رض کے بعد بھی کچھ دنون تک زندہ رہے، آخر عمر مین نہایت ضعیف ہو گئے تھے، آنکھونکی بصارت جاتی رہی، ۱۴ھ مین ۹۷ برس کی عمر مین وفات پائی،[2]

حضرت ابوبکر رض کی والدہ | حضرت ام الخیر سلمی بنت صخر کو ابتدا ہی مین حلقہ بگوشانِ اسلام مین داخل ہونے کا شرف حاصل ہوا، اُن سے پہلے صرف اُنتالیس اصحاب مسلمان ہوے تھے، یہ قلیل جماعت بالاعلان اپنے اسلام کا اظہار نہین کر سکتی تھی، اور نہ مشرکین و کفار کو ببانگ دہل دین مبین کی دعوت دے سکتی تھی، لیکن حضرت ابوبکر رض کا مذہبی جوش اس بے بسی پر نہایت مضطرب تھا، آپ نے ایک روز نہایت اصرار کے ساتھ آنحضرت صلعم سے اجازت لیکر مجمعِ عام مین شریعت حقہ کے فضائل و محامد پر تقریر کی اور کفار و مشرکین کو شرک و بت پرستی چھوڑ کر اسلام قبول کر لینے کی دعوت دی، کفار و مشرکین جن کے کان کبھی ان الفاظ سے مانوس نہ تھے نہایت برہم ہوئے اور حضرت ابوبکر صدیق رض کو نہایت بیرحمی اور ناخدا ترسی کے ساتھ اس قدر مارا کہ بالآخر بنو تیم کو باوجود مشرک ہونے کے اپنے قبیلہ کے ایک فرد کو اس حال مین دیکھکر ترس آگیا اور اُنھون نے عام مشرکین کے پنجۂ ظلم سے چھڑا کر ان کو مکان تک پہنچا دیا، شب کے وقت بھی حضرت ابوبکر رض باوجود درد اور تکلیف کے اپنے والد اور خاندانی اعزہ کو اسلام کی دعوت دیتے رہے، صبح ہوئی تو رسول اللہ صلعم کا پتہ دریافت کر کے اپنی والدہ کے ساتھ ارقم بن ارقم کے مکان مین آئے، اور آنحضرت صلعم سے عرض کی کہ میری والدہ حاضر ہین ان کو راہِ حق کی ہدایت کیجیے، آنحضرت صلعم نے انھین اسلام کی دعوت دی اور وہ مشرف باسلام ہو گئین،[1]

حضرت ام الخیر نے بھی طویل عمر پائی، چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت تک زندہ رہین لیکن اپنے شوہر سے پہلے وفات پائی،[3]

---

[1] الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۲۲ [2] الاصابہ جلد ۸ صفحہ ۲۲۹ [3] ایضاً بحوالہ طبرانی،

قبل اسلام حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اسلام سے پہلے ایک متمول تاجر کی حیثیت رکھتے تھے اور اُنکی دیانت، راستبازی اور امانت کا خاص شہرہ تھا، اہلِ مکہ اُن کو علم، تجربہ اور حسنِ خلق کے باعث نہایت معزز سمجھتے تھے، ایامِ جاہلیت مین خونبہا کا مال آپ ہی کے یہان جمع ہوتا تھا، اگر کبھی کسی دوسرے شخص کے یہان جمع ہوتا تو قریش اُسکو تسلیم نہین کرتے تھے[ع]

حضرت ابوبکرؓ کو ایامِ جاہلیت مین بھی شراب سے ویسے ہی نفرت تھی جیسی زمانۂ اسلام مین، اس قسم کے ایک سوال کے جواب مین فرمایا کہ شراب نوشی مین نقصانِ آبرو ہی،

آنحضرت صلعم کے ساتھ بچپن ہی سے اُن کو خاص انس اور خلوص تھا، اور آپ کے مخصوص حلقۂ احباب مین داخل تھے اکثر تجارت کے سفرون مین بھی ہمراہی کا شرف حاصل ہوتا تھا،

اسلام آنحضرت صلعم کو جب خلعتِ نبوت عطا ہوا اور آپ نے مخفی طور پر احباب، مخلصین اور محرمانِ راز کے سامنے اس حقیقت کو واضح فرمایا، تو جنس ذکور مین سے حضرت ابوبکرؓ نے سب سے پہلے بیعت کے لیے ہاتھ بڑھایا، بعض اربابِ سیر نے اُن کے قبولِ اسلام کے متعلق بہت سے طول طویل قصے نقل کیے ہین لیکن یہ سب حقیقت سے دور ہین، اصل یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کا آئینۂ دل پہلے سے صاف تھا، فقط خورشیدِ حقیقت کی عکس افگنی کی دیر تھی، گذشتہ صحبتون کے تجارب نے نبوت کے خط و خال کو اس طرح واضح کر دیا کہ معرفتِ حق کے لیے کوئی انتظار باقی نہ رہا، البتہ اُنکے اول مسلمان ہونے مین بعض مورخین اور اہل آثار نے کلام کیا ہے، بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت خدیجہؓ کا اسلام سب پر مقدم ہے بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اولیت کا فخر حاصل ہے، اور بعض کا خیال ہے کہ حضرت زید بن حارثہؓ بھی حضرت ابوبکرؓ سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے، لیکن اُس کے مقابلہ مین ایسے اخبار و آثار بھی بکثرت موجود ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اولیت کا طغراے شرف و امتیاز صرف اسی ذات گرامی کے لیے مخصوص ہے حضرت

ع کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۱۲
ع ایضاً

حسان بن ثابت رضؓ کے ایک قصیدہ سے بھی اسی خیال کی تائید ہوتی ہے،

اذا تذکرت شجوا من اخی ثقۃ ... فاذکر اخاک ابابکر بما فعلا

جب تمہیں کسی سچے بھائی کا غم یاد آئے ... تو اپنے بھائی ابوبکر کو یاد کرو انکے کارناموں کی بنا پر

خیر البریۃ اتقاھا واعدلھا ... بعد النبی واوفاھا بما حملا

وہ تمام مخلوق میں نبی صلعم کے بعد تقوے اور عدل کے لحاظ سے سب سے بہتر تھے اور اُنھوں نے جو کچھ اُٹھایا اسکو پورا کرکے چھوڑا،

والثانی التالی المحمود مشہدہ ... واول الناس منھم صدق الرسلا

وہی ثانی اور آپکے بعد متصل ہیں جن کی مشکلات میں موجودگی کی تعریف کی گئی ہے، اور وہی پہلے شخص ہیں جنھوں نے رسولوں کی تصدیق کی،

محققین نے ان مختلف احادیث و آثار میں اسطرح تطبیق دی ہے کہ ام المومنین حضرت خدیجہؓ عورتوں میں، حضرت علی کرم اللہ وجہہ بچوں میں، حضرت زید بن حارثہؓ غلاموں میں، اور حضرت ابوبکر صدیقؓ آزاد اور بالغ مردوں میں سب سے اول مومن ہیں۔[1]

[1] فتح الباری جلد ۷ صفحہ ۱۳۰

اشاعت اسلام حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے مسلمان ہونے کے ساتھ ہی دین حنیف کی نشر و اشاعت کیلئے جد و جہد شروع کردی اور صرف آپ کی دعوت پر حضرت عثمان بن عفانؓ، حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت طلحہ بن عبداللہؓ جو معدن اسلام کے سب سے تابان و درخشان جواہر ہیں مشرف باسلام ہوئے، حضرت عثمان بن مظعونؓ، حضرت ابوعبیدہؓ، حضرت ابوسلمہؓ اور حضرت خالد بن سعید بن العاصؓ بھی آپ ہی کی ہدایت سے دائرہ اسلام میں داخل ہوئے، یہ وہ اکابر صحابہ ہیں جو آسمان اسلام کے اختر ہائے تابان ہیں لیکن ان ستاروں کا مرکز شمسی حضرت ابوبکر صدیقؓ ہی کی ذات تھی، علانیہ دعوت کے علاوہ ان کا مخفی روحانی اثر بھی سعید روحوں کو اسلام کی طرف مائل کرتا تھا، چنانچہ اپنے صحن خانہ میں ایک چھوٹی سی مسجد بنائی تھی اور اس میں نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ عبادت الٰہی میں مصروف رہتے تھے، آپ نہایت

رقیق القلب تھے، قرآن پاک کی تلاوت فرماتے تو آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے لوگ آپ کے گریۂ و بکا کو دیکھکر جمع ہو جاتے اور اس پُر اثر منظر سے نہایت متاثر ہوتے،[1]

مکی زندگی | آنحضرت صلعم نے بعثت کے بعد کفار کی ایذا رسانی کے باوجود تیرہ برس تک مکہ مین تبلیغ و دعوت کا سلسلہ جاری رکھا حضرت ابو بکر صدیقؓ اس بے بسی کی زندگی مین جان، مال، رائے و مشورہ غرض ہر حیثیت سے آپ کے دست و بازو اور رنج و راحت مین شریک رہے آنحضرت صلعم روزانہ صبح و شام حضرت ابو بکرؓ کے گھر تشریف لے جاتے اور دیر تک مجلس راز قائم رہتی[2] قبائل عرب اور عام مجمعون مین تبلیغ و ہدایت کے لیے جاتے تو یہ بھی ہمرکاب ہوتے اور اپنی نسب دانی اور کثرتِ ملاقات کے باعث لوگون سے آپ کا تعارف کراتے،[3]

مکہ مین ابتداءً جن لوگون نے داعئِ توحید کو لبیک کہا اُن مین کثیر تعداد غلامون اور لونڈیون کی تھی جو اپنے مشرک آقاؤن کے پنجۂ ظلم و ستم مین گرفتار ہونے کے باعث طرح طرح کی اذیتون مین مبتلا تھے، حضرت ابو بکرؓ نے ان مظلوم بندگانِ توحید کو اُن کے جفا کار مالکون سے خرید کر آزاد کر دیا، چنانچہ حضرت بلالؓ، عامر بن فہیرہؓ، نذیرہ، نہدیہ، جاریہ بنی موئل اور بنت نہدیہ وغیرہ نے اسی صدیقی جود و کرم کے ذریعہ سے نجات پائی،

کفار جب کبھی آنحضرت صلعم پر دستِ تعدی دراز کرتے تو یہ مخلص جان نثار خطرہ مین پڑ کر خود سینہ سپر ہو جاتا، ایک دفعہ آپ خانۂ کعبہ مین تقریر فرما رہے تھے مشرکین اس تقریر سے سخت برہم ہوے اور اس قدر مارا کہ آپ بیہوش ہو گئے، حضرت ابو بکرؓ نے بڑھ کر کہا "خدا تم سے سمجھے! کیا تم صرف اس لیے ان کو قتل کر دو گے کہ یہ ایک خدا کا نام لیتے ہین؟"[4] اسیطرح ایک روز

---

[1] بخاری باب ہجرۃ النبی صلعم و اصحابہ الی المدینہ [2] ایضاً [3] کنز العمال جلد ۶ فضائل ابی بکر الصدیقؓ صفحہ ۳۱۹ [4] فتح الباری ج ۷ ص ۱۲۹

آنحضرت صلعم نماز پڑھ رہے تھے کہ اسی حالت مین عقبہ بن معیط نے اپنی چادر سے گلوے مبارک مین پھندا ڈال دیا، اسوقت اتفاقاً حضرت ابو بکرؓ پہونچ گئے اور اُس ناہنجار کی گردن پکڑ کر خیر الانام علیہ السلام سے علحدہ کیا اور فرمایا "کیا تم اُسکو قتل کروگے جو تمھارے پاس خدا کی نشانیان لایا ہے اور کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے"[1]،،

آنحضرت صلعم اور حضرت ابو بکرؓ مین رشتۂ مصاہرت مکہ ہی مین قائم ہوا یعنی حضرت ابو بکرؓ کی صاحبزادی حضرت عائشہؓ آنحضرتؐ کے نکاح مین آئین، لیکن رخصتی ہجرت کے دو سال بعد ہوئی،[2]

ہجرت حبشہ کا قصد اور واپسی

ابتداءً مشرکین قریش نے مسلمانون کی قلیل جماعت کو چندان اہمیت نہ دی لیکن جب اُنھون نے دیکھا کہ روز بروز اُن کی تعداد بڑھتی جاتی ہے اور اسلام کا حلقہ اثر وسیع ہوتا جاتا ہے تو نہایت سختی سے اُنھون نے اس تحریک کا سدِ باب کرنا چاہا، ایذا اور تکلیف رسانی کی تمام ممکن صورتین عمل مین لانے لگے آنحضرت صلعم نے جب اپنے جان نثارون کو ان مصائب مین مبتلا پایا تو ستم زدون کو حبش کی طرف ہجرت کی اجازت دی اور بہت سے مسلمان حبش کی طرف روانہ ہوگئے، حضرت ابو بکر صدیقؓ بھی باوجود وجاہت ذاتی اور اعزاز خاندانی کے اس دار و گیر سے محفوظ نہ تھے، چنانچہ حضرت طلحہ بن عبد اللہؓ اُن کی دعوت و تبلیغ سے حلقہ بگوش اسلام ہوئے تو حضرت طلحہؓ کے چچا نوفل بن خویلد نے ان دونون کو ایک ساتھ باندھ کر مارا اور حضرت ابو بکرؓ کے خاندان بنو تیم نے کچھ حمایت نہ کی[3] ان اذیتون سے مجبور ہو کر آپ نے آنحضرت صلعم سے اجازت لی اور رخت سفر باندھ کر عازم حبش ہوئے، جب آپ مقام برک الغماد مین پہونچے تو ابن الدغنہ

[1] بخاری باب مالقی النبی صلعم واصحابہ من المشرکین بمکۃ [2] باب تزویج النبی صلعم عائشۃ، [3] طبقات ابن سعد قسم اول جزء ثالث ص۱۵۳، یہ واقدی کی روایت ہے،

رئیس قارہ سے ملاقات ہوئی اُس نے پوچھا ابو بکر کہان کا قصد ہے؟ آپ نے فرمایا کہ قوم نے مجھے جلاوطن کردیا ہے اب ارادہ ہے کہ کسی اور ملک کو چلا جاؤن اور آزادی سے خدا کی عبادت کرون، ابن الدغنہ نے کہا کہ تم سا آدمی جلاوطن نہین کیا جا سکتا، تم مفلس و بے نوا کی دستگیری کرتے ہو، قرابت دارون کا خیال رکھتے ہو، مہمان نوازی کرتے ہو مصیبت زدون کی اعانت کرتے ہو، میرے ساتھ واپس چلو اور اپنے وطن ہی مین اپنے خدا کی عبادت کرو، چنانچہ آپ ابن الدغنہ کے ساتھ پھر مکہ واپس آئے، ابن الدغنہ نے قریش مین پھر پھر کر اعلان کردیا کہ آج سے ابوبکر میرے امان مین ہین، ایسے شخص کو جلاوطن نہ کرنا چاہیے جو محتاجون کی خبر گیری کرتا ہے قرابت دارون کا خیال رکھتا ہے، مہمان نوازی کرتا ہے، اور مصائب مین لوگون کے کام آتا ہے، قریش نے ابن الدغنہ کے امان کو تسلیم کیا، لیکن فرمایش کی کہ ابوبکر کو سمجھا دو کہ جب اور جس طرح جی چاہے اپنے گھر مین نمازین پڑھین اور قرآن کی تلاوت کرین، اپنے گھر سے باہر نماز پڑھنے کی اُن کو اجازت نہین، لیکن جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے عبادتِ الٰہی کے لیے اپنے صحن خانہ مین ایک مسجد بنالی تھی، کفار کو اس پر بھی اعتراض ہوا، اور اُنھون نے ابن الدغنہ کو خبر دی کہ ہم نے تمھاری ذمہ داری پر ابوبکر کو اس شرط پر امان دی تھی کہ وہ اپنے مکان مین چھپکر اپنے مذہبی فرائض ادا کرین لیکن اب وہ صحن خانہ مین مسجد بنا کر اعلان کے ساتھ نماز پڑھتے ہین، اس سے ہم کو خوف ہے کہ ہماری عورتین اور بچے متاثر ہوکر اپنے آبائی مذہب سے بدعقیدہ نہو جائین، اس لیے تم اُنھین مطلع کردو کہ اس سے باز آئین ورنہ تم کو ذمہ داری سے بری سمجھین، ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے جاکر کہا تم جانتے ہو کہ مین نے کس شرط پر تمھاری حفاظت کا ذمہ لیا ہے اسلیے یا تو تم اس پر قائم رہو یا مجھے ذمہ داری سے بری سمجھو، مین نہین چاہتا کہ عرب مین مشہور ہو کہ مین نے کسی کے ساتھ بدعہدی کی، لیکن حضرت ابوبکر رضؓ نے نہایت استغناء کے ساتھ جواب دیا کہ "مجھے

تمھاری پناہ کی حاجت نہین میرے لیے خدا اور اُس کے رسول کی پناہ کافی ہے[۱]"

ہجرت مدینہ اور خدمت رسول

کفار و مشرکین کا دست ستم روز بروز زیادہ دراز ہوتا گیا تو آپ نے پھر دوبارہ ہجرت کا قصد کیا، اس وقت تک مدینہ کی سرزمین نور اسلام سے سنور ہو چکی تھی، اور ستمزدہ مسلمانون کو نہایت خلوص و محبّت کے ساتھ اپنے دامن مین پناہ دے رہی تھی اس لیے اسدفعہ آپ نے مدینہ کو اپنی منزل مقصود قرار دیا اور ہجرت کی تیاری شروع کر دی لیکن بارگاہ نبوت سے حکم ہوا کہ ابھی عجلت نہ کرو، امید ہے کہ خدائے پاک کی طرف سے مجھے بھی ہجرت کا حکم ہوگا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے نہایت تعجب سے پوچھا "میرے مان باپ آپ پر فدا ہون! کیا آپ کو بھی ہجرت کا حکم ہوگا؟" ارشاد ہوا "ہان" عرض کی "یارسول اللہ! مجھے ہمراہی کا شرف نصیب ہو"، فرمایا "ہان! تم ساتھ چلوگے"، غرض اس بشارت کے بعد ارادہ ملتوی ہو گیا اور چار ماہ تک منتظر رہے،

حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ آنحضرت صلعم عموماً صبح و شام حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے گھر تشریف لایا کرتے تھے، لیکن ایک روز مُنھ چھپائے ہوئے خلاف معمول ناوقت تشریف لائے اور فرمایا کہ کوئی ہو تو ہٹا دو، مین کچھ باتین کرنا چاہتا ہون، حضرت ابوبکر رضؓ نے عرض کی کہ گھر والون کے سوا کوئی اور نہین ہے، غرض اطمینان ہو گیا تو آنحضرت صلعم اندر تشریف لائے، اور فرمایا کہ مجھے ہجرت کا حکم ہو گیا حضرت ابوبکر رضؓ نے پھر ہمراہی کی تمنا ظاہر کی ارشاد ہوا ہان تیار ہو جاؤ، وہ تو چار ماہ سے اسی انتظار مین تھے، فوراً تیار ہو گئے، ام المومنین حضرت عائشہ رضؓ اور حضرت اسماء رضؓ نے جلدی جلدی رخت سفر درست کیا حضرت اسماء رضؓ کو جلدی مین توشہ دان باندھنے کے لیے کوئی چیز نہین ملی، تو انھون نے اپنا کمر بند پھاڑ کر باندھا اور دربار نبوت سے ذات النطاقین کا خطاب پایا، حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے پہلے ہی سے دو اونٹ تیار کر لیے تھے، ایک آنحضرت صلعم کی خدمت مین

[۱] بخاری ج ۱ باب ہجرۃ النبی صلعم و اصحابہ الی المدینۃ،

پیش کیا اور ایک پر خود سوار ہوئے اس طرح نبی و صدیق کا مختصر قافلہ راہیِ مدینہ ہوا[1]،

اس قافلہ کی پہلی منزل غارِ ثور تھی، حضرت ابوبکرؓ نے غار مین پہلے داخل ہوکر اس کو درست کیا جو سوراخ اور پھٹ نظر آئے اُن کو بند کیا، پھر آنحضرت صلعم سے اندر تشریف لانے کے لیے عرض کی آنحضرت صلعم اس غار مین داخل ہوئے اور اپنے رفیق مونس کے زانو پر سر مبارک رکھکر مشغولِ استراحت ہوئے، اتفاقاً اسی حالت مین ایک سوراخ سے جو بند ہونے سے رہ گیا تھا ایک زہریلے سانپ نے سر نکالا لیکن اس خادمِ جان نثار نے اپنے آقا کی راحت مین خلل انداز ہونا گوارا نہ کیا اور خود اپنی جان کو خطرہ مین ڈالکر اُسپر پاؤن رکھ دیا، سانپ نے کاٹ لیا، زہر اثر کرنے لگا، درد و کرب کے باعث آنکھون سے آنسو جاری ہوگئے لیکن اس وفاشعار رفیق نے اپنے جسم کو حرکت تک نہ دی، کہ اس خوابِ راحت مین خلل اندازی ہوگی ناگاہ آنسو کا ایک قطرہ ڈھلک کر آنحضرت صلعم کے چہرۂ انور پر ٹپکا جس سے حضور بیدار ہو گئے اور اپنے مخلص غمگسار کو بےچین دیکھکر فرمایا ابوبکر کیا ہے؟ عرض کی "میرے مان باپ آپ پر فدا ہون! سانپ نے کاٹ لیا، آنحضرت صلعم نے اُسی وقت اس مقام پر اپنا آبِ دہن لگایا زہر کا اثر دور ہو گیا[2]،

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے صاحبزادہ حضرت عبداللہؓ کو ہدایت کردی تھی کہ دن کو مکہ مین جو واقعات پیش آئین تم رات کو ہمارے پاس آکر اُن کی اطلاع کرتے رہنا اسی طرح اپنے غلام عامر بن فہیرہؓ کو حکم دیا تھا کہ دن کو مکہ کی چراگاہ مین بکریان چرائین اور رات کے وقت غار کے پاس لے آئین، صبح کے وقت جب حضرت عبداللہؓ واپس آتے تو حضرت عامر بن فہیرہؓ اُن کے نشانِ قدم پر بکریان لاتے تاکہ نشان مٹ جائے اور کسی کو شبہہ نہو، رات کے وقت اُنھین بکریون کا تازہ دودھ غذا کے کام مین آتا، غرض تین دن اور تین رات اسی حالت مین

[1] بخاری ج ۲ باب ہجرۃ النبی صلعم و اصحابہ الی المدینہ، [2] زرقانی ج ۱ ص ۳۸۹،

بسر ہوے اور یہ تمام کارروائیان اس احتیاط سے عمل مین آئین کہ قریش کو ذرا بھی شبہ نہوا[۱]

اس عرصہ مین کفارِ مکہ بھی اپنی کوششون سے غافل نہ تھے، جس روز آنحضرت صلعم نے ہجرت فرمائی ہے اُس روز قریش کی مجلس ملی سے آپ کے قتل کا فتویٰ صادر ہو چکا تھا اور تمام ضروری تدبیرین عمل مین آچکی تھین، ابو جہل وغیرہ نے اُس روز رات بھر کا شانۂ اقدس کا محاصرہ رکھا لیکن جب وقت معین پر خوابگاہ مین داخل ہوے تو وہ گوہرِ مقصود سے خالی تھا، وہان سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دولت کدہ پر گئے اور حضرت اسماءؓ سے اُن کے والد کو دریافت کیا، اُنھون نے لاعلمی ظاہر کی تو ابوجہل نے غضبناک ہوکر زور سے ایک طمانچہ مارا اور اب اسے یقین ہوگیا کہ یہ دونون ایک ساتھ یہان سے روانہ ہوگئے[۲]

قریش اپنی ناکامی پر سخت برہم ہوئے، اسی وقت اعلان کیا گیا کہ جو شخص محمد کو گرفتار کر کے لائے گا، اُس کو سو اونٹ انعام مین دیے جائین گے، چنانچہ متعدد بہادرون نے مذہبی جوش اور انعام کی طمع مین آپ کی تلاش شروع کی، مکہ کے اطراف مین کوئی آبادی، ویرانہ، جنگل، پہاڑ اور سنسان میدان ایسا نہو گا جس کا جائزہ نہ لیا گیا ہو، یہان تک کہ ایک جماعت غار کے پاس بھی پہونچی، اُس وقت حضرت ابوبکر صدیقؓ کو نہایت اضطراب ہوا اور حزن و یاس کے عالم مین بولے "اگر وہ ذرا بھی نیچے کی طرف نگاہ کرین گے تو ہم دیکھ لیے جائین گے" آنحضرت صلعم نے آپ کو تشفی دی اور فرمایا مایوس و غمزدہ نہو، ہم صرف دو نہین ہین ایک تیسرا (یعنی خدا) بھی ہمارے ساتھ ہے[۳]، اس تشفی آمیز فقرہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اطمینان ہوگیا اور اُن کا مضطرب دل امدادِ غیبی کے تیقن پر لازوال جراءت و استقلال سے مملو ہوگیا، خدا کی قدرت کہ کفار جو تلاش

---

[۱] بخاری ج ۲ باب بنیان الکعبہ باب ہجرۃ النبی و اصحابہ الی المدینۃ، [۲] سیرۃ ابن ہشام ج ۱ ص ۲۶۹، [۳] مسلم باب فضائل ابی بکر الصدیقؓ،

کرتے ہوے اُس غار تک پہونچے تھے، اُن کو مطلق محسوس نہ ہوا کہ اُن کا گوہر مقصود اسی کان مین پنہان ہے اور ناکام واپس چلے گئے،

غرض چوتھے روز یہ کاروان پھر آگے روانہ ہوا، اب آمین بجائے دو کے چار آدمی تھے، حضرت ابوبکرؓ نے اپنے غلام عامر بن فہیرہ کو راستہ کی خدمات کے لیے اپنے پیچھے بٹھا لیا ہے عبد بن اریقط آگے آگے راستہ بتاتا جاتا ہے حضرت ابوبکرؓ مہبطِ وحی والہام کی حفاظت کے لیے کبھی آگے بڑھ جاتے ہین اور کبھی پیچھے ہو جاتے ہین، اسی اثنار مین سراقہ بن جعشم قریش کا ہرکارہ گھوڑا اڑاتا ہوا قریب پہونچ گیا، حضرت ابوبکرؓ نے خوف زدہ ہو کر کہا "یا رسول اللہ! یہ سوار قریب پہونچ گیا"، ارشاد ہوا غمگین نہو خدا ہمارے ساتھ ہے، بارگاہِ رب العالمین مین دعا کی، اس کا اثر یہ ہوا کہ سراقہ کے گھوڑون کے پاؤن زمین مین دھنس گئے، اُتر کر پانسہ پھینک کر فال نکالی، جواب آیا کہ اس تعاقب سے دست بردار ہو جاؤ، نہ مانا، پھر آگے بڑھا، پھر وہی واقعہ پیش آیا، مجبور ہو کر امان طلب کی، اور واپس گیا[1]،

حضرت ابوبکر صدیقؓ نہایت کثیر الاحباب تھے، راہ مین بہت سے شناسا ملے جو آنحضرتؐ کو پہچانتے نہ تھے وہ پوچھتے تھے کہ ابوبکر! یہ تمھارے ساتھ کون ہے؟ تو آپ گول مول جواب دیتے کہ یہ ہمارے رہنما ہین، غرض اس طرح پہلی منزل ختم ہوئی، حضرت ابوبکر نے ایک سایہ دار چٹان کے نیچے فرش درست کر کے اپنے محبوب آقا کے لیے استراحت کا سامان بہم پہونچایا اور خود کھانے کی تلاش مین نکلے، اتفاق سے ایک گڈریا اسی چٹان کی طرف آرہا تھا اُس سے پوچھا کہ یہ بکریان کس کی ہین؟ اُس نے ایک شخص کا نام لیا، پھر دریافت فرمایا کہ اسمین کوئی دودھاری بکری بھی ہے؟ اس نے کہا ہان! آپ نے فرمایا کہ ہمین دودھ دوگے، اُس نے رضامندی ظاہر کی، تو آپ نے

---

[1] بخاری باب الہجرۃ النبی صلعم واصحابہ الی المدینہ،

ہدایت کی کہ پہلے تھن کو دو رہاتھ کو گرد و غبار سے اچھی طرح صاف کرو، اُس نے حسبِ ہدایت وہ دودھ دوہ کر پیش کیا آپ نے ٹھنڈا کرنے کے لیے اُس مین تھوڑا سا پانی ملایا اور کپڑے سے چھپا کر خدمت بابرکت مین لائے آپ نے نوش فرمایا اور دوسری منزل کے لیے چل کھڑے ہوئے[1]

اسی طرح یہ مختصر قافلہ دشمنون کی گھاٹون سے بچتا ہوا بارھوین ربیع الاول سنہ نبوت کے چودھوین سال مدینہ کے قریب پہونچا، انصار کو آنحضرت صلعم کی روانگی کا حال معلوم ہوچکا تھا، وہ نہایت بےچینی سے آپکی آمد کا انتظار کر رہے تھے، آپ شہر کے قریب پہونچے تو انصار استقبال کے لیے نکلے، اور ہادیِ برحق کو حلقہ مین لیکر شہر قبا کی طرف بڑھے، آنحضرت صلعم نے اس جلوس کو داہنی طرف مڑنے کا حکم دیا اور بنی عمرو بن عوف مین قیام پذیر ہوئے، یہان انصار جوق جوق زیارت کے لیے آنے لگے، آنحضرت صلعم خاموشی کے ساتھ تشریف فرما تھے اور حضرت ابوبکرؓ کھڑے ہوکر لوگون کا استقبال کر رہے تھے، بہت سے انصار جو پہلے آنحضرت صلعم کی زیارت سے مشرف نہین ہوے تھے وہ غلطی سے حضرت ابوبکرؓ کے گرد جمع ہونے لگے، یہان تک کہ جب آفتاب سامنے آگیا اور جان نثار خادم نے بڑھ کر اپنی چادر سے آقاے نامدار پر سایہ کیا تو اُسوقت خادم و مخدوم مین امتیاز ہوگیا اور لوگون نے رسالتمآب صلعم کو پہچانا[2]،

حضرت سرورِ کائنات صلعم قبا مین چند روز مقیم رہ کر مدینہ تشریف لائے اور حضرت ابوایوب انصاریؓ کے ہان مہمان ہوئے، حضرت ابوبکرؓ بھی ساتھ آئے اور حضرت خارجہ بن زید بن ابی زہیرؓ کے مکان مین فروکش ہوئے[3] کچھ عرصہ کے بعد آپ کے اہل و عیال بھی حضرت طلحہ کے ساتھ مدینہ پہونچ گئے[4] لیکن مدینہ کی آب و ہوا مہاجرین کے لیے عموماً نہایت ناموافق ثابت ہوئی خصوصاً حضرت ابوبکرؓ ایسے شدید بخار مین مبتلا ہوے کہ زندگی سے مایوس ہوگئے، ایک دفعہ حضرت عائشہؓ نے حال پوچھا تو

---

[1] بخاری باب ہجرۃ النبی و اصحابہ الی المدینہ [2] بخاری ایضاً [3] طبقات ابن سعد قسم اول جزو ثالث صفحہ ۱۲۳، [4] ایضاً ص ۱۵۳

اس وقت یہ شعرورد زبان تھا،

کل امرء مصبح فی اهله　　　والموت ادنی من شراك نعله

ہرآدمی اس حالت کے ساتھ اپنے اہل وعیال مین صبح کرتا ہے کہ موت جوتے کے تسمہ سے بھی قریب تر ہوتی ہے،

حضرت عائشہؓ یہ حال دیکھکر آنحضرت صلعم کی خدمت مین حاضر ہوئین اور کیفیت عرض کی، رسول اللہؐ نے اسی وقت دعا کے لیے ہاتھ اُٹھایا اور فرمایا،

اللهم حبب الینا المدینة کحبنا مکة　　اے خدا تو مکہ کی طرح یا اس سے بھی زیادہ مدینہ کی محبت ہمارے

او اشد وصححها وبارک لنا فی صاعها　　دلون مین پیدا کر اسکو بیماریون سے پاک فرما اسکے صاع اور

ومدها وانقل حماها فاجعلها بالجحفة[1]　　مد مین برکت دے اور اسکے (وبائی) بخار کو جحفہ مین منتقل کردے،

دعا مقبول ہوئی، حضرت ابوبکرؓ بستر مرض سے اُٹھ کھڑے ہوے اور مدینہ کی ہوا مہاجرین کے لیے مکہ سے بھی زیادہ خوش آیند ہو گئی،

مواخات | مدینہ پہونچنے کے بعد آنحضرت صلعم نے مہاجرین وانصار کی باہمی اجنبیت و بیگانگی دور کرنے کے لیے ایک دوسرے سے بھائی چارہ کرادیا، اس مواخات مین طرفین کے اعزاز و مرتبہ کا خاص طور پر لحاظ کیا گیا، چنانچہ حضرت ابوبکرؓ کی برادری حضرت خارجہ بن زہیرؓ سے قائم کی گئی جو مدینہ مین ایک معزز شخصیت کے آدمی تھے[2]،

تعمیر مسجد | مدینہ اسلام کے لیے آزادی کی سرزمین تھی، فرزندان توحید جو کفار کے خوف سے ادہر ادہر منتشر ہو گئے تھے آہستہ آہستہ اس مرکز پر جمع ہونے لگے اور اب آزادی و اجتماع کے ساتھ معبود حقیقی کی پرستش کا موقع حاصل ہوا، اس بنا پر رسول اللہ صلعم کو سب سے پہلے تعمیر مسجد کا خیال پیدا ہوا، اسکے لیے جو زمین منتخب ہوئی وہ دو یتیم بچون کی ملکیت تھی، گو اُن کے اولیا و اقربا بلا قیمت

---

[1] بخاری باب مقدم النبی صلعم واصحابہ الی المدینہ [2] اسد الغابہ تذکرہ خارجہ بن زہیرؓ

پیش کرنے پر مصر تھے، تاہم رحمۃ للعالمین نے یتیموں کا مال لینا پسند نہ کیا اور حضرت ابوبکرؓ سے اُسکی قیمت دلوادی[1]، اس طرح مدینہ پہونچنے کے بعد بھی سب سے پہلے صدیق اکبرؓ ہی کے ابرِکرم نے اسلام کے لیے جود وسخا کی بارش کی، قیمت ادا کرنے کے علاوہ یہ پیر مرد اُسکی تعمیر مین بھی نوجوانون کے دوش بدوش سرگرمِ کار رہا،

غزوات

مدینہ پہونچکر مسلمانون کی بے بسی اور مظلومیت کا دور ختم ہوچکا تھا اور آزادی کے ساتھ دین متین کی نشر واشاعت کا وقت آگیا تھا لیکن عرب کی جنگجو قوم مذہب کی حقانیت اور صداقت کو بھی تیر وتفنگ اور نوکِ سنان سے وابستہ سمجھتی تھی اس لیے اُس نے ہمیشہ علمبردارِ اسلام کو اپنی مبارزطلبی سے منبرِ وعظ وہدایت کو چھوڑکر میدانِ رزم مین آنے کے لیے مجبور کیا، چنانچہ آنحضرت صلعم کے مدینہ تشریف لانے کے بعد سے فتحِ مکہ تک خون ریز جنگون کا سلسلہ جاری رہا، اور اُن سب لڑائیون مین صدیق اکبرؓ ایک مشیر ووزیر باتدبیر کی طرح ہمیشہ شرفِ ہمرکابی سے مشرف رہے،

غزوۂ بدر | غزوۂ بدر حق وباطل کا اول اور فیصلہ کن معرکہ تھا، خدا کا برگزیدہ پیغمبر ایک سایہ دار جگہ کے نیچے اپنی محدود جماعت کے ساتھ حق وصداقت کی حمایت مین سرگرمِ کارزار تھا اور وہی پیر مرد جس نے اپنے وعظ وپند سے عثمان بن عفانؓ، عبیدہ بن الجراحؓ اور عبدالرحمٰن بن عوفؓ جیسے اولوالعزم واکابر صحابہ کو حلقہ بگوشِ اسلام بنالیا تھا، نہایت جانبازی کے ساتھ تیغ بکف اپنے ہادی کی حفاظت مین مصروف تھا، کفار ومشرکین ہرطرف سے نرغہ کرکے آتے اور یہ ہر ایک کو اپنی خداداد شجاعت سے

[1] فتح الباری جلد ۷ صفحہ ۱۹۲،

بھگا دیتا تھا،[1]

رسول اللہ صلعم کفار کی کثرت دیکھکر محزون ہوتے اور سربسجدہ ہوکر خدا سے دعا فرماتے "اے خدا مجھکو بے یار و مددگار نہ چھوڑ اور اپنا عہد پورا کر، اے خدا! کیا تو چاہتا ہے کہ آج سے تیری پرستش نہو؟" اس عالمِ حزن و یاس مین آنحضرت صلعم کا قدیم مونسِ باوفا اور ہمدمِ غمگسار شمشیر برہنہ آپ کی حفاظت مین مصروف ہوتا اور تسلی و دلدہی کے کلمات اس کی زبان پر جاری ہوتے،[2]

اس خوفناک جنگ مین بھی حضرت ابوبکرؓ حضور انور صلعم کی خدمت گذاری سے غافل نہوئے ایک دفعہ ردائے مبارک شانۂ اقدس سے گر گئی فوراً تڑپ کر آئے اور اٹھا کر شانہ پر رکھدی، پھر رجز پڑھتے ہوئے غنیم کی صف مین گھس گئے، درحقیقت یہی وہ وارفتگی، جوش اور حبِ رسول کا جذبہ تھا جس نے قلت کو کثرت کے مقابلہ مین سربلند کیا،[3]

اس جنگ مین مالِ غنیمت کے علاوہ تقریباً ستر قیدی ہاتھ آئے، آنحضرت صلعم نے اُن لوگون کے متعلق کبار صحابہ سے مشورہ کیا، حضرت عمرؓ کی رائے تھی کہ سب قتل کردیے جائین لیکن حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کی کہ یہ سب اپنے ہی بھائی بند ہین اس لیے ان کے ساتھ رحم و تلطف کا برتاؤ کرنا چاہیے اور فدیہ لیکر اُن کو آزاد کرنا چاہیے، رحمۃ للعالمین کو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی رائے پسند آئی،[4]

غزوۂ احد — بدر کی شکست قریشِ مکہ کے دامنِ شجاعت پر ایک نہایت بدنما دھبہ تھا، اُنھون نے جوشِ انتقام مین نہایت عظیم الشان تیاریان کین، چنانچہ معرکۂ اُحد اُسی جوش کا نتیجہ تھا، اس جنگ مین مجاہدینِ اسلام باوجود قلتِ تعداد پہلے غالب آئے لیکن اتفاقی طور پر پانسہ پلٹ گیا، بہت سے

[1] زرقانی جلد ۱ غزوۂ بدر [2] زرقانی جلد ۲ ص ۴۸۴ [3] فتح الباری جلد ۷ صفحہ ۲۲۵ [4] مسلم باب امداد الملائکۃ و غزوۂ بدر،

سلمانون کے پائے ثبات متزلزل ہوگئے، لیکن حضرت ابو بکرؓ آخر وقت تک ثابت قدم رہے،
آنحضرت صلعم سخت مجروح ہوے اور لوگ آپ کو پہاڑ پر لائے تو حضرت ابو بکرؓ بھی ساتھ تھے، ابو سفیان
نے پہاڑ کے قریب آکر پکارا "کیا قوم مین محمدؐ ہین؟ کوئی جواب نہ ملا تو اُس نے حضرت ابو بکرؓ اور
حضرت عمرؓ کا نام لیا[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار بھی آنحضرتؐ کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ ہی کو
رئیسِ امت سمجھتے تھے،

اختتامِ جنگ کے بعد کفارِ مکہ واپس ہوے تو ایک جماعت اُن کے تعاقب مین روانہ
کی گئی، حضرت ابو بکرؓ بھی اس مین شامل تھے[2]، غزوۂ احد کے بعد بنو نضیر کی جلاوطنی، غزوۂ خندق
اور دوسرے چھوٹے چھوٹے غزوات پیش آئے، حضرت ابو بکرؓ ان تمام جنگون مین برابر کے
شریک تھے،

غزوۂ بنی مصطلق اور واقعۂ افک

سنہ ۵ھ مین غزوۂ بنی مصطلق پیش آیا، حضرت ابو بکرؓ اس معرکہ مین بھی آنحضرت صلعم کے
ہمرکاب تھے، یہ مہم کامیابی کے ساتھ واپس آئی، اور شب کے وقت مدینہ کے قریب
تمام لشکر نے پڑاؤ ڈالا، صبح کے وقت ام المومنین حضرت عائشہؓ جو اس سفر مین آنحضرت صلعم کے ساتھ
تھین، رفعِ حاجت کے لیے باہر تشریف لے گئین، واپس آئین تو دیکھا کہ گلے کا ہار کہین گر گیا، تلاش
کرتے ہوے پھر اُسی طرف چلین لیکن جب ڈھونڈھ کر پڑاؤ پر پہونچین تو لوگ روانہ ہو گئے تھے، اسی جگہ
غمگین و ملول بیٹھ گئین، اتفاقاً حضرت صفوان بن المعطلؓ جو نہایت ضعیف اور بوڑھے تھے اور عموماً
کوچ کے بعد قیامگاہ کا جائزہ لیکر سب سے پیچھے روانہ ہوتے تھے حضرت عائشہؓ کو دیکھ لیا
اور اونٹ پر بٹھا کر مدینہ لائے،

منافقین کی جماعت نے جو عموماً اپنی مفسدہ پردازی و فتنہ انگیزی سے اسلام مین

---

[1] بخاری باب غزوۂ احد [2] بخاری کتاب المغازی باب الذین استجابوا للہ والرسول ۱۲

تفرقہ ڈالنے کی کوشش کرتی رہتی تھی، اس واقعہ کو نہایت مکروہ صورت مین مشتہر کیا، دوسری طرف حضرت ابو بکر صدیقؓ اور خود حضرت عائشہؓ کو بارگاہِ نبوت مین جو غیر معمولی رسوخ، تقرب اور اعزاز حاصل تھا اُس نے بعض مسلمانون کو بھی آمادۂ رشک کر دیا تھا، چنانچہ انھون نے بھی اس افترا مین منافقین کی تائید کی، سب سے زیادہ افسوسناک امر یہ تھا کہ حضرت ابو بکرؓ کا ایک پروردہ نعمت اور عزیز مسطح بن اثاثہ جسکے وہ اب تک متکفل تھے اس سازش مین افترا پردازون کا ہم آہنگ تھا،

عزت و آبرو انسان کو دنیا مین سب سے زیادہ عزیز ہوتی ہے، اسی بنا پر حضرت ابو بکرؓ کے لیے یہ نہایت روح فرسا آزمایش تھی لیکن خدائے پاک نے بہت جلد اس سے نجات دیدی اور وحی الٰہی نے اس شرمناک بہتان کی اس طرح قلعی کھولی،

اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْا بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ بَلْ هُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ وَالَّذِیْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ، (سورہ نور رکوع ۲)	جن لوگون نے حضرت عائشہؓ پر تہمت لگائی وہ تمھاری ہی جماعت سے ہین اسکو تم اپنے لیے شر نہ سمجھو بلکہ وہ تمھارے لیے خیر ہے ان مین ہر شریک گناہ کو بقدر شرکت سزا ملے گی اور اُن مین سے جس نے بہت زیادتی کی ہو اُسپر سخت عذاب ہوگا،

حضرت ابو بکرؓ اس برات کے بعد مسطح بن اثاثہ کی کفالت سے دست بردار ہو گئے اور فرمایا خدا کی قسم اس فتنہ پردازی کے بعد اُس کی کفالت نہین کر سکتا، لیکن جب یہ آیتین نازل ہوئین،

وَلَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ یُّؤْتُوْٓا اُولِی الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِیْنَ وَالْمُهٰجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (نور رکوع ۳)	تم مین سے بڑے اور صاحب مقدرت لوگ، رشتہ دار، مساکین اور مہاجرین فی سبیل اللہ کو (مدد) نہ دینے کی قسم نہ کھائین اور چاہیے کہ (اُن کے قصور) معاف کرین اور اُنسے درگذر کرین کیا تم یہ نہین چاہتے کہ اللہ تمکو بخشے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحمت والا ہے

تو حضرت ابوبکرؓ نے کہا "خدا کی قسم مین چاہتا ہون کہ خدا مجھے بخشدے" اور قسم کھائی کہ اب ہمیشہ اس کا کفیل رہون گا[1]"

واقعہ حدیبیہ

اسی سال یعنی ۶ھ مین آنحضرت صلعم نے چودہ سو صحابہؓ کے ساتھ زیارتِ کعبہ کا عزم فرمایا اور جب مکہ کے قریب پہونچے تو خبر ملی کہ قریش مزاحم ہون گے، آنحضرت صلعم نے یہ سنکر صحابہ سے مشورہ طلب کیا، حضرت ابوبکرؓ نے عرض کی "یارسول اللہ! آپ قتل و خونریزی نہین بلکہ زیارتِ کعبہ کے قصد سے روانہ ہوے ہین، اس لیے تشریف لے چلیے جو کوئی اس مین سدِّ راہ ہوگا ہم اس سے لڑین گے" آنحضرت صلعم نے فرمایا بسم اللہ چلو، غرض آگے بڑھ کر مقامِ حدیبیہ مین پڑاؤ ڈالا گیا اور طرفین سے مصالحت کی سلسلہ جنبانی شروع ہوئی، اسی اثنا مین مشہور ہوا کہ حضرت عثمانؓ جو سفیر ہو کر گئے تھے شہید ہوگئے، یہ سنکر آنحضرت صلعم نے تمام جان نثارون سے جہاد پر بیعت کی اور یہی وہ بیعت ہے جو تاریخِ اسلام مین بیعتِ رضوان کے نام سے مشہور ہے[2]"

قریشِ مکہ ان تیاریون سے خوفزدہ ہو کر کچھ نرم پڑ گئے اور مصالحت کے خیال سے عروہ بن مسعود کو سفیر بنا کر بھیجا، اُس نے آنحضرت صلعم سے گفتگو کرتے ہوے کہا "محمد! خدا کی قسم مین تمھارے ساتھ ایسے چہرے اور ایسے مخلوط آدمی دیکھتا ہون کہ وقت پڑے گا تو وہ تمکو چھوڑ کر الگ ہو جائینگے" اس جملہ نے جان نثارانِ رسولؐ کے دلون پر نشتر کا کام کیا، حضرت ابوبکرؓ جیسے حلیم الطبع شخص نے برہم ہو کر کہا "کیا ہم رسول اللہ کو چھوڑ کر بھاگ جائینگے" عروہ نے انجان بنکر پوچھا یہ کون ہین لوگون نے کہا، ابوبکر، اُس نے مخاطب ہو کر کہا "قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ مین میری جان ہے اگر مین تمھارا زیر بار احسان نہوتا تو تمھین نہایت سخت جواب دیتا[3]"

---

[1] یہ تمام تفصیل بخاری باب حدیث الافک سے ماخوذ ہے، [2] بخاری باب غزوہ حدیبیہ، [3] بخاری کتاب الشروط باب الشروط فی الجہاد والمصالحہ مع اہل الحرب

حدیبیہ مین جو معاہدہ طے پایا وہ بظاہر کفار کے حق مین زیادہ مفید تھا، اس بناپر حضرت عمرؓ کو
نہایت اضطراب ہوا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ سے کہا کہ کفار سے اسقدر دبکر کیون صلح کی جاتی ہے؟
حضرت ابوبکرؓ محرم اسرار نبوت تھے فرمایا "آنحضرت صلعم خدا کے رسول ہین اس لیے آپ اس کی
نافرمانی نہین کرسکتے، اور وہ ہر وقت آپ کا معین و ناصر ہے"[۱]
اس معاہدہ کے باعث قریش مکہ سے گونہ اطمینان ہوا تو سنہ ۷ھ مین خیبر پر فوج کشی ہوئی،
پہلے حضرت ابوبکرؓ سپہ سالار تھے لیکن درحقیقت یہ کارنامہ حضرت علیؓ کے لیے مقدر ہو چکا تھا، خیبر
حضرت علیؓ کے ہاتھ مفتوح ہوا[۲] اور حضرت ابوبکرؓ اسی سال ماہ شعبان مین بنی کلاب کی سرکوبی کیلیے
مامور ہوئے[۳]، وہان سے کامیابی کے ساتھ واپس آئے تو پھر بنو فزارہ کی تنبیہ کے لیے ایک جماعت کے
ساتھ روانہ کیے گئے، اور بہت سے قیدی اور مال غنیمت کے ساتھ واپس آئے[۴]
قریش مکہ کی عہد شکنی کے باعث سنہ ۸ھ مین رسول اللہ صلعم نے دس ہزار کی جماعت سے
مکہ کا قصد فرمایا اور فاتحانہ جاہ وجلال سے داخل ہوئے، حضرت ابوبکرؓ بھی ہمراہ تھے اور مکہ مین پہنچکر
اپنے والد ابو قحافہ عثمان بن عامر کو دربار نبوت مین پیش کیا آنحضرت صلعم نے نہایت شفقت کے ساتھ
اُن کے سینہ پر ہاتھ پھیر کر نور ایمان سے مشرف فرمایا[۵]،
مکہ سے واپسی کے وقت بنو ہوازن سے جنگ ہوئی جو عموماً غزوہ حنین کے نام سے مشہور ہے،
حضرت ابوبکرؓ اس مین بھی ثابت قدم اصحاب کی صف مین شامل تھے، یہان سے بڑھ کر طائف کا
محاصرہ ہوا، حضرت ابوبکرؓ کے فرزند حضرت عبداللہؓ اسی محاصرہ مین عبداللہ بن محجن ثقفی کے تیر سے
زخمی ہوئے اور آخر کار یہی زخم حضرت ابوبکرؓ کے اوائل خلافت مین اُن کی شہادت کا باعث ہوا[۶]،

---

[۱] بخاری کتاب الشروط باب الشروط، باب الشروط فی الجہاد والمصالحہ مع اہل الحرب [۲] بخاری باب مناقب علی بن ابی طالب
[۳] زرقانی جلد ۲ صفحہ ۲۰۷ [۴] مسلم باب التنفیل وفداء المسلمین بالاساری [۵] اصابہ تذکرہ ابو قحافہ عثمان بن عامر [۶] اسد الغابہ
تذکرہ عبداللہ بن ابی بکر الصدیقؓ،

سنہ ۹ھ مین افواہ پھیلی کہ قیصر روم عرب پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے چونکہ مسلسل جنگون کے باعث یہ نہایت عسرت و تنگ حالی کا زمانہ تھا اس لیے رسول اللہ صلعم نے جنگی تیاریون کے لیے صحابہ کرامؓ کو انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب دی، چنانچہ تمام صحابہ نے حسب حیثیت اس مین شرکت کی حضرت عثمانؓ نے بہت کچھ دیا، لیکن اس موقع پر بھی حضرت ابوبکرؓ نے پیشقدمی کی اور جو کچھ تھا سب لا کر آنحضرت صلعم کے سامنے ڈال دیا، آپ نے دریافت فرمایا کہ تم نے اہل وعیال کے لیے کیا چھوڑا ہے؟ عرض کی اُن کے لیے اللہ اور اُس کا رسول ہے[1]، غرض انھین سرمایون سے ایک عظیم الشان فوج تیار ہو گئی اور حدود شام کی طرف بڑھی لیکن تبوک پہنچکر خبر غلط نکلی اور سب لوگ واپس آ گئے[2]،

امارت حج | اسی سال یعنی سنہ ۹ھ مین آنحضرت صلعم نے حضرت ابوبکرؓ کو امارت حج کے منصب پر مامور فرمایا اور ہدایت کی کہ منیٰ کے عظیم الشان اجتماع مین اعلان کر دین کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے، اور نہ کوئی برہنہ شخص خانہ کعبہ کا طواف کرے[3]، چونکہ سورہ برات اسی زمانہ مین نازل ہوئی تھی اور حضرت علیؓ حج کے موقع پر اس کو سنانے کے لیے بھیجے گئے تھے اس لیے بعضون کو یہ شک پیدا ہو گیا ہے کہ امارت حج کی خدمت بھی حضرت ابوبکرؓ سے لیکر حضرت علیؓ ہی کو تفویض کی گئی تھی لیکن یہ شدید غلطی ہے کیونکہ یہ دو مختلف خدمتین تھین، چنانچہ خود حضرت علیؓ کی ایک روایت سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ اس شرف کے تنہا مالک تھے[4]،

---

[1] ابوداؤد کتاب الزکوٰۃ ص ۱۲۹ مطبوعہ مصر، [2] طبقات ابن سعد حصہ مغازی، [3] بخاری باب حج ابی بکر بالناس فی سنہ تسع ۱۲ [4] فتح الباری ج ۸ صفحہ ۲۴۰،

آنحضرت صلعم کی وفات
اور
حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت

سنہ ۱۰ھ مین رسول اللہ صلعم حجۃ الوداع کے لیے تشریف لے گئے، حضرت ابوبکرؓ ہمرکاب تھے، اس سفر سے واپس آنے کے بعد آپ نے ایک مفصل خطبہ دیا اور فرمایا "خدا نے ایک بندہ کو دنیا اور عقبی کے درمیان اختیار دیا تھا لیکن اُس نے عقبی کو دنیا پر ترجیح دی" حضرت ابوبکرؓ یہ سنکر رونے لگے لوگون کو سخت تعجب ہوا کہ یہ رونے کا کون سا موقع تھا[1] لیکن درحقیقت اُنکی فراست اس کنایہ کی تہ تک پہونچ گئی تھی اور وہ سمجھ گئے تھے کہ بندہ سے مراد خود ذات اقدس صلعم ہے، چنانچہ اس تقریر کے بعد ہی آنحضرت صلعم بیمار ہوئے، مرض روز بروز بڑھتا گیا یہانتک کہ مسجد مین تشریف لانے سے بھی معذور ہوگئے اور حکم ہوا کہ ابوبکرؓ امامت کی خدمت انجام دین حضرت عائشہؓ کو خیال ہوا کہ اگر امامت کا شرف حضرت ابوبکرؓ کو عطا کیا جائیگا تو وہ محسود خلائق ہوجائین گے اسلیے اُنھون نے خود اور اُن کی تحریک سے حضرت حفصہؓ نے بارگاہ نبوت مین عرض کی کہ ابوبکرؓ نہایت رقیق القلب ہین اس لیے یہ منصب جلیل عمرؓ کو عطا کیا جائے، لیکن آنحضرت صلعم نے ابوبکرؓ کی امامت کے لیے اصرار کے ساتھ حکم دیا اور برہم ہو کر فرمایا "تم وہی ہو جنھون نے یوسفؑ کو دھوکا دینا چاہا تھا[2]"،

حضرت ابوبکرؓ کو جب اس حکم نبوی کی اطلاع ہوئی تو اُنھون نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ تم پڑھاؤ اُنھون نے کہا آپ مجھ سے زیادہ مستحق ہین[3]، غرض اس روز حضرت ابوبکرؓ ہی نماز

---

[1] بخاری باب فضائل الصدیق [2] بخاری باب اہل العلم والفضل احق بالامامۃ، [3] ایضاً،

پڑھاتے رہے، ایک روز وہ حسب معمول نماز پڑھا رہے تھے کہ رسول اللہ صلعم تشریف لائے، حضرت ابوبکرؓ نے آنحضرت صلعم کو دیکھکر پیچھے ہٹنا چاہا لیکن آپ نے اشارہ سے منع فرمایا، اور خود اُن کے داہنے پہلو مین بیٹھ کر نماز ادا کی[۱]

۱۲، ربیع الاول دوشنبہ کے روز جس دن آنحضرت صلعم نے وفات پائی حضرت ابوبکرؓ حسب معمول نماز پڑھا رہے تھے آنحضرت صلعم نے حجرہ کا پردہ اُٹھا کر دیکھا اور خوش ہو کر مُسکرائے تو حضرت ابوبکرؓ نے اس خیال سے کہ شاید آپ نماز کے لیے تشریف لائینگے پیچھے ہٹنا چاہا، لیکن اشارہ سے حکم ہوا کہ نماز پوری کرو اور پھر پردہ گرا دیا[۲]، چونکہ اس روز بظاہر آنحضرت صلعم کے مرض مین افاقہ معلوم ہوتا تھا اس لیے حضرت ابوبکرؓ نماز کے بعد اجازت لیکر مقام سنح کو گئے جہان اُن کی زوجہ محترمہ حضرت خارجہ بنت زہیرؓ رہتی تھین تشریف لے گئے[۳]

حضرت ابوبکر صدیقؓ سنح سے واپس آئے تو رسول اللہ صلعم کا وصال ہو چکا تھا اور مسجد کے دروازہ پر ایک ہنگامہ برپا تھا لیکن وہ کسی سے کچھ نہ بولے اور سیدھے حضرت عائشہؓ کے مکان مین داخل ہو کر اپنے محبوب آقا کے نورانی چہرہ کو بے نقاب کیا، پیشانی پر بوسہ دیا اور رو کر کہا،

بابی انت وامی واللہ لا یجمع اللہ علیک موتتین اما الموتۃ التی کتبت علیک فقد ذقتھا ثم لن تصیبک بعدہ موتۃ ابدا	میرے ماں باپ آپ پر فدا ہون، خدا کی قسم آپ پر دو تین جمع نہون گی، وہ موت جو آپ کے لیے مقدر تھی اس کا مزہ چکھ چکے اب اُسکے بعد پھر کبھی کوئی موت نہ آے گی،

پھر چادر ڈال کر باہر تشریف لائے، یہان حضرت عمرؓ تقریر کر رہے تھے اور قسم کھا کھا کر رسول اللہ کے انتقال سے انکار کر رہے تھے، حضرت ابوبکرؓ نے یہ حال دیکھا تو فرمایا "عمر! تم بیٹھ جاؤ، لیکن

---

[۱] بخاری باب من قام الی جنب الامام لعلۃ، [۲] بخاری باب اہل العلم والفضل احق بالامامۃ ۱۲ [۳] بخاری باب الدخول علی المیت بعد الموت [۴] ایضاً

اُنھون نے وارفتگی مین کچھ خیال نہ کیا تو الگ کھڑے ہوکر تقریر شروع کر دی، چنانچہ تمام مجمع انھین کی طرف جھک پڑا، اور حضرت عمرؓ تنہا رہ گئے، آپ نے فرمایا[1]

امابعد فمن کان یعبد محمدا فان محمدا قد مات	اگر لوگ محمدؐ کی پرستش کرتے تھے تو بیشک وہ مرگئے اور اگر
ومن کان یعبد اللہ فان اللہ حی لا یموت	خدا کو پوجتے تھے تو بیشک وہ زندہ ہے اور کبھی نہ مریگا،
قال اللہ تعالیٰ	خدائے برتر فرماتا ہے،
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ الآیۃ	"محمد صرف ایک رسول ہین جن سے پہلے بہت سے رسول گذر چکے ہین"

یہ تقریر ایسی دلنشین تھی کہ ہر ایک کا دل مطمئن ہوگیا، خصوصاً جو آیت آپ نے تلاوت فرمائی وہ ایسی باموقع تھی کہ اُسی وقت زبان زدِ خاص و عام ہوگئی، حضرت عبد اللہؓ فرماتے ہین کہ خدا کی قسم ہم لوگون کو ایسا معلوم ہوا کہ گویا یہ آیت پہلے نازل ہی نہین ہوئی تھی[2]،

سقیفہ بنی ساعدہ رسول اللہؐ کے انتقال کی خبر مشہور ہوتے ہی منافقین کی سازش سے مدینہ مین خلافت کا فتنہ اُٹھ کھڑا ہوا، اور انصار نے سقیفہ بنی ساعدہ مین مجتمع ہوکر خلافت کی بحث چھیڑ دی، مہاجرین کو خبر ہوئی تو وہ بھی مجتمع ہوے، معاملہ اس حد تک پہنچ چکا تھا کہ اگر حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کو وقت پر اطلاع نہ ہوجاتی تو مہاجرین و انصار جو رسول اللہ صلعم کی زندگی مین بھائی بھائی کی طرح رہتے تھے باہم دست و گریبان ہو جاتے اور اس طرح اسلام کا چراغ ہمیشہ کیلیے گل ہوجاتا لیکن خدا کو توحید کی روشنی سے تمام عالم کو منور کرنا تھا، اس لیے اُس نے آسمانِ اسلام پر ابو بکر و عمر جیسے مہر وماہ پیدا کر دیے تھے جنھون نے اپنی عقل و سیاست کی روشنی سے افقِ اسلام کی ظلمت اور تاریکیون کو کافور کر دیا،

[1] بخاری باب الدخول علی المیت بعد الموت [2] بخاری باب مرض النبی صلعم ووفاتہ،

حضرت ابو بکرؓ حضرت عمرؓ کو ساتھ لیے ہوئے سقیفہ بنی ساعدہ مین پہونچے انصار نے دعویٰ کیا کہ ایک امیر ہمارا ہو اور ایک تمھارا ظاہر ہے کہ اس دو عملی کا نتیجہ کیا ہوتا ؟ ممکن تھا کہ مسندِ خلافت مستقل طور پر صرف انصار ہی کے سپرد کر دی جاتی، لیکن دقت یہ تھی کہ قبائلِ عرب خصوصاً قریش اُن کے سامنے گردنِ اطاعت خم نہین کر سکتے تھے، پھر انصار مین بھی دو گروہ تھے اوس اور خزرج اور ان مین باہم اتفاق نہ تھا غرض ان دقتون کو پیشِ نظر رکھکر حضرت ابو بکرؓ نے کہا "اُمرا ہماری جماعت سے ہون، اور وزرا تمھاری جماعت سے" اسپر حضرت حباب بن المنذر انصاریؓ بول اُٹھے "نہین ! خدا کی قسم نہین ! ایک امیر ہمارا ہو اور ایک تمھارا" حضرت ابو بکرؓ نے یہ جوش وخروش دیکھا تو نرمی و آشتی کے ساتھ انصار کے فضائل و محاسن کا اعتراف کر کے فرمایا "صاحبو ! مجھے آپکے محامد سے انکار نہین ! لیکن درحقیقت تمام عرب قریش کے سوا اور کسی کی حکومت تسلیم ہی نہین کر سکتا، پھر مہاجرین اپنے تقدمِ اسلام اور رسول اللہ صلعم سے خاندانی تعلقات کے باعث نسبتاً آپ سے زیادہ استحقاق رکھتے ہین، یہ دیکھو عبیدہ بن الجراح اور عمر بن الخطاب موجود ہین ان مین سے جسکے ہاتھ پر چاہو بیعت کر لو" لیکن حضرت عمرؓ نے پیشدستی کر کے خود حضرت ابو بکرؓ کے ہاتھ مین ہاتھ دیدیا اور کہا "نہین ! بلکہ ہم آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہین، کیونکہ آپ ہمارے سردار اور ہم لوگون مین سب سے بہتر ہین اور رسول اللہ صلعم آپ کو سب سے زیادہ عزیز رکھتے تھے[1]" چونکہ اس مجمع مین حضرت ابو بکرؓ سے زیادہ کوئی باثر بزرگ اور معمر نہ تھا اس لیے اس انتخاب کو سب نے استحسان کی نگاہ سے دیکھا اور تمام خلقت بیعت کیلیے ٹوٹ پڑی، اس طرح یہ اُٹھتا ہوا طوفان دفعتہً رُک گیا اور لوگ رسول اللہ صلعم کی تجہیز و تکفین مین مشغول ہوئے،

---

[1] بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۱۸

اس فرض سے فارغ ہونے کے بعد دوسرے روز مسجد مین بیعت عامہ ہوئی اور حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے منبر پر بیٹھ کر ان الفاظ مین اپنے آئندہ طرزِ عمل کی توضیح فرمائی،

ایہا الناس فانی قد ولیت علیکم ولست بخیرکم فان احسنت فاعینونی وان اسأت فقومونی الصدق امانۃ والکذب خیانۃ، والضعیف فیکم قوی عندی حتی ارجع علیہ حقہ ان شاء اللہ والقوی فیکم ضعیف عندی حتی آخذ الحق منہ ان شاء اللہ لایدع قوم الجہاد فی سبیل اللہ الا ضربہم اللہ بالذل، ولا تشیع الفاحشۃ فی قوم قط الا عمہم بالبلاء واطیعونی ما اطعت اللہ ورسولہ فاذا عصیت اللہ ورسولہ فلا طاعۃ لی علیکم، قوموا الی صلاتکم یرحمکم اللہ[1]	صاحبو! مین تم پر حاکم مقرر کیا گیا ہون حالانکہ مین تم لوگون مین سب سے بہتر نہین ہون، اگر مین اچھا کام کرون تو میری اعانت کرو اور اگر برائی کی طرف جاؤن تو مجھے سیدھا کردو، صدق امانت ہے اور کذب خیانت ہے، انشاء اللہ تمھارا ضعیف فرد بھی میرے نزدیک قوی ہے یہانتک کہ مین اُس کا حق واپس دلادون اور انشاء اللہ تمھارا قوی فرد بھی میرے نزدیک ضعیف ہے یہانتک کہ مین اُس سے دوسرون کا حق دلادون جو قوم جہاد فی سبیل اللہ چھوڑ دیتی ہے اسکو خدا ذلیل وخوار کردیتا ہے اور جس قوم مین بدکاری عام ہوجاتی ہے خدا اُسکی مصیبت کو بھی عام کردیتا ہے، مین خدا اور اُسکے رسول کی اطاعت کرون تو میری اطاعت کرو، لیکن جب خدا اور اسکے رسول کی نافرمانی کرون تو تم پر اطاعت نہین، نماز کے لیے اٹھو خدا تم پر رحم کرے

حضرت علیؓ کی بیعت

گو تمام مسلمانون نے حضرت ابوبکرؓ کے ہاتھ پر بیعت کرلی اور وہ باقاعدہ مسندِ خلافت پر متمکن ہوگئے تاہم حضرت علیؓ اور ان کے ساتھ بعض دوسرے صحابہؓ نے کچھ دنون تک بیعت مین تاخیر کی، اس توقف نے تاریخِ اسلام مین عجیب وغریب مباحث پیدا کردیے ہین جن کی تفصیل کے لیے اس اجمال کی گنجایش نہین، ممکن ہے کہ حضرت علیؓ رسول اللہ صلعم سے اپنے مخصوص تعلقات کی بنا پر خلافت کے آرزومند ہون اور اس انتخاب کو اپنی حق تلفی سمجھتے ہون تاہم اُن کا حق پرست

[1] طبقات ابن سعد ج ۳ ق ۱ ص ۱۲۹

دل نفسانیت سے پاک تھا اس لیے یہ کسی طرح قیاس مین نہین آتا، کہ محض اسی آرزو نے اُنکو چھ ماہ تک جمہور مسلمانون سے انحراف پر مائل رکھا ہو، اس بنا پر دیکھنا چاہیے کہ خود حضرت علیؓ نے اس توقف کی کیا وجہ بیان کی ہے ابن سعد کی روایت ہے،

عن محمد بن سیرین قال لما بویع ابوبکر ابطأ علی فی بیعته وجلس فی بیته فقال فبعث الیه ابوبکر ما ابطأبك عنی اکرهت امارتی قال علی ما کرهت امارتك ولکن آلیت ان لا ارتدی ردائی الا الی صلوٰة حتی اجمع القرآن[1]	محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ جب ابوبکر کی بیعت کیگئی تو علیؓ نے بیعت مین دیر کی اور خانہ نشین رہے ابوبکرؓ نے کہلا بھیجا کہ کس چیز نے آپ کو میری بیعت سے باز رکھا ہے کیا آپ میری امارت کو ناپسند کرتے ہین؟ علیؓ نے کہا مین آپکی امارت کو ناپسند نہین کرتا لیکن مین نے قسم کھائی ہو کہ جبتک قرآن جمع نہ کرلون نماز کے سوا اپنی چادر نہین اوڑھونگا،

اس روایت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بیعت مین دیر ہو جانے کی حقیقی وجہ کیا تھی؟ ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ باغِ فدک اور مسئلہ وراثت کے جھگڑون نے (جس کا تذکرہ آئندہ آئیگا) خلیفۂ اول کی طرف سے حضرت فاطمہؓ کے دل مین کسی قدر ملال پیدا کر دیا تھا اس لیے ممکن ہے کہ حضرت علیؓ نے محض اُن کے پاسِ خاطر سے بیعت مین دیر کی ہو چنانچہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو تنہا بلا کر اُن کے فضل و شرف کا اعتراف فرمایا اور کہا کہ "خدا نے آپ کو جو درجہ عطا کیا ہے ہم اس پر حسد نہین کرتے لیکن خلافت کے معاملہ مین ہماری حق تلفی ہوئی کیونکہ رسول اللہ صلعم سے قرابت یا رشتہ داری کی بنا پر ہم اسمین یقیناً اپنا حصہ سمجھتے تھے، حضرت علیؓ نے اس کو کچھ اس انداز سے کہا کہ خلیفۂ اول کی آنکھون سے آنسو جاری ہو گئے اور جواب دیا "قسم ہے اس ذات کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے کہ مین اپنے رشتہ دارون سے رسول اللہ صلعم کے

[1] طبقات ابن سعد ج ۲ ق ۲ ص ۱۰۱،

رشتہ دارون کو زیادہ عزیز رکھتا ہون، رہا آنحضرتؐ کی متروکہ جائداد کا جھگڑا تو اس مین مین نے رسول اللہ صلعم کے طرزِ عمل سے سرمو انحراف نہین کیا، غرض اسطرح دوستانہ شکوہ سنجی سے دونون کا آئینۂ دل صاف ہوگیا اور بعد نمازِ ظہر حضرت ابوبکرؓ نے مجمع عام مین حضرت علیؓ کی طرف سے عذرخواہی کی، اور حضرت علیؓ نے شاندار الفاظ مین اُن کے فضل و شرف کا اعتراف کیا[1]،

خلافت

حضرت ابوبکر صدیقؓ کو سند آرائے خلافت ہوتے ہی اپنے سامنے صعوبات مشکلات اور خطرات کا ایک پہاڑ نظر آنے لگا، ایک طرف کذاب مدعیانِ نبوت اُٹھ کھڑے ہوے تھے، دوسری طرف مرتدینِ اسلام کی ایک جماعت علمِ بغاوت بلند کیے ہوے تھی، منکرینِ زکوٰۃ نے علیحدہ شورش برپا کر رکھی تھی، ان دشواریون کے ساتھ حضرت اسامہ بن زیدؓ کی مہم بھی درپیش تھی جنکو آنحضرت صلعم نے اپنی حیات ہی مین شام پر حملہ آور ہونے کا حکم دیا تھا، اسی مہم کے متعلق صحابۂ کرامؓ نے رائے دی کہ اُسکو ملتوی کرکے پہلے مرتدین و کذاب مدعیانِ نبوت کا قلع قمع کیا جائے لیکن خلیفۂ اول کی غیور طبیعت نے گوارا نہ کیا کہ ارادۂ نبوی اور حکم رسالتمآب صلعم معرضِ التوا مین پڑجائے اور جو عَلم رسول اللہ صلعم کی ایما سے روم کے مقابلہ کے لیے بلند کیا گیا تھا اُس کو کسی دوسری جانب حرکت دی جائے، چنانچہ آپ نے برہم ہوکر فرمایا "خدا کی قسم اگر مدینہ اس طرح آدمیون سے خالی ہوجائے کہ درندے آکر میری ٹانگ کھینچنے لگین جب بھی مین اس مہم کو روک نہین سکتا[2]،"

اسامہ بن زیدؓ والی مہم

غرض خلیفۂ اول نے خطرات و مشکلات کے باوجود حضرت اسامہؓ کو

---

[1] بخاری باب غزوۂ خیبر، [2] تاریخ الخلفا، ص ۷۱،

روانگی کا حکم دیدیا اور خود دور تک پیادہ پا مشایعت کرکے اُن کو نہایت زرین ہدایتین فرمائین، چونکہ اُسامہؓ گھوڑے پر سوار تھے اور جانشین رسول پیادہ پا گھوڑے کے ساتھ دوڑ رہا تھا، اس لیے اُنھون نے تعظیماً عرض کی کہ "اے جانشین رسول! خدا کی قسم آپ گھوڑے پر سوار ہولین ورنہ مین بھی اترتا ہون" بولے "اسمین کیا مضائقہ ہے اگر مین تھوڑی دیر تک راہِ خدا مین اپنا پانون غبار آلود کرون؟ حالانکہ غازی کے ہر قدم کے عوض سات سو نیکیان لکھی جاتی ہین[۱]"

حضرت اسامہؓ کی مہم رخصت ہوکر حدودِ شام مین پہنچی اور اپنا مقصد پورا کرکے یعنی حضرت زیدؓ کا انتقام لے کر نہایت کامیابی کے ساتھ چالیس دن مین واپس آئی، حضرت ابوبکرؓ نے صحابۂ کرامؓ کے ساتھ مدینہ سے باہر نکل کر نہایت جوشِ مسرت سے اُنکا استقبال فرمایا،

مدعیانِ نبوت کا قلع قمع سرورِ کائنات صلعم ہی کی زندگی مین بعض مدعیانِ نبوت پیدا ہوچکے تھے، چنانچہ مسیلمہ کذاب نے سنہ ۱۰ھ مین نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور آنحضرت صلعم کو لکھا تھا کہ مین آپ کے ساتھ نبوت مین شریک ہون نصف دنیا آپ کی ہے اور نصف میری، سرورِ کائنات نے اس کا جواب دیا تھا،

من محمد رسول اللہ الی مسیلمۃ الکذاب	محمد رسول اللہ کی طرف سے مسیلمہ کذاب کو! اما بعد دنیا خدا کی
اما بعد فان الارض للہ یورثھا من یشاء	ہے وہ اپنے بندون مین سے جسکو چاہیگا اس کا وارث
من عبادہ والعاقبۃ للمتقین[۲]	بنائے گا اور انجام پرہیزگارون کے لیے ہے،

لیکن آنحضرت صلعم کے بعد اور بھی بہت سے مدعیانِ نبوت پیدا ہوگئے تھے اور روز بروز

---

[۱] طبری ۱۸۵۰، [۲] تاریخ طبری ۱۷۴۹،

ان کی قوت بڑھتی جاتی تھی، چنانچہ طلیحہ بن خویلد نے اپنے اطراف مین علمِ نبوت بلند کیا تھا بنوغطفان اُسکی مدد پر تھے اور عیینہ بن حصن فزاری اُن کا سردار تھا، اُسی طرح اسود عنسی نے یمن مین اور مسیلمہ بن حبیب نے یمامہ مین نبوت کا دعوی کیا تھا، مرد تو مرد یہ ایسا مرض عام ہوگیا تھا کہ عورتون کے سر مین بھی نبوت کا سودا سما گیا تھا، چنانچہ سجاح بنت حارث تمیمیہ نے نہایت زور وشور کے ساتھ نبوت کا دعوی کیا تھا اور اشعث بن قیس اس کا داعی خاص تھا، سجاح نے آخر مین اپنی قوت مضبوط کرنے کے لیے مسیلمہ سے شادی کرلی تھی، خلاصہ یہ کہ یہ مرض وبا کیطرح تمام عرب مین پھیل گیا تھا، اور اس کے انسداد کی نہایت سخت ضرورت تھی، اس بنا پر حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے خاص طور پر اسی کی طرف توجہ کی اور صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا کہ اس مہم کے لیے کون شخص زیادہ موزون ہوگا، حضرت علیؓ کا نام لیا گیا لیکن وہ اس وقت تک تمام تعلقات دنیاوی سے کنارہ کش تھے، اس لیے قرعۂ انتخاب حضرت خالد بن ولیدؓ کے نام نکلا، چنانچہ وہ سنہ ۱۱ھ مین حضرت ثابت بن قیس انصاریؓ کے ساتھ مہاجرین و انصار کی ایک جمعیت لیکر مدعیانِ نبوت کی سرکوبی کے لیے روانہ ہوئے[1]،

حضرت خالد بن ولیدؓ نے سب سے پہلے طلیحہ کی جماعت پر حملہ کرکے اُسکے متبعین کو قتل کیا اور عیینہ بن حصن کو گرفتار کرکے دوسرے تیس قیدیون کے ساتھ مدینہ روانہ کیا اور عیینہ بن حصن نے مدینہ پہنچکر اسلام قبول کرلیا لیکن طلیحہ شام کی طرف بھاگ گیا اور وہان سے عذر خواہی کے طور پر دو شعر لکھ بھیجے اور تجدیدِ اسلام کرکے حلقۂ مومنین مین داخل ہوگیا[2]،

مسیلمہ کذاب کی بیخ کنی کے لیے حضرت شرحبیل بن حسنہؓ روانہ کیے گئے لیکن قبل اس کے کہ وہ حملہ کی ابتدا کرین حضرت خالد بن ولیدؓ کو اُن کی اعانت کے لیے روانہ کیا،

[1] تاریخ طبری، صفحہ ۱۸۸۷ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۴۵،

گیا، چنانچہ اُنھون نے مجاعہ کو شکست دی، اُسکے بعد خود مسیلمہ سے مقابلہ ہوا، مسیلمہ نے اپنے متبعین کو ساتھ لیکر نہایت شدید جنگ کی اور مسلمانون کی ایک بہت بڑی تعداد اس مین شہید ہوئی، جسمین بہت سے حفاظِ قرآن بھی تھے لیکن آخر مین فتح مسلمانون کے ہاتھ رہی اور مسیلمہ کذاب حضرت وحشیؓ کے ہاتھ سے مارا گیا، مسیلمہ کی بیوی سجاح جو خود مدعیِ نبوت تھی، بھاگ کر بصرہ پہونچی اور کچھ دنون کے بعد مرگئی[1]

اسود عنسی نے خود رسول اللہ صلعم کے زمانہ ہی مین نبوت کا دعوی کیا تھا لیکن حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانہ مین اس کی قوت زیادہ بڑھ گئی تھی، اسکو قیس بن مکشوح اور فیروز دیلمی نے نشہ کی حالت مین واصلِ جہنم کیا[2]،

مرتدین کی سرکوبی

حضرت سرورِ کائنات صلعم کے بعد بہت سے سردارانِ عرب مرتد ہوگئے اور ہر ایک اپنے حلقہ کا بادشاہ مطلق بن بیٹھا، چنانچہ نعمان بن منذر نے بحرین مین سر اُٹھایا، لقیط بن مالک نے عمان مین علمِ بغاوت بلند کیا، اسیطرح کندہ کے علاقہ مین بہت سے بادشاہ پیدا ہوگئے اسلیے حضرت ابوبکرؓ نے مدعیانِ نبوت سے فارغ ہونے کے بعد اسی طوائف الملوکی کی طرف توجہ کی چنانچہ علاء بن حضرمی کو بحرین بھیجکر نعمان بن منذر کا قلع قمع کرایا اسیطرح حذیفہ بن محصن کی تلوار سے لقیط بن مالک کو قتل کراکے سرزمینِ عمان کو پاک کیا، اور زیاد بن لبید کے ذریعہ سے ملوکِ کندہ کی سرکوبی کی[3]،

منکرینِ زکوٰۃ کی تنبیہ

مدعیانِ نبوت اور مرتدین کے علاوہ ایک تیسرا گروہ منکرینِ زکوٰۃ کا تھا، چونکہ یہ گروہ اپنے کو مسلمان کہتا تھا اور صرف زکوٰۃ ادا کرنے سے منکر تھا اس لیے اُس کے خلاف تلوار اُٹھانے کے متعلق خود صحابہ مین اختلاف راے ہوا، چنانچہ حضرت عمرؓ جیسے متشدد صاحب راے

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۴۷، [2] تاریخ طبری ص ۳ ۱۸۶، [3] ایضاً،

بزرگ نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے کہا کہ آپ ایک ایسی جماعت کے خلاف کس طرح جنگ کرسکتے ہین جو توحید و رسالت کا اقرار کرتی ہے اور صرف زکوٰۃ کی منکر ہے، لیکن خلیفۂ اول کا غیر متزلزل ارادہ و استقلال اختلافِ آرا سے مطلق متأثر نہوا، اور صاف کہدیا "خدا کی قسم اگر ایک بکری کا بچہ بھی جو رسول اللہ صلعم کو دیا جاتا تھا کوئی دینے سے انکار کرے گا، تو مین اُسکے خلاف جہاد کرون گا" اس تشدد کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑی سی تنبیہ کے بعد تمام منکرین خود زکوٰۃ لے کر بارگاہِ خلافت مین حاضر ہوئے اور پھر حضرت عمرؓ کو بھی حضرت صدیقؓ کی اصابتِ راے کا اعتراف کرنا پڑا[۱]،

جمع و ترتیب قرآن مدعیانِ نبوت و مرتدینِ اسلام کے مقابلہ مین بہت سے حفاظِ قرآن شہید ہوے، خصوصاً یمامہ کی خونریز جنگ مین اسقدر صحابۂ کرام کام آئے کہ حضرت عمرؓ کو اندیشہ ہوگیا کہ اگر صحابہ کی شہادت کا یہی سلسلہ قائم رہا تو قرآن شریف کا بہت حصہ ضائع ہوجائیگا، اس بناء پر اُنھون نے خلیفۂ اوّل سے قرآن شریف کے جمع و ترتیب کی تحریک کی، حضرت ابوبکر صدیقؓ کو پہلے عذر ہوا، کہ جس کام کو رسول اللہ صلعم نے نہین کیا ہے اُسکو مین کس طرح کرون، حضرت عمرؓ نے کہا کہ یہ کام اچھا ہے، اور اُن کے بار بار کے اصرار سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ذہن مین بھی یہ بات آگئی، چنانچہ اُنھون نے حضرت زید بن ثابتؓ کو جو عہدِ نبوت مین کاتبِ وحی تھے، قرآن شریف کے جمع کرنے کا حکم دیا، پہلے اُن کو بھی اس کام مین عذر ہوا، لیکن پھر اسکی مصلحت سمجھ مین آگئی اور نہایت کوشش و احتیاط کے ساتھ تمام متفرق اجزا کو جمع کر کے ایک کتاب کی صورت مین مدون کیا[۲]،

ایک غلط فہمی کا ازالہ قرآن شریف کی جمع و ترتیب کے متعلق ایک عام غلط فہمی یہ ہے کہ عہدِ نبوت

[۱] بخاری ج ۱ ص ۱۸۰، [۲] بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۴۵،

مین کلام مجید کی آیتون اور سورتون مین باہم کوئی ترتیب نہ تھی، اور نہ سورتون کے نام وضع
ہوے تھے، اس لیے عہدِ صدیقؓ مین جو کام انجام پایا وہ اُنھین آیات وسور کو باہم مرتب کرنا
تھا، لیکن یہ ایک افسوسناک غلطی ہے، درحقیقت جس طرح قرآن کی ہر ایک آیت الہامی ہے
اسیطرح آیات وسور کی باہمی ترتیب اور سورتون کے نام بھی الہامی ہین اور خود مہبطِ وحی و
الہام کی زندگی مین یہ تمام کام انجام پا چکے تھے، چنانچہ ہم اس بحث کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ
لکھتے ہین،

آیات وسور عہدِ نبوت مین مرتب ہو چکے تھے

قرآن شریف کی آیتین عموماً کسی خاص واقعہ اور ضرورت کے
پیش آجانے پر نازل ہوتی تھین اور صحابہؓ اُن کو کھجور کی شاخ، ہڈی، چمڑے اور پتھر کی تختی یا کسی خاص
قسم کے کاغذ پر لکھ لیتے تھے، اور آنحضرت صلعم کی ہدایت کے مطابق خاص طور پر ترتیب دیتے جاتے
تھے، جب ایک سورہ ختم ہو جاتی تو علیحدہ نام سے موسوم ہو جاتی تھی، اور پھر دوسری شروع ہو جاتی تھی،
کبھی ایک ساتھ دو سورتین نازل ہوتین اور آنحضرت صلعم دونون کو الگ الگ لکھواتے جاتے،
غرض اس طرح آپ کے زمانہ ہی مین سورتین مدون و مرتب ہو چکی تھین اور اُن کے نام بھی قرار
پا چکے تھے، حدیثون مین ذکر آتا ہے کہ آنحضرتؐ نے نماز مین فلان فلان سورتین پڑھین یا فلان
سورۃ سے فلان سورۃ تک تلاوت فرمائی، صحیح بخاری مین ہے کہ آنحضرتؐ نے مغرب مین سورۂ
اعراف پڑھی، اسیطرح اور حدیثون مین بتصریح آیا ہے کہ آپ نے نماز مین بقرہ، آل عمران اور نساء
پڑھی، سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کے ذکر سے تو شاید حدیث کی کوئی کتاب خالی نہوگی، اس لیے
اب دیکھنا چاہیئے کہ حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ مین کیا خدمت انجام پائی،

حضرت ابوبکرؓ نے قرآن کے متفرق اجزاء کو صرف ایک کتاب کی صورت مین جمع کرایا

علامہ حافظ ابن حجر بخاری کی شرح مین فرماتے ہین،
قد اعلم اللہ تعالی فی القرآن بانہ مجموع فی الصحف فی قولہ اللہ تعالے قرآن شریف مین اپنے قول

یتلو صحفاً مطہرۃ" الآیہ
وکان القرآن مکتوباً فی الصحف لکن کانت
متفرقۃ فجمعہا ابوبکر فی مکان واحد ثم
کانت بعدہ محفوظۃ الی ان امر عثمان
بالنسخ منہا عدۃ مصاحف وارسل بہا الی الامصار[1]

یتلو صحفاً مطہرۃ مین بیان فرمادیا ہو کہ قرآن صحیفون مین جمع ہی،
قرآن شریف صحیفون مین لکھا ہوا ضرور تھا لیکن متفرق
تھا، حضرت ابوبکرؓ نے ایک جگہ جمع کردیا پھر اُن کے بعد
محفوظ رہا یہان تک کہ حضرت عثمانؓ نے متعدد نسخے
نقل کراکے دوسرے شہرون مین روانہ کردیا،

اس تشریح سے صاف ظاہر ہوگیا کہ حضرت ابوبکرؓ کے حکم سے حضرت زیدؓ نے صرف قرآن شریف کے متفرق اجزا کو جمع کرکے ایک کتاب کی صورت مین مدون کردیا تھا،

صحیفۂ صدیقی کب تک محفوظ رہا حضرت زید بن ثابتؓ کا مدون کیا ہوا نسخہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے خزانہ مین محفوظ رہا، اس کے بعد حضرت عمرؓ کے قبضہ مین آیا، حضرت عمرؓ نے ام المومنین حضرت حفصہؓ کے حوالہ فرمادیا اور وصیت کردی کہ کسی شخص کو ندین، البتہ جسکو نقل کرنا یا اپنا نسخہ صحیح کرنا ہو وہ اُس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے، چنانچہ حضرت عثمانؓ نے اپنے عہد مین حضرت حفصہؓ سے عاریۃً لیکر چند نسخے نقل کرائے اور دوسرے مقامات مین روانہ کردیے، لیکن اصل نسخہ بدستور حضرت حفصہؓ کے پاس محفوظ رہا، جب مروان مدینہ کا حاکم ہوکر آیا تو اس نے اس نسخہ کو حضرت حفصہؓ سے لینا چاہا لیکن اُنھون نے دینے سے انکار کردیا اور تاحیات اپنے پاس محفوظ رکھا، اُن کے انتقال کے بعد مروان نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے لیکر اسکو ضایع کردیا[2]

فتوحات

جزیرہ نمائے عرب کی سرحد دنیا کی دو عظیم الشان سلطنتون سے ٹکراتی تھی، ایک طرف

[1] فتح الباری جلد ۹ ص ۱۰، [2] ایضاً ص ۱۷،

شام پر رومی پھریرا لہرا رہا تھا دوسری طرف عراق پر کیانی خاندان کا تسلط تھا، ان دونون ہمسایہ سلطنتون نے ہمیشہ کوشش کی کہ عرب کے آزادہ جنگجو باشندون پر اپنی حکمرانی کا سکہ جمائین خصوصاً ایرانی سلطنت نے اس مقصد کے لیے بارہا عظیم الشان قربانیان برداشت کین، بڑی بڑی فوجین اس مہم کے سرکرنے کے لیے بھیجین اور بعض اوقات اُس نے عرب کے ایک وسیع خطہ پر تسلط بھی قائم کر لیا، چنانچہ شاپور بن اردشیر جو سلطنت ساسانیہ کا دوسرا فرمان روا تھا، اُس کے عہد مین حجاز و یمن دونون باجگذار ہو گئے تھے اسیطرح سابور ذی الاکتاف یمن و حجاز کو فتح کرتا ہوا مدینہ منورہ تک پہونچ گیا تھا، یہ عربون کا حد درجہ دشمن تھا، چنانچہ جو رؤسائے عرب گرفتار ہو کر جاتے تھے وہ اُن کے شانے اکھڑوا ڈالتا تھا، اسی سے عرب مین ذوالاکتاف کے لقب سے مشہور ہوا[1] تاہم عرب کی فطرت دب کر رہنا نہ جانتی تھی اسلیے جب کبھی موقع ملا بغاوت برپا ہو گئی یہانتک کہ چند بار خود عربون نے عراق پر قابض ہو کر اپنی ریاستین قائم کین، چنانچہ فرمان روایان یمن کے علاوہ قبیلہ اسعد بن عدنان نے عراق مین آباد ہو کر ایک مستقل حکومت قائم کر لی اور اس کے ایک فرمان روا عمر بن عدی نے حیرہ کو دارالسلطنت قرار دیا،

گو شاہان عجم نے حیرہ کی عربی سلطنت کو زیادہ دنون تک آزاد نہین رہنے دیا اور بالآخر اپنی سلطنت کا ایک جزو بنا لیا تاہم عمر بن عدی کا خاندان مدتون ایک باجگذار رئیس کی حیثیت سے عراق پر حکمران رہا، اور اس تقریب سے بہت سے عربی قبائل وقتاً فوقتاً اسی سرزمین مین آباد ہوتے رہے غرض عرب و ایران کے تعلقات نہایت قدیم تھے اور آنحضرت صلعم کے عہد تک باہم چھیڑ چھاڑ چلی جاتی تھی چنانچہ جنگ ذی قار مین جو ایرانیون

---

[1] تاریخ الطوال ص ۴۹،

اور عربون کی ایک عظیم الشان قومی جنگ تھی جب ایرانیون نے شکست کھائی تو آپ نے فرمایا[1]،

ھذا اول یوم انتصفت العرب من العجم[1] یہ پہلا دن ہے کہ عرب نے عجم سے بدلا لیا،

اسیطرح ۶ھ مین جب رسول اللہ صلعم نے بادشاہون کو دعوتِ اسلام کے خطوط لکھے

تو پرویز شہنشاہِ ایران نے اسی قدیم قومی عناد کی بنا پر نامۂ مبارک کو پھاڑ کر پھینکدیا اور

برہم ہو کر کہا "میرا غلام ہو کر مجھے یون لکھتا ہے[2]"

رومی سلطنت سے بھی عربون کا نہایت دیرینہ تعلق تھا، عرب کے بہت سے قبائل

مثلاً سلیح، غسان وجذام وغیرہ شام کے سرحدی اضلاع مین جاکر آباد ہو گئے تھے اور رفتہ

رفتہ عیسائی مذہب قبول کرکے ملک شام مین بڑی بڑی ریاستین قائم کرلی تھین اور اسی مذہبی تعلق

کے باعث اُن کو رومیون کے ساتھ ایک قسم کی یگانگت ہوگئی تھی، اسلام کا زمانہ آیا تو مشرکین

عرب کی طرح حدودِ شام کے عرب عیسائیون نے بھی مخالفت ظاہر کی، اور ۶ھ مین حضرت

دحیہ کلبی رض قیصرِ روم کو دعوتِ اسلام کا پیغام دے کر واپس آرہے تھے تو اُنھین شامی عربون نے

ان کا مال واسباب لوٹ لیا[3]، اسیطرح رسول اللہ صلعم کے قاصد حارث بن عمیر کو بصریٰ کے

حاکم عمر بن شرحبیل نے قتل کرادیا، ۸ھ مین غزوۂ موتہ اسی قتل وغارتگری کا انتقام تھا جسمین

بڑے بڑے صحابہ کام آئے[4]،

۹ھ مین رومیون نے خاص مدینہ پر فوج کشی کی تیاریان کی تھین لیکن جب

خود رسول اللہ صلعم پیشقدمی کرکے مقام تبوک تک پہونچ گئے تو اُن کا حوصلہ پست ہوگیا اور عارضی

طور پر لڑائی رُک گئی، تاہم مسلمانون کو ہمیشہ شامی عربون اور رومیون کا خطرہ دامنگیر تھا، چنانچہ

---

[1] عقد الفرید جلد ۳ صفحہ ۸۱ [2] طبری صفحہ ۱۵۷۲ [3] اسد الغابہ تذکرہ دحیہ بن خلیفہ کلبی،

[4] طبقات ابن سعد حصہ مغازی ص ۹۲،

سلا۱ھ مین آنحضرت صلعم نے اسی خیال سے حفظ ما تقدم کے خیال سے حضرت اسامہ بن زیدؓ کو شام کی مہم پر مامور فرمایا تھا،
غرض ان تمام واقعات سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ عرب ہمیشہ سے اپنی دونون ہمسایہ سلطنتون کا ہدف رہا تھا خصوصاً اسلام کی روز افزون ترقی نے انھین اور بھی شکوک کر دیا تھا جو اس عربی نونہال کے لیے حد درجہ خطرناک تھا خلیفہ اوّل نے انھین اسباب کی بنا پر اندرونی جھگڑون سے فراغت پاتے ہی بیرونی دشمنون سے مقابلہ کی تیاریان شروع کر دین،

مہم عراق | اس زمانہ مین ایرانی سلطنت انقلاب حکومت وطوائف الملوکی کے باعث اپنی پہلی عظمت وشان کو کھو چکی تھی، یزدگرد شہنشاہ ایران نابالغ تھا اور ایک عورت پوران دخت اس کی طرف سے تخت کیانی پر متمکن تھی، عراق کے عربی قبائل جو ہمیشہ ایسے موقعون سے فائدہ اُٹھانے کے عادی تھے نہایت زور شور کے ساتھ اُٹھے، اور قبیلۂ وائل کے دو سردار مثنیٰ شیبانی وسوید عجلی نے تھوڑی سی جمعیت بہم پہنچا کر حیرہ وابلہ کے نواح مین غارتگری شروع کر دی،

مثنیٰ اسلام لا چکے تھے، اُنھون نے دیکھا کہ وہ تنہا اس عظیم الشان حکومت کا مقابلہ نہین کر سکتے، اس لیے بارگاہ خلافت مین حاضر ہو کر باقاعدہ فوج کشی کی اجازت حاصل کی اور اپنے تمام قبیلہ کو لیکر ایرانی سرحد مین گھس گئے، اس وقت تک حضرت خالد بن ولیدؓ مدعیان نبوت ومرتدین کی بیخ کنی سے فارغ ہو چکے تھے، اس لیے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے انکو ایک جمعیت کے ساتھ مثنیٰؓ کی کمک پر روانہ فرمایا،

حضرت خالد بن ولیدؓ نے پہونچنے کے ساتھ ہی جنگ کی صورت بدلدی اور بانقیا کسکر وغیرہ فتح کرتے ہوئے شاہان عجم کے حدود مین داخل ہو گئے، یہان شاہ جاپان سے

مقابلہ کیا اور اُسکو شکست دی، پھر حیرہ کے بادشاہ نعمان سے جنگ آزما ہوئے نعمان ہزیمت اُٹھا کر مدائن بھاگ گیا، یہان سے خورنق پہونچے لیکن اہل خورنق نے مصلحت اندیشی کو راہ دے کر ستر ہزار یا ایک لاکھ درہم خراج پر مصالحت کرلی، غرض اسطرح حیرہ کا پورا علاقہ زیر نگین ہوگیا،[1]

حملہ شام | مہم عراق کا ابھی آغاز ہی ہوا تھا کہ دوسری طرف سرحدِ شام پر جنگ چھڑ گئی حضرت ابوبکرؓ نے ۱۳ھ مین صحابۂ کرام کے مشورہ لینے کے بعد شام پر کئی طرف سے لشکر کشی کا انتظام کیا، اور ہر ایک علاقہ کے لیے علٰحدہ علٰحدہ فوج مقرر کردی، چنانچہ حضرت ابو عبیدہؓ حمص پر، یزید بن ابی سفیانؓ دمشق پر، شرحبیل بن حسنہؓ اردن پر اور عمرو بن العاصؓ فلسطین پر مامور ہوئے، مجاہدین کی مجموعی تعداد ۲۷۰۰۰ ہزار تھی، ان سردارون کو سرحد سے نکلنے کے بعد قدم قدم پر رومی جتھے ملے جنکو قیصر نے پہلے ہی سے الگ الگ ہر ایک سردار کے مقابلہ مین متعین کردیا تھا، یہ دیکھ کر افسران اسلام نے اپنی کل فوجون کو یک جا جمع کرلیا اور بارگاہِ خلافت کو غنیم کی غیر معمولی کثرت کی اطلاع دے کر مزید کمک کے لیے لکھا، چونکہ اس وقت دار الخلافت مین کوئی فوج موجود نہ تھی، اس لیے حضرت ابوبکرؓ کو نہایت انتشار ہوا، اور اسیوقت حضرت خالد بن ولیدؓ کو لکھا کہ مہم عراق کی باگ مثنی کے ہاتھ مین دیکر شام کی طرف روانہ ہوجائین، چنانچہ وہ فرمان پہونچتے ہی ایک جمعیت کے ساتھ شامی رزمگاہ کی طرف روانہ ہوگئے،[2]

حضرت خالد بن ولیدؓ کو راہ مین بہت سی چھوٹی چھوٹی لڑائیان لڑنی پڑین چنانچہ جب حیرہ کے علاقہ سے روانہ ہوکر عین التمر پہونچے تو وہان خود کسریٰ کی ایک فوج سدراہ ہوئی،

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۴۷،

[2] تاریخ طبری و فتوح الشام بلاذری صفحہ ۱۱۶،

عقبہ بن ابی ہلال التمری اس فوج کا سپہ سالار تھا حضرت خالدؓ نے عقبہ کو قتل کرکے اُس کی فوج کو ہزیمت دی، وہان سے آگے بڑھے تو ہذیل بن عمران کی زیر سیادت بنی تغلب کی ایک جماعت نے مبارز طلبی کی، ہذیل مارا گیا، اور اُس کی جماعت کے بہت سے لوگ قید کرکے مدینہ روانہ کئے گئے، پھر یہان سے انبار پہونچے اور انبار سے صحرا طے کرکے تدمر مین خیمہ زن ہوئے، اہل تدمر نے بھی پہلے قلعہ بند ہوکر مقابلہ کیا پھر مجبور ہوکر مصالحت کرلی، تدمر سے گذر کر حوران آئے، تو یہان بھی سخت جنگ پیش آئی، غرض اسکو فتح کرکے شام کی اسلامی مہم سے مل گئے، اور متحدہ قوت سے بصریٰ، فحل، اور اجنادین کو مسخر کرلیا، اجنادین کی جنگ نہایت شدید تھی اور اس مین بہت سے مسلمان شہید ہوئے، تاہم میدان انھین کے ہاتھ رہا اور جمادی الاولیٰ ۱۳ھ سے اجنادین ہمیشہ کے لیے اسلام کا زیر نگین ہوگیا،[1]

اجنادین سے بڑھ کر اسلامی فوجون نے دمشق کا محاصرہ کرلیا لیکن اُسکے مفتوح ہونے سے پہلے ہی خلیفۂ اول نے داعیِ اجل کو لبیک کہا اس لیے اُس کی تفصیل فتوحات فاروقی کے سلسلہ مین آئے گی،

متفرق فتوحات عراق اور شام کی لشکر کشی کے علاوہ حضرت عثمان بن ابی العاصؓ کو توج روانہ کیا گیا، اُنھون نے توج، مکران اور اُس کے متصلہ علاقون کو اسلامی حدود مین داخل کردیا، اسیطرح حضرت علاء بن حضرمیؓ زارہ پر مامور ہوئے، انھون نے زارہ اور اُس کے اطراف کو زیر نگین کرکے اسقدر مال غنیمت مدینہ روانہ کیا کہ خلیفۂ اول نے اس مین سے مدینہ منورہ کے ہر خاص وعام، مرد، عورت، اور شریف وغلام کو ایک ایک دینار تقسیم فرمایا،[2]

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۵۱ [2] ایضاً

مرض الموت

اور

استخلاف حضرت عمر فاروق رضؓ

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کی خلافت کو ابھی صرف سوا دو برس ہوے تھے اور اس قلیل عرصہ مین مدعیانِ نبوت مرتدین اور منکرینِ زکوٰۃ کی سرکوبی کے بعد فتوحات کی ابتدا ہی ہوئی تھی کہ پیغام اجل پہونچ گیا حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہین کہ ایکدن جبکہ موسم نہایت سرد و خنک تھا آپ نے غسل فرمایا غسل کے بعد بخار آگیا اور مسلسل پندرہ دن تک شدت کے ساتھ قائم رہا اس اثنا مین مسجد تشریف لانے سے بھی معذور ہو گئے چنانچہ آپ کے حکم سے حضرت عمر رضؓ امامت کی خدمت انجام دیتے تھے،

مرض جب روز بروز بڑھتا گیا اور افاقہ سے مایوسی ہو گئی تو صحابۂ کرام رضؓ کو بلا کر جانشینی کے متعلق مشورہ کیا اور حضرت عمر رضؓ کا نام پیش کیا حضرت عبد الرحمن بن عوف رضؓ نے کہا "عمرؓ کے اہل ہونے مین کس کو شبہ ہو سکتا ہے لیکن وہ کسی قدر متشدد ہین" حضرت عثمان رضؓ نے کہا "میرے خیال مین عمرؓ کا باطن ظاہر سے اچھا ہے" لیکن بعض صحابہؓ کو حضرت عمر رضؓ کے تشدد کے باعث پس و پیش تھا، چنانچہ حضرت طلحہ رضؓ عیادت کے لیے آئے تو شکایت کی کہ آپ عمرؓ کو خلیفہ بنانا چاہتے ہین حالانکہ جب آپ کے سامنے وہ اسقدر متشدد تھے خدا جانے آئندہ کیا کرینگے، حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے جواب دیا کہ جب اُن پر خلافت کا بار پڑیگا تو اُن کو خود نرم ہونا پڑیگا، اسی طرح ایک دوسرے صحابی نے کہا "آپ عمرؓ کے تشدد سے واقف ہونے کے باوجود انکو جانشین کرتے ہین، ذرا سوچ لیجیے آپ خدا کے یہان جا رہے ہین وہان کیا جواب دیجیگا" فرمایا "مین عرض کرونگا خدایا! مین نے تیرے بندون مین سے اُس کو منتخب کیا ہے جو

اُن مین سب سے اچھا ہے"، غرض سب کی تشفی کر دی اور حضرت عثمانؓ کو بلا کر عہد نامۂ خلافت لکھوانا شروع کیا، ابتدائی الفاظ لکھے جا چکے تھے کہ غش آگیا، حضرت عثمانؓ نے یہ دیکھکر حضرت عمرؓ کا نام اپنی طرف سے بڑھا دیا، تھوڑی دیر کے بعد ہوش آیا تو حضرت عثمانؓ سے کہا کہ پڑھکر سناؤ، اُنھون نے پڑھا تو بیساختہ اللہ اکبر پکار اُٹھے اور کہا تمھین خدا جزائے خیر دے تمنے میرے دل کی بات لکھدی، غرض عہد نامہ مرتب ہو چکا تو اپنے غلام کو دیا کہ مجمع عام مین سنا دے، اور خود بالاخانہ پر تشریف لیجا کر تمام حاضرین سے فرمایا کہ مین نے اپنے کسی عزیز یا بھائی کو خلیفہ مقرر نہین کیا ہے بلکہ اُس کو منتخب کیا ہے جو تم لوگون مین سب سے بہتر ہے، تمام حاضرین نے اس حسنِ انتخاب پر سمعنا و اطعنا کہا، اُس کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت عمرؓ کو بلا کر نہایت مفید نصیحتین کین جو ان کی کامیاب خلافت کے لیے نہایت عمدہ دستور العمل ثابت ہوئین[1]

اس فرض سے فارغ ہونے کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے ذاتی اور خانگی امور کی طرف توجہ کی، حضرت عائشہؓ کو اُنھون نے مدینہ یا بحرین کے نواح مین اپنی ایک جاگیر دیدی تھی، لیکن خیال آیا کہ اس سے دوسرے وارثون کی حق تلفی ہوگی، اس لیے فرمایا! جانِ پدر! افلاس و امارت دونون حالتون مین تم مجھے سب سے زیادہ محبوب رہی ہو لیکن جو جاگیر مین نے تمھین دی ہے کیا تم اسمین اپنے دوسرے بھائی بہنون کو شریک کر لوگی؟" حضرت عائشہؓ نے ہامی بھر لی تو آپنے بیت المال کے قرض کی ادائیگی کے متعلق وصیت فرمائی، اور کہا کہ ہمارے پاس مسلمانون کے مال مین سے ایک لونڈی اور دو اونٹنیون کے سوا کچھ نہین، عائشہ! میرے مرتے ہی یہ عمرؓ کے پاس بھیجدی جائین، چنانچہ یہ تمام چیزین حضرت عمرؓ کے پاس بھیجدی گئین، حضرت عائشہؓ فرماتی ہین کہ آپ نے یہ بھی کہا تھا کہ میری تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر دیکھنا کوئی اور چیز تو نہین رہ گئی ہے،

[1] طبقات ابن سعد قسم اول ج ۳ وصیت ابوبکر صفحہ ۱۴۲ ۲ ایضاً ص ۱۳۸،

اگر ہو تو اس کو بھی عمرؓ کے پاس بھیجدینا، گھر کا جائزہ لیا گیا تو بیت المال کی کوئی اور چیز کاشانۂ صدیقی سے برآمد نہیں ہوئی[1]،

تجہیز و تکفین کے متعلق فرمایا کہ اس وقت جو کپڑا بدن پر ہے اسی کو دھو کر دوسرے دو کپڑوں کے ساتھ کفن دینا، حضرت عائشہؓ نے عرض کی کہ یہ تو پُرانا ہے، کفن کے لیے نیا ہونا چاہیئے، فرمایا زندہ مردون کی بہ نسبت نئے کپڑون کے زیادہ حقدار ہین میرے لیے یہی پھٹا پرانا بس ہے، اسکے بعد پوچھا آج دن کو ہے لوگون نے جواب دیا کہ دوشنبہ پھر پوچھا رسول اللہ صلعم کا وصال کس روز ہوا تھا؟ کہا گیا کہ دوشنبہ کے روز، فرمایا "تو پھر میری آرزو ہے کہ آج ہی رات تک اس عالمِ فانی سے رحلت کر جاؤن" چنانچہ یہ آخری آرزو بھی پوری ہوئی یعنی دوشنبہ کا دن ختم کر کے منگل کی رات کو ترسٹھ برس کی عمر مین اواخر جمادی الاخری ۱۳ھ کو رہ گزین عالمِ جاودان ہوئے[2]، انا للہ وانا الیہ راجعون،

وصیت کے مطابق رات ہی کے وقت تجہیز و تکفین کا سامان کیا گیا، آپکی زوجہ محترمہ حضرت اسما بنت عمیسؓ نے غسل دیا حضرت عمر فاروقؓ نے جنازہ کی نماز پڑھائی، حضرت عثمانؓ حضرت طلحہؓ حضرت عبدالرحمن بن ابی بکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ نے قبر مین اتارا اور سطح سرور کائناتؐ کا رفیقِ زندگی آپ کے پہلو مین مدفون ہو کر دائمی رفاقت کیلیے جنت مین پہونچ گیا،

کارنامہائے زندگی

حضرت ابوبکر صدیقؓ کی زندگی عظیم الشان کارنامون سے لبریز ہے، خصوصاً انھون نے سوا دو برس کی قلیل مدتِ خلافت مین اپنے مساعیٔ جمیلہ کے جو لازوال نقش و نگار چھوڑے وہ قیامت تک محو نہین ہو سکتے، رسول اللہ صلعم کے بعد سرزمین عرب ایک دفعہ پھر ضلالت و

---

[1] طبقات ابن سعد قسم اول جلد ۳ صفحہ ۱۳۶ [2] طبقات ابن سعد،

گمراہی کا گہوارہ بن گئی تھی، مورخ طبری کا بیان ہے کہ قریش و ثقیف کے سوا تمام عرب اسلام کی حکومت سے باغی تھا، مدعیانِ نبوت کی جماعتین علحدہ ملک مین شورش برپا کررہی تھین اور منکرین زکوٰۃ خود مدینہ منورہ کو لوٹنے کی دھمکی دے رہے تھے، غرض خورشید عالمِ عرب ہوتے ہی شمعِ اسلام بھی چراغ سحری ہو رہی تھی، لیکن جانشینِ رسول صلعم نے اپنی روشن ضمیری، سیاست اور غیر معمولی استقلال کے باعث نہ صرف اس کو گل ہونے سے محفوظ رکھا بلکہ پھر اسی شعلِ ہدایت سے تمام عرب کو منور کردیا، اس لیے حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت صلعم کے بعد اسلام کو جس نے دوبارہ زندہ کیا، اور دنیائے اسلام پر سب سے زیادہ جس کا احسان ہی وہی ذاتِ گرامی ہے،

اسمین شک نہین ہے کہ خلیفۂ دوم کے عہد مین بڑے بڑے کام انجام پائے، مہماتِ امور کا فیصلہ ہوا، یہان تک کہ روم و ایران کے دفتر الٹ دیے گئے، تاہم اس کی داغ بیل کس نے ڈالی؟ ملک مین یہ اولوالعزمانہ روح کب پیدا ہوئی؟ خلافت الٰہیہ کی ترتیب و تنظیم کا سنگِ بنیاد کس نے رکھا؟ اور سب سے زیادہ یہ کہ خود اسلام کو گردابِ فنا سے کس نے بچایا؟ یقیناً ان تمام سوالون کے جواب مین صرف صدیق اکبرؓ ہی کا نام نامی لیا جاسکتا ہے، اور دراصل وہی اُسکے مستحق ہین، اس لیے اب ہم کو دیکھنا چاہیے کہ عہد صدیقی کی وہ کونسی داغ بیل تھی جسپر عہد فاروقی مین اسلام کی رفیع الشان عمارت تعمیر کی گئی،

نظامِ خلافت اسلام مین خلافت یا جمہوری حکومت کی بنیاد سب سے پہلے حضرت ابو بکرؓ نے ڈالی، چنانچہ خود اُن کا انتخاب بھی جمہور کے اتفاق سے ہوا تھا، اور عملاً جسقدر بڑے بڑے کام انجام پائے، سب مین کبار صحابہ رائے و مشورہ کی حیثیت سے شریک تھے، یہی وجہ ہے کہ اُنھون نے صاحبِ رائے و تجربہ کار صحابہ کو کبھی دار الخلافہ سے جُدا نہونے دیا، حضرت اسامہؓ

کی مہم مین حضرت عمرؓ کو خود رسول اللہ صلعم نے نامزد کیا تھا لیکن انھون نے حضرت اسامہؓ کو راضی کیا کہ حضرت عمرؓ کو رائے و مشورہ مین مدد دینے کے لیے چھوڑ جائین[1]،

شام پر لشکر کشی کا خیال آیا تو پہلے اس کو صحابہ کی ایک جماعت مین مشورہ کیلیے پیش کیا، ان لوگون کو ایسے اہم اور خطرناک کام کو چھیڑنے مین پس و پیش تھا، لیکن حضرت علیؓ نے موافق رائے دی[2] اور پھر اسی پر اتفاق ہوا، اسیطرح منکرین زکواۃ کے مقابلہ مین جہاد، حضرت عمرؓ کے استخلاف اور تمام دوسرے اہم معاملات مین اہل الرائے صحابہ کی رائے دریافت کر لی گئی تھی، البتہ عہد فاروقی کی طرح اس وقت تک مجلس شوریٰ کا باقاعدہ نظام نہ تھا، تاہم جب کوئی امر اہم پیش آجاتا تھا تو چند ممتاز مہاجرین و انصار جمع کیے جاتے تھے، اور ان سے رائے لی جاتی تھی، چنانچہ ابن سعد کی روایت ہے،

ان ابا بکر الصدیق کان اذا نزل بہ امر یرید فیہ مشاورۃ اہل الرای و اہل الفقہ ودعا رجالا من المہاجرین و الانصار دعا عمر و عثمان و علیا و عبدالرحمن بن عوف و معاذ بن جبل و ابی بن کعب و زید بن ثابت وکل ھولاء یفتی فی خلافۃ ابی بکر[3] الخ	جب کوئی امر پیش آتا تھا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ اہل الرائے و فقہائے صحابہ سے مشورہ لیتے تھے اور مہاجرین و انصار مین سے چند ممتاز لوگ یعنی عمر، عثمان، علی، عبدالرحمن بن عوف، معاذ بن جبل، ابی بن کعب اور زید بن ثابت کو بلاتے تھے، یہ سب حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت مین فتوے بھی دیتے تھے،

ملکی نظم و نسق نوعیت حکومت کے بعد سب سے ضروری چیز ملک کے نظم و نسق کو بہترین اصول پر قائم کرنا، عہدون کی تقسیم، اور عہدہ دارون کا صحیح انتخاب ہے، حضرت ابوبکرؓ کے عہد مین

---

[1] طبقات ابن سعد حصہ مغازی [2] یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۴۹، [3] طبقات ابن سعد قسم ثانی جزء ثانی، صفحہ ۱۰۹،

بیرونی فتوحات کی ابھی ابتدا ہوئی تھی، اس لیے اُن کے دائرۂ حکومت کو صرف عرب پر محدود سمجھنا چاہیے، انھون نے عرب کو متعدد صوبون اور ضلعون پر تقسیم کردیا تھا، چنانچہ مدینہ، مکہ، طائف، صنعا، نجران، حضرموت، بحرین اور دومۃ الجندل علحدہ علحدہ صوبے تھے،[1] ہر صوبہ مین ایک عامل ہوتا تھا جو ہر قسم کے فرائض انجام دیتا تھا، البتہ خاص دارالخلافہ مین تقریباً اکثر صیغون کے الگ الگ عہدہ دار مقرر کیے گئے تھے، مثلاً حضرت ابو عبیدہؓ شام کی سپہ سالاری سے پہلے افسرِ مال تھے، حضرت عمرؓ قاضی تھے، اور حضرت عثمانؓ و حضرت زیدبن ثابتؓ دربارِ خلافت کے کاتب تھے،[2]

عاملون اور عہدہ دارون کے انتخاب مین حضرت ابوبکرؓ نے ہمیشہ ان لوگون کو ترجیح دی جو عہدِ نبوت مین عامل یا عہدہ دار رہ چکے تھے، اور اُن سے انھین مقامات مین کام لیا جہان وہ پہلے کام کر چکے تھے، مثلاً عہدِ نبوت مین مکہ پر عتاب بن اسیدؓ طائف پر عثمان بن ابی العاصؓ، صنعا پر مہاجر بن امیہؓ حضرموت پر زیاد بن لبیدؓ اور بحرین پر علاء بن الحضرمیؓ مامور تھے، اس لیے خلیفۂ اول نے بھی ان مقامات پر انھین لوگون کو برقرار رکھا،[3]

حضرت ابو بکرؓ جب کسی کو کسی ذمہ داری کے عہدہ پر مامور فرماتے تو عموماً بلا کر اس کے فرائض کی تشریح کردیتے اور نہایت مؤثر الفاظ مین سلامت روی و تقوی کی نصیحت فرماتے، چنانچہ عمرو بن العاصؓ اور ولید بن عقبہؓ کو قبیلۂ قضاعہ پر محصلِ صدقہ بنا کر بھیجا تو ان الفاظ مین نصیحت فرمائی،

اتق اللہ فی السرو العلانیۃ	خلوت و جلوت مین خدا کا خوف رکھو، جو خدا سے ڈرتا ہو وہ
فانہ من یتق اللہ یجعل لہ مخرجا	اسکے لیے ایک ایسی سبیل اور اسکے رزق کا ایک ایسا ذریعہ

[1] تاریخ طبری صفحہ ۲۱۲۶، [2] تاریخ طبری صفحہ ۲۱۳۵، [3] ایضاً صفحہ ۲۰۸۳،

ويرزقه من حيث لا يحتسب،
ومن يتق الله يكفر عنه سيأته
ويعظم له اجرا فان تقوى الله
خير ما تواصى به عباد الله انك في
سبيل الله لا يسعك فيه الاذهان والتفريط
والغفلة عما فيه قوام دينكم وعصمة
امركم فلا تن ولا تفتر[1]

پیدا کر دیتا ہے، جو کسی کے گمان مین بھی نہین آسکتا،
جو خدا سے ڈرتا ہے وہ اسکے گناہ معاف کر دیتا ہے اور اُسکا
اجر دوبالا کر دیتا ہے، بیشک بندگان خدا کی خیر خواہی
بہترین تقویٰ ہے، تم خدا کی ایک ایسی راہ مین ہو جسمین
افراط، تفریط، اور ایسی چیزون سے غفلت کی گنجائش
نہین جسمین مذہب کا استحکام اور خلافت کی حفاظت
مضمر ہے اس لیے سستی و تغافل کو راہ نہ دینا،

اسیطرح یزید بن سفیان کو مہم شام کی امارت سپرد کی تو فرمایا،

يا يزيد ان لك قرابة عسيت
ان تؤثرهم بالامارة وذالك
اكبر ما اخاف عليك فان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال من ولي
من امر المسلمين شيئا فامر عليهم احدا محاباة
فعليه لعنة الله لا يقبل الله منه صرفا
ولا عدلا حتى يدخله جهنم[2]

اے یزید! تمھاری قرابت داریان ہین، شاید تم ان کو
اپنی امارت سے فائدہ پہونچاؤ، درحقیقت یہی سب سے
بڑا خطرہ ہے جس سے مین ڈرتا ہون، رسول اللہ صلعم
نے فرمایا ہے کہ جو کوئی مسلمانون کا حاکم مقرر ہو اور ان پر
کسی کو بلا استحقاق محض رعایت کے طور پر افسر بنا دیا ہے
تو اس پر خدا کی لعنت ہو خدا اس کا کوئی عذر اور فدیہ
قبول نہ فرمائے گا یہانتک کہ اُسکو جہنم مین داخل کریگا،

حکام کی نگرانی

کسی حکومت کا قانون و آئین گو کیسا ہی مرتب و منتظم ہو تاہم اگر ذمہ دار حکام کی نگرانی اور ان پر نکتہ چینی کا اہتمام نہو تو یقیناً تمام نظام درہم برہم ہو جائیگا یہی وجہ ہے کہ خلیفہ اول کو اپنی فطری نرم دلی، تساہل اور چشم پوشی کے باوجود اکثر موقعون پر تشدد، احتساب اور نکتہ چینی سے کام

[1] تاریخ طبری صفحہ ۳۰۸۳ [2] مسند جلد ۱ صفحہ ۶،

لینا پڑا، ذاتی معاملات مین رفق وملاطفت اُن کا خاص شیوہ تھا لیکن حکومت ومذہب مین اس قسم کی مداہنت کو کبھی روا نہ رکھتے تھے چنانچہ حکام سے جب کبھی کوئی نازیبا امر سرزد ہو جاتا تو نہایت سختی کے ساتھ چشم نمائی فرماتے، یمامہ کی جنگ مین مجاعہ حنفی نے جو مسیلمہ کذاب کا سپہ سالار تھا حضرت خالد بن ولیدؓ کو دھوکا دیکر مسیلمہ کی تمام قوم کو مسلمانون کے پنجۂ اقتدار سے بچالیا حضرت خالدؓ نے اس غداری پر اُس کو سزا دینے کے بجائے اس کی لڑکی سے شادی کرلی، چونکہ اس جنگ مین بہت سے صحابہ شہید ہوے تھے، اس لیے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت خالدؓ کی اس سامحت پر سخت ناراضگی ظاہر کرکے لکھا،

تنق تنب علی النساء وعند اطناب یعنی تمھارے خیمہ کی طناب کے پاس مسلمانون کا خون بہ رہا ہے

بیتاک دماء المسلمین[1] اور تم عورتون کے ساتھ عیش وعشرت مین مصروف ہو،

مالک بن نویرہ منکرِ زکوٰۃ تھا، حضرت خالد بن ولیدؓ اس کی تنبیہ پر مامور ہوے لیکن انھون نے زبانی ہدایت سے پہلے ہی اسکو قتل کرڈالا، مالک کا بھائی شاعر تھا اس نے اس کا نہایت پُردرد مرثیہ لکھا اور ظاہر کیا کہ وہ تائب ہونے کے لیے تیار تھا مگر خالد نے محض ذاتی عداوت سے قتل کردیا، دربارِ خلافت تک اس کی اطلاع پہونچی اور اس غلطی پر حضرت خالدؓ سخت موردِ عتاب ہوئے تاہم وہ جو کام کررہے تھے اس کے لیے کوئی دوسرا موزون نہ تھا اس لیے اپنے عہدہ پر برقرار رہے[2]،

تعزیر وحدود | حضرت ابوبکر صدیقؓ ذاتی طور پر مجرمون کے ساتھ نہایت ہمدردانہ برتاؤ کرتے تھے، چنانچہ عہدِ نبوت مین قبیلۂ اسلم کے ایک شخص نے اُن کے سامنے بدکاری کا اعتراف کیا تو بولے "تم نے میرے سوا اور کسی سے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے؟" اُس نے کہا "نہین" فرمایا "خدا سے

---

[1] یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۴۸، [2] یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۴۹،

توبہ کراو راس راز کو پوشیدہ رکھ، خدا بھی اس کو چھپائیگا کیونکہ وہ اپنے بندون کی توبہ قبول کرتاہے اگر اس نے اُن کے مشورہ پر عمل کیا ہوتا تو رجم سے بچ جاتا، لیکن خود دربارِ رسالت مین حاضر ہوکر متواتر چار دفعہ اقرارِ جرم کیا اور بخوشی سنگسار ہوا[۱]،

زمانۂ خلافت مین بھی ان کی یہ طبعی ہمدردی قائم رہی، چنانچہ اشعث بن قیس جو مدعیِ نبوت تھا جب گرفتار ہوکر آیا اور توبہ کرکے جان بخشی کی درخواست کی تو اُنھون نے نہ صرف اسکو رہا کردیا بلکہ اپنی ہمشیرہ حضرت ام فروہ رض سے اس کا نکاح بھی کردیا[۲]، لیکن سیاسی حیثیت سے خلیفۂ وقت کا سب سے بڑا فرض قوم کی اخلاقی نگرانی اور رعایا کے جان ومال کی حفاظت ہے، اور اس حیثیت سے اگرچہ اُنھون نے پولیس واحتساب کا کوئی مستقل محکمہ قائم نہین کیا بلکہ رسول اللہ صلعم کے عہدِ مبارک مین اُن کی جو حالت تھی وہ قائم رہی، تاہم اُنھون نے اس پر اس قدر اضافہ کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رض کو پہرہ داری کی خدمت پر مامور فرمادیا، اور بعض جرائم کی سزائین متعین کردین، مثلاً حدِ خمر کی نسبت رسول اللہ صلعم کا طرزِ عمل مختلف تھا، لیکن حضرت ابوبکر رض نے اپنے دورِ خلافت مین شرابی کے لیے چالیس دُرے کی سزا لازمی کردی[۳]،

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت مین بعض جدید جرائم بھی پیدا ہوئے مثلاً حضرت خالد بن ولید رض نے اُن کو لکھا کہ حوالیِ مدینہ مین ایک شخص علتِ اُبنہ مین مبتلا ہے، چونکہ اہل عرب کیلیے ایک جدید جرم تھا اور حدیث وقرآن مین اسکی کوئی سزا مقرر نہ تھی، اس لیے حضرت ابوبکر رض نے تمام صحابۂ کرام سے مشورہ کیا، حضرت علی رض نے جلانے کی رائے دی، اور تمام صحابہ نے اسپر اتفاق کرلیا[۴]،

ان کو ملک مین امن وامان اور شاہراہون کو محفوظ وبے خطر رکھنے کا حد درجہ خیال رہتا تھا اور جو کوئی اس مین رخنہ انداز ہوتا تھا اس کو نہایت عبرت انگیز سزائین دیتے تھے، چنانچہ اس زمانہ مین عبداللہ بن ایاس سلمی مشہور رہزن تھا جس نے تمام ملک مین ایک غدر

[۱] مسند ابن حنبل جلد اول
[۲] یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۴۹،
[۳] ابوداؤد کتاب الحدود
[۴] الترغیب والترہیب جلد ۲ صفحہ ۲۱۶ بحوالہ ابن الدینا،

برپا کر رکھا تھا، حضرت ابوبکرؓ نے طریفہ بن حاجر کو بھیجکر نہایت اہتمام کے ساتھ اسکو گرفتار کرایا اور آگ مین جلانے کا حکم دیا، لیکن اسی کے ساتھ حدودِ شریعت سے تجاوز کسی حالت مین جائز نہین رکھتے تھے اور ان موقعون پر اُن کا طبعی حلم وکرم صاف نمایان ہوجاتا تھا، چنانچہ ایک دفعہ حضرت مہاجر بن امیہؓ نے جو یمامہ کے امیر تھے دو گانیوالی عورتون کو اس جرم پر کہ اُنمین سے ایک آنحضرت صلعم کی ہجو گاتی تھی اور دوسری مسلمانون کو بُرا کہتی تھی، یہ سزا دی کہ ان کے ہاتھ کاٹ ڈالے اور دانت اکھڑوا ڈالے، حضرت ابوبکرؓ کو معلوم ہوا تو اُنھون نے اس سزا پر سخت برہمی ظاہر فرمائی اور لکھا کہ بے شک انبیاؑ کا سب وشتم ایک نہایت قبیح جرم ہے، اور اگر سزا مین تم عجلت نہ کرتے تو مین قتل کا حکم دیتا، کیونکہ وہ اگر مدعیِ اسلام ہے تو گالی دینے سے مرتد ہوگئی اور اگر ذمیہ تھی تو اس نے خلافِ عہد کیا لیکن دوسری جو صرف مسلمانون کو بُرا کہتی تھی اُس کو کوئی سزا نہ دینا چاہیئے تھا کیونکہ اگر وہ مسلمان عورت ہے تو اس کے لیے معمولی تنبیہ وتادیب کافی تھی اور اگر ذمیہ ہے تو جبکہ مین نے اس کے شرک سے جو سب سے بڑا گناہ ہے درگذر کردیا تو مسلمانون کو بُرا کہنے کی کیا سزا ہوسکتی ہے؟ بہرحال یہ تمھاری پہلی خطا نہوتی تو تمھین ضرور اس کا خمیازہ اُٹھانا پڑتا، دیکھو! مثلہ سے ہمیشہ محترز رہو، یہ نہایت نفرت انگیز گناہ ہے مجبوراً صرف قصاص مین مباح ہے[۲]،

مالی انتظامات عہدِ نبوت مین صیغۂ مال کا کوئی باقاعدہ محکمہ نہ تھا بلکہ مختلف ذرائع سے جو رقم آتی تھی اسی وقت تقسیم کردی جاتی تھی حضرت ابوبکرؓ کے عہد مین بھی یہی انتظام قائم رہا، چنانچہ اُنھون نے پہلے سال ہر ایک آزاد، غلام، مرد، عورت اور ادنی واعلی کو بلاتفریق دس دس درہم عطا کیئے، دوسرے سال آمدنی زیادہ ہوئی تو بیس بیس درہم مرحمت فرمائے، ایک شخص نے

---

[۱] اسد الغابہ ذکر طریفہ، [۲] تاریخ الخلفا صفحہ ۹۶

اس مساوات پر اعتراض کیا تو فرمایا کہ فضل و منقبت اور شے ہے اس کو رزق کی کمی بیشی سے کیا تعلق ہے؟[1] البتہ اس پر اسقدر اضافہ کیا کہ اپنے اخیر عہدِ حکومت مین ایک بیت المال تعمیر کرایا لیکن اس مین کبھی کسی بڑی رقم کے جمع ہونے کا موقع نہ آیا، یہی وجہ ہے کہ بیت المال کی حفاظت کا کوئی سامان نہ تھا، ایک دفعہ کسی نے کہا کہ یا خلیفۂ رسول اللہ صلعم آپ بیت المال کی حفاظت کے لیے کوئی محافظ کیون نہین مقرر فرماتے؟ فرمایا اس کی حفاظت کے لیے ایک قفل کافی ہے[2]

خلیفۂ اول کی وفات کے بعد حضرت عمرؓ نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت عثمانؓ اور دوسرے صحابہ کو ساتھ لیکر مقام سنح مین بیت المال کا جائزہ لیا تو صرف ایک درہم برآمد ہوا، لوگون نے کہا "خدا ابوبکر پر رحم کرے" اور بیت المال کے خزانچی کو بلاکر پوچھا کہ شروع سے اسوقت تک خزانہ مین کس قدر مال آیا ہوگا؟ اس نے کہا "دولاکھ دینار"[3]

فوجی نظام

عہدِ نبوت مین کوئی باضابطہ فوجی نظام نہ تھا بلکہ جب ضرورت پیش آتی تو صحابۂ کرام خود ہی شوق سے علمِ جہاد کے نیچے جمع ہوجاتے تھے، حضرت ابوبکرؓ کے عہد مین بھی یہی صورتِ حال باقی رہی، لیکن اُنھون نے اسپر اسقدر اضافہ کردیا کہ جب کوئی فوج کسی مہم پر روانہ ہوتی تو اُسکو مختلف دستون مین تقسیم کرکے الگ الگ افسر مقرر فرما دیتے، چنانچہ شام کی طرف جو فوج روانہ ہوئی اسمین اسی طریقہ پر عمل کیا گیا تھا یعنی قومی حیثیت سے تمام قبائل کے افسر اور اُن کے جھنڈے الگ الگ تھے، امیرالامراء یعنی کمانڈر انچیف کا نیا عہدہ بھی خلیفۂ اول کی ایجاد ہے اور سب سے پہلے حضرت خالد بن ولیدؓ اس عہدہ پر مامور ہوے تھے[4]

دستہ بندی کا صریح فائدہ یہ ہوا کہ مجاہدینِ اسلام کو رومیون کی باقاعدہ فوج کے

---

[1] طبقات ابن سعد ق ۱ ج ۳ ص ۱۵۱ [2] ایضاً [3] ایضاً [4] فتوح البلدان ص ۱۱۵،

مقابلہ مین اس سے بڑی مدد ملی، یعنی حضرت خالد بن ولیدؓ نے تعبیہ کا طریقہ ایجاد کرکے میدانِ جنگ مین ہر دستہ کی جگہ اور اس کا کام متعین کردیا، اسیطرح حالتِ جنگ مین کسی ترتیب و نظام کے نہونے سے فوج مین جو ابتری پھیل جاتی تھی اس کا سدِ باب ہوگیا،[1]

فوج کی اخلاقی تربیت رسول اللہ صلعم یا خلفائے راشدین کے عہد مین جسقدر لڑائیان پیش آئین وہ سب للہیت اور اعلاء کلمۃ اللہ پر مبنی تھین، اس لیے ہمیشہ کوشش کی گئی کہ اس مقصدِ عظیم کے لیے جو فوج تیار ہو وہ اخلاقی رفعت مین تمام دنیا سے ممتاز ہو، آنحضرت صلعم کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے بھی فوجی ترتیب مین اس نکتہ کو ہمیشہ ملحوظ رکھا اور جب کبھی کوئی فوج کسی مہم پر روانہ ہوئی تو خود دور تک پیادہ پا ساتھ گئے اور امیرِ عسکر کو زرین نصائح کے بعد رخصت فرمایا، چنانچہ ملک شام پر فوج کشی ہوئی تو سپہ سالار سے فرمایا،

انك تجد قوما زعموا انهم حبسوا انفسهم لله فذرهم والي موصيك بعشر لا تقتلن امرأة ولا صبيا ولا كبيرا هرما ولا تقطعن شجرا مثمرا ولا تخربن عامرا ولا تعقرن شاة ولا بعيرا الا لاكله ولا تحرقن نخلا ولا تغرقنه ولا تغلل ولا تجبن[2]

تم ایک ایسی قوم کو پاؤگے جنھون نے اپنے آپ کو خدا کی عبادت کے لیے وقف کردیا ہے، ان کو چھوڑ دینا، مین تم کو دس وصیتین کرتا ہون، کسی عورت، بچے اور بوڑھے کو قتل نہ کرنا، پھلدار درخت کو نہ کاٹنا، کسی آباد جگہ کو ویران نہ کرنا، بکری اور اونٹ کھانے کے سوا بیکار نہ ذبح کرنا، نخلستان نہ جلانا، مالِ غنیمت مین غبن نہ کرنا اور بزدل نہو جانا،

سامانِ جنگ کی فراہمی حضرت ابوبکر صدیقؓ نے سامانِ جنگ کی فراہمی کا یہ انتظام فرمایا تھا کہ مختلف ذرایع سے جو آمدنی ہوتی تھی اس کا ایک معقول حصہ سامانِ باربرداری

---

[1] تاریخ طبری [2] تاریخ الخلفاء صفحہ ۹۶،

اور اسلحہ کی خریداری پر صرف فرماتے تھے، اس کے علاوہ قرآن پاک نے مالِ غنیمت مین خدا رسول اور ذوی القربیٰ کے جو حصّے قرار دیے تھے ان کو فوجی مصارف کے لیے مخصوص کردیا تھا کیونکہ رسول اللہ صلعم بھی ضروری مصارف کے بعد اسکو اسی کام مین لگاتے تھے،[۱]

اونٹ اور گھوڑون کی پرورش کے لیے مقام نقیع مین ایک مخصوص چراگاہ تیار کرائی جسمین ہزارہا جانور پرورش پاتے تھے، مقام ربذہ مین بھی ایک چراگاہ تھی جسمین صدقہ اور زکوٰۃ کے جانور چرتے تھے،[۲]

فوجی چھاؤنیون کا معائنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ضعفِ پیری وہجومِ افکار کے باوجود خود ہی چھاؤنیون کا معائنہ فرماتے تھے اور سپاہیون مین مادّی یا روحانی حیثیت سے جو خرابی نظر آتی تھی ان کی اصلاح فرماتے تھے، ایک دفعہ کسی مہم کے لیے مقام جرف مین فوجین مجتمع ہوئین، حضرت ابوبکر صدیقؓ معائنہ کے لیے تشریف لے گئے جب بنی فزارہ کے پڑاؤ مین پہونچے تو سب نے کھڑے ہوکر تعظیم کی اُنھون نے ہر ایک کو مرحبا کہا، ان لوگون نے عرض کی "یا خلیفۂ رسول اللہ صلعم ہم لوگ گھوڑون پر خوب چڑھتے ہین، اس لیے گھوڑے بھی ساتھ لائے ہین، آپ بڑا جھنڈا ہمارے ساتھ کردیجیے"، فرمایا "خدا تمھاری ہمت وارادہ مین برکت دے، لیکن بڑا جھنڈا تمھین نہین ملسکتا، کیونکہ وہ بنو عبس کے حصہ مین آچکا ہے" اسپر ایک فزاری نے کھڑے ہوکر کہا "ہم لوگ بنو عبس سے اچھے ہین" حضرت ابوبکرؓ نے ڈانٹ کر کہا "چپ احمق تجھ سے ہر عبسی اچھا ہے"، بنو عبس بھی کچھ بولنا چاہتے تھے مگر اُنھین بھی ڈانٹ کر خاموش کردیا، غرض اسیطرح چھاؤنیون مین جاکر قبائل کے باہمی جوش ورقابت کو دبا کر اسلامی رواداری کا سبق دیتے تھے،[۳]

---

[۱] کتاب الخراج صفحہ ۱۲ [۲] کنز العمال جلد ۳ صفحہ ۱۳۲ بحوالۂ ابن سعد، [۳] ایضاً،

بدعات کا سدباب | تمام مذاہب کے مسخ ہوجانے کی اصلی وجہ وہ بدعات ہین جو رفتہ رفتہ جزوِ مذہب ہوکراس کی اصلی صورت اس طرح بدل دیتے ہین کہ بانیانِ مذہب کی صحیح تعلیم اور متبعین کی جدت طرازیون مین امتیاز و تفریق بھی دشوار ہوجاتی ہے، حضرت ابو بکرؓ کے عہد مین اگرچہ بدعات بہت کم پیدا ہوئین تاہم جب کبھی کسی بدعہدی کا ظہور ہوا تو اُنھون نے اسکو مٹادیا، ایک دفعہ حج کے موقع پر قبیلۂ اَحمس کی ایک عورت کی نسبت معلوم ہوا کہ وہ کسی سے گفتگو نہین کرتی، اُنھون نے اس کی وجہ پوچھی، لوگون نے کہا کہ اس نے خاموش حج کا ارادہ کیا ہے، یہ سُن کر اس کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا "یہ جاہلیت کا طریقہ ہے، اسلام مین جائز نہین، تم اس سے باز آؤ اور بات چیت کرو، اس نے کہا آپ کون ہین؟ بولے "ابو بکرؓ"

خدمتِ حدیث | حضرت ابو بکر صدیقؓ کے عہد مین قرآن شریف کی تدوین و ترتیب کا جو کام انجام پایا اس کی تفصیل گذر چکی ہے، ایک روایت کے مطابق اُنھون نے تقریباً پانچسو حدیثین بھی جمع فرمائی تھین لیکن وفات کے کچھ دنون پہلے اس خیال سے ان کو ضائع کردیا کہ شاید اس مین کوئی روایت خلافِ واقعہ ہو تو یہ بار میرے سر رہ جائیگا، لیکن علامہ ذہبی نے اس خیال کی تغلیط کی ہے، باایہمہ اُنھون نے احادیث کے متعلق نہایت حزم و احتیاط سے کام لیا، صحابہ کرام کو جمع کرکے خاص طور سے فرمایا،

انکم تحدثون عن رسول اللہ صلعم	تم لوگ رسول اللہ صلعم سے ایسی حدیثین روایت کرتے
احادیث تختلفون فیھا والناس	ہو جن مین خود تم ہی باہم اختلاف رکھتے ہو، تمھارے بعد
بعدکم اشد اختلافاً	جو لوگ آئین گے تو اُن مین اور بھی سخت اختلاف واقع

سلہ بخاری جلد ا صفحہ ۵۴۱،

فلاتحدثوا عن رسول الله صلعم شیئًا فمن سألکم فقولوا بیننا وبینکم کتاب الله فاستحلوا حلالہ وحرموا حرامہ،

ہوگا اس لیے رسول اللہ صلعم سے کوئی روایت نہ کرو، اور جو کوئی تم سے سوال کرے تو کہدو کہ ہمارے اور تمھارے درمیان خدا کی کتاب ہے اس کے حلال کو حلال سمجھو اور اسکے حرام کو حرام قرار دو،

لیکن اس سے یہ قیاس نہ کرنا چاہیئے کہ اُنھون نے مطلقاً روایت کا سد باب کردیا بلکہ ان کی غرض صرف یہ تھی کہ جب تک کسی حدیث کی صحت پر کامل یقین نہو روایت نہ کرنا چاہیئے، چنانچہ وہ خود بھی اسی پر عمل پیرا تھے اور جب کسی روایت کی اچھی طرح تصدیق ہوجاتی تو بغیر پس وپیش اس کو قبول فرمالیتے تھے، ایک دفعہ دادی کی وراثت کا جھگڑا پیش ہوا چونکہ قرآن مجید اس کے متعلق بالکل خاموش ہے اس لیے آنحضرت صلعم کا طرزِ عمل دریافت کرنا پڑا، حضرت مغیرہ بن شعبہؓ موجود تھے اُنھون نے کہا "مین جانتا ہون کہ رسول اللہ صلعم دادی کو چھٹا حصہ دیتے تھے" احتیاطاً پوچھا "کوئی گواہ پیش کرسکتے ہو؟" حضرت محمد بن مسلمہؓ نے کھڑے ہوکر اس کی تصدیق کی، تو اسی وقت حکم نافذ کردیا[۱]، بعد کو حضرت عمرؓ نے اس اصول سے زیادہ کام لیا،

محکمۂ افتا حضرت ابوبکرؓ نے مسائل فقہیہ کی تحقیق وتنقید اور عوام کی سہولت کے خیال سے افتاء کا ایک خاص محکمہ قائم کردیا تھا، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبد الرحمنؓ بن عوف، حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت زید بن ثابتؓ جو اپنے علم واجتہاد کے لحاظ سے تمام صحابہ مین منتخب تھے، اس خدمت پر مامور تھے، اور ان کے سوا اور کسی کو فتوے دینے کی اجازت نہ تھی[۲]، حضرت عمرؓ نے بھی اپنے عہدِ خلافت مین اسی پابندی کے

---

[۱] تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۳ [۲] طبقات ابن سعد ق ۲ ج ۲ ص ۱۰۹،

ساتھ اسکو قائم رکھا،

اشاعتِ اسلام نائبِ رسولؐ کا سب سے اہم فرض دینِ متین کی تبلیغ و اشاعت ہے حضرت ابو بکر صدیقؓ کو اس کارِ خیر مین شروع سے جو غیر معمولی انہماک تھا اس کا ایک اجمالی تذکرہ گذر چکا ہے اس سے تم کو معلوم ہوا ہو گا کہ آسمانِ اسلام کے اخترہائے تابان اسی خورشیدِ صداقت کے پرتوِ ضیاء سے منور ہوے ہین، خلافت کا بار سر پر آیا تو ایک فرض کی حیثیت سے قدرۃً یہ انہماک زیادہ ترقی کر گیا، تمام عرب مین پھر نئے سرے سے اسلام کا غلغلہ بلند کیا اور رومیون اور ایرانیون کے مقابلہ مین جو فوجین روانہ فرمائین اُنھین ہدایت کردی کہ سب سے پہلے غنیم کو اسلام کی دعوت دین، نیز قبائلِ عرب جو ان اطراف مین آباد ہین اُن مین اس تحریک کو پھیلائین کیونکہ وہ قومی یکجہتی کے باعث زیادہ آسانی کے ساتھ اس طرف مائل ہو سکتے ہین، چنانچہ مثنیٰ بن حارثہؓ کے مساعیِ جمیلہ سے بنی وائل کے تمام بت پرست و عیسائی مسلمان ہو گئے۱، اسیطرح حضرت خالد بن ولیدؓ کی دعوت پر عراق عرب اور حدودِ شام کے اکثر عربی قبائل نے لبیک کہا، حیرہ کے ایک عیسائی راہب نے خود بخود اسلام قبول کیا، یمن مین اشعث اور اُسکے رفقاء نے پھر تجدیدِ اسلام کی، اسی طرح طلیحہ جو مدعیِ نبوت تھا حضرت خالد بن ولیدؓ کے مقابلہ سے بھاگ کر جب شام پہونچا تو اس نے بطور اعتذار حسبِ ذیل اشعار لکھ بھیجے اور اسلام کا اقرار کیا،

فھل یقبل الصدیق انی مراجع	ومعط بما احدثت من حدث یدی
کیا حضرت ابو بکر صدیقؓ اسکو قبول فرمائینگے کہ مین واپس آؤن	اور مرے ہاتھون نے جو گناہ کیے ہین اُن کی تلافی کردون
وانی من بعد الضلالۃ شاھد	شہادۃ حق لست فیھا بملحد
اور مین گمراہی کے بعد گواہی دیتا ہون	ایک ایسی سچی گواہی کہ مین اس سے ہٹنے والا نہین ہون،

۱ یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۴۵

اس اعتذار و اقرارِ ایمان سے حضرت صدیقؓ کا آئینۂ دل طلیحہ کی طرف سے بالکل صاف ہو گیا اور اس کو مدینہ آنے کی اجازت دیدی لیکن وہ اس وقت پہونچا جبکہ آفتابِ صداقت دنیا سے ہمیشہ کے لیے غروب ہو چکا تھا،

رسول اللہ صلعم کی طرف سے ایفائے عہد

رسول اللہ صلعم کے قرضون کا چکانا اور وعدون کا پورا کرنا بھی فرائض خلافت مین داخل تھا، حضرت ابوبکرؓ نے اولین فرصت مین اس فرض سے سبکدوشی حاصل کی اور جیسے ہی بحرین فتح ہو کر کثیر مالِ غنیمت مدینہ پہونچا اُنھون نے اعلان عام کر دیا کہ رسالتمآبؐ کے ذمہ کسی کا کچھ نکلتا ہو یا آپ نے کسی سے کوئی وعدہ فرمایا ہو تو وہ میرے پاس آئے اس اعلان پر حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلعم نے اُن کو تین دفعہ دونون ہاتھون سے بھر بھر کر دینے کا وعدہ فرمایا تھا، حضرت ابوبکرؓ نے اُن کو اسی طرح تین دفعہ دونون ہاتھون سے عطا فرمایا[1]، نیز حضرت ابوبشیر مازنی کے بیان پر اُن کو چودہ سو درہم مرحمت فرمائے[2]

رسول اللہ صلعم کے اہلبیت اور متعلقین کا خیال

باغِ فدک اور مسئلۂ خمس کے منازعات نے گو رسول اللہ صلعم کے رشتہ دارون مین کسی قدر غلط فہمی پھیلا دی تھی، خصوصاً حضرت فاطمہؓ کو نہایت رنج تھا، تاہم خلیفۂ اول نے ہمیشہ اُن کے ساتھ لطف و محبت کا سلوک قائم رکھا اور وفات کے وقت سیدۂ جنتؓ سے عفو خواہ ہو کر اُن کا آئینۂ دل صاف کر دیا[3]،

امہات المومنین کی راحت و آسائش اور آنحضرت صلعم کے حفظِ ناموس کا خاص خیال تھا عکرمہ بن جہل نے حضر موت مین آنحضرت صلعم کی ایک منکوحہ حرم قتیلہ بنت قیس سے نکاح کر لیا تو اُنھون نے چاہا کہ دونون کو آگ مین جلا دین لیکن حضرت عمرؓ نے باز رکھا اور کہا کہ قتیلہ سے صرف نکاح ہوا تھا وہ حرم مین داخل نہین ہوئی تھین اس لیے امہات المومنین مین

[1] بخاری ا ص ۳۰۷ [2] طبقات ابن سعد ۳ [3] ایضاً،

ان کا شمار نہین ہو سکتا،[1]

آنحضرت صلعم نے جن لوگون کے لیے کوئی وصیت فرمائی تھی یا جن کے حال پر آپ نے خاص طور سے لطف وکرم مبذول رکھا تھا، حضرت ابوبکرؓ نے ہمیشہ اُن کی تعظیم وتوقیر اور رسول اللہ کی وصیت کا خیال رکھا، آنحضرت صلعم اکثر حضرت ام ایمنؓ کی ملاقات کے لیے تشریف لیجاتے تھے،[2] حضرت ابوبکرؓ نے بھی اس سلسلہ کو جاری رکھا، اسیطرح سندر نام ایک غلام کو آپ نے آزاد کر کے فرمایا تھا کہ تیرے حق مین ہر مسلمان کو وصیت کرتا ہون، حضرت ابوبکرؓ مسند نشین خلافت ہوے تو اُن کے لیے وظیفہ مقرر فرمادیا اور تا حیات اسکو جاری رکھا،[3]

ذمی رعایا کے حقوق عہدِ نبوت مین جن غیر مذاہب کے پیرؤون کو اسلامی ممالک محروسہ مین پناہ دی گئی تھی اور عہد نامون کے ذریعہ سے اُن کے حقوق متعین کردیے گئے تھے، حضرت ابوبکرؓ نے نہ صرف ان حقوق کو قائم رکھا بلکہ اپنے مہر و دستخط سے پھر اس کی توثیق فرمائی، اسیطرح خود اُن کے عہد مین جو ممالک فتح ہوئے وہان کی ذمی رعایا کو تقریباً وہی حقوق دیے جو مسلمانون کو حاصل تھے، چنانچہ اہل حیرہ سے جو معاہدہ ہوا اس کے الفاظ یہ تھے،

لا یھدم لھم بیعۃ ولا کنیسۃ ولا قصر من قصورھم التی کانوا یتحصنون اذا نزل بھم عدو لھم ولا یمنعون من ضرب النواقیس ولا من اخراج الصلبان فی عیدھم،[4]	ان کی خانقاہین اور گرجے منہدم نہ کیے جائین گے، اور نہ کوئی ایسا قصر تباہ کیا جائیگا جسمین وہ ضرورت کے وقت دشمنون کے مقابلہ مین قلعبند ہوتے ہین، ناقوس (اور گھنٹے) بجانے کی ممانعت نہوگی، اور نہ تہوار کے موقعون پر صلیب نکالنے سے روکے جائین گے،

یہ معاہدہ نہایت طویل ہے یہان صرف وہی جملے نقل کیے گئے ہین جن سے مسلمانون کی

[1] اسد الغابہ تذکرہ قتیلہ بنت قیس [2] اسیعاب تذکرہ ام ایمن [3] استیعاب تذکرہ سندر [4] کتاب الخراج،

غیر معمولی مذہبی رواداری کا ثبوت ملتا ہی،

خلیفۂ اول کے عہد مین جزیہ یا ٹیکس کی شرح نہایت آسان تھی اور ان ہی لوگون پر مقرر کرنے کا حکم تھا جو اس کی ادائگی کی صلاحیت رکھتے ہون، چنانچہ حیرہ کے سات ہزار باشندون مین سے ایک ہزار بالکل مستثنیٰ تھے اور باقی پر صرف دس دس درہم سالانہ مقرر کئے گئے تھے، معاہدون مین یہ شرط بھی تھی کہ کوئی ذمی بوڑھا، اپاہج اور مفلس ہو جائے گا تو وہ جزیہ سے بری کر دیا جائیگا، نیز بیت المال اس کا کفیل ہوگا[1]، کیا دنیا کی تاریخ ایسی بے تعصبی در عایا پروری کی نظیر پیش کر سکتی ہے؟

فضائل ومناقب

بارگاہِ نبوت مین رسوخ

حضرت ابوبکر صدیقؓ محبوب بارگاہ و محرم اسرار نبوت تھے، حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ مکہ مین آنحضرت صلعم روزانہ صبح وشام اُن کے گھر تشریف لے جاتے تھے، مدینہ منورہ مین بھی اکثر مہمات امور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی شرکت سے طے پاتے تھے اور اس کی وجہ سے اُن کو اکثر رات کے وقت دیر تک کاشانۂ اقدس پر حاضر رہنا پڑتا تھا، چنانچہ ایک دفعہ اُنھون نے تین اصحاب صفہ کو کھانے پر مدعو کیا لیکن وہ خود دیر تک بارگاہ نبوت سے واپس نہ آسکے، جب رات زیادہ گذر گئی اور گھر آئے تو یہ معلوم ہوا کہ مہمانون نے ابتک کھانا نہین کھایا اپنے صاحبزادہ پر سخت برہم ہوئے[2]،

حضرت عمرؓ سے بھی ایک روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم رات رات بھر حضرت ابوبکر صدیقؓ سے مسلمانون کے معاملات مین مشورہ فرمایا کرتے تھے، نیز ان کی راز داری و

[1] کتاب الخراج، [2] بخاری،

وخلوص پر اعتماد اس قدر تھا کہ پوشیدہ سے پوشیدہ بات کہدیتے تھے، ہجرت کے واقعات پر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ رازداری کا تمام کام صرف حضرت ابوبکرؓ اور اُن کے اہل وعیال سے متعلق تھے، حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لیکر غار مین پوشیدہ ہونا، حضرت عبداللہؓ کا رات کے وقت آکر مشرکین کے حالات سے باخبر کرنا، حضرت عامر بن فہیرہؓ کا روزانہ بکریان لانا، حضرت اسماءؓ کا کھانا پہونچانا، غرض اس قسم کے تمام امور جن کا تعلق رازداری سے تھا وہ سب خاندان صدیقی کے سپرد تھا،

حضرت سرور کائنات صلعم کو اپنے اس رفیق جان نثار کے ساتھ جو مخصوص انس وخلوص تھا اس کا آپ نے بارہا نہایت محبت آمیز پیرایہ مین اظہار فرمایا، چنانچہ وفات سے کچھ دنون پہلے جو تقریر فرمائی اس مین ارشاد ہوا "ابوبکر اپنی صحبت اور مال کے لحاظ سے میرا سب سے بڑا محسن ہے اگر مین خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست بنا سکتا، تو ابوبکر کو بناتا لیکن اسلامی اخوت ومحبت افضل ہے"[1] اس کے بعد حکم ہوا کہ ابوبکر کے دروازہ کے سوا مسجد کے احاطہ مین جس قدر دروازے ہین سب بند کردیے جائین"[2] اسی طرح ایک دفعہ حضرت عمرو بن العاصؓ نے پوچھا کہ مردون مین آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ تو ارشاد ہوا ابوبکر[3]

اس غیر معمولی تقرب ورسوخ کی بنا پر صحابۂ کرام جب آنحضرت صلعم کو برہم دیکھتے تھے تو انھی کی وساطت سے عفو ودرگذر کی درخواست پیش کرتے تھے، ایک دفعہ حضرت علیؓ نے ابوجہل بن ہشام کی لڑکی سے نکاح کرنا چاہا چونکہ یہ سرور کائنات صلعم کی مرضی کے خلاف تھا، اس لیے جب وہ بارگاہِ نبوت مین حاضر ہوئے تو روئے انور پر برہمی کے آثار نمایان تھے، یہ دیکھکر حضرت علیؓ باہر چلے آئے اور حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لیکر پھر حاضرِ خدمت

---

[1] بخاری جلد ۱ مناقب ابوبکرؓ [2] بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۱۶ [3] بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۱۷،

ہوئے، آنحضرت صلعم نے حضرت ابوبکرؓ کو دیکھا تو چہرۂ مبارک بشاش ہوگیا اور برہمی کے آثار جاتے رہے، اسی طرح ایک روز رسول اللہ صلعم خلاف معمول صبح سے شام تک خاموش رہے، اور جب عشار کی نماز پڑھ کر کاشانۂ اقدس کی طرف تشریف لے چلے تو گو صحابۂ کرام کو اس غیر معمولی سکوت پر سخت خلفشار تھا تاہم کسی کو زبان کھولنے کی جرأت نہ تھی بالآخر سب نے حضرت ابوبکرؓ کو آگے بڑھایا، اور انھون نے اس سکوت کی وجہ دریافت کی تو ارشاد ہوا کہ جو کچھ دنیا و آخرت مین ہونے والا ہے وہ سب آج میرے سامنے پیش کیا گیا تھا، اس کے بعد بالتفصیل قیامت کے واقعات بیان فرمائے،

اصابتِ رائے اور معاملہ فہمی کا یہ حال تھا کہ انھون نے جس معاملہ مین جو رائے دی وہ مقبول ہو کر رہی، رازداری کا یہ عالم تھا کہ معمولی سے معمولی راز کو بھی کبھی ظاہر ہونے نہ دیا، ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے اُن کو اپنی صاحبزادی حفصہ کا پیغام دیا، سنکر خاموش ہو رہے، اور جب کچھ دنون کے بعد وہ حرم نبوی مین داخل ہوگئین تو حضرت عمرؓ سے ملاقات کر کے کہا "شاید تم کو میری خاموشی ناگوار ہوئی ہوگی بولے کیون نہین؟ فرمایا "مین رسول اللہ کے ارادہ سے آگاہ تھا اور اس راز کو قبل از وقت ظاہر نہین کر سکتا تھا[1]، غرض انہی اوصاف نے حضرت صدیق اکبرؓ کو بارگاہِ نبوت مین سب سے زیادہ معتمد علیہ اور بارسوخ بنا دیا تھا،

علم وفضل حضرت ابوبکر صدیقؓ نے گو کسی مکتب مین باقاعدہ زانوے تلمذ نہین کیا تھا تاہم فطری جودتِ طبع اور دربارِ نبوت کی حاشیہ نشینی سے آسمان فضل وکمال پر مہر درخشان ہو کر چمکے، فصاحت وبلاغت مین کمال رکھتے تھے، ابتدا مین شاعری کا ذوق بھی تھا، لیکن اسلام کے بعد ترک کر دیا تھا، کبھی کبھی جذبات وخیالات خود بخود نظم موزون کے

---

[1] بخاری،

قالب مین ڈھل جاتے تھے، ایک دفعہ حضرت امام حسن علیہ السلام کو بچون کے ساتھ کھیلتے دیکھا، رسول اللہ صلعم کی یاد تازہ ہوگئی، بے اختیار ان کو گود مین اُٹھا لیا اور فرمایا[1]

وبابی شبیہ النبی لیس شبیہا بعلی

میرا باپ فدا ہو یہ نبی سے مشابہ ہی علی سے مشابہ نہین ہے،

ذوق سخن | اسلام کے بعد صرف اشعار سے دلچسپی رہ گئی تھی، جن مین خدا کی عظمت و جلالت کا ذکر ہوتا تھا ایک مرتبہ لبید نے یہ مصرعہ پڑھا الا کل شئی ما خلا اللہ باطل یعنی خدا کے سوا تمام چیزین باطل ہین تو فرمایا "تمنے سچ کہا"، لیکن جب اس نے دوسرا مصرعہ پڑھا وکل نعیم لا محالۃ زائل یعنی ہر نعمت یقیناً زائل ہوجائے گی"، تو بولے غلط ہے خدا کے پاس بہت سی ایسی نعمتین ہین جو زائل نہون گی[2]"

حالت نزع مین حضرت عائشہ سرہانے بیٹھی ہوئی یہ شعر پڑھ رہی تھین،

من لا یزال دمعہ مقنعا فانہ فی مرۃ مدفوق

فرمایا یہ نہ کہو بلکہ کہو

وجاءت سکرۃ الموت بالحق ذلک ما کنت منہ تحید
تو کی بیہوشی کا ٹھیک وقت آگیا اور یہ چیز ہی جس سے تم بھاگتے تھے

انھون نے اُسکے بعد دوسرا شعر پڑھا،

وابیض یستسقی الغمام بوجہہ ثمال الیتامی عصمۃ للارامل

گورا جسکے چہرے سے بادل بھی پانی طلب کرتا ہی یتیمون کا ماوی اور بیواؤن کا ملجا

بولے "یہ رسول اللہ صلعم کی شان تھی"

تقریر و خطابت | تقریر و خطابت کا خداداد ملکہ حاصل تھا، رسول اللہ صلعم کی وفات کے بعد

---

[1] مسند احمد ج ۱ ص ۸، [2] تاریخ الخلفا، ص ۱۰۲،

اور سقیفہ بنی ساعدہ مین جو تقریرین کین اُن کا تذکرہ گذر چکا ہی، اس سے برجستگی اور زورِ کلام کا اندازہ ہوا ہوگا، ان معرکۃ الآرا، تقریرون کے علاوہ ان کی عام تقریرین بھی نہایت پراثر ہوتی تھین، ہم یہان ایک تقریر کے چند فقرے نقل کرتے ہین،

این الوضاءۃ الحسنۃ وجوھھم المعجبون بشبابھم این الملوک الذین بنوا المدائن وحصنوھا این الذین کانوا یعطون الغلبۃ فی مواطن الحرب قد تضعضع ارکانھم حین اخنی بھم الدھر واصبحوا فی ظلمات القبور الوحا الوحا ثم النجا النجا!![1]

آج وہ حسین اور روشن اور فورِ شباب سے حیرت مین ڈالنے والے چہرے کہان ہین؟ آج بڑے بڑے شہرونکے بسانے والے اور اُن کو قلعہ بند کرنے والے سلاطین کدھر گئے؟ آج بڑے بڑے غالب آنے والے مردِ میدان سورما کیا ہوئے؟ زمانے کی گردشون نے انکی قوتین پست کردین اُن کے بازو توڑ دیے اور قبر کی تاریکی مین ہمیشہ کے لیے سوگئے،

تقریر کی حالت مین رقت طاری ہوجاتی تھی، ایک دفعہ منبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا مین جس جگہ کھڑا ہون گذشتہ سال خود رسول اللہ صلعم یہان تشریف فرما تھے، یہ کہکر زار وقطار رونے لگے، اسیطرح ایک روز تین مرتبہ تقریر کا ارادہ فرمایا اور ہر مرتبہ ایک ہی جملہ کہکر گلوگرفتہ ہوگئے،[1]

نسب دانی

علم الانساب یعنی قبائل کا نام ونسب یاد رکھنا اس زمانہ کا سب سے بڑا پُرفخر و مایہ ناز علم تھا، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اس فن مین خصوصیت کے ساتھ کمال رکھتے تھے، حضرت جبیر بن مطعمؓ جو طبقہ صحابہ مین سب سے بڑے نساب گذرے ہین فرمایا کرتے تھے کہ مین نے اس فن کو حضرت ابو بکرؓ سے سیکھا ہے جو نسب دانی کی حیثیت سے

[1] تاریخ الخلفاء ص ۶۵ مسند ج ۱ ص ۲ و ۳،

تمام عرب مین ممتاز تھے[۱]

حضرت ابو بکرؓ کی نسب دانی سے اکثر موقعون پر اسلام کو بھی فائدہ پہونچا، آغاز نبوت مین آنحضرت صلعم تبلیغ و اشاعت کے لیے قبائل عرب مین تشریف لے جاتے تھے تو عموماً یہ بھی ہمرکاب ہوتے اور اپنی نسب دانی کے باعث آپ کا لوگون سے تعارف کراتے،

حضرت حسان بن ثابتؓ قریش کی ہجو کیا کرتے تھے، ایک روز رسول اللہ صلعم نے اُن سے بلا کر کہا، "تم قریش اور ابو سفیان کی مذمت کرتے ہو کیا تمھین معلوم نہین ہے کہ مین بھی قریشی ہون اور ابو سفیان میرا ابن عم ہے" انھون نے کہا "خدا کی قسم مین حضور کو ان سے علٰحدہ کر لیتا ہون جسطرح جو خمیر سے الگ ہو جاتا ہے" ارشاد ہوا کہ ابو بکر کے پاس جاؤ وہ انساب عرب مین سب سے زیادہ ماہر ہین غرض اس روز سے وہ اس فن کی تعلیم کے لیے حضرت ابو بکرؓ کی خدمت مین حاضر ہونے لگے[۲]

تعبیرِ رویا | خواب کی تعبیر مین بھی خدا داد ملکہ تھا، یہان تک کہ صحابۂ کرام آنحضرت صلعم کے بعد اُن کو سب سے بڑا معبر سمجھتے تھے، اور اپنا اپنا خواب بیان کر کے تعبیر پوچھتے تھے، ایکدفعہ حضرت خالد بن سعیدؓ نے اسلام قبول کرنے سے پہلے خواب دیکھا کہ وہ دہکتی ہوئی آگ کے کنارہ کھڑے ہین اور اُن کے والد اُن کو اس مین جھونک رہے ہین اسی اثنا مین سرور کائنات تشریف لاتے ہین اور اُن کی کمر پکڑ کر کھینچ لیتے ہین، حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اس خواب کو سُنا تو فرمایا "خالد! تمھین اس کے ذریعہ سے راہِ حق کی ہدایت کی گئی ہے، تمھارا باپ تمکو کفر پر مجبور کرتا ہے، لیکن آنحضرت صلعم کی اتباع تمھاری نجات کا باعث ہوگی[۳]"

حضرت عائشہؓ نے آنحضرت صلعم کی وفات سے کچھ پہلے خواب مین تین چاند اپنے

---

[۱] تاریخ الخلفاء ص ۴۰، [۲] استیعاب جلد ۱ ص ۱۲۸، [۳] مستدرک حاکم جلد ۳ ص ۲۴۸

حجرہ میں گرتے ہوے دیکھے، اُنھون نے حضرت ابوبکرؓ سے اس کا تذکرہ کیا تو وہ اسوقت خاموش ہورہے، لیکن جب آنحضرت صلعم نے وفات پائی اور اُن کے حجرہ مین مدفون ہوئے تو فرمایا" عائشہ! یہ تمھارے حجرہ کا پہلا اور سب سے بہتر چاند ہے[1]"

آنحضرت صلعم بھی کبھی کبھی اپنا خواب یا رویا بیان کر کے انھین تعبیر کا حکم دیتے تھے، ایک دفعہ آپنے دیکھا کہ چند سیاہ بھیڑون مین بہت سی سفید رنگ کی بھیڑین شامل ہوگئین، حضرت ابوبکرؓ سے اس کی تعبیر پوچھی تو اُنھون نے عرض کی" یا رسول اللہ! سیاہ بھیڑ اہل عرب ہین جو پہلے آپ کے تبع ہونگے پھر نہایت کثرت کے ساتھ عجمی جو سفید بھیڑون کے رنگ مین ظاہر کیے گئے ہین اسلام قبول کر کے ان مین شامل ہوجائینگے" ارشاد ہوا" صحیح ہے فرشتہ آسمانی نے بھی یہی تعبیر کی تھی[2]"

علم تفسیر حضرت ابوبکر صدیقؓ چونکہ سفر، حضر، خلوت، جلوت، جنگ وصلح غرض ہر موقع مین مہبط وحی والہام کے شرف صحبت سے ستفیض ہوئے اور تمام امور مین آنحضرت صلعم کے مشیر خاص تھے، اس لیے اسلامی علوم وفنون مین بھی قدرۃً ان کا پایہ سب سے بلند تھا، قرآن شریف اسلام کا اصل الاصول ہے، حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اس سے غیر معمولی شغف تھا، عموماً رسول اللہ صلعم سے آیات قرآن کی تفسیر پوچھا کرتے تھے، ایک دفعہ اُنھون نے عرض کی یارسول اللہ اس آیت کے بعد کیا چارہ کار ہے،

لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ (نساء ۱۸)

(فلاح عاقبت) نہ تمھاری آرزو پر (موقوف ہے) نہ اہل کتاب کی آرزو پر، بلکہ جو برا کام کریگا وہ اسکی جزا پائیگا،

کیا درحقیقت ہم ہر بُرے کام کا بدلہ پاتے ہین ارشاد ہوا" ابوبکر خدا تمھاری مغفرت کرے

[1] موطا امام مالک ص ۸۰ [2] تاریخ الخلفا ص ۱۰۴

کیا تم بیمار نہین ہوتے؟ کیا تمھین کوئی رنج وصدمہ نہین پہونچتا؟ اور کیا تھین کوئی مصیبت نہین ستاتی؟ بولے کیون نہین، فرمایا یہ سب برائیون ہی کا خمیازہ ہے،

وہ ہر آیت کی شان نزول اور اس کے حقیقی مفہوم سے آگاہ تھے، نیز مختلف موقعون پر اُنھون نے جو باریک نکتے حل فرمائے ہین اُس سے ان کی دقیقہ سنجی کا اندازہ ہو سکتا ہے، ایک مرتبہ مجمع عام مین فرمایا "صاحبو! آپ قرآن شریف مین یہ آیت پڑھتے ہون گے،

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ لَا یَضُرُّکُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ (مائدہ ۱۴)	اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو تمپر دصرف تمھارے نفس کی ذمہ داری ہے جو گمراہ ہو گیا ہے وہ تمھین نقصان نہین پہنچا سکتا جبکہ تم خود ہدایت یاب ہو،

حالانکہ مین نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے کہ جب لوگ ناپسندیدہ امر دیکھتے ہین اور اسکی اصلاح کی فکر نہین کرتے تو خدا کا عذاب سب کے لیے عام ہو جاتا ہے یعنی اس آیت سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ دوسرون کی اصلاح کا خیال رکھنا ضروری نہین،

آیاتِ قرآنی سے استدلال، استنباطِ احکام و تفریعِ مسائل مین مجتہدانہ ملکہ رکھتے تھے، رسول اللہ صلعم کی وفات کے بعد جو تقریر فرمائی اس مین برجستہ اس آیت سے انبیا کی وفات پر استدلال لائے،

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰی اَعْقَابِکُمْ (آل عمران ۱۴)	یعنی محمد صرف رسول ہین اور اُن سے پہلے بھی بہت سے رسول گذر گئے کیا اگر وہ مرجائین یا شہید ہون تو تم الٹے پانون پھر جاؤ گے،

اس آیت نے یکایک ایمان واعتقاد کے متزلزل ستونون کو مستحکم کر دیا اور لوگون کو ایسا معلوم ہوا کہ گویا یہ آیت پہلے سے موجود ہی نہ تھی،

حضرت ابوبکرؓ بیمار ہوئے تو لوگوں نے پوچھا کہ طبیب بلائیں؟ چونکہ مسئلۂ قضا و قدر پر نہایت شدت کے ساتھ اعتقاد رکھتے تھے بولے "طبیب نے مجھے دیکھکر کہا ہے انی فعال لما ارید یعنی ارادہ خداوندی میں کوئی مانع نہیں ہو سکتا"[1]

حدیث

حضرت ابوبکر صدیقؓ چونکہ آنحضرت صلعم کے بعد صرف سوا دو برس زندہ رہے اسلیے ان سے مرفوع احادیث بہت کم مروی ہیں، علاوہ اس کے اسوقت تمام حاشیہ نشینانِ بساطِ رسول صلعم بقیدِ حیات تھے جن کی نگاہوں سے عہدِ نبوت کی کوئی بات پوشیدہ نہ تھی اس بنا پر کثرتِ روایت کا کوئی موقع بھی نہ تھا، تاہم انھوں نے جانشینِ رسولؐ کی حیثیت سے ان احادیث کو جن کا تعلق ضروری مسائل سے تھا خاص طور پر شہرت دی، مثلاً نصابِ زکوٰۃ کا مفصل ہدایت نامہ تمام ملک میں شایع کیا اور حکم دیا کہ اگر کوئی عامل اس سے زیادہ طلب کرے تو نہ دیا جائے،

آنحضرت صلعم کے بعد تمام اہم مواقع پر خلیفۂ اول ہی کے معلومات نے مسلمانوں کی رہبری کی، سقیفۂ بنی ساعدہ میں خلافت کا جھگڑا جب خوفناک حد تک پہونچ گیا تو سب سے پہلے انہیں نے الائمۃ من قریش کی حدیث پیش کی جس نے اس بحث کا فیصلہ کر دیا، رسول اللہ صلعم کے مدفن کا سوال پیدا ہوا تو صدیق اکبرؓ ہی نے اس عقدہ کو حل کیا اور فرمایا "میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے کہ انبیاء کی جائے وفات ہی ان کا مدفن ہے"[2]

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عباسؓ نے رسول اللہ صلعم کی متروکہ جائداد میں میراث طلب کی تو سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے یہ حدیث پیش کی،

لا نورث ما ترکنا صدقۃ — یعنی ہمارے مال میں وراثت جاری نہ ہوگی، ہمارا تمام متروکہ صدقہ ہے

[1] ابن سعد جزو ۳ قسم اول ۱۳۱ [2] موطا امام مالک صفحہ ۸۰

بعد کو دوسرے صحابہؓ نے بھی اس کی تصدیق فرمائی، غرض وہ دربارِ نبوت مین اپنے مخصوص تقرب کی بنا پر آنحضرت صلعم کے ارشادات، طرزِ عمل اور اُن کے اسباب وعلل سے قدرۃً زیادہ باخبر تھے،

امامت و اجتہاد | امامت یا خلافت گو نبوت ہی کا ایک پرتو ہے تاہم دونون مین بہت بڑا فرق ہے، حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مسند نشین خلافت ہونے کے ساتھ ہی اس فرق کو جمہور مسلمانون پر ظاہر کردیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلعم معصوم تھے، نیز خدا نے ان کو وحی سے ممتاز فرمایا تھا اور مین ایک معمولی انسان ہون، اس لیے اگر تم مجھے راہِ راست پر دیکھو تو اتباع کرو اور اگر کج ہو جاؤن تو سیدھا کردو[۱]،

حضرت ابوبکرؓ نے نبوت وخلافت کی اس تفریق کو عملاً قائم رکھا اور کبھی ان اختیارات وحقوق سے کام نہین لیا جو صرف انبیاء کے لیے مخصوص ہین، ایک دفعہ ایک مسلمان پر سخت برہم ہوئے، حضرت ابوبرزہ اسلمی نے انکے تیور دیکھکر عرض کی "یا خلیفۂ رسول اللہ اس کی گردن اڑا دیجیے"، حضرت ابوبکرؓ نے قتل کا نام سنا تو خاموش ہوگئے، کچھ دیر کے بعد غصہ فرو ہوا تو ابوبرزہ سے بلا کر پوچھا "اگر مین اس کو قتل کرنے کا حکم دیتا تو کیا تم واقعی اُسکو مار ڈالتے"، بولے ہان، فرمایا "خدا کی قسم رسول اللہ صلعم کے بعد کسی کو یہ (شرف) حاصل نہین ہے[۲]" اسی طرح کسی نے خلیفۃ اللہ کہکر مخاطب کیا تو بولے "مجھے خلیفۃ اللہ نہ کہو، مین نائبِ خدا نہین بلکہ نائبِ رسول ہون اور یہی میرے لیے بس ہے[۳]"، غرض خلیفۂ اول کا یہ سب سے بڑا احسان ہے کہ اُنھون نے خلافت ونبوت کی سرحدین الگ کردین ورنہ جسطرح عدم تفریق وامتیاز نے

---

[۱] مسند احمد بن حنبل جلد ۱ صفحہ ۲۰ وتاریخ الخلفا صفحہ ۶۸ [۲] ابوداؤد کتاب الحدود باب الحکم فیمن سب النبی
[۳] استیعاب تذکرۂ ابوبکر،

الوہیت و نبوت کے ڈانڈے ملادیے ہین اور دنیا کی اکثر قومون نے انبیاء علیہم السلام کو مظاہرِ خداوندی تصور کرلیا ہے، اسیطرح خلافت و نبوت کی حدود مین بھی امتیاز دشوار ہو جاتا،

اصول اجتہاد | رسول اللہ صلعم کے جانشینون کا سب سے بڑا فرض استنباطِ احکام و تفریعِ مسائل کی ایک عام شاہراہ قائم کرنا اور مذہبی دفتر کو اصولی حیثیت سے منضبط و مرتب کرنا تھا، خلیفۂ اول نے اس سلسلہ مین جو کچھ کیا وہ آج بھی شریعت غرّا کا سنگِ اساس ہے، چنانچہ نصوص شرعیہ کی درجہ بدرجہ ترتیب اور اجماع کا طریقہ اسی ذاتِ گرامی سے ظہور مین آیا، مسند دارمی مین ہے،

کان ابو بکر اذا ورد علیہ الخصم نظر فی کتاب اللہ فان وجد فیہ ما یقضی بینھم قضیٰ بہ وان لم یکن فی الکتاب وعلم من رسول اللہ صلعم فی ذالک الامر سنۃ قضی بہا فان اعیاہ خرج فسأل المسلمین،

حضرت ابو بکرؓ کی عدالت مین جب کوئی مقدمہ پیش ہوتا تھا تو پہلے قرآن کی طرف رجوع کرتے اگر امر متنازعہ فیہ کے متعلق اس مین کوئی حکم ہوتا تو اسکے مطابق فیصلہ کرتے ورنہ سنتِ رسول کی طرف رجوع کرتے اور جب اس سے بھی کاربرآری نہوتی تو مسلمانون سے سوال کرتے،

قیاسی مسائل سے خوف | قیاسی مسائل یا نصوص قرآنی مین اپنی رائے کو دخل دینے سے محترز رہتے اور فرماتے کہ مین اگر کتاب اللہ یا نامعلوم مسائل مین خواہ مخواہ رائے زنی کردن تو کون زمین میرا بار اُٹھائے گی اور کون آسمان مجھے سایہ دیگا؟[1] حضرت ابن سیرین فرماتے ہین کہ نامعلوم مسائل مین ابو بکرؓ سے زیادہ کوئی خائف نہ تھا، تاہم ضرورت کے وقت قیاس سے کام لینے پر مجبور رہتے تھے، ایک دفعہ ایک ایسا مقدمہ پیش ہوا جسکے متعلق نہ قرآن مین

[1] طبقات ابن سعد جلد ثالث قسم اول ص ۱۲۶،

کوئی تصریح تھی نہ آنحضرت صلعم کے طرز عمل سے مدد ملتی تھی مجبوراً قیاس سے کام لینا پڑا لیکن اس کے ساتھ ہی فرمایا یہ میری راے اگر صحیح ہے تو منجانب اللہ ہے اور اگر غلط ہے تو میری طرف سے ہے، مین خدا سے طالب مغفرت ہون،

ایک قیاسی مسئلہ

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے قیاسی مسائل مین سب سے زیادہ مشہور دادا کی وراثت کا مسئلہ ہے ہم اسکو بالتفصیل درج کرتے ہین اس سے اُن کی اجتہادی قوت کا اندازہ ہوگا،

اصل مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی میت ورثہ مین صرف دادا اور بھائی بہن چھوڑے یعنی اصول مین باپ اور فروع مین کوئی نسبی اولاد نہو تو مستحقِ وراثت کون ہوگا، دادا یا بھائی بہن؟ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ان کے ساتھ تقریباً چودہ صحابہ کرام جنمین حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ وغیرہ شامل ہین دادا کو باپ کے مرتبہ مین قرار دیکر بھائی بہن کو محجوب الارث سمجھتے ہین لیکن صحابۂ کرام کی ایک بڑی جماعت اس سے اختلاف رکھتی ہے اور بھائی بہن کو اصل وارث قرار دیتی ہے، یہ اختلاف درحقیقت لفظ کلالہ کی تشریح پر مبنی ہے، کیونکہ قرآن شریف مین آیا ہے،

یَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ	لوگ تم سے فتوی طلب کرتے ہین تو کہدو کہ اللہ کلالہ کے
اِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ	بارہ مین تم کو حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا مرد مرجاے جسکی اولاد
فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَآ	نہو اور اسکی ایک بہن ہو تو اس کو ترکہ آدھا ملے گا
اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ (نساء ع ۲۴)	اور بہن (مرجاے اور) اس کی اولاد نہ ہو تو وہ اس کا وارث ہوگا،

اس آیت مین گو باپ کی کوئی تصریح نہین ہے تاہم اس حد تک سب کو اتفاق ہے

کہ کلالہ کی صورت مین باپ کا نہونا ضروری ہے، لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضؓ دادا کا نہ ہونا بھی ضروری قرار دیتے تھے، اور اس آیت سے استدلال لاتے ہین،

وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ	اگر کسی ایسے مرد یا عورت کی میراث ہو جس کے
وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا	اصول وفروع مین، کوئی نہو اور (دوسری مان سے)
السُّدُسُ (نساء ع ۲)	بھائی یا بہن ہو تو ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا،

اس آیت مین علاتی بھائی بہنون کی وراثت کا تذکرہ ہے اور یہان بالاتفاق کلالہ کے یہ معنی ہین کہ میت کے اصول وفروع مین کوئی نہو یعنی اگر میت کا دادا موجود ہوگا تو وہ کلالہ نہوگا اور علاتی بھائی بہن محجوب الارث ہون گے اس بنا پر کوئی وجہ نہین ہے کہ کلالہ کی یہی تشریح زیر بحث مسئلہ مین بھی قائم نہ رہے اور بلا وجہ اس کے معنی مین تفریق کی جائے،

اخلاق وعادات

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ فطرۃً اخلاق حمیدہ سے متصف تھے، ایام جاہلیت مین عفت، پارسائی، رحمدلی، راستبازی اور دیانت داری ان کے مخصوص اوصاف تھے، یہی وجہ ہے کہ زمانۂ جاہلیت مین دیت کی تمام رقم انھین کے پاس جمع ہوتی تھی، شرابخواری، فسق وفجور گو اس زمانہ مین عالمگیر تھا تاہم اُن کا دامنِ عفاف کبھی ان دھبون سے داغدار نہین ہوا، فیاضی، مفلس وبینوا کی دستگیری، قرابت دارون کا خیال، مہمان نوازی، مصیبت زدون کی اعانت، غرض اس قسم کے تمام محاسن ومحامد ان مین پہلے ہی سے موجود تھے، شرفِ ایمان نصیب ہوا تو رسول اللہ صلعم کی صحبت نے ان اوصاف کو اور بھی چمکا دیا،

تقوی | ورع و تقوی حضرت ابو بکر صدیقؓ کے معدن اخلاق کا سب سے درخشان گوہر ہے

ایک دفعہ ایام جاہلیت مین ایک شخص کسی نامعلوم راستہ سے لے چلا اور بولا "اس راہ مین ایسے آوارہ منش و بدمعاش رہتے ہین کہ اس طرف سے گذرنے مین بھی حیا دامنگیر ہوتی ہے" یہ سننا تھا کہ زمین نے پاؤن پکڑ لیے اور یہ کہکر لوٹ آئے "مین ایسے شرمناک راستہ سے نہین جاسکتا"[1]

ایک دفعہ آپ کے ایک غلام نے کھانے کی کوئی چیز لاکر پیش کی جب تناول فرما چکے تو اُنھون نے کہا "آپ جانتے ہین یہ کس طرح حاصل ہوا؟" فرمایا "بیان کرو" بولے "مین نے جاہلیت مین ایک شخص کا فال کھولدیا تھا، فال کھولنا تو جانتا نہ تھا صرف اس کو دھوکا دیا تھا، لیکن آج اس سے ملاقات ہوئی تو اس نے اس کے صلہ مین یہ کھانا دیا" یہ سرگذشت سنی تو منھ مین انگلی ڈال کر جو کچھ کھایا تھا سب قے کردیا[2]، فرمایا کرتے تھے کہ جو جسم اکل حرام سے پرورش پاتا ہے جہنم اس کا بہترین مسکن ہے

حضرت عائشہؓ کے گھر مین عید کے روز انصار کی دو لڑکیان جنگِ بعاث کے تاریخی اشعار گارہی تھین، آنحضرت صلعم منھ پھیر کر فرش پر استراحت فرما تھے، اس حالت مین حضرت ابو بکر صدیقؓ تشریف لے آئے تو اُن کے کمال اتقا نے اس کو بھی ناپسند کیا، حضرت عائشہؓ کو ڈانٹ کر بولے "رسول اللہ صلعم کے سامنے یہ مزمارِ شیطان"؟ لیکن آنحضرت صلعم نے فرمایا "ابو بکر! انھین گانے دو، ہر قوم کے لیے عید ہے اور یہ ہماری عید ہے"[3]

انسان کا کمالِ اتقا یہ ہے کہ جس طرح اس کے اعضاو جوارح اعمال شنیعہ و افعال ناپسندیدہ سے مجتنب رہتے ہین اور اس کا دل تخیلات باطلہ سے محترز رہتا ہے اسی طرح

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۱۲ [2] بخاری ج ۱ ص ۵۴۲، [3] بخاری جلد ۱ ص ۱۳۰

اس کی زبان بھی کبھی کلمات ناملائم سے آلودہ نہ ہونے پائے، حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ورع وتقوی اسی منتہائے کمال پر تھا، کہ درشت وناملائم الفاظ سے ہمیشہ پرہیز فرماتے، اگر اتفاقاً غیظ وغضب کی حالت مین کوئی سخت کلمہ زبان سے نکل جاتا تو نہایت ندامت وپشیمانی ہوتی اور جب تک اسکی تلافی نہو جاتی چین نہ آتا، ایک مرتبہ حضرت عمر فاروقؓ سے کوئی نزاع درپیش تھی اثنائے گفتگو مین کوئی سخت جملہ زبان سے نکل گیا، لیکن خود ہی ندامت دامنگیر ہوئی اور نہایت اصرار کے ساتھ عفو خواہ ہوئے، حضرت عمرؓ نے انکار کیا تو ان کی پریشانی کی کوئی انتہا نہ تھی، اسی وقت دامن اُٹھائے ہوئے آستانۂ نبوت پر حاضر ہوے اور وجہ پریشانی بیان کی آنحضرت صلعم نے ان کو تین مرتبہ اس بشارت سے طمانیت دی "ابوبکر! خدا تمھین بخشدیگا، ابوبکر خدا تمھین بخشدیگا"، اسی اثناء مین حضرت عمرؓ کو بھی اپنے انکار سے ندامت ہوئی اور حضرت ابوبکرؓ کو ان کے مکان پر تلاش کرتے ہوے دربار نبوت مین حاضر ہوئے اُن کو دیکھ کر حضور پرنور کا چہرہ متغیر ہونے لگا، حضرت ابوبکرؓ نے یہ تیور دیکھے تو دوزانو بیٹھ کر التجا کی "یارسول اللہ! خدا کی قسم مین ہی ظالم تھا، میری ہی زیادتی تھی" اس طریقہ سے گو غیظ وغضب کی طغیانی فرو ہوگئی تاہم ارشاد ہوا "مین مبعوث ہوا تو تم سب نے مجھے جھٹلادیا، لیکن ابوبکر نے تصدیق کرکے جان ومال سے میری غمخواری کی کیا تم اُس کو مجھ سے چھڑا دوگے؟[1]"

حضرت ربیعہ بن جعفرؓ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ مین ایک درخت کیلیے باہم اختلاف ہوا، حضرت ابوبکرؓ نے اثنائے بحث مین کوئی ایسا جملہ کہدیا جو اُن کی ناگواری کا باعث ہوا لیکن جیسے ہی غصہ فرو ہوا کہنے لگے "ربیعہ! تم بھی مجھے کوئی ایسی ہی سخت بات کہدو، انھون نے

---

[1] بخاری جلد اول ص ۵۱۶،

انکار کیا تو دربارِ نبوت مین حاضر ہوئے، حضرت ربیعہؓ بھی ساتھ تھے، حضور انورؐ نے مفصل روئیداد سُن کر فرمایا "ربیعہ! تم کوئی سخت جواب نہ دو، لیکن یہ کہدو غفر اللہ لک یا ابا بکر یعنی ابوبکر! خدا تمھین معاف کردے" حضرت ابوبکرؓ پر اس واقعہ کا اس قدر اثر تھا کہ زار قطار رو رہے تھے اور آنکھون سے سیلِ اشک روان تھا۔[1]

زہد امارت، دنیا طلبی، وجاہ پسندی سے قطعی نفرت تھی، خلافت کا بارِ گران بھی محض امت مرحومہ کو تفریق و اختلاف سے محفوظ رکھنے کے لیے اُٹھا لیا تھا ورنہ دل سے اس ذمہ داری کے متمنی نہ تھے، انھون نے بارہا اپنے خطبون مین اس حقیقت کی تصریح فرمادی تھی اور اعلان کر دیا تھا کہ اگر کوئی اس بار کو اُٹھانے کیلیئے تیار ہوجائے تو وہ نہایت خوشی کے ساتھ سبکدوش ہوجائین گے۔[2]

حضرت رافع طائیؓ فرماتے ہین کہ ایک دفعہ مین نے کہا کہ آپ سن رسیدہ بزرگ ہین مجھے کچھ وصیت فرمائین بولے "خدا تم پر رحمت و برکت نازل فرمائے، نمازین پڑھو، روزے رکھو، زکوٰۃ دو، حج کرو اور سب سے بڑی نصیحت یہ ہے کہ کبھی امارت و سیادت نہ قبول کرو، دنیا مین امیر کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے، نیز قیامت کے روز اس کا محاسبہ نہایت سخت ہوگا اور فردِ عمل زیادہ طویل ہوگی"

ایک مرتبہ اُنھون نے پینے کے لیے پانی مانگا لوگون نے پانی اور شہد لاکر پیش کیا، لیکن جیسے ہی منہ کے قریب لے گئے بے اختیار آنکھون سے آنسو بھر آئے اور اسقدر روئے کہ تمام حاضرین پر رقت طاری ہوگئی جب کسی قدر سکون ہوا تو لوگون نے گریہ و زاری کی وجہ پوچھی، بولے "ایک روز مین رسول اللہ صلعم کے ساتھ تھا، آپ کسی چیز کو دور دور کہہ رہے تھے

---

[1] فتح الباری ج ۷ ص ۱۸ [2] طبقات ابن سعد قسم اول جزو ثالث ص ۱۵۰

مین نے عرض کیا! یارسول اللہ! کیا چیز ہے جسکو دور فرمارہے ہین ہین تو کچھ نہین دیکھتا، ارشاد ہوا کہ ظاہر فریب دنیا مجسم ہوکر میرے سامنے آگئی تھی، مین نے اُسکو دور کردیا، اسوقت یکایک مجھے یہ واقعہ یاد آگیا اور ڈرا کہ شاید مین اُس کے دام تزویر مین پھنس جاؤن[۱]،

حضرت ابوبکرؓ نے اپنی تمام دولت راہِ خدا مین لٹادی، یہان تک کہ زمانہ خلافت مین ان پر بیت المال کا چھ ہزار درہم قرض چڑھ گیا، لیکن بے نیازی دیکھو کہ مسلمانون کا ایک حبہ بھی اپنی ذات پر صرف کرنا یا اولاد کے لیے چھوڑ جانا گوارا نہ ہوا، وفات کے وقت وصیت فرمائی تو سب سے پہلے یہ فرمایا کہ میرا فلان باغ بیچکر بیت المال کا قرض ادا کردیا جائے اور میرے مال مین جو چیز فاضل نظر آئے وہ عمر بن الخطاب کے پاس بھیجدی جائے، حضرت عائشہؓ فرماتی ہین کہ وفات کے بعد جائزہ لیا گیا تو صرف یہ چیزین زیادہ نکلین ایک غلام، ایک لونڈی، اور دو اونٹنیان، چنانچہ یہ تمام چیزین اسیوقت حضرت عمرؓ کے پاس بھیجدی گئین، خلیفۂ دوم کی آنکھون سے عبرت کے آنسو نکل آئے، رو کر بولے "ابوبکر! خدا تم پر رحم کرے، تم نے پس ازمرگ بھی زہد کا دامن نہ چھوڑا اور کسی کو نکتہ چینی کا موقع نہ دیا[۲]"

تواضع نہایت متواضع اور خاکسار تھے اور کسی کام سے اُن کو عار نہ تھا، بسا اوقات بھیڑ بکریان تک خود ہی چرا لیتے اور محلہ والون کی بکریان دوہ دیتے تھے، چنانچہ منصبِ خلافت کیلیے جب اُن کا انتخاب ہوا، تو سب سے زیادہ محلہ کی ایک لڑکی کو فکر لاحق ہوئی اور اُس نے تاسف آمیز لہجہ مین کہا "اب ہماری بکریان کون دوہے گا" حضرت ابوبکرؓ نے سُنا تو فرمایا "خدا کی قسم! مین بکریان دوہون گا، امید ہے کہ خلافت مجھے

[۱] اسد الغابہ جلد ۳ صفحہ ۲۱۷، [۲] طبقات ابن سعد قسم اول جزء ثالث صفحہ ۱۳۷،

مخلوق کی خدمتگذاری سے باز نہ رکھے گی[1]"

حضرت ابو بکرؓ کپڑے کی تجارت کرتے تھے، خلیفہ منتخب ہونے کے بعد بھی حسب معمول کندھے پر کپڑون کے تھان رکھ کر بازار کی طرف روانہ ہوئے، راہ مین حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت ابو عبیدہؓ سے ملاقات ہوئی، انھون نے کہا "یا خلیفہ رسول اللہؐ! کہان؟ بولے" بازار" انھون نے کہا "اب آپ مسلمانون کے حاکم ہین، چلیے، ہم آپ کے لیے کچھ وظیفہ مقرر کردینگے[2]"

دارالخلافہ سے کوئی فوجی مہم روانہ ہوتی تو حضرت ابو بکرؓ ضعف وکبرسنی کے باوجود دور تک پاپیادہ ساتھ جاتے، اگر کوئی افسر تعظیماً گھوڑے سے اُترنا چاہتا تو روک کر فرماتے "ہمین کیا مضائقہ ہے اگر مین تھوڑی دور تک راہِ خدا مین اپنا پاؤن غبار آلود کردون"؟ رسول اللہ صلعم کا ارشاد ہے کہ جو پاؤن راہ خدا مین غبار آلود ہوتے ہین خدا اُن پر جہنم کی آگ حرام کردیتا ہے[3]"

عجز وتواضع کی انتہا یہ تھی کہ لوگ جانشینِ رسولؐ کی حیثیت سے تعظیم وتوقیر کرتے تو آپ کو تکلیف ہوتی، اور فرماتے کہ مجھے لوگون نے بہت بڑھا دیا ہے، کوئی مدح وستایش کرتا تو فرماتے "اے خدا تو میرا حال مجھ سے زیادہ جانتا ہے اور مین اپنی کیفیت ان لوگون سے زیادہ جانتا ہون، خدایا تو اُن کے حسنِ ظن سے مجھے بہتر ثابت کر، میرے گناہون کو بخشدے اور لوگون کی بیجا تعریف کا مجھ سے مواخذہ نہ کر[4]" غایتِ تواضع سے تکبر وغرور کی علامات سے بھی خوف زدہ ہو جاتے، ایک روز رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جو شخص تکبر سے اپنا کپڑا کھینچتے

---

[1] طبقات ابن سعد قسم اول جز ثالث صفحہ ۱۳۷، [2] ایضاً [3] طبری ۲۱۰۵ و مسند دارمی باب فضل الغبار فی سبیل اللہ [4] اسد الغابہ جلد ۳ صفحہ ۲۱۷

ہوے چلتا ہے قیامت کے روز خدا اس کی طرف نگاہ نہ کرے گا" حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی "میرا دامن بھی کبھی کبھی لٹک جاتا ہے" ارشاد ہوا کہ "تم تکبر سے ایسا نہین کرتے"[1]

انفاق فی سبیل اللہ

مال و دولت اگر صحیح مصرف اور مناسب موقع پر صرف ہو تو اس کی قدر و قیمت غیر تمنا ہی ہو جاتی ہے، روٹی کا ایک خشک ٹکڑا شدت گرسنگی مین خوانِ نعمت ہے لیکن آسودگی مین الوانِ نعمت بھی بے حقیقت شے ہین یہی وجہ ہے کہ فتح مکہ سے پہلے جن لوگون نے اپنے جان و مال سے رسول اللہ صلعم کی اعانت کی ہے اُن کو قرآن کریم نے مخصوص عظمت و فضیلت کا مستحق قرار دیا ہے،

لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ اُولٰئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوْا، (سورۂ حدید رکوع ۱)	تم مین وہ لوگ جنھون نے فتح مکہ سے پہلے خدا کی راہ مین خرچ کیا اور لڑے وہ (دوسرے مسلمانون کے) برابر نہین ہو سکتے بلکہ یہ اُن لوگون سے درجہ مین بڑے ہین جنھون نے بعد فتح مکہ خرچ کیا اور لڑے،

حضرت ابوبکر صدیق رض کے پاس قبولِ اسلام کے وقت چالیس ہزار درہم نقد موجود تھے، اُنھون نے یہ تمام دولت راہِ خدا مین صرف کر دی[2] آنحضرت صلعم نے بارہا اس فیاضی کے برمحل ہونے کا اعتراف فرمایا،

ما نفعنی مالٌ مّا نفعنی مال ابی بکر[3]	ابوبکر کے مال سے زیادہ کوئی مال میرے لیے مفید نہوا،

اس فیاضی کے ساتھ اخلاص کا یہ عالم تھا کہ حضرت رسالت پناہ صلعم جب بطور تشکر و امتنان فرماتے،

انہ لیس من الناس احد اَمنّ علیّ فی	یعنی جان و مال کے لحاظ سے مجھ پر ابوبکر سے زیادہ

[1] بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۱۷ [2] ابن سعد جزو ۳ قسم اول ص ۱۲۲ [3] کنز العمال ج ۶ ص ۳۱۶،

تو آبدیدہ ہو کر عرض کرتے "یا رسول اللہ جان و مال سب حضور ہی کے لیے ہے"

آغازِ اسلام مین جن لوگون نے داعیِ توحیدؐ کو لبیک کہا تھا ان مین ایک بڑی تعداد غلامون اور لونڈیون کی تھی جو اپنے مشرک آقاؤن کے پنجۂ ستم مین گرفتار تھی حضرت ابو بکرؓ نے اکثرون کو آزاد کرایا جن مین بعض کے نام یہ ہین،

بلال، عامر بن فہیرہ، نذیرہ، جاریہ بنی مومل، نہدیہ، بنت نہدیہ وغیرہم،

حضرت ابو بکر صدیقؓ صدقات وخیرات مین ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے، حضرت عمرؓ نے بارہا سابقت کی کوشش کی لیکن وہ کبھی اُن کے مقابلہ مین کامیاب نہوے، ایک مرتبہ رسول اللہ صلعم نے صحابۂ کرام کو صدقہ نکالنے کا حکم دیا، حضرت عمرؓ کے پاس اسوقت معمول سے زیادہ سرمایہ موجود تھا، اُنھون نے خیال کیا کہ آج ابو بکر سے سبقت لیجانے کا موقع ہے، غرض وہ اپنا نصف مال لیکر آستانۂ نبوت پر حاضر ہوے، آنحضرتؐ نے دریافت فرمایا کہ تم نے اہل وعیال کے لیے کسقدر رہنے دیا ہے؟ بولے "اسی قدر" لیکن حضرت ابو بکرؓ اپنا کل سرمایہ لائے تھے اس لیے جب اُن سے سوال ہوا تو اُنھون نے عرض کی "اُن کے لیے خدا اور اس کا رسول ہے" اس ایثار وقربانی پر حضرت عمرؓ کی آنکھین کھُل گئین بولے "اب مین کبھی ان سے سبقت نہین لیجا سکتا[1]"

صدقات مین اخفا اور اظہار دونون جائز ہے، ان تبدوا الصدقات فنعما ھی وان تخفوھا وتؤتوھا الفقراء فھو خیر لکم لیکن اظہار مین ریا وتفاخر کا امکان ہے اس لیے حضرت ابو بکرؓ صدقات مین اخفا کا خاص لحاظ رکھتے تھے، نیز ہمیشہ یہ خیال رکھتے تھے کہ اُنکی

[1] ترمذی، باب مناقب ابی بکر،

تمام کائنات خدا کی امانت و ودیعت ہے، چنانچہ ایک دفعہ نہایت مخفی طور پر صدقہ لیکر بارگاہِ نبوت مین حاضر ہوے اور عرض کی "یا رسول اللہ! اس کے علاوہ خدا کی اور امانت بھی میرے پاس ہے[1]"۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ کی فیاضی کا سلسلہ آخری لمحہ حیات تک جاری رہا یہانتک کہ وفات کے وقت بھی آپ نے فقرا و مساکین کو فراموش نہ کیا اور اپنے مال مین ان کے لیے ایک خمس کی وصیت فرمادی[2]،

خدمت گذاریِ خلق خلق اللہ کی نفع رسانی اور خدمتگذاری مین ان کو خاص لطف حاصل ہوتا تھا اکثر محلہ والون کا کام کردیتے، بیمارون کی تیمارداری فرماتے اور اپنے ہاتھ سے ضعیف و ناتوان اشخاص کی خدمت انجام دینے مین ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے، اطرافِ مدینہ مین ایک نہایت ضعیف و نابینا عورت تھی، حضرت عمر فاروقؓ روز علی الصباح اس کے جھونپڑے مین جاکر ضروری خدمات انجام دیتے تھے، کچھ دنون کے بعد انھون نے محسوس کیا کہ کوئی شخص ان سے پہلے اس کارِ ثواب سے بہرہ یاب ہوجاتا ہے، ایک روز بنظرِ تفتیش کچھ رات رہتے ہوے آئے تو دیکھا کہ خلیفۂ رسول یعنی ابو بکر صدیقؓ اس ضعیفہ کی خدمت گذاری سے فارغ ہوکر جھونپڑے سے نکل رہے ہین، بولے "انتَ لعمری یا خلیفۂ رسول اللہ"، قسم ہے کیا روز آپ ہی سبقت کرجاتے ہین؛

مذہبی زندگی حضرت ابو بکرؓ رات رات بھر نمازین پڑھتے، دن کو اکثر روزے رکھتے خصوصاً موسمِ گرما روزون ہی مین بسر ہوتا خضوع و خشوع کا یہ عالم تھا کہ نماز مین لکڑی کی طرح بے حس و حرکت نظر آتے، رقت اس قدر طاری ہوتی کہ روتے روتے ہچکی بندھ جاتی تھی، خوفِ محشر

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۱۲، [2] ایضاً ص ۳۲۷،

و عبرت پذیری کا یہ حال تھا کہ دنیا کا ذرہ ذرہ اُن کے لیے سرمایۂ عبرت تھا، کوئی سرسبز درخت دیکھتے تو کہتے کاش! مین درخت ہی ہوتا کہ عاقبت کے جھگڑون سے چھوٹ جاتا، کسی باغ کی طرف گذرتے اور چڑیون کو چہچہاتے دیکھتے تو آہ سرد کھینچکر فرماتے "پرندو! تمھین مبارک ہو کہ دنیا مین چرتے چگتے ہو، درخت کے سایہ مین بیٹھتے ہو اور قیامت مین تمھارا کوئی حساب کتاب نہین، کاش! ابو بکر بھی تمھاری طرح ہوتا"[1]۔

قرآن شریف کی تلاوت فرماتے تو بے اختیار آنکھون سے آنسو جاری ہو جاتے اور اس قدر پھوٹ پھوٹ کر روتے کہ آس پاس کے تمام لوگ جمع ہو جاتے، نرم دلی اور رقت قلب کے باعث بات بات پر آہ سرد کھینچتے تھے، یہان تک کہ "اوّاہ منیب" اُن کا نام ہو گیا تھا،

نیکوکاری و حصول ثواب کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتے تھے ایک روز رسول اللہ صلعم نے صحابۂ کرام رض سے پوچھا "آج تم مین روزہ سے کون ہے"؟ حضرت ابوبکر رض نے عرض کی "مین ہون!" پھر فرمایا "آج کسی نے جنازہ کی مشایعت کی ہے؟ کسی نے مسکین کو کھانا دیا ہے؟ اور کسی نے مریض کی عیادت کی ہے"؟ صرف حضرت ابوبکر رض نے اثبات مین جواب دیا، ارشاد ہوا کہ جس نے ایک دن مین اسقدر نیکیان جمع کی ہون وہ یقیناً جنت مین جائیگا[2]،

خانگی زندگی حضرت ابوبکر رض بیوی بچون سے محبت رکھتے تھے، خصوصاً ام المومنین حضرت عائشہ رض کو سب سے زیادہ عزیز رکھتے تھے، انھون نے نواح مدینہ مین اپنی ایک جاگیر مخصوص طور پر انکو ہبہ کر دی تھی، لیکن وفات کے وقت خیال آیا کہ اس سے دوسرے وارثون کی حق تلفی ہوگی اس لیے ان کو بلا کر فرمایا "جان پدر! افلاس و امارت دونون حالتون مین تم مجھے سب سے زیادہ محبوب رہی ہو لیکن جو جاگیر مین نے تمھین دی ہے اسمین تم اپنے دوسرے

[1] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۲۲، [2] مسلم فضائل ابی بکر،

بھائی بہنوں کو شریک کرلو"، اُنھوں نے وفات کے بعد حسب وصیت جاگیر تقسیم کردی،

مہمان نوازی | نہایت مہمان نواز تھے، چنانچہ ایک مرتبہ شب کے وقت چند اصحاب صفہ اُن کے مہمان تھے، اُنھوں نے اپنے صاحبزادہ عبدالرحمٰن کو ہدایت فرمائی کہ میں آنحضرت صلعم کی خدمت میں جاتا ہوں تم میرے واپس آنے سے پہلے اُن کی مہمان نوازی سے فارغ ہو جانا، حضرت عبدالرحمٰن نے حسب ہدایت اُن کے سامنے ماحضر پیش کیا لیکن اُنھوں نے صاحبِ خانہ کی غیر موجودگی میں کھانے سے انکار کردیا، اتفاق سے حضرت ابوبکر صدیقؓ بہت دیر کے بعد تشریف لائے اور یہ معلوم کرکے کہ مہمان اب تک بھوکے بیٹھے ہیں، اپنے صاحبزادہ پر نہایت برہم ہوئے، اور بُرا بھلا کہکر کہا "واللہ! میں اس کو آج کھانے میں شریک نہیں کرون گا، حضرت عبدالرحمٰنؓ ڈر سے مکان کے ایک گوشہ میں چھپ رہے تھے، وہ کسی قدر جرأت کرکے سامنے آئے اور بولے "آپ اپنے مہمانوں سے پوچھ لیجئے کہ میں نے کھانے کے لیے اصرار کیا تھا، مہمانوں نے اس کی تصدیق کی اور کہا "خدا کی قسم! جب تک آپ عبدالرحمٰن کو نہ کھلائیں گے ہم لوگ بھی نہ کھائیں گے"، غرض اس طرح غصہ فرو ہوگیا، اور دسترخوان بچھایا گیا، حضرت عبدالرحمٰنؓ فرماتے ہیں کہ اس روز کھانے میں اس قدر برکت نازل ہوئی کہ ہم لوگ کھاتے جاتے تھے لیکن وہ کسی طرح ختم نہیں ہوتا تھا، یہان تک کہ اسمیں سے کچھ آنحضرت صلعم کی خدمت میں بھیجدیا گیا،[۲]

لباس وغذا | طرزِ معاشرت نہایت سادہ تھا، موٹے جھوٹے کپڑے استعمال فرماتے تھے، دسترخوان بھی پُر تکلف نہ تھا، خلافت کے بعد یہ سادگی زیادہ ترقی کرگئی تھی، چنانچہ وفات کے وقت اُنھوں نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا "جب سے خلافت کا بار میرے سر پر آیا ہے میں نے

[۱] ابن سعد جزو ۳ قسم اول صفحہ ۱۳۸، [۲] بخاری جلد ۲ صـ ۹۰۶،

معمولی سے معمولی غذا اور موٹے جھوٹے کپڑے پر قناعت کی ہے، مسلمانوں کے مال میں سے میرے پاس ایک حبشی غلام، ایک اونٹ اور اس پرانی چادر کے سوا اور کچھ نہیں ہے میرے بعد یہ تمام چیزیں عمر بن الخطاب کو واپس دیکر ان سے بری ہوجانا[1]"

حضرت ابوبکرؓ نے چونکہ اپنی تمام دولت اسلام پر نثار کردی تھی اس لیے عسرت و ناداری کے باعث بارہا دو دو، تین تین وقت فاقے سے گذر جاتے تھے، ایک روز آنحضرت صلعم نے اُن کو اور حضرت عمرؓ کو مسجد میں بھوک سے بے قرار دیکھا، فرمایا "میں بھی تمھاری طرح سخت بھوکا ہوں" حضرت ابوالہیثم انصاریؓ کو معلوم ہوا تو انھوں نے اپنے گھر پر کھانے کی دعوت دی[2]،

ذریعۂ معاش

تجارت اصلی ذریعۂ معاش تھی، فرماتے ہیں کہ "میں قریش میں سب سے بڑا اور متمول تاجر تھا" عہدِ اسلام میں بھی یہی شغلہ جاری رہا، اور مالِ تجارت لیکر دور دراز ممالک کا سفر اختیار فرمایا، چنانچہ آنحضرت صلعم کی وفات سے ایک سال پہلے تجارت کے خیال سے بُصریٰ تشریف لے گئے[3] تھے،

خلافت کا بار جب سر پر آیا تو قدرۃً ان کا تمام وقت مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف ہوگیا اس بنا پر صحابۂ کرامؓ نے مشورہ کر کے روزانہ آدھی بکری کا گوشت اور اونکے اور انکے اہل و عیال کے کپڑے اور کھانے مقرر کردیے[4]، حضرت ابوبکرؓ نے اسکو منظور کر کے فرمایا "قوم جانتی ہے کہ میرا کاروبار میرے اہل و عیال کی حاجت روائی سے قاصر نہ تھا، لیکن اب جبکہ مسلمانوں کے کام میں مشغول ہوں تو ابوبکر کا خاندان حسبِ ضرورت اُن کے مال سے کھائیگا، اور اُن کا

[1] طبقات ابن سعد ق ا ج ۳ ص ۱۳۹، [2] موطا امام مالک ص ۳۷۱ [3] سنن ابن ماجہ کتاب الادب باب المزاح [4] طبقات ج ۳ ق ا ص ۱۳۰،

کام کرے گا[1]،

ابن سعد نے وظیفہ کی تفصیل یہ بیان کی ہر کہ ان کو دو چادرین ملتی تھین، جب وہ پرانی ہو جاتی تھین تو اُنھین واپس کرکے دوسری لے لیتے تھے، سفر کے موقع پر سواری اور خلافت سے پہلے جو خرچ تھا اسی کے موافق اپنے اور اپنے متعلقین کے لیے خرچ لیتے تھے[2]،

جاگیر آنحضرت صلعم نے ان کو خیبر مین ایک جاگیر مرحمت فرمائی تھی اس کے علاوہ اُنھون نے اطرافِ مدینہ اور بحرین مین دوسری جاگیرین بھی حاصل کی تھین[3]،

حُلیہ حضرت ابوبکرؓ نہایت نحیف ولاغر اندام تھے، چہرہ کم گوشت، اور رنگ گندم گون تھا، پیشانی بلند و فراخ اور آنکھین دہنسی ہوئی تھین، بالون مین مہدی کا خضاب کرتے تھے،

ازواج و اولاد حضرت ابوبکرؓ نے مختلف اوقات مین متعدد شادیان کین، جن بیویون سے اولاد ہوئی اُن کے نام یہ ہین،

قتیلہ[1] یا قتلہ، ان سے حضرت عبد اللہؓ اور حضرت اسماءؓ پیدا ہوئین،

ام رومان[2]، یہ ام المومنین حضرت عائشہؓ اور حضرت عبد الرحمنؓ کی مان تھین،

اسماء[3]، ان سے محمد بن ابی بکرؓ پیدا ہوئے،

حبیبہ[4] بنت خارجہ، حضرت ابوبکرؓ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی ام کلثوم ان ہی کے بطن سے تھین[5]،

---

[1] بخاری جلد ۱ صفحہ ۲۷۸ [2] طبقات ابن سعد ج ۳ ق ۱ ص ۱۳۱ [3] ایضاً ص ۱۳۸ [4] طبقات تذکرۂ ابوبکر

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رض

نام و نسب اور خاندان

عمر نام، ابو حفص کنیت، فاروق لقب، والد کا نام خطاب اور والدہ کا نام ختمہ تھا، پورا سلسلہ نسب یہ ہے، عمر بن الخطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن عبد اللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بن لوی بن فہر بن مالک[1] چونکہ عدی کے دوسرے بھائی مرہ تھے جو رسول اللہ صلعم کے اجداد سے ہیں، اس لحاظ سے حضرت عمر رض کا سلسلہ نسب رسول اللہ صلعم کی آٹھویں پشت میں جا کر ملجاتا ہے،

حضرت عمر رض کا خاندان ایام جاہلیت میں بھی نہایت ممتاز تھا، آپ کے جد اعلیٰ عدی عرب کے باہمی منازعات میں ثالث مقرر ہوا کرتے تھے، اور قریش کو کسی قبیلہ کے ساتھ کوئی ملکی معاملہ پیش آجاتا تو سفیر بنکر جایا کرتے تھے، اور یہ دونوں منصب عدی کے خاندان میں نسلاً بعد نسلٍ چلے آرہے تھے، آبائی خاندان کی طرح حضرت عمر رض ننھیال کی طرف سے بھی نہایت معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے، چنانچہ آپ کی والدہ ختمہ ہاشم بن مغیرہ کی بیٹی تھیں، اور مغیرہ اسی درجہ کے آدمی تھے کہ جب قریش کسی قبیلہ سے نبرد آزمائی کے لیے جاتے تھے تو فوج کا اہتمام انہی کے متعلق ہوتا تھا،[2]

حضرت عمر رض ہجرت نبوی سے ۴۰ برس قبل پیدا ہوئے، ایام طفولیت کے حالات پردہ خفا میں ہیں بلکہ سنِ رشد کے حالات بھی بہت کم معلوم ہیں، شباب کا آغاز ہوا تو ان شریفانہ مشغلوں میں مشغول ہوے جو شرفائے عرب میں عموماً رائج تھے، یعنی نسب دانی،

---

[1] اصابہ ج ۲ ص ۵۱۸، [2] عقد الفرید باب فضائل العرب،

سپہ گری، پہلوانی اور خطابت میں مہارت پیدا کی، خصوصاً شہسواری میں کمال حاصل کیا، اسی زمانہ میں اُنھون نے لکھنا پڑھنا بھی سیکھ لیا تھا،

تعلیم و تعلم سے فارغ ہونے کے بعد فکرِ معاش کی طرف متوجہ ہوئے، عرب مین لوگون کا ذریعۂ معاش زیادہ تر تجارت تھا، اس لیے اُنھون نے بھی یہی شغل اختیار کیا اور اسی سلسلہ مین دور دور ممالک کا سفر کیا اور اس طریقہ سے خود داری، بلند حوصلگی، تجربہ کاری اور معاملہ فہمی کی لازوال دولت حاصل کی، یہی وجہ تھی کہ حضرت عمرؓ قبولِ اسلام سے پہلے ہی تمام عرب مین روشناس ہو گئے تھے، اور قریش نے اُن کی قابلیت کے جوہر دیکھ کر سفارت کے منصب پر مامور کر دیا تھا، قبائل مین جب کوئی پیچیدگی پیدا ہو جاتی تھی تو آپ ہی سفیر بنکر جاتے تھے اور اپنے غیر معمولی فہم تدبر اور تجربہ سے اس عقدہ کو حل کرتے تھے[1]،

حضرت عمرؓ کا ستائیسوان سال تھا کہ ریگستانِ عرب مین آفتابِ اسلام پرتو افگن ہوا، اور مکہ کی گھاٹیون سے توحید کی صدا بلند ہوئی، حضرت عمرؓ کیلیے یہ آواز نہایت نامانوس تھی، اس لیے سخت برہم ہوئے، یہان تک کہ جس کی نسبت معلوم ہو جاتا کہ یہ مسلمان ہو گیا ہے، اس کے دشمن بن جاتے، اُن کے خاندان کی ایک کنیز بسینہ نامی مسلمان ہو گئی تھی، اس کو اسقدر مارتے کہ مارتے مارتے تھک جاتے، بسینہ کے سوا اور جس جس پر قابو چلتا تھا زد و کوب سے دریغ نہین کرتے تھے، لیکن اسلام کا نشہ ایسا نہ تھا جو چڑھ کر اتر جاتا، ان تمام سختیون پر ایک شخص کو بھی وہ اسلام سے بد دل نہ کر سکے،

---

[1] استیعاب برحاشیہ اصابہ ج ۲ ص ۴۱۸،

اسلام حضرت عمرؓ

قریش کے سربرآوردہ اشخاص مین ابوجہل اور حضرت عمرؓ اسلام اور بانیِ اسلامؐ کی دشمنی مین سب سے زیادہ سرگرم تھے، اس لیے آنحضرت صلعم نے خصوصیت کے ساتھ انھین دونون کے لیے اسلام کی دعا فرمائی، "اللھم اعز الاسلام باحد الرجلین اما ابن ھشام واما عمر بن الخطاب[1]"، یعنی خدایا اسلام کو ابوجہل یا عمر بن الخطاب سے معزز کر، مگر یہ دولت تو قسامِ ازل نے حضرت عمرؓ کی قسمت مین لکھدی تھی، ابوجہل کے حصہ مین کیونکر آتی، اس کا اثر یہ ہوا کہ کچھ دنون کے بعد جو اسلام کا سب سے بڑا دشمن تھا، سب سے بڑا دوست اور سب سے بڑا جان نثار ہوگیا، یعنی حضرت عمرؓ کا دامن دولتِ ایمان سے بھرگیا، ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء، تاریخ وسیر کی کتابون مین حضرت عمرؓ کی تفصیلاتِ اسلام مین اختلاف ہے، ایک مشہور واقعہ جسکو عام طور پر اربابِ سیر لکھتے ہین یہ ہے کہ جب حضرت عمرؓ اپنی انتہائی سختیون کے باوجود ایک شخص کو بھی اسلام سے بددل نہ کرسکے، تو آخر کار مجبور ہوکر (نعوذ باللہ) خود بانیِ اسلامؐ کے قتل کا ارادہ کیا، اور تلوار کمر سے لگا کر سیدھے رسول اللہ صلعم کی طرف چلے، راہ مین اتفاقاً نعیم بن عبداللہ مل گئے اور اُن کے تیور دیکھکر پوچھا خیر تو ہے؟ بولے محمد صلعم کا فیصلہ کرنے جاتا ہون، انھون نے کہا "پہلے اپنے گھر کی تو خبر لو، خود تمھاری بہن اور بہنوئی اسلام لاچکے ہین،" فوراً پلٹے اور بہن کے ہان پہونچے، وہ قرآن پڑھ رہی تھین، ان کی آہٹ پاکر چپ ہوگئین اور قرآن کے اجزا چھپا لیے، لیکن آواز اُن کے کانون مین پڑچکی تھی، بہن سے پوچھا

[1] جامع ترمذی مناقب عمرؓ

یہ کیا آواز تھی؟ بولین کچھ نہین، انھون نے کہا مین سُن چکا ہون تم دونون مرتد ہوگئے ہو، یہ کہکر بہنوئی سے دست وگریبان ہوگئے اور جب اُن کی بہن بچانے کو آئین تو اُن کی بھی خبر لی یہان تک کہ اُن کا جسم لہولہان ہوگیا، لیکن اسلام کی محبت پر اُن کا کچھ اثر نہوا، بولین کہ "عمرؓ جو بن آئے کرو، لیکن اسلام اب دل سے نہین نکل سکتا"،

ان الفاظ نے حضرت عمرؓ کے دل پر خاص اثر کیا، بہن کی طرف محبت کی نگاہ سے دیکھا، ان کے جسم سے خون جاری تھا، دیکھکر اور بھی رقت ہوئی، فرمایا تم لوگ جو پڑھ رہے تھے مجھکو بھی سناو، فاطمہ نے قرآن کے اجزا رسامنے لاکر رکھدیئے، اٹھاکر دیکھا تو یہ سورہ تھی،

سبح للہ ما فی السموات والارض — زمین اور آسمان مین جو کچھ ہے سب خدا کی تسبیح پڑھتے ہین

وھو العزیز الحکیم (حدید) — وہ غالب اور حکمت والا ہے،

ایک ایک لفظ پر اُن کا دل مرعوب ہوتا جاتا تھا، یہان تک کہ جب اس آیہ پر پہونچے

آمنوا باللہ و رسولہ (حدید) — خدا پر اور اُسکے رسول پر ایمان لاؤ،

تو بے اختیار پکار اُٹھے، کہ

اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً رسول اللہ

یہ وہ زمانہ تھا کہ رسول اللہ صلعم ارقم کے مکان مین جو کوہ صفا کے نیچے واقع تھا پناہ گزین تھے، حضرت عمرؓ نے آستانہ مبارک پر پہونچکر دستک دی، چونکہ شمشیر بکف تھے، صحابہ کو تردد ہوا، لیکن حضرت امیر حمزہؓ نے کہا آنے دو، "مخلصانہ آیا ہے تو بہتر ہے ورنہ اسی کی تلوار سے اس کا سر قلم کردون گا"، حضرت عمرؓ نے اندر قدم رکھا تو رسول اللہ صلعم خود آگے بڑھے، اور اُنکا دامن پکڑکے فرمایا "کیون عمر کس ارادہ سے آئے ہو؟" نبوت کی پُرجلال آواز نے ان کو کپکپادیا،

نہایت خضوع کے ساتھ عرض کی کہ "ایمان لانے کے لیے" آنحضرت صلعم اور صحابہ نے بیساختہ اللہ اکبر کا نعرہ اس زور سے مارا کہ مکہ کی تمام پہاڑیاں گونج اُٹھیں[۱]،

یہی روایت تھوڑے سے تغیر کے ساتھ دار قطنی، حاکم، ابو یعلی اور بیہقی مین حضرت انس رض سے مروی ہے، دونون مین فرق صرف اس قدر ہے کہ پہلی مین سورۂ حدید کی آیہ سبح للہ ما فی السموٰت والارض ہے اور دوسری مین سورۂ طٰہٰ کی یہ آیۃ ہے،

اننی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدونی و	مین ہون خدا کوئی نہین خدا لیکن مین، تو مجھکو پوجو اور میری
اقم الصلوٰۃ لذکری (سورۂ طٰہٰ)	یاد کے لیے نماز کھڑی کرو،

جب اس آیہ پر پہونچے تو یہ اثر ہوا کہ دل سے لا الہ الا اللہ پکار اُٹھے اور در اقدس پر حاضری کی درخواست کی، لیکن یہ روایت دو طریقون سے مروی ہے اور دونون مین ایسے رواۃ ہین جو قبول کے لایق نہین، چنانچہ دار قطنی نے اس روایت کو مختصراً لکھکر کہا ہے کہ اس کا ایک راوی قاسم بن عثمان بصری قوی نہین[۲]، ذہبی نے مستدرک حاکم کے استدراک مین لکھا ہے، کہ روایت واہی و منقطع ہے[۳]، میزان الاعتدال مین لکھا ہے کہ قاسم بن عثمان بصری نے حضرت عمرؓ کے اسلام کا جو قصہ نقل کیا ہے وہ نہایت ہی منکر ہے[۴]، کنز العمال مین بھی اسکی تضعیف کی گئی ہے[۵]،

ان دونون روایتون کے مشترک راوی اسحاق بن یوسف قاسم بن عثمان، اسحاق بن ابراہیم الحسینی، اور اسامہ بن زید بن اسلم ہین، اور یہ سب کے سب پایۂ اعتبار سے ساقط ہین،

---

[۱] سیرۃ النبی جلد ا صفحہ ۲۰۹، ۲۱۰، بحوالہ اسد الغابہ و ابن عساکر و کامل ابن اثیر [۲] دار قطنی باب الطہارۃ للقرآن [۳] مستدرک حاکم جلد ۴ صفحہ ۵۹، [۴] میزان الاعتدال قاسم بن عثمان بصری [۵] کنز العمال فضائل عمر بن الخطابؓ،

ان روایتون کے علاوہ مسند بن حنبل مین ایک روایت خود حضرت عمرؓ سے مروی ہے جو گو ایک تابعی کی زبان سے مروی ہے تاہم اس باب مین سب سے زیادہ محفوظ ہے حضرت عمرؓ فرماتے ہین کہ ایک شب مین آنحضرت صلعم کو چھیڑنے نکلا آپ بڑھکر مسجد حرام مین داخل ہوگئے، اور نماز شروع کردی جسمین آپ نے سورہ الحاقہ تلاوت فرمائی مین کھڑا سنتا رہا، اور قرآن کے نظم واسلوب سے حیرت مین تھا، دل مین کہا خدا کی قسم یہ شاعر ہے جیسا قریش کہا کرتے ہین، ابھی یہ خیال تھا ہی کہ آپ نے یہ آیت پڑھی،

انہ لقول رسول کریم وما ھو بقول شاعر قلیلاً ما تؤمنون (الحاقہ ۲) — یہ ایک بزرگ قاصد کا کلام ہے اور یہ کسی شاعر کا کلام نہین تم بہت کم ایمان رکھتے ہو،

مین نے کہا یہ تو کاہن ہے مرے دل کی بات جان گیا ہے، اُسکے بعد ہی یہ آیت پڑھی،

ولا بقول کاھن قلیلاً ما تذکرون تنزیل من رب العلمین (الحاقہ ۲ ع ۱) — یہ کاہن کا کلام بھی نہین تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو یہ تو جہانون کے پروردگار کی طرف سے اترا ہے،

آپ نے یہ سورہ آخر تک تلاوت فرمائی اور اس کو سُن کر اسلام میرے دل مین پوری طرح گھر کر گیا،[1]

اس کے علاوہ صحیح بخاری مین خود حضرت عمرؓ کی زبانی یہ روایت ہے کہ بعثت سے کچھ پہلے یا اس کے بعد ہی وہ ایک بتخانہ مین سوتے تھے کہ اُنھون نے دیکھا کہ ایک بت پر ایک قربانی چڑھائی گئی اور اس کے اندر سے آواز آئی اے جلیح! ایک فصیح البیان کہتا ہے لا الہ الا اللہ اس آواز کا سننا تھا کہ لوگ بھاگ کھڑے ہوئے، لیکن مین کھڑا رہا کہ دیکھون اس کے بعد کیا ہوتا ہے، کہ پھر وہی آواز آئی، اس واقعہ پر تھوڑے ہی دن گذرے تھے کہ لوگون مین یہ

---

[1] مسند ابن حنبل جلد ا صفحہ ۱۷

چرچا ہوا کہ یہ نبی ہین (باب بنیان الکعبہ) اس روایت مین یہ بیان نہین ہے کہ اس آواز کا حضرت عمرؓ پر کیا اثر ہوا،

پہلی عام روایت بھی اگر صحیح مان لی جائے تو شاید واقعہ کی ترتیب یہ ہوگی کہ اس ندائے غیب کی آواز پر حضرت عمرؓ نے لبیک نہین کہا، اور اس کا کوئی تعلق آنحضرت صلعم کی بعثت کی بشارت سے وہ پیدا نہ کرسکے کہ اس مین ان کی رسالت اور نبوت کا کوئی ذکر نہ تھا تاہم چونکہ اس مین توحید کا ذکر تھا اس لیے ادھر میلان ہوا ہوگا، لیکن چونکہ اُن کو قرآن کے سننے کا موقع نہین ملا اس لیے اُن کو اس توحید کی دعوت کی حقیقت نہ معلوم ہوسکی، اس کے بعد اُنھون نے آنحضرت صلعم کو سورۂ الحاقہ نماز مین پڑھتے سُنی جسمین قیامت اور حشر و نشر کا نہایت مؤثر بیان ہے تو اُن کے دل پر ایک خاص اثر ہوا، جیسا کہ ان کے اس فقرہ سے ظاہر ہوتا ہے، کہ "وقع الاسلام فی قلبی کل موقع" یعنے اسلام میرے دل مین پوری طرح بیٹھ گیا، تاہم چونکہ وہ طبعاً مستقل مزاج اور پختہ کار تھے اس لیے اسلام کا اُنھون نے اعلان نہین کیا، بلکہ اس اثر کو شاید وہ روکتے رہے، لیکن اس کے بعد جب اُن کی بہن کا واقعہ پیش آیا اور سورۂ طٰہٰ پر نظر پڑی جسمین توحید کی نہایت مؤثر دعوت ہے تو دل پر قابو نہ رہا، اور بے اختیار کلمۂ توحید پکار اُٹھے، اور دراقدس پر حاضری کی درخواست کی،

اور اگر وہ پہلی عام روایت صحیح تسلیم نہ کی جائے تو واقعہ کی سادہ صورت یہ ہوسکتی ہے کہ اس ندائے غیب نے انکے دل مین توحید کا خیال پیدا کیا، تین برس تو دعوت محدود اور مخفی رہی، اور ان کو اس کا حال نہ معلوم ہوسکا، اور مخالفت کی شدت کے باعث کبھی خود بارگاہ نبوی مین جانے اور قرآن سننے کا موقع نہ ملا، پھر رفتہ رفتہ اسلام کی حقیقت کی مختلف آوازین اُن کے کانون مین پڑتی رہین جو اُن کی شدت کو کم کرتی گئین، بالآخر وہ دن آیا کہ آنحضرت صلعم کی زبان مبارک سے اُن کو سورۂ الحاقہ سننے کا موقع ملا، اور وہ لبیک کہتے اسلام کے آستانہ پر داخل ہوگئے،

زمانۂ اسلام

عام مورخین اور ارباب سیر نے حضرت عمرؓ کے مسلمان ہونے کا زمانہ ۶ نبوی مقرر کیا ہے، اور لکھا ہے، کہ آپ چالیسوین مسلمان تھے، آجکل کے ایک نوجوان خوش فہم صاحب قلم نے تمام گذشتہ روایات کو ایک سرے سے ناقابلِ التفات قرار دیکر یہ دعویٰ کیا ہے کہ حضرت عمرؓ نہایت قدیم الاسلام تھے، شاید مقصود یہ ہو کہ حضرت ابو بکرؓ وغیرہ کے بعد ہی اُنکا شمار ہو اس مقصد کے لئے اُنھون نے تنہا بخاری کو سند قرار دیا ہے، چنانچہ حضرت عمرؓ کے اسلام کی تمہید مین وہ لکھتے ہین کہ:-

"اسی فطرت سلیمہ کی بنا پر اُن کو (عمرؓ کو) اسلام سے ہمدردی پیدا ہوئی، چنانچہ اُن کی ہمشیر اور سعید بن زید نے اسلام قبول کیا تو گو وہ مسلمان نہین ہوے تھے تاہم لوگون کو اسلام پر قائم رہنے کی تاکید کرتے تھے، چنانچہ سعید نے اس واقعہ کو ایک موقع پر بیان کیا ہے

کان عمر بن الخطاب یقیم علی الاسلام	یعنی حضرت عمرؓ مجھکو اور اپنی بہن کو اسلام پر
انا واختہ وما اسلم،	مضبوط کرتے تھے حالانکہ خود نہین اسلام لائے تھے[۱]

اس حدیث مین اپنے موافق مطلب تحریف کرنے کے بعد وہ فرماتے ہین کہ:-

کہ اس حدیث کا بعض لوگون نے اور بھی مطلب بیان کیا ہے، اور قسطلانی نے اسکی تردید کی ہے[۲]"

اس کے بعد بتخانہ مین ندائے غیب سننے کے واقعہ کا ذکر کیا ہے،

پہلی حدیث سے حضرت عمرؓ کی اسلام کے ساتھ ہمدردی اور دوسری مین ہاتفِ غیب کی آواز سننے کا ذکر ہے ان دونون باتون کو ملا کر اُنھون نے فوراً حضرت عمرؓ کے آغازِ اسلام ہی مین مسلمان ہونے کا قطعی فیصلہ کر دیا اور اسی واقعہ کو اُن کے فوری اسلام کا سبب قرار دے دیا،

---

۱ سیر الصحابہ صفحہ ۳۲۶، ۲ ایضاً صفحہ ۳۲۷،

اس کے بعد ایک اور شہادت پر مصنف کی نظر پڑی کہ مرض الموت مین ایک نوجوان نے حضرت عمرؓ کے سامنے یہ الفاظ کہے کہ

"اے امیرالمومنین! خدا نے آپ کو رسول اللہ صلعم کی صحبت اور سبقت کے ذریعہ سے جسکو آپ جانتے ہین، جو بشارت دی ہے اس سے آپ خوش ہون[1]"

اس قدر شواہد اور اتنے دلائل کے بعد فاضل مصنف ناظرین سے داد طلب ہین کہ:-

"ایک طرف تو صحیح بخاری کی مستند روایات ہین جو حضرت عمرؓ کی فطری سلامت روی اور حق پرستی کو ظاہر کرتی ہین، دوسری طرف مزخرفات کا یہ دفتر بے پایان ہے جو اُن مین گذشتہ اوصاف سے متعارض صفات تسلیم کراتا ہے، ناظرین انصاف کرلین کہ ان مین سے کس کو صحیح تسلیم کیا جائے"

افسوس مصنف کو دیگر مسائل کی طرح اس مسئلہ مین بھی متعدد مسامحات مین گرفتار ہونا پڑا ہے، اب ہم ناظرین کو مصنف کے ابتدائی دلائل کی طرف توجہ دلاتے ہین،

مصنف نے سب سے پہلے اسلام کے ساتھ حضرت عمرؓ کی ہمدردی مین سعید بن زید کی یہ روایت پیش کی ہے،

کان عمر بن الخطاب موثقی[2] علی الاسلام انا واختہ وما اسلم،	یعنی حضرت عمرؓ مجھکو اور اپنی بہن کو اسلام پر مضبوط کرتے تھے حالانکہ خود مسلمان نہین ہوتے تھے،

اس کے بعد لکھتے ہین کہ اس حدیث کا بعض لوگون نے ایک اور مطلب بھی بیان کیا ہے اور قسطلانی نے اس کی تردید کی ہے، یہان پر مصنف نے اپنے مطلب کے ثابت کرنے مین بڑی جسارت سے کام لیا ہے، اول تو حدیث کے لفظ مین صریح تحریف کی ہے، اور وہ تحریف بھی

[1] اس سے مراد وہ روایات ہین جو حدیث وسیر کی کتابون مین مذکور ہین، [2] و ان بخاری باب اسلام عمر،

ادب عربی کے خلاف ہے اور اسپر حدیث میں "یقیم" کے بجائے "موثقی" ہے جسکے معنی باندھنے کے ہیں نہ کہ مضبوط کرنے کے اور قائم رکھنے کے، یہ عربی کا محاورہ ہے اور قسطلانی نے باندھنے کے معنی لیے ہیں اور مصنف کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ قسطلانی سے مصنف کے بیان کردہ معنی کی تائید ہوتی ہے حالانکہ یہ سراسر غلط ہے، ہذا بہتان عظیم چنانچہ قسطلانی کے الفاظ یہ ہیں[۲] یجعل او ثقنی کالاسیر تضییقا و اهانة یعنی "موثقی" سے مراد رسی یا تسمہ سے قیدی کی طرح تنگ کرنے اور ذلیل کرنے کے لیئے باندھنا ہے، البتہ قسطلانی نے مصنف کے اختیار کردہ غلط معنی کی تردید کی ہے، جس کو بعض خوش فہموں نے اختیار کرنا چاہا تھا،

دوسری حدیث جو مصنف نے حضرت عمرؓ کے اسلام کے باب میں پیش کی ہے، یعنی ہاتفِ غیب کی آواز اس روایت میں کوئی ایسا فقرہ نہیں ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ حضرت عمرؓ اسکو سنکر متاثر ہوئے اور فوراً اسلام لے آئے، اس قصہ کے آخر میں یہ صاف مذکور ہے کہ اس کے بعد تھوڑے ہی دن گذرے تھے کہ آپ کی نبوت کا شہرہ ہوا، اس لیے یہ بالکل ہی آغازِ اسلام کا واقعہ ہوگا، اور اگر اسی وقت حضرت عمرؓ کا اسلام ثابت ہو جائے تو یہ بھی ثابت ہو جائیگا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی ولادت سے پہلے ہی آپ مسلمان ہو چکے تھے، حالانکہ یہ قطعاً غلط ہے جیسا کہ آگے ثابت ہوگا،

آیئے اب ہم صحیح بخاری ہی کے اشارات پر چلکر حضرت عمرؓ کے اسلام کی تاریخ تلاش کریں،

حضرت عمرؓ کے اسلام کے واقعہ کے بیان میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے یہ الفاظ بخاری میں ہیں، کہ

"حضرت عمرؓ مسلمان ہوے تو ایک ہنگامہ برپا ہوگیا مشرکین بکثرت اُن کے مکان پر جمع ہوگئے اور کہنے لگے صبا عمر، عمر بیدین ہوگئے، حضرت عمرؓ خوف زدہ گھر کے اندر تھے اور میں مکان کی چھت پر تھا اور دیکھتا،[۳] الخ"،

اس روایت سے ظاہر ہے کہ حضرت عمرؓ کے اسلام کے وقت نہ صرف یہ کہ وہ پیدا ہو چکے

---

[۱] بخاری جلد ۱ باب اسلام سعید بن زید و اسلام عمرؓ، [۲] قسطلانی جلد ۶ صفحہ ۲۱۳، [۳] صحیح بخاری اسلام عمرؓ،

تھے بلکہ سن وتمیز کے اس درجہ پر پہونچ چکے تھے کہ ان کو لڑکپن کے واقعات وضاحت سے یاد رہ گئے، اور تجربہ اس کا شاہد ہے کہ ۵، ۶ سال کا بچہ واقعات کو اس طرح سے محفوظ نہین رکھ سکتا، آگے چلیے ۳ھ ہجری یعنی بعثت کے سولھوین سال غزوۂ احد ہوا، بخاری مین خود حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ اسوقت اُن کی عمر ۱۴ سال تھی، اسلیے خورد سال بچون کے ساتھ چھانٹ دیے گئے تھے، اور مجاہدین مین نہین لیے گئے[1]، اس حساب سے بعثت کے دو سال بعد آپ کی پیدائش ماننی پڑے گی، اور کم از کم پانچ سال کی عمر واقعات محفوظ رہنے کیلیے ماننی ہوگی، تو پانچ سال یہ اور دو سال بعد بعثت کی کل سات سال ہوجاتے ہین، لہذا خود صحیح بخاری کی تائید سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کا زمانۂ اسلام ۶ھ بعثت ہوگا، اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ ہاتف غیب کی آواز سننے کے سات سال بعد اسلام لائے،

حضرت عمرؓ کے مسلمان ہوجانے سے اسلام کی تاریخ مین ایک نیا دور شروع ہوگیا، اسوقت تک چالیس یا اس سے کچھ کم وبیش آدمی دائرۂ اسلام مین داخل ہوچکے تھے لیکن وہ نہایت بے بسی ومجبوری کے عالم مین تھے، علانیہ فرائض مذہبی ادا کرنا تو درکنار اپنے کو مسلمان ظاہر کرنا بھی خطرہ سے خالی نہ تھا، اور کعبہ مین نماز پڑھنا تو بالکل ناممکن تھا، حضرت عمرؓ کے اسلام لانے سے دفعۃً حالت بدل گئی، انھون نے علانیہ اپنے اسلام کا اظہار کیا، صرف یہی نہین بلکہ مشرکین کو جمع کرکے بآواز بلند اپنے ایمان کا اعلان کیا، مشرکین نہایت برافروختہ ہوئے لیکن عاص ابن وائل نے جو رشتہ مین حضرت عمرؓ کے ماموں تھے اُن کو اپنی پناہ مین لے لیا، حضرت عمرؓ قبولِ اسلام سے پہلے اپنی آنکھون سے مسلمانون کی مظلومیت کا

[1] بخاری باب غزوۃ الخندق،

تماشا دیکھتے تھے' اس لیے شوق ِ مساوات نے پسند نہین کیا کہ وہ اس نعمت سے متمتع ہونے کے بعد عاص بن وائل کی پناہ کے باعث محفوظ رہین' اُنھون نے پناہ قبول کرنے سے انکار کردیا' اور برابر ثبات و استقلال کے ساتھ مشرکین کا مقابلہ کرتے رہے' یہان تک کہ مسلمانون کی جماعت کے ساتھ کعبہ مین جاکر نماز ادا کیؔ،

یہ پہلا موقع تھا کہ حق' باطل کے مقابلہ مین سربلند ہوا اور حضرت عمرؓ کو اس صلہ مین دربار نبوت سے فاروق کا لقب مرحمت کیا گیا،

ہجرت | مکہ مین جس طرح مسلمانون کی تعداد بڑھتی گئی' اسیطرح مشرکین ِ قریش کے بغض و عناد مین ترقی ہوتی گئی' اگر پہلے وہ صرف فطری خونخواری اور جوش مذہبی کی بنا پر مسلمانون کو اذیت پہونچاتے تھے تو اب اُنھین سیاسی مصالح نے مسلمانون کے کامل استیصال پر آمادہ کردیا تھا، سچ یہ ہے کہ اگر بلاکشان ِ اسلام مین غیر معمولی جوش' ثبات اور وارفتگی کا مادہ نہوتا تو ایمان پر ثابت قدم رہنا غیر ممکن تھا،

حضرت عمرؓ ۶ نبوی مین اسلام لائے تھے' اور ۱۳ نبوی مین ہجرت ہوئی' اسطرح گویا اُنھون نے اسلام لانے کے بعد تقریباً ۶-۷ برس تک قریش کے مظالم برداشت کیے' جب مسلمانون کو مدینہ کی جانب ہجرت کی اجازت ہوئی تو حضرت عمرؓ بھی اس سفر کے لیے آمادہ ہوئے' اور بارگاہ ِ نبوت سے اجازت لیکر چند آدمیون کے ساتھ مدینہ کی طرف روانہ ہوے اور اس شان کے ساتھ روانہ ہوے کہ پہلے مسلح ہوکر مشرکین کے مجمعون سے گذرتے ہوے خانۂ کعبہ پہونچے' نہایت اطمینان سے طواف کیا' نماز پڑھی پھر مشرکین سے مخاطب ہوکر کہا کہ جس کو مقابلہ کرنا ہو وہ مکہ سے باہر نکل کر مقابلہ کرے' لیکن کسی کی ہمت نے یاری نہ کی،

ؔ ابن سعد جزو ۳ قسم اول صفحہ ۱۹۳،

اور وہ مدینہ کی طرف روانہ ہوگئے[1]،

حضرت عمرؓ مدینہ پہونچکر قبا مین رفاعہ بن عبدالمنذر کے مہمان ہوئے، قبا کا دوسرا نام عوالی ہے چنانچہ صحیح مسلم مین اُن کی فرودگاہ کا نام عوالی ہی لکھا ہے، حضرت عمرؓ کے بعد اکثر صحابہ نے ہجرت کی، یہان تک کہ سنہ ۶۲۲ء مین خود آفتابِ رسالت بھی مکہ کی گھاٹیون سے نکل کر مدینہ کے افق سے ضو افگن ہوا،

آنحضرت صلعم نے مدینہ تشریف لانے کے بعد غریب الوطن مہاجرین کے رہنے سہنے کا اس طرح انتظام کیا کہ ان مین اور انصار مین برادری قائم کردی، جس کا یہ اثر ہوا کہ انصار نے عدیم النظیر ایثار سے کام لیکر اپنے مہاجر بھائیون کو تمام مال و اسباب مین نصف کا شریک بنالیا، اس رشتے کے قائم کرنے مین فرقِ مراتب کا خاص طور پر لحاظ رکھا گیا تھا یعنی جو مہاجر جس رتبہ کا تھا اسی حیثیت کے انصاری سے اُس کی برادری قائم کی گئی تھی، چنانچہ حضرت عمرؓ کے برادر اسلامی حضرت عتبان بن مالکؓ قرار پائے تھے جو قبیلۂ بنی سالم کے معزز رئیس تھے،

مدینہ کا اسلام مکہ کی طرح بے بس و مجبور نہ تھا بلکہ اب آزادی اور اطمینان کا دور تھا، اس لیے وقت آگیا تھا کہ فرائض و ارکان محدود اور معین کیے جائین، نیز مسلمانون کی تعداد وسیع سے وسیع تر ہوتی جاتی تھی اور وہ دور دور کے محلون مین آباد ہونے لگے تھے، اس بناپر شدید ضرورت تھی کہ اعلانِ نماز کا کوئی طریقہ معین کیا جائے، چنانچہ حضرت رسالت پناہ صلعم نے سب سے پہلے اسی کا انتظام کرنا چاہا، بعض صحابہ کی رائے ہوئی کہ آگ جلا کر لوگون کو خبر کیجائے، بعض کا خیال تھا کہ یہودیون اور عیسائیون کی طرح بوق و ناقوس سے کام لیا جائے، حضرت عمرؓ نے کہا کہ ایک آدمی اعلان کرنے کیلیے کیون نہ مقرر کیا جائے، رسول اللہ صلعم کو یہ رائے پسند آئی،

---

[1] زرقانی ج ا صفحہ ۳۷۱،

اور اسی وقت حضرت بلالؓ کو اذان کا حکم دیا گیا، اس طرح اسلام کا ایک شعار اعظم حضرت عمرؓ کی رائے کے موافق قائم ہوا[1] جس سے تمام عالم قیامت تک دن اور رات مین پانچ وقت توحید و رسالت کے اعلان سے گونجتا رہیگا،

غزوات و دیگر حالات

مدینہ مین سب سے پہلا معرکہ بدر کا پیش آیا، حضرت عمرؓ اس معرکہ مین رائے، تدبر، جانبازی اور پامردی کے لحاظ سے ہر موقع پر رسول اللہؐ کے دست و بازو رہے، عاصی بن ہشام بن مغیرہ جو رشتہ مین ان کا ماموں تھا خود اُن کے خنجر خاراشگاف سے واصلِ جہنم ہوا[2]، یہ بات حضرت عمرؓ کے خصوصیات مین سے ہے کہ اسلام کے مقابلہ مین قرابت و محبت کے تعلقات سے مطلقاً متاثر نہین ہوتے تھے، چنانچہ اس خصوصیت کی یہ پہلی مثال تھی،

بدر کا میدان مسلمانون کے ہاتھ رہا، غنیم کے کم و بیش ستر آدمی مارے گئے اور تقریباً اسی قدر گرفتار ہوئے، چونکہ ان مین سے قریش کے اکثر بڑے بڑے معزز سردار تھے اس لیے بحث پیدا ہوئی کہ اُن کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے، رسول اللہؐ نے تمام صحابہ سے رائے لی، لوگون نے مختلف رائین دین، حضرت ابوبکرؓ کی رائے ہوئی کہ فدیہ لیکر چھوڑ دیا جائے، حضرت عمرؓ نے اختلاف کیا اور کہا کہ ان سب کو قتل کر دینا چاہیئے اور اس طرح کہ ہم مین سے ہر ایک اپنے عزیز کو آپ قتل کرے، علی عقیل کی گردن مارین، اور فلان جو میرا عزیز ہے اس کا کام مین تمام کر دون،

آنحضرت صلعم کی شان رحمۃ للعالمین نے حضرت ابوبکرؓ کی رائے پسند کی اور فدیہ لیکر

[1] صحیح بخاری کتاب الاذان باب بدء الاذان [2] ابن جریر صفحہ ۵۰۹ و استیعاب،

چھوڑدیا، بارگاہِ الٰہی مین یہ چیز پسند نہ آئی اسپر عتاب آیا، اور یہ آیت نازل ہوئی،

ما کان لنبی ان یکون لہ اسری حتی یثخن فی الارض الخ

کسی پیغمبر کیلیے یہ مناسب نہین ہو کہ اس کے پاس قیدی ہون جب تک وہ خونریزی نہ کرلے،

حضورِ انور صلعم اور حضرت ابوبکرؓ نے گریہ وزاری کی [۱]،

واقعۂ بدر کے بعد خود مدینہ کے یہودیون سے لڑائی ہوئی اور اُن کو جلاوطن کیا گیا، اسیطرح غزوۂ سویق اور دوسرے چھوٹے چھوٹے معرکہ پیش آئے سب مین حضرت عمرؓ سرگرم پیکار رہے یہان تک کہ شوال ۳ھ ہجری مین غزوۂ احد کا معرکہ پیش آیا، اس مین ایک طرف تو قریش کی تعداد تین ہزار تھی جسمین دوسو سوار اور سات سو زرہ پوش تھے، ادھر غازیانِ اسلام کی کل تعداد صرف سات سو تھی جسمین سو زرہ پوش اور دوسو سوار تھے، ۷ شوال ہفتہ کے دن لڑائی شروع ہوئی، آنحضرتؐ نے عبداللہ بن جبیرؓ کو پچاس تیراندازون کے ساتھ فوج کے عقب مین متعین کردیا تھا کہ ادھر سے کفار حملہ نہ کرنے پائین،

مسلمانون نے غنیم کی صفین تہ و بالا کردین، کفار شکست کھاکر بھاگے اور غازیانِ دین مالِ غنیمت جمع کرنے مین مصروف ہوگیے تیراندازون نے سمجھا کہ اب معرکہ ختم ہوچکا اس خیال سے وہ بھی لوٹنے مین مصروف ہوگئے، تیراندازون کا اپنی جگہ سے ہٹنا تھا کہ خالد نے (جو اس وقت تک مسلمان نہین ہوے تھے) دفعۃً عقب سے زور شور کے ساتھ حملہ کردیا، مسلمان چونکہ غافل تھے اس لیے اس ناگہانی ریلے کو روک نہ سکے، یہان تک کہ کفار نے خود ذاتِ اقدس صلعم پر یورش کردی، اور اسقدر تیرون اور پتھرون کی بارش کی کہ آپ کے دندانِ مبارک شہید ہوگئے، پیشانی پر زخم آیا اور رخسارون مین مغفر کی کڑیان چبھ گئین،

---

[۱] صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب الامداد بالملائکۃ فی غزوۃ بدر واباحۃ الغنائم،

اور اس کے ساتھ آپ ایک گڈھے مین گر پڑے، اور لوگون کی نظرون سے چھپ گئے،

جنگ کا زور شور جب کسی قدر کم ہوا تو آنحضرت صلعم اپنے تیس فدائیون کے ساتھ پہاڑ پر تشریف لائے، اسی اثنا مین خالدؓ کو ایک دستہ فوج کے ساتھ اس طرف بڑھتے ہوے دیکھکر فرمایا کہ خدایا یہ لوگ یہان تک نہ آنے پائین، حضرت عمرؓ نے چند مہاجرین اور انصار کے ساتھ آگے بڑھکر حملہ کیا اور اُن لوگون کو ہٹا دیا۔[۱]

ابوسفیان سالارِ قریش درہ کے قریب پہنچکر پکارا کہ اس گروہ مین محمدؐ ہین ؟ آنحضرت صلعم نے اشارہ کیا کہ کوئی جواب نہ دے، ابوسفیان نے پھر حضرت عمرؓ اور ابوبکرؓ کا نام لیکر کہا یہ دونون اس مجمع مین ہین یا نہین ؟ اور جب کسی نے کچھ جواب نہین دیا تو بولا کہ ضرور یہ لوگ مارے گئے، حضرت عمرؓ سے نہ رہا گیا، پکار کر کہا او دشمنِ خدا ! ہم سب زندہ ہین ! ابوسفیان نے کہا اعلُ ہبل یعنی اے ہبل[۲] بلند ہو، رسول اللہؐ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا جواب دو، اللہ اعلیٰ واجل، یعنی خدا بلند و برتر ہے،[۳]

غزوۂ احد کے بعد ۳ھ ہجری مین حضرت عمرؓ کو یہ شرف حاصل ہوا کہ انکی صاحبزادی حضرت حفصہؓ رسول اللہؐ کے نکاح مین آئین، ۴ھ ہجری مین بنونضیر کو اُن کی بدعہدی کے باعث مدینہ سے جلاوطن کیا گیا، اس واقعہ مین بھی حضرت عمرؓ شریک رہے، ۵ھ ہجری مین غزوۂ خندق پیش آیا، آنحضرت صلعم نے مدینہ سے باہر نکل کر خندق تیار کرائی، دس ہزار کفار نے خندق کا محاصرہ کیا، وہ لوگ کبھی کبھی خندق مین گھس کر حملہ کرتے تھے، اس لیے آنحضرت صلعم نے خندق کے اِدھر اُدھر کچھ کچھ فاصلہ پر اکابر صحابہ کو معین کر دیا تھا کہ دشمن ادھر سے نہ آنے پائین، ایک حصہ پر حضرت عمرؓ معین تھے، چنانچہ یہان اُن کے نام کی ایک

---

[۱] طبری صفحہ ۱۴۱۱ [۲] ہبل ایک بت کا نام تھا، [۳] بخاری کتاب المغازی غزوۂ احد،

مسجد آج بھی موجود ہی، ایک دن کافرون کے مقابلہ مین اُن کو اس قدر مصروف رہنا پڑا کہ عصر کی نماز قضا ہوتے ہوتے رہ گئی، چنانچہ آنحضرت صلعم کے پاس آکر عرض کی کہ آج کافرون نے نماز پڑھنے تک کا موقع نہ دیا، رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مین نے بھی اب تک عصر کی نماز نہین پڑھی[1]، مختصر یہ کہ کامل ایک ماہ کے محاصرہ کے بعد مسلمانون کے ثبات و استقلال کے آگے کافرون کے پانون اکھڑ گئے اور یہ میدان بھی غازیون کے ہاتھ رہا،

سنہ ۶ ہجری مین رسول اللہ صلعم نے زیارت کعبہ کا ارادہ فرمایا اور اس خیال سے کہ کسی کو لڑائی کا شبہ نہو حکم دیا کہ کوئی ہتھیار باندھکر نہ چلے، ذوالحلیفہ پہنچکر حضرت عمرؓ کو خیال ہوا کہ دشمنون مین غیر مسلح چلنا مصلحت نہین ؟ چنانچہ رسول اللہ صلعم نے ان کی رائے کے موافق مدینہ سے اسلحہ منگوا لیے، مکہ کے قریب پہنچکر معلوم ہوا کہ قریش نے عہد کر لیا ہے کہ مسلمانون کو مکہ مین قدم نہ رکھنے دین گے، چونکہ رسول اللہ صلعم کو لڑنا مقصود نہین تھا، اس لیے مصالحت کے خیال سے حضرت عثمانؓ کو سفیر بنا کر بھیجا، قریش نے ان کو روک رکھا، اور جب کئی دن گذر گئے تو خبر مشہور ہوئی کہ وہ شہید کر دیے گئے، رسول اللہ صلعم نے یہ خبر سنکر صحابہ سے جو تعداد مین چودہ سو تھے، ایک درخت کے نیچے جہاد پر بیعت لی، چنانچہ قرآن مجید کی اس آیت مین لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ اسی واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے[2]

حضرت عمرؓ نے بیعت سے پہلے ہی لڑائی کی تیاری شروع کر دی تھی ہتھیار سج رہے تھے کہ خبر ملی کہ آنحضرت صلعم بیعت لے رہے ہین، اسی وقت بارگاہِ نبوت مین حاضر ہوے اور جہاد کے لیے دست اقدس پر بیعت کی[3]

قریش مصر تھے کہ رسول اللہ اس سال مکہ مین داخل نہین ہو سکتے، آخر بڑے ردوقدح

---

[1] بخاری باب مواقیت الصلاۃ [2] سیرۃ ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۱۶۶ [3] بخاری غزوۂ حدیبیہ)

کے بعد ایک معاہدہ پر طرفین رضامند ہو گئے، اس معاہدہ مین ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر قریش کا کوئی آدمی رسول اللہ صلعم کے ہان چلا جائے تو اُس کو قریش کے پاس واپس کر دیا جائے گا لیکن اگر مسلمانون کا کوئی شخص قریش کے ہاتھ آجائے تو اُن کو نہ واپس کرنے کا اختیار ہوگا، حضرت عمرؓ کی غیور طبیعت اس شرط سے نہایت مضطرب ہوئی، اور خود سرورِ کائنات صلعم کے دربار مین حاضر ہو کر دریافت کیا کہ جب ہم حق پر ہین تو باطل سے اسقدر دب کر کیون صلح کرتے ہین، آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ مین خدا کا پیغمبر ہون اور خدا کے حکم کے خلاف نہین کرتا، اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ کی خدمت مین بھی یہی گفتگو کی اور انھون نے بھی یہی جواب دیا، بعد کو حضرت عمرؓ کو اپنی اس گفتگو پر ندامت ہوئی اور اُس کے کفارے مین کچھ خیرات کی[1]

غرض معاہدۂ صلح لکھا گیا، حضرت عمرؓ نے بھی اس پر اپنے دستخط ثبت کیے، رسول اللہ صلعم نے مدینہ کا قصد کیا، راہ مین سورۂ انا فتحنا لک فتحاً مبیناً، نازل ہوئی، حضرت عمرؓ کو بلا کر سنایا اور کہا کہ آج ایسی سورہ نازل ہوئی ہے، جو مجھ کو دنیا کی تمام چیزون سے زیادہ محبوب ہے[2]،

۷ھ ہجری مین واقعۂ خیبر پیش آیا، یہودیون نے بڑے بڑے مضبوط قلعے بنا لیے تھے، جن کا مفتوح ہونا آسان نہ تھا، پہلے حضرت ابوبکرؓ سپہ سالار ہوئے، اُن کے بعد حضرت عمرؓ اس خدمت پر مامور ہوئے، لیکن یہ فخر تو حضرت علیؓ کے لیے مقدر ہو چکا تھا، اُن کو کس طرح کامیابی ہوتی، غرض حضرت علیؓ کے ہاتھ سے مرحب مارا گیا اور خیبر فتح ہو گیا، آنحضرت صلعم نے خیبر کی زمین مجاہدون کو تقسیم کر دی، چنانچہ ایک ٹکڑا ثمغ نامی حضرت عمرؓ کے حصہ مین آیا، انھون نے اسکو راہِ خدا مین وقف کر دیا[3]، اور اسلام کی تاریخ مین یہ پہلا وقف تھا جو عمل مین آیا[4]،

[1] صحیح بخاری کتاب الشروط باب الشروط فی الجہاد والمصالحۃ مع اہل الحرب [2] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۂ فتح، [3] صحیح بخاری کتاب الوصایا [4] فتح الباری جلد ۵ صفحہ ۳۰۱،

قریش نے معاہدۂ حدیبیہ کو توڑ دیا ابوسفیان نے پیش بندی کے خیال سے مدینہ آکر عذر خواہی کی، رسول اللہ خاموش رہے پھر وہ اٹھ کر حضرت ابوبکرؓ اور پھر حضرت عمرؓ کے پاس گیا کہ آپ اس معاملہ کو طے کرا دیجئے، حضرت عمرؓ نے اس سختی سے جواب دیا کہ وہ بالکل نا امید ہو گیا، غرض نقض عہد کے باعث آنحضرت صلعم نے دس ہزار مجاہدین کے ساتھ رمضان ۸ھ میں مکہ پر حملہ کیا اور نہایت جاہ و جلال کے ساتھ فاتحانہ داخل ہوئے، اور باب کعبہ پر کھڑے ہو کر نہایت فصیح و بلیغ تقریر کی جو تاریخون مین بجنسہ مذکور ہے، پھر حضرت عمرؓ کو ساتھ لیکر مقام صفا پر لوگون سے بیعت لینے کیلئے تشریف لائے، لوگ جوق جوق آتے تھے اور بیعت کرتے جاتے تھے، حضرت عمرؓ آنحضرت صلعم سے قریب لیکن کسی قدر نیچے بیٹھے تھے، جب عورتون کی باری آئی، تو چونکہ آنحضرتؐ بیگانہ عورتون کے ہاتھ کو مس نہین کرتے تھے، اس لیے حضرت عمرؓ کو اشارہ کیا کہ تم ان سے بیعت لو چنانچہ تمام عورتون نے انھین کے ہاتھ پر آنحضرتؐ سے بیعت کی، فتح مکہ کے بعد اسی سال ہوازن کی لڑائی پیش آئی جو غزوۂ حنین کے نام سے مشہور ہے، حضرت عمرؓ اس جنگ مین بھی نہایت ثابت قدمی اور پامردی کے ساتھ شریک کارزار رہے، پھر ۹ھ ہجری مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ قیصر روم عرب پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے چنانچہ آنحضرتؐ نے تمام صحابہ کو تیاری کا حکم دیا اور جنگی تیاریون کیلیے زر و مال سے اعانت کی ترغیب دلائی، اکثر صحابہ نے بڑی بڑی رقمین پیش کین، حضرت عمرؓ نے اس موقع پر تمام مال و اسباب مین سے نصف لا کر آنحضرتؐ کی خدمت مین پیش کیا[1]، غرض اسلحہ اور سامان رسد مہیا ہو جانے کے بعد مجاہدین نے مقام تبوک کا رخ کیا، یہان پہنچکر معلوم ہوا کہ خبر غلط تھی اس لیے چند روز قیام کے بعد سب لوگ واپس آگئے،

[1] ترمذی فضائل ابی بکر لیکن ترمذی سے یہ ثابت نہین ہوتا کہ حضرت عمرؓ نے اس موقع پر یہ رقم پیش کی تھی البتہ سیر و تاریخ سے یہ ثابت ہوتا ہے

سنہ ۱۰ھ مین آنحضرت صلعم حجۃ الوداع کیلیے تشریف لے گئے، حضرت عمرؓ بھی ہمرکاب تھے، اس حج سے واپس آنے کے بعد ابتدا، ماہ ربیع الاول سنہ ۱۱ھ مین حضور انورؐ بیمار ہو گئے اور دس روز کی مختصر علالت کے بعد ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ کے دن دوپہر کے وقت آپکا وصال ہو گیا، عام روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے از خود رفتہ ہو کر مسجد نبویؐ مین اعلان کیا کہ جو شخص یہ کہے گا کہ آنحضرت صلعم نے وفات پائی اُس کو قتل کر ڈالون گا، شاید اس مین یہ بھی مصلحت ہو کہ منافقین کو فتنہ پردازی کا موقع نہ ملے، تاہم فتنہ سقیفہ بنی ساعدہ کھڑا ہی ہو گیا، اگر حضرت عمرؓ اور حضرت ابو بکر صدیقؓ وقت پر پہونچکر اپنے ناخنِ عقل سے اس گتھی کو نہ سلجھاتے تو کیا عجب تھا کہ یہی فتنہ شمعِ اسلام کو ہمیشہ کے لیے گل کر دیتا، لیکن انصار کے ساتھ بہت بحث و مباحثہ کے بعد حضرت عمرؓ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور اس کے بعد اور لوگون نے بیعت کی[1]

حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خلافت صرف سوا دو برس رہی، اُن کے عہد مین جسقدر بڑے بڑے کام انجام پائے سب مین حضرت عمرؓ شریک رہے، قرآن شریف کی ترتیب کا کام خاص ان کے مشورہ اور اصرار سے عمل مین آیا،[2] غرض حضرت ابو بکرؓ کو اپنے عہدِ خلافت مین تجربہ ہو گیا تھا کہ منصبِ خلافت کیلیے عمر فاروقؓ سے زیادہ کوئی شخص موزون نہین ہو سکتا، چنانچہ انھون نے وفات کے قریب اکابر صحابہ سے مشورہ لیکر اُن کو اپنے بعد خلیفہ نامزد کیا اور بلا کر مفید اور موثر نصیحتین کین جو حضرت عمرؓ کیلیے نہایت عمدہ دستور العمل ثابت ہوئین،

---

[1] بخاری کتاب المناقب فضائل ابی بکرؓ [2] بخاری کتاب ابواب فضائل القرآن، باب جمع القرآن،

خلافت اور فتوحات

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ترسٹھ برس کی عمر میں اواخر جمادی الثانی دوشنبہ کے روز وفات پائی اور حضرت عمر فاروقؓ مسند آرائے خلافت ہوئے خلیفہ سابق کے عہد مین مدعیان نبوت، مرتدین عرب اور منکرین زکوٰۃ کا خاتمہ ہوکر فتوحات ملکی کا آغاز ہو چکا تھا، یعنی سنہ ۱۲ ہجری مین عراق پر لشکر کشی ہوئی، اور حیرہ کے تمام اضلاع فتح ہو گئے اسیطرح سنہ ۱۳ ہجری مین شام پر حملہ ہوا اور اسلامی فوجین سرحدی اضلاع مین پھیل گئین، ان مہمات کا آغاز ہی تھا کہ خلیفہ وقت نے انتقال کیا، حضرت عمرؓ نے عنان خلافت ہاتھ مین لی تو ان کا سب سے اہم فرض انہی مہمات کو تکمیل تک پہنچانا تھا،

فتوحات عراق سیرت صدیقؓ مین کسی قدر تفصیل کے ساتھ مذکور ہو چکا ہے کہ عراق پر حملہ کے کیا وجوہ واسباب تھے اور کس طرح اُس کی ابتدا ہوئی، اس لیے یہان سلسلہ کیلیے مختصراً اسقدر جان لینا چاہیئے کہ خالد بن ولیدؓ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے حکم سے بانقیا، کسکر اور حیرہ کے اضلاع کو فتح کر لیا تھا کہ اسی اثنا مین مثنیٰ بن حارثہ کو اپنا جانشین کر کے مہم شام کی اعانت کے لیے حضرت ابوبکرؓ کے حکم سے انکو جانا پڑا، حضرت خالد بن ولیدؓ کا جانا تھا کہ عراق کی فتوحات دفعتہً رُک گئین،

حضرت عمرؓ مسند نشین خلافت ہوئے تو سب سے پہلے مہم عراق کی طرف متوجہ ہوئے، بیعت خلافت کیلیے اطراف و دیار سے بیشمار آدمی آئے تھے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر مجمع عام مین جہاد کا وعظ کہا لیکن چونکہ عام خیال تھا کہ عراق حکومت فارس کا پایہ تخت ہے اور اُس کا

فتح ہونا نہایت دشوار ہے' اس لیے ہر طرف سے صدائے برنخاست کا معاملہ رہا، حضرت عمرؓ نے
کئی دن تک وعظ کہا لیکن کچھ اثر نہوا، آخر چوتھے دن ایسی پُر جوش تقریر کی کہ حاضرین کے
دل ہل گئے، مثنٰی شیبانی نے کہا کہ "مسلمانو! مین نے مجوسیون کو آزما لیا ہے' وہ مرد میدان
نہین ہین ہم نے عراق کے بڑے بڑے اضلاع فتح کر لیے ہین اور عجمی اب ہمارا لوہا مان گئے
ہین، اسیطرح قبیلۂ ثقیف کے سردار ابو عبید ثقفی نے جوش مین آکر کہا "انا لھذا"، یعنی اس
کیلئے مین ہون، ابو عبید کی سبقت نے تمام حاضرین کو گرما دیا اور ہر طرف سے غلغلہ اُٹھا کہ ہم بھی
حاضر ہین، حضرت عمرؓ نے مدینہ اور اُسکے مضافات سے ایک ہزار اور دوسری روایت کے
مطابق پانچ ہزار آدمی انتخاب کیے اور ابو عبید کو سپہ سالار مقرر کر کے روانہ کیا،

حضرت ابو بکرؓ کے عہد مین عراق پر جو حملہ ہوا اُس نے ایرانیون کو بیدار کر دیا تھا، چنانچہ
پوران دخت نے جو صغیر السن یزدگرد شاہ ایران کی نائب تھی فرخ زاد گورنر خراسان کے
بیٹے رستم کو جو نہایت شجاع اور مدبر تھا دربار مین طلب کر کے وزیر جنگ بنایا اور تمام اہل فارس
کو اتحاد و اتفاق پر آمادہ کیا، نیز مذہبی حمیت کا جوش دلا کر نئی روح پیدا کر دی، اسطرح دولت کیانی
نے پھر وہی قوت پیدا کر لی جو ہرمزد پرویز کے زمانہ مین اُس کو حاصل تھی،

رستم نے ابو عبید کے پہونچنے سے پہلے ہی اضلاعِ فرات مین غدر کرا دیا اور جو مقامات
مسلمانون کے قبضہ مین آچکے تھے وہ اُن کے قبضہ سے نکل گئے، پوران دخت نے ایک اور
زبردست فوج رستم کی اعانت کیلئے تیار کی اور نرسی و جابان کو سپہ سالار مقرر کیا، یہ دونون
دو راستون سے روانہ ہوئے، جابان کی فوج نمارق پہنچکر ابو عبید کی فوج سے برسر پیکار ہوئی اور
بُری طرح شکست کھا کر بھاگی، ایرانی فوج کے مشہور افسر جوشن شاہ اور مردان شاہ مارے گئے، جابان
گرفتار ہوا، مگر اس حیلے سے بچ گیا کہ جس شخص نے اُسکو گرفتار کیا تھا وہ پہچانتا نہ تھا، جابان نے

اس سے کہا کہ بڑھاپے مین مین تمھارے کس کام کا ہون، معاوضے مین مجھ سے دو غلام لو اور مجھے چھوڑ دو، اس نے منظور کیا، بعد کو معلوم ہوا کہ یہ جابان تھا لوگون نے غل مچایا کہ ایسے دشمن کو چھوڑنا نہین چاہیے، لیکن ابو عبید نے کہا کہ اسلام مین بد عہدی جائز نہین،

ابو عبید نے جابان کو شکست دینے کے بعد سقاطیہ مین نرسی کی فوج گران سے مقابلہ کیا اور شکست دی، اس کا اثر یہ ہوا کہ قرب و جوار کے تمام رؤسا خود بخود مطیع ہو گئے، نرسی و جابان کی ہزیمت سُن کر رستم نے مردان شاہ کو چار ہزار کی جمعیت کے ساتھ ابو عبید کے مقابلہ مین روانہ کیا، ابو عبید نے باوجود افسران فوج کے شدید اختلاف کے فرات سے پار اتر کر غنیم سے نبرد آزمائی کی، چونکہ پار کا میدان تنگ اور ناہموار تھا، نیز عربی دلاورون کے لیے ایران کے کوہ پیکر ہاتھیون سے یہ پہلا مقابلہ تھا، اس لیے مسلمانون کو سخت ہزیمت ہوئی اور نو ہزار فوج مین سے صرف تین ہزار باقی بچی،

حضرت عمرؓ کو اس شکست نے نہایت برافروختہ کیا، انھون نے اپنے پُر جوش خطبون سے تمام قبائل عرب مین آگ لگا دی، عام جوش کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ نمر و تغلب کے سردارون نے جو مذہباً عیسائی تھے اپنے قبائل کے مسلمانون کے ساتھ شرکت کی اور کہا کہ آج عرب و عجم کا مقابلہ ہے، اس قومی معرکہ مین ہم بھی قوم کے ساتھ ہین، غرض حضرت عمرؓ نے ایک فوج گران کے ساتھ جریر بجلی کو میدان رزم کی طرف روانہ کیا، یہان مثنیٰ نے بھی سرحد کے عربی قبائل کو جوش دلا کر ایک زبردست فوج تیار کر لی تھی،

پوران دخت نے ان تیاریون کا حال سُن کر فوج خاصہ مین سے بارہ ہزار جنگ آزما بہادر منتخب کر کے مہران ابن مہرویہ کے ساتھ مجاہدین کے مقابلہ کے لیے روانہ کیے، حیرہ کے قریب دونون حریف صف آرا ہوئے، ایک شدید جنگ کے بعد عجمیون مین بھاگڑ پڑ گئی، مہران

بنی تغلب کے ایک نوجوان کے ہاتھ سے مارا گیا، مثنیٰ نے پُل کا راستہ روک دیا اور اسقدر آدمیون کو تہ تیغ کیا کہ کشتون کے پشتے لگ گئے، اس فتح کے بعد مسلمان عراق کے تمام علاقون مین پھیل گئے،

حیرہ سے کچھ فاصلہ پر جہان آج بغداد آباد ہے، وہان اسی زمانہ مین بہت بڑا بازار لگتا تھا، مثنیٰ نے عین بازار کے دن حملہ کیا، بازاری جان بچا کر بھاگ گئے اور بیشمار دولت مسلمانون کے ہات آئی، اسیطرح قرب وجوار کے مقامات مین مسلمانون کی پیشقدمی شروع ہوگئی، سورا، کسکر، صراۃ اور فلالیج وغیرہ پر اسلامی پھریرا لہرانے لگا، پایہ تخت ایران مین یہ خبرین پہنچین تو ایرانی قوم مین ایک زبردست انقلاب کا خیال پیدا ہوگیا، پوران دخت معزول کی گئی، یزدگرد جو سولہ سال کا نوجوان اور خاندان کیانی کا تنہا وارث تھا تخت سلطنت پر بٹھایا گیا، اعیان واکابر ملک نے باہم متفق و متحد ہوکر کام کرنے کا ارادہ کیا، تمام قلعے اور فوجی چھاؤنیان مستحکم کردی گئین، اسی کے ساتھ کوشش کی گئی کہ مسلمانون کے مفتوحہ مقامات مین بغاوت پھیلائی جائے، ان انتظامات سے سلطنت ایران مین نئی جان پیدا ہوگئی اور تمام مفتوحہ مقامات مسلمانون کے ہاتھ سے نکل گئے،

مثنیٰ مجبور ہوکر عرب کی سرحد مین ہٹ آئے، اور ربیعہ ومضر کے قبائل کو جو اطراف عراق مین پھیلے ہوے تھے ایک تاریخ معین تک علم اسلامی کے نیچے جمع ہونے کے لیے طلب کیا، نیز دربار خلافت کو اہل فارس کی تیاریون سے مفصل طور پر مطلع کیا،

حضرت عمرؓ نے ایرانیون کی تیاری کا حال سُن کر حضرت سعد بن وقاصؓ کو جو بڑے رتبہ کے صحابی اور رسول اللہ صلعم کے ماموں تھے بیس ہزار مجاہدین کے ساتھ مہم عراق کی تکمیل پر

[1] بروایت ابو حنیفہ دینوری طبری نے ۲۱ سال عمر بیان کی ہے،

مامور کیا، اس فوج کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس مین تقریباً سترہ صحابی تھے جو سرورِ کائنات صلعم کے ساتھ غزوۂ بدر مین جوہر شجاعت دکھا چکے تھے، تین سو وہ جو بیعۃ الرضوان مین شریک تھے نیز اسی قدر وہ بزرگ تھے جو فتحِ مکہ مین موجود تھے اور سات سو ایسے تھے جو خود صحابی نہ تھے لیکن اُن کی اولاد ہونے کا فخر رکھتے تھے،

حضرت سعد بن وقاص رضؓ نے شراف پہنچکر پڑاؤ کیا، مثنیٰ آٹھ ہزار آدمیون کے ساتھ مقام ذی قار مین اس عظیم الشان کمک کا انتظار کر رہے تھے، لیکن اسی اثنا مین اُنکا انتقال ہو گیا اس لیے اُن کے بھائی معنیٰ شراف آکر حضرت سعد وقاص رضؓ سے ملے اور مثنیٰ نے جو ضروری مشورے دیے تھے اُن سے بیان کیے،

حضرت عمر رضؓ نے ایامِ جاہلیت مین نواحِ عراق کی سیاحت کی تھی اور وہ اس زمین کے چپہ چپہ سے واقف تھے، اس لیے اُنھون نے خاص طور پر ہدایت کر دی تھی کہ فوج کا جہان پڑاؤ ہو وہان کے مفصل حالات لکھکر آئین، سعد بن وقاص رضؓ نے اس مقام کا نقشہ لشکر کا پھیلاؤ، فرودگاہ کی حالت اور رسد کی کیفیت سے اُن کو اطلاع دی، اسکے جواب مین دربارِ خلافت سے ایک مفصل فرمان آیا جسمین فوج کی نقل و حرکت، حملہ کا بند و بست لشکر کی ترتیب اور فوج کی تقسیم کے متعلق مفصل ہدایتین درج تھین اسی کے ساتھ حکم دیا گیا کہ شراف سے بڑھکر قادسیہ کو میدانِ کارزار قرار دین اور اسطرح مورچے جمائین کہ فارس کی زمین سامنے ہو اور عرب کا پہاڑ محافظت کا کام دے،

حضرت سعد رضؓ نے دربارِ خلافت کی ہدایت کے مطابق شراف سے بڑھکر قادسیہ مین اپنا مورچہ جمایا اور نعمان بن مقرن کے ساتھ چودہ نامور اشخاص کو منتخب کر کے دربارِ ایران مین سفیر بنا کر بھیجا کہ شاہِ ایران اور اُس کے رفقا کو اسلام کی ترغیب دین، لیکن جو لوگ دولت و

حکومت کے نشہ مین مخمور تھے، وہ خانہ بدوش عرب اور اُن کے مذہب کو کب خاطر مین لاتے تھے؟ سفارت گئی اور ناکام واپس آئی،

اس واقعہ کے بعد کئی ماہ تک دونون طرف سے سکوت رہا، رستم ساٹھ ہزار فوج کے ساتھ ساباط مین پڑا تھا، اور یزدگرد کی تاکید کے باوجود جنگ سے جی چرا رہا تھا ادہر مسلمان آس پاس کے دیہات پر چڑھ جاتے تھے اور رسد کیلیے مویشی وغیرہ حاصل کر لاتے تھے، اس حالت نے طول کھینچا تو مجبور ہو کر رستم کو مقابلہ کیلیے بڑھنا پڑا، اور ایرانی فوجین ساباط سے نکل کر قادسیہ کے میدان مین خیمہ زن ہوئین،

رستم قادسیہ پہونچکر بھی جنگ کو ٹالنے کی کوشش کرتا رہا اور اس نے مدتون سفرا کی آمد و رفت اور نامۂ و پیام کا سلسلہ جاری رکھا لیکن مسلمانون کا آخری اور قطعی جواب یہ ہوتا تھا کہ اگر اسلام یا جزیہ منظور نہین ہے تو تلوار سے فیصلہ ہوگا، رستم جب مصالحت کی تمام تدبیرون سے مایوس ہوگیا تو سخت برہم ہوا اور اُس نے قسم کھا کر کہا "آفتاب کی قسم اب تمام عرب کو ویران کردون گا"

قادسیہ کی فیصلہ کن جنگ

غرض رستم نے غضبناک ہو کر فوج کو کمربندی کا حکم دیا اور خود تمام رات جنگی تیاریون مین مصروف رہا، صبح کے وقت قادسیہ کا میدان عجمی سپاہیون سے آدمیون کا جنگل نظر آنے لگا، جسکے پیچھے پیچھے ہاتھیون کے کالے کالے پہاڑ عجیب خوفناک سمان پیدا کر رہے تھے، دوسری طرف مجاہدین اسلام کا لشکر جرار صف بستہ کھڑا تھا، اللہ اکبر کے نعرون مین جنگ شروع ہوئی، دن بھر ہنگامۂ محشر برپا رہا، شام کو جب بالکل تاریکی چھا گئی تو دونون حریف اپنے اپنے خیمون مین واپس آئے، قادسیہ کا یہ پہلا معرکہ تھا اور عربی مین اس کو یوم الارماث کہتے ہین،

قادسیہ کی دوسری جنگ معرکۂ اغواث کے نام سے مشہور ہے، شام کی چھ ہزار فوج عین معرکہ کے وقت پہونچی، حضرت عمرؓ کے قاصد بھی جن کے ساتھ بیش قیمت تحائف تھے عین جنگ کے وقت پہونچے اور پکار کر کہا "امیر المومنین نے یہ انعام ان لوگون کیلیے بھیجا ہے جو اس کا حق ادا کرین" اُس نے مسلمانون کے جوش و خروش کو اور بھی بھڑکا دیا تمام دن جنگ ہوتی رہی مسلمان دو ہزار اور ایرانی دس ہزار مقتول و مجروح ہوے لیکن فتح و شکست کا کچھ فیصلہ نہوا،

تیسرا معرکہ یوم العماس کے نام سے مشہور ہے، اسمین مسلمانون نے سب سے پہلے کوہ پیکر ہاتھیون سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کی، کیونکہ ایرانیون کے مقابلہ مین مجاہدین اسلام کو ہمیشہ اس کالی آندھی سے زیادہ نقصان پہونچتا تھا، اگرچہ قعقاعؓ نے اونٹون پر سیاہ جھول ڈالکر ہاتھی کا جواب ایجاد کرلیا تھا تاہم یہ کالے دیو جسطرف جھک پڑتے تھے صف کی صف پس جاتی تھی، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے ضخم و سلم وغیرہ پارسی نومسلمون سے اس بلاے سیاہ کے متعلق مشورہ طلب کیا، اُنھون نے کہا کہ ان کی آنکھین اور سونڈ بیکار کردی جائین، سعدؓ نے قعقاعؓ حمال اور ربیع کو اس خدمت پر مامور کیا، ان لوگون نے ہاتھیون کو نرغہ مین کرلیا اور برچھے مارکر ان کی آنکھین بیکار کردین، قعقاعؓ نے آگے بڑھ کر پیل سفید کی سونڈ پر تلوار ماری کہ مستک الگ ہوگئی، ہاتھی جھرجھری لیکر بھاگا اس کا بھاگنا تھا کہ تمام ہاتھی اُسکے پیچھے ہولیے، اس طرح دم کے دم مین یہ سیاہ بادل چھٹ گیا،

اب بہادرون کو حوصلہ آزمائی کا موقع ملا، دن بھر ہنگامہ کارزار گرم رہا، رات کے وقت بھی اس کا سلسلہ جاری رہا، اور اس زور کا رن پڑا کہ نعرون کی گرج سے زمین دہل اُٹھتی تھی، اسی مناسبت سے اس رات کو لیلۃ الہریر کہتے ہین، رستم پامردی اور استقلال کے ساتھ مقابلہ کرتا رہا، لیکن جب زخمون سے چور چور ہوگیا تو بھاگ نکلا اور ایک نہر مین کو ڈپڑا کہ تیر کر نکلجائے،

ہلال نام ایک سپاہی نے تعاقب کیا اور ٹانگین پکڑ کر نہر سے باہر کھینچ لایا پھر تلوار سے کام تمام کر دیا،
رستم کی زندگی کے ساتھ سلطنت ایران کی قسمت کا بھی فیصلہ ہو گیا' ایرانی سپاہیون کے پانون اُکھڑ گئے'
مسلمانون نے دور تک تعاقب کر کے ہزارون لاشین میدان مین بچھا دین'

قادسیہ کے معرکون نے خاندان کسریٰ کی قسمت کا آخری فیصلہ کر دیا' درفش کاویانی ہمیشہ
کے لیے سرنگون ہو گیا اور اسلامی علم نہایت شان و شوکت کے ساتھ ایران کی سرزمین پر
لہرانے لگا، مسلمانون نے قادسیہ سے بڑھ کر آسانی کے ساتھ بابل، کوثی، بہرہ شیر اور خود نوشیروانی
دار الحکومت مدائن پر قبضہ کر لیا' ایرانیون نے مدائن سے نکل کر جلولار کو اپنا فوجی مرکز قرار دیا اور
رستم کے بھائی حرزاد نے اپنے حسن تدبیر سے ایک بڑی زبردست فوج جمع کر لی، سعد نے ہاشم
بن عتبہ کو جلولا کی تسخیر پر مامور کیا، جلولار چونکہ نہایت مستحکم مقام تھا، اس لیے مہینون کے محاصرے
کے بعد مفتوح ہوا، یہان سے قعقاع کی سرکردگی مین ایک جمعیت حلوان کی طرف بڑھی' اور
خسرو شنوم کو شکست دیکر شہر پر قابض ہو گئی'

قعقاع نے حلوان مین قیام کیا اور عام منادی کر دی کہ جو لوگ اسلام یا جزیہ قبول کرینگے
وہ مامون و مصئون رہین گے' چنانچہ بہت سے امراء اور رؤسا برضا و رغبت اس منادی پر اسلام کی حمایت
مین آگئے' یہ عراق کی آخری فتح تھی' کیونکہ یہان اُسکی حد ختم ہو جاتی ہے'

تسخیر عراق کے بعد حضرت عمرؓ کی دلی خواہش تھی کہ جنگ کا سلسلہ منقطع ہو جائے' چنانچہ
وہ فرمایا کرتے تھے کہ کاش ہمارے اور فارس کے درمیان آگ کا پہاڑ ہوتا کہ نہ وہ ہم پر حملہ کر سکتے
نہ ہم ان پر چڑھکر جا سکتے، لیکن ایرانیون کو عراق نکل جانے کے بعد کسی طرح چین نہین آتا تھا،
چنانچہ یزدگرد نے معرکۂ جلولار کے بعد مرو مین اقامت اختیار کر کے نئے سرے سے حکومت کے
ٹھاٹھ لگائے اور تمام ملک مین فرامین و نقیب بھیجکر لوگون کو عربون کی مقاومت پر آمادہ کیا،

یزدگرد کے فرامین نے تمام ملک مین آگ لگا دی اور تقریباً ڈیڑھ لاکھ آدمیون کا ٹڈی دل قم مین آکر مجتمع ہوا، یزدگرد نے مردان شاہ کو سرلشکر مقرر کرکے نہاوند کی طرف روانہ کیا اُس معرکہ مین درفش کادیانی جسکو عجم نہایت متبرک سمجھتے تھے فال نیک کے خیال سے نکالا گیا، چنانچہ مردان شاہ روانہ ہوا تو یہ مبارک پھریرا اُس پر سایہ کرتا جاتا تھا،

حضرت عمرؓ نے نعمان بن مقرن کو تیس ہزار کی جمعیت کے ساتھ اس ایرانی طوفان کو، آگے بڑھ کر روکنے کا حکم دیا، نہاوند کے قریب دونون فوجین سرگرم پیکار ہوئین اور اس زور کا رن پڑا کہ قادسیہ کے بعد ایسی خونریز جنگ کوئی نہین ہوئی تھی، یہانتک کہ اس جنگ مین خود اسلامی سپہ سالار نعمان شہید ہو گئے، اُن کے بھائی نعیم بن مقرن نے علم ہاتھ مین لیکر بدستور جنگ کو جاری رکھا، رات ہوتے ہوتے عجمیون کے پانون اُکھڑ گئے، مسلمانون نے ہمدان تک تعاقب کیا، اس لڑائی مین تقریباً تیس ہزار عجمی کھیت رہے، نتائج کے لحاظ سے مسلمانون نے اس کا نام فتح الفتوح رکھا، فیروز جسکے ہاتھ سے حضرت عمرؓ کی شہادت مقدر تھی اسی لڑائی مین گرفتار ہوا تھا،

عام لشکر کشی واقعۂ نہاوند کے بعد حضرت عمرؓ کو خیال پیدا ہوا کہ جب تک تخت کیانی کا وارث ایران کی سرزمین مین موجود ہے، بغاوت اور جنگ کا فتنہ فرو نہوگا، اس بنا پر عام لشکر کشی کا ارادہ کیا اور اپنے ہاتھ سے متعدد علم تیار کرکے مشہور افسرون کو خاص خاص ممالک پر مامور کیا، چنانچہ سنہ ۲۱ ہجری مین یہ سب غازیان اسلام اپنے اپنے متعینہ ممالک کی طرف روانہ ہو گئے، اور نہایت جوش و خروش سے حملہ کرکے تمام ملک کو اسلام کا زیر نگین کر دیا، یعنی صرف ڈیڑھ دو برس کے عرصہ مین کسریٰ کی حکومت دنیا سے نیست و نابود ہو گئی،

خاندان کیانی کا آخری تاجدار ایران سے بھاگ کر خاقان کے دربار مین پہونچا، خاقان نے اس کی بڑی عزت و توقیر کی اور ایک فوج گران کے ساتھ یزدگرد کو ہمراہ لیکر خراسان کیطرف

بڑھا اور خاقان نے احنف بن قیس کے مقابلہ مین صف آرائی کی لیکن صفائی کے دو ہی ہاتھ نے اُسکے عزم و استقلال کو متزلزل کردیا اور اُس کے ذہن نشین ہو گیا کہ ایسے بہادرون کو چھیڑنا مصلحت نہین چنانچہ اسی وقت کوچ کا حکم دیکر اپنے حدود مین واپس چلا گیا،

یزدگرد کو خاقان کے واپس جانے کی خبر ملی تو مایوس ہوکر خزانہ اور جواہرات ساتھ لیا اور ترکستان کا عزم کیا، درباریون نے دیکھا کہ ملک کی دولت ہاتھ سے نکلی جاتی ہے روکا اور جب اس نے نہ مانا تو برسر مقابلہ آکر تمام مال و اسباب ایک ایک کرکے چھین لیا، یزدگرد بے سر و سامان خاقان کے پاس پہنچا اور خدا کی نافرمانی کے باعث مدتون فرغانہ کی گلیون مین خاک چھانتا رہا،

اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ — ترجمہ، خدایا تو ہی ملکون کا مالک ہی جسکو چاہتا ہی ملک دیتا ہے،

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ — جس سے چاہتا ہی چھین لیتا ہے جسکو چاہتا ہی عزت دیتا ہے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ — جسکو چاہتا ہی ذلت دیتا ہی، ساری بھلائیان تیرے ہی ہاتھ مین ہین

احنف نے بارگاہِ خلافت مین نامۂ فتح روانہ کیا تو حضرت فاروق رضؓ نے تمام آدمیون کو جمع کرکے یہ مژدۂ جانفزا سنایا اور ایک موثر تقریر کی آخر مین فرمایا کہ آج مجوسیون کی سلطنت برباد ہو گئی اور اب وہ اسلام کو کسی طرح نقصان نہین پہنچا سکتے، لیکن اگر تم بھی صراطِ مستقیم پر قائم نہ رہے تو خدا تمسے بھی حکومت چھین کر دوسرون کو دیدے گا،

فتوحاتِ شام

ممالکِ شام مین سے اجنادین، بصری اور دوسرے چھوٹے چھوٹے مقامات عہد صدیقی مین فتح ہو چکے تھے حضرت عمرؓ مسند آرائے خلافت ہوے تو دمشق محاصرہ کی حالت مین تھا، خالد سیف اللہؓ نے رجب ۱۴ھ مین اپنے خاص حسنِ تدبیر سے اس کو مسخر کیا،

رومی دمشق کی شکست سے سخت برہم ہوئے اور ہر طرف سے فوجین جمع کر کے مقام بیسان مین مسلمانون کے مقابلہ کیلئے جمع ہوئے، مسلمانون نے اُن کے سامنے فحل مین پڑاؤ ڈالا عیسائیون کی درخواست پر معاذ بن جبل سفیر بنکر گئے، لیکن مصالحت کی کوئی صورت نہ نکلی، آخر کار ذو قعدہ ۱۴ھ مین فحل کے میدان مین نہایت خوفناک معرکے پیش آئے، خصوصاً آخری معرکہ نہایت سخت تھا، لیکن میدان مسلمانون کے ہاتھ رہا، [1] غنیم کے پاؤن اُکھڑ گئے اور مسلمان ضلع اردن کے تمام شہر اور مقامات پر قابض ہو گئے، رعایا ذمی قرار دی گئی اور ہر جگہ اعلان کر دیا گیا کہ مفتوحین کی جان، مال، زمین، مکانات، گرجے، عبادت گاہین سب محفوظ رہین گی،

دمشق اور اردن مفتوح ہو جانے کے بعد مسلمانون نے حمص کا رُخ کیا، راہ مین بعلبک حماۃ، شیرز اور معرۃ النعمان فتح کرتے ہوئے حمص پہونچے اور اس کا محاصرہ کر لیا، حمص والون نے ایک مدت تک مدافعت کرنے کے بعد مصالحت کر لی، ابو عبیدہ سپہ سالار اعظم نے عبادہ بن صامت کو وہان متعین کر کے لاذقیہ کا رُخ کیا اور ایک خاص تدبیر سے اُس کے مستحکم قلعون پر قبضہ کر لیا،

حمص کی فتح کے بعد اسلامی فوجون نے خاص ہرقل کے پایہ تخت انطاکیہ کا رُخ کیا، لیکن بارگاہ خلافت سے حکم پہونچا کہ اس سال آگے بڑھنے کا ارادہ نہ کیا جائے، اس لیے فوجین واپس آگئین، [2]

میدان یرموک اور شام کی قسمت کا فیصلہ

دمشق، حمص، اور لاذقیہ کی مہم اور متواتر ہزیمتون نے قیصر کو سخت برہم کیا اور وہ نہایت جوش و خروش کے ساتھ مسلمانون کے مقابلہ مین اپنی شہنشاہی کا

---

[1] طبری ص ۲۱۵۸ [2] فتوح الشام ازدی صفحہ ۱۳۱،

پورا زور صرف کرنے پر آمادہ ہوا، چنانچہ اس کی کوشش سے انطاکیہ مین فوجون کا ایک طوفان اُمنڈ آیا،

حضرت ابو عبیدہ رضؓ نے اس طوفان کو روکنے کیلیئے افسرون سے مشورہ لیکر تمام ممالک مفتوحہ کو خالی کرکے دمشق مین اپنی قوت مجتمع کی اور ذمیون سے جو کچھ جزیہ وصول کیا گیا تھا سب واپس کردیا گیا[1]، کیونکہ اب مسلمان اُن کی حفاظت سے مجبور تھے، اس واقعہ کا عیسائیون اور یہودیون پر اسقدر اثر ہوا کہ وہ روتے تھے اور جوش کے ساتھ کہتے تھے کہ خدا تم کو جلد واپس لائے،

حضرت عمر رضؓ کو مسلمانون کے مفتوحہ مقامات سے ہٹ کر چلے آنے کی خبر ملی تو پہلے بہت رنجیدہ ہوئے لیکن جب معلوم ہوا کہ تمام افسرون کی یہی رائے تھی تو فی الجملہ تسلی ہوئی اور فرمایا کہ خدا کی اسی مین مصلحت ہوگی، سعید بن عامر کو ایک ہزار کی جمعیت کے ساتھ مدد کیلیے روانہ کیا اور قاصد سے کہا کہ خود ایک ایک صف مین جاکر زبانی یہ پیغام پہونچانا،

"الا عمر[2] یقرئک السلام ویقول لکم یا اہل الاسلام اصدقوا اللقاء وشدوا علیہم شد اللیوث ولیکونوا اھون علیکم من الذر فانا قد علمنا انکم علیہم منصورون"۔

اردن کے حدود مین یرموک کا میدان ضروریاتِ جنگ کے لحاظ سے نہایت باموقع تھا، اس لیے اس عظیم الشان کارزار کے لیے اسی میدان کو منتخب کیا گیا، رومیون کی تعداد دو لاکھ تھی اُس کے مقابلہ مین مسلمانون کی تعداد صرف تین بتیس ہزار تھی لیکن سب کے سب

---

[1] کتاب الخراج قاضی ابو یوسف صفحہ ۸۱،

[2] ترجمہ، اے برادرانِ اسلام! عمرؓ نے بعد سلام کے تمکو یہ پیغام دیا ہے کہ پوری سرگرمی کیساتھ جنگ کرو، اور دشمنون پر شیر دن کیطرح حملہ آور ہو اور تمکو چیونٹیون سے زیادہ حقیر معلوم ہون، ہمکو یقین کامل ہے کہ خدا کی نصرت تمھارے ساتھ ہے اور آخر فتح تمھارے ہاتھ ہے،

یگانۂ روزگار تھے، اس فوج کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ تقریباً ایک ہزار ایسے بزرگ تھے جنھون نے رسول اللہؐ کا جمال مبارک دیکھا تھا اور سو وہ تھے جو غزوۂ بدر مین حضور خیر الانامؐ کے ہمرکاب رہ چکے تھے، اسیطرح دوسرے مجاہدین بھی ایسے قبائل سے تعلق رکھتے تھے جو اپنی شجاعت اور سپہگری مین نظیر نہین رکھتے تھے،

یرموک کا پہلا معرکہ بے نتیجہ رہا، پانچوین رجب ۱۵ھ کو دوسرا معرکہ پیش آیا، رومیون کے جوش کا یہ عالم تھا کہ تیس ہزار آدمیون نے پانون مین بیڑیان پہن لی تھین کہ بھاگنے کا خیال تک نہ آئے، ہزارون پادری اور بشپ ہاتھون مین صلیب لیے آگے آگے تھے اور حضرت عیسیٰؑ کا نام لے لیکر جوش دلاتے تھے، غرض رومیون نے بڑے جوش سے حملہ کیا، لیکن انجام کار مسلمانون کی ثابت قدمی اور پامردی کے آگے اُن کے پانون اُکھڑ گئے، تقریباً ایک لاکھ عیسائی کھیت رہے، مسلمانون کی طرف تین ہزار کا نقصان ہوا، قیصر کو اس ہزیمت کی خبر ملی تو حسرت و افسوس کے ساتھ شام کو الوداع کہکر قسطنطنیہ کی طرف روانہ ہوگیا،[1] حضرت عمرؓ نے مژدۂ فتح سنا تو اسی وقت سجدہ مین گر کر خدا کا شکر ادا کیا،

فتحِ یرموک کے بعد اسلامی فوجین تمام اطرافِ ملک مین پھیل گئین اور قنسرین، انطاکیہ، جومہ، سرمین، توزی، قورس، تل عزاز، دلوک، رعیان وغیرہ چھوٹے چھوٹے مقامات نہایت آسانی کے ساتھ فتح ہوگئے،

بیت المقدس — فلسطین کی مہم پر حضرت عمرو بن العاصؓ مامور ہوے تھے اُنھون نے نابلس، لد، عمواس، بیت جبرین وغیرہ بڑے شہرون پر قبضہ کرکے ۱۶ھ مین بیت المقدس کا محاصرہ کیا، اس اثنا مین حضرت ابوعبیدہؓ بھی اپنی مہمات سے فارغ ہوکر شریک ہوگئے، بیت المقدس کے

[1] فتوح البلدان بلاذری ص ۱۴۳، واقعات کی تفصیل ازدی سے ماخوذ ہے،

عیسائیون نے کچھ دنون کی مدافعت کے بعد مصالحت پر آمادگی ظاہر کی اور مزید اطمینان کیلیے، خواہش ظاہر کی کہ خود امیر المومنین یہان آئین اور اپنے ہاتھ سے معاہدہ لکھین لیکن حضرت عمرؓ کو خبر دی گئی تو اُنھون نے اکابر صحابہ سے مشورہ کرکے حضرت علیؓ کو نائب مقرر کیا اور رجب ۱۶ھ مین مدینہ سے روانہ ہوگئے[1]

بیت المقدس کا سفر

حضرت عمرؓ نہایت سادگی کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہوکر جابیہ پہونچے یہان افسرون نے استقبال کیا اور دیر تک قیام کرکے بیت المقدس کا معاہدہ صلح ترتیب دیا، پھر وہان سے روانہ ہوکر بیت المقدس مین داخل ہوئے، پہلے مسجد تشریف لے گئے پھر عیسائیون کے گرجا کی سیر کی، نماز کا وقت ہوا تو عیسائیون نے گرجا مین نماز پڑھنے کی اجازت دی، لیکن حضرت عمرؓ نے اس خیال سے کہ آیندہ نسلین اس کو حجت قرار دے کر مسیحی معبد مین دست اندازی نکرین باہر نکل کر نماز پڑھی[2]

بیت المقدس سے واپسی کے وقت حضرت عمرؓ نے تمام ملک کا دورہ کیا، سرحدون کا معاینہ کرکے ملک کی حفاظت کا انتظام کیا اور بخیر و خوبی مدینہ تشریف لائے،

متفرق معرکے اور فتوحات

بیت المقدس کی فتح کے بعد بھی متفرق معرکے پیش آئے، اہل جزیرہ کی ستعدی اور ہرقل کی اعانت سے عیسائیون نے دوبارہ حمص پر کوشش صرف کی، لیکن ناکام رہے، فلسطین کے اضلاع مین سے قیساریہ نہایت آباد اور پر رونق شہر تھا، ۱۳ھ ہجری مین عمرو بن العاص رضنے چڑھائی کی اور اسکے بعد ۱۹ھ تک متواتر حملون کے باوجود فتح نہوسکا، آخر ۱۹ھ کے اخیر مین امیر معاویہؓ نے ایک یہودی کی مدد سے قلعہ پر قبضہ کرلیا اور شہر پر اسلامی پرچم لہرانے لگا، جزیرہ پر ۱۶ھ مین عبداللہ بن المعتم نے فوج کشی کی،

[1] طبری ۲۴۰۴ [2] فتوح البلدان بلاذری ۱۴۷

تکریت کا ایک مہینہ تک محاصرہ رہا، چوبیس دفعہ حملے ہوئے آخر کار حسن تدبیر سے سخر ہو گیا،
باقی علاقون کو عیاض بن غنم نے فتح کیا، اسی طرح ۱۶ھ مین مغیرہ بن شعبہ نے خوزستان
پر حملہ کیا، ۱۷ھ مین وہ معزول ہوئے اور اُن کی جگہ ابو موسیٰ اشعری مقرر ہوئے، انھون نے
نئے سر و سامان سے حملہ کیا اور اہواز، مناذر، سوس، رامہرز کو فتح کرتے ہوئے خوزستان کے
صدر مقام شوستر کا رُخ کیا، یہ نہایت مستحکم اور قلعبند مقام تھا، لیکن ایک شخص کی رہنمائی سے
سلمانون نے تہ خانہ کی راہ سے گھسکر اُسکو مسخر کرلیا، یہان کا سردار ہرمزان گرفتار ہو کر مدینہ
روانہ کیا گیا، اُس نے وہان پہنچکر اسلام قبول کیا، حضرت عمرؓ نہایت خوش ہوئے، خاص
مدینہ مین رہنے کی اجازت دی اور دو ہزار سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا،

فتوحات مصر | حضرت عمرو بن العاصؓ نے اصرار کے ساتھ فاروق اعظمؓ سے اجازت لے کر
چار ہزار فوج کے ساتھ مصر پر حملہ کیا، اور فرما، بلبیس، ام دنین وغیرہ کو فتح کرتے ہوئے فسطاط
کے قلعہ کا محاصرہ کرلیا اور حضرت عمرؓ کو امدادی فوج کیلئے لکھا، اُنھون نے دس ہزار فوج اور
چار افسر بھیجے، افسرون کے نام یہ ہین، زبیر بن العوامؓ، عبادہ بن صامتؓ، مقداد بن عمرؓ،
سلمہ بن مخلدؓ، حضرت عمرو بن عاصؓ نے حضرت زبیرؓ کو اُن کے رتبہ کے لحاظ سے افسر بنایا،
سات مہینے کے بعد حضرت زبیرؓ کی غیر معمولی شجاعت سے قلعہ سخر ہوا، وہان سے فوجین
اسکندریہ کی طرف بڑھین، مقام کریون مین ایک سخت جنگ ہوئی، یہان بھی عیسائیون کو
شکست ہوئی اور سلمانون نے اسکندریہ پہونچکر دم لیا اور ایک عرصہ کے محاصرہ کے
بعد اُسکو بھی فتح کر لیا، حضرت عمرؓ نے مژدۂ فتح سنا تو سجدہ مین گر پڑے اور خدا کا شکر ادا کیا[2]،
فتح اسکندریہ کے بعد تمام مصر پر اسلام کا سکہ بیٹھ گیا اور بہت سے قبطی برضا و رغبت

[1] عقد الفرید من عبد ربہ باب المکیدۃ فی الحرب [2] مقریزی جلد ۱ صفحہ ۲۶۷،

حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے،

شہادت مغیرہ بن شعبہؓ کے ایک پارسی غلام فیروز نامی نے جسکی کنیت ابولولوء تھی حضرت عمرؓ سے اپنے آقا کے بھاری محصول مقرر کرنے کی شکایت کی چونکہ شکایت بیجا تھی اس لیے حضرت عمرؓ نے توجہ نہ کی، اسپر وہ سخت ناراض ہوا، اور صبح کی نماز مین خنجر لیکر اچانک حملہ کردیا اور متواتر چھ وار کیئے، حضرت عمرؓ زخم کے صدمے سے گر پڑے اور حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے نماز پڑھائی، حضرت عمرؓ کو اس حادثہ مین ایسا زخم کاری لگا تھا کہ اُس سے جانبر نہ ہوسکے، لوگون کے اصرار سے اُنھون نے چھ شخصون کو منصبِ خلافت کیلیئے نامزد کیا کہ ان مین سے کسی کو اس منصب کے لیے منتخب کرلیا جائے، اُن لوگون کے نام یہ ہین علیؓ، عثمانؓ، زبیرؓ، طلحہؓ، سعد وقاصؓ، عبدالرحمن بن عوفؓ اس مرحلہ سے فارغ ہونے کے بعد حضرت عائشہؓ سے رسول اللہؐ کے پہلو مین مدفون ہونے کی اجازت لی[۱]

مہاجرین، انصار، اعراب اور اہل ذمہ کے حقوق کی طرف توجہ دلائی[۲] اس کے بعد اپنے صاحبزادہ عبداللہ کو وصیت کی کہ مجھ پر جسقدر قرض ہو اگر وہ میرے متروکہ مال سے ادا ہوسکے تو بہتر ہے، ورنہ خاندانِ عدی سے درخواست کرنا اور اگر اُن سے نہ ہوسکے تو کل قریش سے، لیکن قریش کے سوا اور کسی کو تکلیف ندینا، غرض اسلام کا سب سے بڑا ہیرو ہر قسم کی ضروری وصیتون کے بعد تین دن بیمار رہ کر محرم کی پہلی تاریخ ہفتہ کے دن ۲۴ سنہ ہجری مین واصل بحق ہوا اور اپنے محبوب آقا کے پہلو مین ہمیشہ کے لیے میٹھی نیند سو رہا، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

ازواج واولاد حضرت عمرؓ نے مختلف اوقات مین متعدد نکاح کیے اُن کے ازواج کی تفصیل یہ ہے،

---

[۱] مستدرک جلد ۳ صفحہ ۹۱ [۲] ایضاً ۹۱، و ۹۳،

زینب[1] ہمشیرہ عثمان بن مظعون مکہ مین مسلمان ہوکر مرین، قریبہ[2] بنت میتہ المخزومی مشرکہ ہونیکے باعث انکو طلاق دیدی تھی، ملیکہ بنت جرول مشرکہ ہونیکی وجہ سے ان کو بھی طلاق دیدی، جمیلہ[4] کسی وجہ سے ان کو بھی طلاق دیدی، عاتکہ بنت زیدان کا نکاح پہلے عبداللہ بن ابی بکرؓ سے ہوا تھا پھر حضرت عمرؓ کے نکاح مین آئین، ام کلثوم، رسول اللہؐ کی نواسی اور حضرت فاطمہؓ کی نوردیدہ تھین، حضرت عمرؓ نے خاندان نبوت سے تعلق پیدا کرنے کے لیے سنہ ۱۷ھ مین چالیس ہزار مہر پر نکاح کیا،

حضرت عمرؓ کی اولاد مین حضرت حفصہؓ اس لحاظ سے سب سے ممتاز ہین کہ وہ رسول اللہ صلعم کے ازواج مطہرات مین داخل تھین، حضرت عمرؓ نے اپنی کنیت بھی ان ہی کے نام پر رکھی تھی، اولاد ذکور کے نام یہ ہین عبداللہ، عبیداللہ، عاصم، ابو شحمہ، عبدالرحمن، زید، مجیر، ان سب مین عبداللہ، عبیداللہ اور عاصم اپنے علم و فضل اور مخصوص اوصاف کے لحاظ سے نہایت مشہور ہین[5]،

---

[5] طبقات ابن سعد تذکرہ عمر بن الخطاب رضؓ

فاروقی کارنامے

فتوحات پر اجمالی نظر

فتوحات کی جو تفصیل اوپر گذر چکی ہے اس سے تمکو معلوم ہوا ہوگا کہ مسلمانون نے اپنے جوش، ثبات اور استقلال کے باعث حضرت عمرؓ کے دہ سالہ عہدِ خلافت مین روم وایران کے دفتر الٹ دیے، لیکن کیا تاریخ کوئی ایسی مثال پیش کرسکتی ہے کہ چند صحرا نشینون نے اس قدر قلیل مدت مین ایسا عظیم الشان انقلاب پیدا کردیا ہو؟ بے شبہ سکندر، چنگیز اور تیمور نے تمام عالم کو تہ وبالا کردیا تھا لیکن اُن کے فتوحات کو فاروق اعظمؓ کی کشورستانی سے کوئی مناسبت نہ تھی، وہ لوگ ایک طوفان کی طرح اُٹھے اور ظلم وخونخواری کے مناظر دکھاتے ہوے ایک طرف سے دوسری طرف کو گذر گئے، چنگیز اور تیمور کا حال تو سب کو معلوم ہے، سکندر کی یہ کیفیت ہے کہ اُس نے ملک شام مین شہر صور فتح کیا تو ایک ہزار شہریون کے سر کاٹ کرکے شہر پناہ کی دیوار پر لٹکا دیے اور تیس ہزار بیگناہ مخلوق کو لونڈی غلام بناکر بیچ ڈالا، اسیطرح ایران مین اصطخر کو مسخر کیا تو تمام مردون کو قتل کرادیا، برخلاف اسکے حضرت عمرؓ کے فتوحات مین ایک واقعہ بھی ظلم وتعدی کا نہین ملتا، فوج کو خاص طور پر ہدایت تھی کہ بچون، بوڑھون اور عورتون سے مطلق تعرض نہ کیا جائے، قتل عام تو ایک طرف درختون کے کاٹنے تک کی اجازت نہ تھی، مسلمان حکام مفتوحہ اقوام کے ساتھ ایسا اچھا عدل وانصاف کرتے تھے اور اس طرح اخلاق سے پیش آتے تھے کہ تمام رعایا اُن کی گرویدہ ہوجاتی اور اسلامی حکومت کو خدا کی رحمت تصور کرتی تھی، صرف یہی نہین بلکہ وہ لوگ جوشِ اتحاد مین مسلمانون کی اعانت ومساعدت سے بھی دریغ نہین کرتے تھے، فتوحاتِ شام مین خود شامیون نے جاسوسی اور

خبر رسانی کی خدمت انجام دی[1]، حملہ مصر مین خود قبطیون نے سفر مینا کا کام کیا[1]، اسیطرح عراق مین خود عجمیون نے اسلامی لشکر کیلیے پل بندھوا دیے اور غنیم کے راز سے مطلع کرکے نہایت گران قدر خدمات انجام دین، ان حالات کی موجودگی مین سکندر اور چنگیز جیسے سفاکون کا نام لینا کسقدر بے موقع ہے، سکندر اور چنگیز کی سفاکیان فوری فتوحات کیلیے مفید ثابت ہوئین لیکن جس سلطنت کی بنیاد ظلم و تعدی پر ہوتی ہے وہ کبھی دیرپا نہین ہوسکتی، چنانچہ ان لوگونکی سلطنتین بھی نقش برآب ثابت ہوئین، برخلاف اسکے فاروق اعظمؓ نے جو وسیع سلطنت قائم کی اُس کی بنیاد عدل، انصاف اور سالمت پر قائم ہوئی تھی اس لیے وہ آج تیرہ سو برس کے بعد بھی اسی طرح اُن کے جانشینون کے قبضہ اقتدار مین موجود ہے،

یورپین مورخین عہد فاروقی کے اس بدیع المثال کارنامے کی اہمیت کم کرنے کے لیے بیان کرتے ہین کہ اس وقت فارس و روم کی دونون سلطنتین طوائف الملوکی اور مسلسل بدنظمیون کے باعث اوجِ اقبال سے گر چکی تھین لیکن سوال یہ ہے کہ کیا دنیا کی ایسی زبردست سلطنتین بادشاہون کے ادل بدل اور معمولی اختلافات سے اس درجہ کمزور ہوگئی تھین کہ ریگستانِ عرب کی ایک بے سروسامان اور خانہ بدوش قوم کے مقابلہ سے بھی عاجز تھین؟ ہم مانتے ہین کہ روم و ایران مین قسطنطین اعظم اور خسرو پرویز کا جاہ و جلال نہ تھا تاہم ان سلطنتون کا عرب جیسی بے سروسامان قوم سے ٹکرا کر پرزے پرزے ہوجانا دنیا کا ایک عجیب و غریب واقعہ ہے اور ہم کو اس کا راز ان سلطنتون کی کمزوری مین نہین بلکہ اسلامی نظامِ خلافت اور خلیفہ وقت کے طرزِ عمل مین تلاش کرنا چاہیے،

نظامِ خلافت اسلام مین خلافت کا سلسلہ گو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد سے شروع ہوا اور

---

[1] بلاذری ص ۱۲۸ [2] مقریزی ج ۱ صفحہ ۲۶۳

اُن کے قلیل زمانہ خلافت مین بھی بڑے بڑے کام انجام پائے، لیکن منتظم اور باقاعدہ حکومت کا آغاز حضرت عمرؓ کے عہد سے ہوا اُنھون نے نہ صرف قیصر و کسریٰ کی وسیع سلطنتون کو اسلام کے ممالک محروسہ مین شامل کیا بلکہ حکومت و سلطنت کا باقاعدہ نظام بھی قائم کیا اور اُس کو اس قدر ترقی دی کہ حکومت کے جسقدر ضروری شعبے ہین سب اُن کے عہد مین وجود پذیر ہو چکے تھے، لیکن قبل اس کے کہ ہم نظامِ حکومت کی تفصیل بیان کرین، یہ بتا دینا ضروری سمجھتے ہین کہ اس حکومت کی ترکیب اور ساخت کیا تھی؟

حضرت عمرؓ کی خلافت موجودہ زمانہ کی جمہوری طرزِ حکومت سے مشابہ تھی یعنی تمام ملکی و قومی مسائل مجلس شوریٰ مین پیش ہو کر طے پاتے تھے، اس مجلس مین مہاجرین و انصار کے منتخب و اکابر اہل الرائے شریک ہوتے تھے، اور بحث و مباحثہ کے بعد اتفاقِ آرا یا کثرتِ رائے سے تمام امور کا فیصلہ کرتے تھے، اس مجلس کے ممتاز اور مشہور ارکان یہ ہین، حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت زید بن ثابتؓ[۱]،

مجلس شوریٰ کے علاوہ ایک مجلس عام بھی تھی جسمین مہاجرین و انصار کے علاوہ تمام سردارانِ قبائل شریک ہوتے تھے، یہ مجلس عموماً نہایت اہم امور کے پیش آجانے پر طلب کی جاتی تھی ورنہ روزمرہ کے کاروبار مین مجلس شوریٰ کا فیصلہ کافی ہوتا تھا، ان دونون مجلسون کے سوا ایک تیسری مجلس بھی تھی جسکو ہم مجلس خاص کہہ سکتے ہین، اس مین صرف مہاجرین صحابہ شریک ہوتے تھے،[۲]

مجلس شوریٰ کے انعقاد کا عام طریقہ یہ تھا کہ منادی "الصّلوٰۃ جامعۃ" کا اعلان کرتا تھا

---

[۱] کنز العمال ج ۳ ص ۱۳۴ [۲] فتوح البلدان بلاذری ص ۲۷۶،

لوگ مسجد مین جمع ہو جاتے تھے تو حضرت عمرؓ دو رکعت نماز پڑھ کر مسئلہ بحث طلب کے متعلق مفصل خطبہ دیتے تھے اُس کے بعد ہر ایک کی راے دریافت کرتے تھے[1]،

حکومت جمہوری کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہر شخص کو اپنے حقوق کی حفاظت اور اغراض کے علانیہ اظہار کا موقع دیا جائے نیز حاکم کے اختیارات محدود ہون اور اُس کے طریق عمل پر ہر شخص کو نکتہ چینی کا حق ہو، حضرت عمرؓ کی خلافت ان تمام امور کی جامع تھی ہر شخص آزادی کے ساتھ اپنے حقوق کا مطالبہ کرتا تھا، اور خلیفۂ وقت کے اختیارات کے متعلق خود حضرت عمرؓ نے متعدد موقعون مین تصریح کردی تھی کہ حکومت کے لحاظ سے اُن کی کیا حیثیت ہے؟ نمونہ کے لیئے ایک تقریر کے چند فقرے درج ذیل ہین،

انما انا وما لکم کولی الیتیم ان استغنیت	مجھ کو تمھارے مال مین اسیطرح کا حق ہے جسطرح یتیم کے مال مین
استعففت وان افتقرت اکلت بالمعروف،	اُس کے مربی کا ہوتا ہے اگر مین دولتمند ہون گا تو کچھ نہ لون گا،
لکم علی ایہا الناس خصال فخذونی	اور اگر صاحب حاجت ہون گا تو اندازے سے کھانیکے لیے لون گا،
بہا لکم علی ان لا اجتبی شئیاً من خراجکم	صاحبو! میرے اوپر تمھارے متعدد حقوق ہین جن کا تم کو
ولا مما افاء اللہ علیکم الا من وجہہ، لکم	مجھ سے مواخذہ کرنا چاہیئے، ایک یہ کہ ملک کا خراج اور مال
علی اذا وقع فی یدی ان لا یخرج	غنیمت بیجا طور سے نہ جمع کیا جاے، ایک یہ کہ وہ میرے
منی الا فی حقہ ولکم علیّ ان ازید فی اعطیاتکم	ہاتھ سے بیجا طور پر صرف ہونے پائے، ایک یہ کہ تمھارے
واسد ثغورکم ولکم علی ان لا القیکم فی	روزینے بڑھاؤن اور تمھاری سرحدون کو محفوظ رکھون
المھالک[2]	اور یہ کہ تم کو خطرون مین نہ ڈالون،

مذکورۂ بالا تقریر صرف دلفریب خیالات کی نمائش نہ تھی، بلکہ حضرت عمرؓ نہایت سختی کے

---

[1] تاریخ طبری ص ۲۷۴۰، ۲۵ [2] کتاب الخراج ص ۶۷،

ساتھ اسپر عامل بھی تھے، واقعاتِ ذیل اس کی حرف بحرف تصدیق کرتے ہین، ایک دفعہ حضرت حفصہؓ آپ کی صاحبزادی اور رسول اللہؐ کی زوجۂ مطہرہ یہ خبر سُن کر کہ مالِ غنیمت آیا ہے، حضرت عمرؓ کے پاس آئین اور کہا کہ امیر المومنین مین ذوی القربی مین سے ہون اس لیے اس مال مین سے مجھکو بھی کچھ عنایت کیجیے، حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ "بیشک تم میرے خاص مال مین حق رکھتی ہو، لیکن یہ تو عام مسلمانون کا مال ہے، افسوس تم نے اپنے باپ کو دھوکا دینا چاہا،" وہ بیچاری خفیف ہوکر چلی گئین[1]، ایک دفعہ خود بیمار پڑے، لوگون نے علاج مین شہد تجویز کیا، بیت المال مین شہد موجود تھا لیکن بلا اجازت نہین دے سکتے تھے، مسجد نبوی مین جاکر لوگون سے کہا کہ "اگر آپ اجازت دین تو تھوڑا سا شہد لے لون[2]"، ان چھوٹی چھوٹی باتون مین جب حضرت عمرؓ کی احتیاط کا یہ حال تھا تو ظاہر ہے کہ مہمات امور مین وہ کس قدر محتاط ہون گے،

حضرت عمرؓ نے لوگون کو حکام پر نکتہ چینی کرنے کی ایسی عام آزادی دی تھی کہ معمولی سے معمولی آدمی کو بھی خود خلیفۂ وقت پر اعتراض کرنے مین باک نہین ہوتا تھا، ایک موقع پر ایک شخص نے کئی بار حضرت عمرؓ کو مخاطب کرکے کہا، اتق اللہ یا عمر یعنی اے عمر خدا سے ڈر، حاضرین مین سے ایک شخص نے اسکو روکنا چاہا لیکن حضرت عمرؓ نے فرمایا نہین ا کہنے دو اگر یہ لوگ نہ کہین تو یہ بے مصرف ہین اور ہم نہ مانین تو ہم، یہ عام آزادی صرف مردون تک محدود نہ تھی، بلکہ عورتین بھی مردون کے قدم بقدم تھین، ایک دفعہ حضرت عمرؓ زرِ مہر کے متعلق تقریر فرمارہے تھے، ایک عورت نے اثنائے تقریر مین ٹوک دیا اور کہا اتق اللہ یا عمر یعنی اے عمر خدا سے ڈر، حضرت عمرؓ نے اعتراف کے طور پر کہا کہ ایک عورت بھی عمر سے زیادہ جانتی ہے

---

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۵۰، [2] ایضاً جلد ۶ صفحہ ۳۵۳، [3] کتاب الخراج ص ۷

حقیقت یہ ہے کہ آزادی اور مساوات کی یہی عام ہوا تھی جس نے حضرت عمرؓ کی خلافت کو اس درجہ کامیاب کیا اور مسلمانون کو جوش، استقلال اور عزم و ثبات کا مجسم پتلا بنا دیا تھا

خلافت فاروقی کی ترکیب اور ساخت بیان کرنے کے بعد اب ہم انتظامات ملکی کی طرف متوجہ ہوتے ہین اور دکھانا چاہتے ہین کہ فاروق اعظمؓ نے اپنے عہدِ مبارک مین خلافت اسلامیہ کو کس طرح منتظم اور باقاعدہ بنا دیا تھا؟ اور کس طرح حکومت کی ہر ایک شاخ کو مستقل محکمہ کی صورت مین قائم کر دیا تھا؟

نظامِ حکومت کے سلسلہ مین سب سے پہلا کام ملک کا صوبون اور ضلعون مین تقسیم کرنا ہے، اسلام مین سب سے پہلے حضرت عمرؓ نے اسکی ابتدا کی اور تمام ممالک مفتوحہ کو آٹھ صوبون پر تقسیم کیا، مکہ، مدینہ، شام، جزیرہ، بصرہ، کوفہ، مصر، فلسطین، ان صوبون کے علاوہ تین صوبے اور تھے، خراسان، آذربائیجان، فارس ہر صوبہ مین مفصلۂ ذیل بڑے بڑے عہدہ دار رہتے تھے، والی یعنی حاکمِ صوبہ، کاتب یعنی میر منشی، کاتب دیوان یعنی فوجی محکمہ کا میر منشی، صاحب الخراج یعنی کلکٹر، صاحب احداث یعنی افسر پولیس، صاحب بیت المال یعنی افسرِ خزانہ، قاضی یعنے جج، چنانچہ کوفہ مین عمار بن یاسرؓ والی، عثمان بن حنیفؓ کلکٹر، عبداللہ بن مسعودؓ افسرِ خزانہ، شریحؒ قاضی، عبداللہ بن الخزاعیؓ کاتبِ دیوان تھے[1]،

بڑے بڑے عہدہ دارون کا انتخاب عموماً مجلس شوریٰ مین ہوتا تھا، حضرت عمرؓ کسی لایق راستباز اور متدین شخص کا نام پیش کرتے تھے اور چونکہ حضرت عمرؓ مین فطری طور پر جوہر شناسی کا مادہ ودیعت کیا گیا تھا اس لیے ارباب مجلس عموماً اُن کے حسنِ انتخاب کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور اس شخص کے تقرر پر اتفاقِ راے کر لیتے تھے، چنانچہ نہاوند کی

---

[1] طبری ص ۲۶۷۱،

عظیم الشان مہم کے لیے نعمان بن مقرنؓ کا اسی طریقہ سے انتخاب ہوا تھا[1]

احتساب | خلیفۂ وقت کا سب سے بڑا فرض حکام کی نگرانی اور تمام قوم کے اخلاق وعادات کی حفاظت ہے، حضرت عمرؓ اس فرض کو نہایت اہتمام کے ساتھ انجام دیتے تھے، وہ اپنے ہر عامل سے عہد لیتے تھے کہ ترکی گھوڑے پر سوار نہو گا، باریک کپڑے نہ پہنے گا، چھنا ہوا آٹا نہ کھائیگا، دروازے پر دربان نہ رکھے گا، اہل حاجت کے لیے دروازہ ہمیشہ کھلا رہیگا[2] اسی کے ساتھ اُس کے مال واسباب کی فہرست تیار کرا کے محفوظ رکھتے تھے اور جب کبھی کسی عامل کی مالی حالت مین غیر معمولی ترقی ہوتی تھی تو جائزہ لیکر آدھا مال بٹا لیتے تھے[3] اور بیت المال مین داخل کر لیتے تھے، ایک دفعہ اکثر عمال اس بلا مین مبتلا ہوئے، خالد بن صعق نے اشعار کے ذریعہ سے حضرت عمرؓ کو اطلاع دی، اُنھون نے سب کی موجودات کا جائزہ لیکر آدھا آدھا مال بٹا لیا اور بیت المال مین داخل کر لیا، موسم حج مین اعلان عام تھا کہ جس عامل سے کسی کو شکایت ہو وہ فوراً بارگاہِ خلافت مین پیش کرے[4]، چنانچہ ذرا ذرا سی شکایتین پیش ہوتی تھین اور تحقیقات ہو کر اس کا تدارک کیا جاتا تھا، ایک دفعہ ایک شخص نے شکایت کی کہ آپ کے فلان عامل نے مجھکو بے قصور کوڑے مارے ہین، حضرت عمرؓ نے مستغیث کو حکم دیا کہ وہ مجمع عام مین اس عامل کو سو کوڑے لگائے، حضرت عمرو بن العاصؓ نے التجا کی کہ عمال پر یہ امر گران ہو گا، حضرت عمرؓ نے فرمایا "یہ نہین ہو سکتا ہے کہ مین ملزم سے انتقام نہ لون" عمرو بن العاصؓ نے منت سماجت کر کے مستغیث کو راضی کیا کہ ایک ایک تازیانے کے عوض دو دو اشرفی لیکر اپنے حق سے باز آئے[5]"

حضرت خالد سیف اللہؓ جو اپنی جانبازی اور شجاعت کے لحاظ سے تاج اسلام کے

---

[1] استیعاب تذکرہ نعمان [2] طبری صفحہ ۲۷۴۷ [3] فتوح البلدان ۲۱۹ [4] تاریخ طبری صفحہ ۲۷۶۰ [5] کتاب الخراج ص ۶۶

گوہر شاہوار اور اپنے زمانہ کے نہایت ذی عزت اور باافر بزرگ تھے محض اس لیے معزول کردیے گئے کہ اُنھون نے ایک شخص کو انعام دیا ہے، حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی تو اُنھون نے حضرت ابو عبیدہؓ سپہ سالار اعظم کو لکھا کہ خالد نے یہ انعام اپنی گرہ سے دیا تو اسراف کیا اور بیت المال سے دیا تو خیانت کی، دونون صورتون مین وہ معزولی کے قابل ہین[1]

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ جو بصرہ کے گورنر تھے اُن کی شکایتین گذرین کہ "اُنھون نے اسیران جنگ مین سے ساٹھ رئیس زادے منتخب کرکے اپنے لیے رکھ چھوڑے ہین، دوسری شکایت یہ تھی کہ اُنھون نے کاروبار حکومت زیاد بن سفیان کے سپرد کر رکھا ہے، تیسری شکایت یہ تھی کہ اُن کے پاس ایک لونڈی ہے جسکو نہایت اعلیٰ درجہ کی غذا بہم پہونچائی جاتی ہے حالانکہ عام مسلمانون کو اس قسم کی غذا میسر نہین آسکتی"، حضرت عمرؓ نے ابو موسیٰ اشعریؓ سے مواخذہ کیا تو اُنھون نے دو اعتراضون کا جواب تشفی بخش دیا، لیکن تیسری شکایت کا کچھ جواب نہ دے سکے، چنانچہ لونڈی اُن کے پاس سے لے لی گئی ہے[2]

حضرت سعد بن وقاصؓ نے کوفہ مین ایک محل تعمیر کرایا جسمین ڈیوڑھی بھی تھی، حضرت عمرؓ نے اس خیال سے کہ اس سے اہل حاجت کو رکاوٹ ہوگا، محمد بن سلمہ کو حکم دیا کہ جاکر ڈیوڑھی مین آگ لگادین، چنانچہ اس حکم کی پوری تعمیل ہوئی اور سعد وقاصؓ خاموشی سے دیکھا کیے[3]،

عیاض بن غنم عامل مصر کی نسبت شکایت پہونچی کہ وہ باریک کپڑے پہنتے ہین اور اُن کے دروازہ پر دربان مقرر ہے، حضرت عمرؓ نے محمد بن سلمہ کو تحقیقات پر مامور کیا، محمد بن سلمہ نے مصر پہونچکر دیکھا تو واقعی دروازہ پر دربان تھا اور عیاض باریک کپڑے پہنے تھے، اسی ہیئت اور لباس مین ساتھ لیکر مدینہ آئے، حضرت عمرؓ نے اُن کا باریک کپڑا اتروا دیا اور بالون کا کرتہ

---

[1] ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۴۱۸ [2] طبری ص ۱۲-۲۷۱۱ [3] کنز العمال ج ۶ صفحہ ۳۵۵

پہنا کر جنگل مین بکری چرانے کا حکم دیا، عیاض کو انکار کی مجال نہ تھی مگر بار بار کہتے تھے کہ اس سے مرجانا بہتر ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ یہ تو تمھارا آبائی پیشہ ہے، اس مین عار کیون ہے؟ غرض عیاض نے دل سے توبہ کی اور جبتک زندہ رہے اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہے[1]،

حکام کے علاوہ عام مسلمانوں کی اخلاقی اور مذہبی نگرانی کا بھی خاص اہتمام تھا، حضرت عمرؓ جسطرح خود اسلامی اخلاق کا مجسم نمونہ تھے، چاہتے تھے کہ اسی طرح تمام قوم مکارم اخلاق سے آراستہ ہو جائے، اُنھون نے عرب جیسی فخار قوم سے فخر و غرور کی تمام علامتین مٹا دین، یہانتک کہ آقا اور نوکر کی تمیز بالکل اٹھا دی، ایک دفعہ صفوان بن امیہ نے اُن کے سامنے ایک خوان پیش کیا، حضرت عمرؓ نے فقیرون اور غلامون کو ساتھ بٹھا کر کھانا کھلایا، اور فرمایا کہ خدا ان لوگون پر لعنت کرے جنکو غلامون کے ساتھ کھانا کھانے مین عار آتا ہے[2]،

ایک دفعہ حضرت ابی ابن کعبؓ جو بڑے رتبہ کے صحابی تھے مجلس سے اُٹھے تو لوگ ادب اور تعظیم کے خیال سے ساتھ ساتھ چلے، اتفاق سے حضرت عمرؓ آنکلے، یہ حالت دیکھکر ابی ابن کعبؓ کو ایک کوڑا لگایا، اُن کو نہایت تعجب ہوا اور کہا خیر ہے؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا او ما تری فتنة للمتبوع ومذلة للتابع[3] یعنی تمھین معلوم نہین ہے کہ یہ امر متبوع کے لیے فتنہ اور تابع کیلیے ذلت ہے،

شعر و شاعری کے ذریعہ سے ہجو و بدگوئی عرب کا عام مذاق تھا، حضرت عمرؓ نے نہایت سختی سے حکماً اسکو بند کر دیا، حطیہ اس زمانہ کا مشہور ہجو گو شاعر تھا، حضرت عمرؓ نے اس کو قید کر دیا اور آخر اس شرط پر رہا کیا کہ پھر کسی کی ہجو نہین لکھے گا[4]، ہوا پرستی، رندی اور آوارگی کی نہایت

---

[1] کتاب الخراج ص ۶۶، [2] ادب المفرد باب ہل یجلس خادمہ معہ اذا اکل [3] مسند دارمی صفحہ ۷۱، [4] اسد الغابہ تذکرہ زبرقان

شدت سے روک تھام کی، شعرا کو عشقیہ اشعار مین عورتون کا نام لینے سے قطعی طور پر منع کر دیا،
شراب خواری کی سزا سخت کر دی گئی یعنی چالیس دُرے سے اسی دُرے کر دیے گئے،

حضرت عمرؓ کو سب سے زیادہ اس کا خیال تھا کہ لوگ عیش پرستی اور تنعم کی زندگی مین مبتلا ہو کر سادگی کے جوہر سے معرّا نہو جائین، افسرون کو خاص طور پر پارسیون اور عیسائیون کے لباس اور طرزِ معاشرت کے اختیار کرنے پر چشم نمائی فرمایا کرتے تھے، سفر شام مین مسلمان افسرون کے بدن پر حریر و دیبا کے حلے اور پُر تکلف قبائین دیکھکر اسقدر خفا ہوے کہ اُن کو سنگریزے مارے اور فرمایا تم اس وضع مین میرا استقبال کرتے ہو[1]،

حضرت عمرؓ نے مسلمانون کو اخلاق ذمیمہ سے باز رکھنے کے ساتھ ساتھ مکارمِ اخلاق کی بھی خاص طور پر تعلیم دی، آزادی، مساوات اور عزتِ نفس کا خاص خیال رکھتے تھے اور تمام عمال کو ہدایت تھی کہ مسلمانون کو مارا نہ کرین، اس سے وہ ذلیل ہو جائین گے[2]،

ملکی نظم و نسق شام و ایران فتح ہوا تو لوگون کی رائے ہوئی کہ مفتوحہ مقامات امرائے فوج کی جاگیر مین دیدیے جائین، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کہتے تھے کہ جن کی تلوارون نے ملک فتح کیا ہے اُنھین کو قبضہ کا بھی حق ہے، حضرت بلالؓ کو اسقدر اصرار تھا کہ حضرت عمرؓ نے دق ہو کر فرمایا، "اللھم اکفنی بلالا"، خود حضرت عمرؓ کی رائے یہ تھی کہ زمین باشندون کے قبضہ مین رہنے دیجائے، حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت طلحہؓ بھی حضرت عمرؓ کے ہم آہنگ تھے غرض مجلس عام مین یہ مسئلہ پیش ہوا، اور بحث و مباحثہ کے بعد فاروق اعظمؓ کی رائے پر فیصلہ ہوا[3]،

حضرت عمرؓ نے عراق کی پیمائش کرائی، قابلِ زراعت اراضی کا بندوبست کیا، عشر و خراج کا طریقہ قایم کیا، عشر کا طریقہ آنحضرتؐ اور حضرت صدیقؓ کے زمانہ مین جاری ہو چکا

[1] طبری ۲۴۰۳، [2] ابن سعد قسم اول جزو ۳ ص ۲۰۱، [3] کتاب الخراج ص ۱۴، ۱۵

تھا لیکن خراج کا طریقہ اس قدر منضبط نہین ہوا تھا، اسی طرح شام و مصر مین بھی لگان قائم کیا لیکن وہان کا قاعدہ ملکی حالات کے لحاظ سے عراق سے مختلف تھا، تجارت پر عشر یعنی چنگی لگائی گئی، یہ خاص حضرت عمرؓ کی ایجاد ہے جسکی ابتدا یون ہوئی کہ مسلمان جو غیر ممالک مین تجارت کے لیے جاتے تھے اُن کو دس فیصدی ٹکس دینا پڑتا تھا حضرت عمرؓ کو معلوم ہوا تو انھون نے بھی غیر ملکی مال پر ٹکس لگا دیا اسیطرح گھوڑے پر بھی زکوۃ خاص حضرت عمرؓ کے حکم سے قائم کی گئی، ورنہ گھوڑے پہلے مستثنیٰ تھے، اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ نعوذ باللہ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلعم کی مخالفت کی، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت صلعم نے جو الفاظ فرمائے تھے اس سے بظاہر سواری کے گھوڑے مفہوم ہوتے ہین، اس لیے تجارت کے گھوڑے کو مستثنیٰ کرنے کی کوئی وجہ نہ تھی،

حضرت عمرؓ نے تمام ملک مین مردم شماری کرائی، تمام اضلاع مین باضابطہ عدالتین قائم کین، محکمۂ قضا کے لیے اصول و قواعد بنائے، قاضیون کی بیش قرار تنخواہین مقرر کین، کہ لوگ رشوت ستانی سے محفوظ رہین، چنانچہ سلمانؓ، ربیعہؓ اور قاضی شریحؒ کی تنخواہین پانچ پانچ سو درہم ماہانہ تھی[1] اور امیر معاویہؓ کی تنخواہ ایک ہزار دینار تھی[2]، اسیطرح حل طلب مسائل کے لیے محکمۂ افتا قائم کیا، حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، معاذ بن جبلؓ، عبد الرحمن بن عوفؓ، ابی ابن کعبؓ، زید بن ثابتؓ، ابو ہریرہؓ، اور ابو درداؓ اس محکمہ کے ممتاز رکن تھے،

ملک مین امن و امان قائم کرنے کے لیے حضرت عمرؓ نے ایک مستقل محکمہ پولیس کا قائم کیا، اُس کے افسر کا نام صاحب الاحداث تھا، حضرت ابو ہریرہؓ کو بحرین کا صاحب الاحداث بنایا تو اُن کو خاص طور پر ہدایت کی کہ امن و امان قائم رکھنے کے علاوہ احتساب کی خدمت بھی انجام دین، احتساب کے متعلق جو کام ہین مثلاً دوکاندار ناپ تول مین کمی نہ کرین، کوئی

[1] فتح القدیر حاشیہ ہدایہ جلد ۲ صفحہ ۲۴۷، [2] استیعاب تذکرہ امیر معاویہؓ،

شخص شاہراہ پر مکان نہ بنائے، جانوروں پر زیادہ بوجھ نہ لادا جائے، شراب علانیہ نہ بکنے پائے وغیرہ وغیرہ ان تمام امور کا کافی انتظام تھا اور صاحبان احداث (افسران پولیس) اس خدمت کو بھی انجام دیتے تھے،

عہد فاروقی سے پہلے عرب مین جیلخانون کا نام ونشان نہ تھا، حضرت عمرؓ نے اول مکہ معظمہ مین صفوان بن امیہ کا مکان چار ہزار درہم پر خریدا اور اُس کو جیلخانہ بنایا[1]، پھر اور اضلاع مین بھی جیلخانے بنوائے، جلاوطنی کی سزا بھی حضرت عمرؓ ہی کی ایجاد ہے چنانچہ محجن ثقفی کو بار بار شراب پینے کے جرم مین ایک جزیرہ مین جلاوطن کردیا تھا[2]،

بیت المال خلافت فاروقی سے پہلے مستقل خزانہ کا وجود نہ تھا، بلکہ جو کچھ آتا اسی وقت تقسیم کردیا جاتا تھا، ابن سعد کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے ایک مکان بیت المال کے لیے خاص کرلیا تھا لیکن وہ ہمیشہ بند پڑا رہتا تھا، اور اس مین کچھ داخل کرنے کی نوبت ہی نہین آتی تھی، چنانچہ ان کی وفات کے وقت بیت المال کا جائزہ لیا گیا تو صرف ایک درہم نکلا،

حضرت عمرؓ نے تقریباً ۱۵ھ مین ایک مستقل خزانہ کی ضرورت محسوس کی اور مجلس شوریٰ کی منظوری کے بعد مدینہ منورہ مین بہت بڑا خزانہ قائم کیا، دارالخلافہ کے علاوہ تمام اضلاع اور صوبہ جات مین بھی اس کی شاخین قائم کی گئین اور ہر جگہ اس محکمہ کے افسر جداگانہ مقرر ہوئے، مثلاً اصفہان مین خالد بن حارث اور کوفہ مین عبداللہ بن مسعودؓ خاص خزانہ کے افسر تھے،

صوبجات اور اضلاع کے بیت المال مین جسقدر رقم جمع ہوجاتی تھی وہ وہان کے سالانہ

---

[1] مقریزی جلد ۲ صفحہ ۱۸۷، [2] اسد الغابہ ترجمہ ابومحجن ثقفی،

مصارف کے بعد اختتام سال پر صدر خزانہ یعنی مدینہ منورہ کے بیت المال مین منتقل کردی جاتی تھی، صدر بیت المال کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہوسکتاہے کہ دار الخلافہ کے باشندونکی جو تنخواہین اور وظائف مقرر تھے صرف اُس کی تعداد سالانہ تین کرور درہم تھی،

بیت المال کے حساب وکتاب کے لیے مختلف رجسٹر بنوائے، نیز اسوقت تک کسی مستقل سن کا عرب مین رواج نہ تھا، حضرت عمرؓ نے ۱۶ھ مین سنہ ہجری ایجاد کرکے یہ کمی بھی پوری کردی،

تعمیرات اسلام کا دائرۂ حکومت جسقدر وسیع ہوتا گیا، اسی قدر تعمیرات کا کام بھی بڑھتا گیا، حضرت عمرؓ کے عہد مین اسکے لیے کوئی مستقل صیغہ نہ تھا، تاہم صوبہ جات کے عمال اور حکام کی نگرانی مین تعمیرات کا کام نہایت منتظم اور وسیع طور پر جاری تھا، ہر جگہ حکام کے بود و باش کیلیے سرکاری عمارتین تیار ہوئین، رفاہِ عام کے لیے سڑک، پُل اور مسجدین تعمیر کی گیئن، فوجی ضروریات کے لحاظ سے قلعے، چھاؤنیان اور بارکین تعمیر ہوئین، مسافرون کیلیے مہمان خانے بنائے گئے، خزانہ کی حفاظت کیلیے بیت المال کی عمارتین تیار ہوئین، حضرت عمرؓ تعمیرات کے باب مین نہایت کفایت شعار تھے، لیکن وہ بیت المال کی عمارتین عموماً شاندار اور مستحکم بنواتے تھے، چنانچہ کوفہ کے بیت المال کو روزبہ نامی ایک مشہور مجوسی معمار نے بنایا تھا اور اسمین خسروانِ فارس کی عمارت کا مسالہ استعمال کیا گیا تھا،[1]

مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین جو خاص باہمی تعلق ہے اس کے لحاظ سے ضروری تھا کہ ان دونون شہرون کے درمیانی فاصلے کو سہل اور آرام دہ بنا دیا جائے، حضرت عمرؓ نے ۱۷ھ مین اس کی طرف توجہ کی اور مدینہ سے لیکر مکہ تک ہر ہر منزل پر چوکیان، سرائین،

[1] طبری ذکر آبادی کوفہ،

اور چشمے تیار کرائے[1]،

ترقیِ زراعت کے لیے تمام ملک مین نہرین کھدوائی گئین، بعض نہرین ایسی بھی تھین جن کا تعلق محکمۂ زراعت سے نہ تھا، مثلاً نہرِ ابی موسیٰ جو محض بصرہ والون کیلئے شیرین پانی بہم پہونچانے کے خیال سے دجلہ سے کاٹ کر لائی گئی تھی، یہ نہر ۹ میل لمبی تھی[2]، اسی طرح نہرِ معقل جسکی نسبت عربی ضرب المثل ہے اذا جاء نہر اللہ بطل نہر المعقل[3]،

حضرت سعد بن وقاص رض گورنرِ کوفہ نے بھی ایک نہر تیار کرائی جو سعد بن عمرو بن حرام کے نام سے مشہور ہوئی[4]، لیکن اسی سلسلہ مین سب سے بڑی اور فائدہ رسان وہ نہر تھی جو نہرِ امیر المومنین کے نام سے زبان زدِ عام ہوئی اور جس کے ذریعہ سے دریائے نیل کو بحرِ قلزم سے ملا دیا گیا تھا[5]،

مستعمرات | مسلمان جب عرب کی گھاٹیون سے نکل کر شام و ایران کے چمن زار مین پہونچے تو اُن کو یہ ممالک ایسے خوش آیند نظر آئے کہ اُنھون نے وطن کو خیرباد کہکر یہین طرحِ اقامت ڈالدی اور نہایت کثرت سے نو آبادیان قائم کین، حضرت عمر رض کے عہد مین جو جو شہر آباد ہوئے اُن کی ایک اجمالی فہرست درج ذیل ہے،

بصرہ، سنہ ۱۴ھ مین عتبہ بن غزوان نے حضرت عمر رض کے حکم سے اس شہر کو بسایا تھا، ابتداً مین صرف آٹھ سو آدمیون نے یہان سکونت اختیار کی لیکن اسکی آبادی بہت جلد ترقی کر گئی، یہان تک کہ زیاد بن سفیان کے عہدِ حکومت مین صرف اُن لوگون کی تعداد جن کے نام فوجی رجسٹر مین درج تھے اسی ہزار اور ان کی آل اولاد ایک لاکھ بیس ہزار تھی، بصرہ اپنی علمی

---

[1] طبری صفحہ ۲۵۲۹، [2] فتوح البلدان ص ۳۶۵، [3] ایضاً ص ۳۶۶، [4] ایضاً ص ۲۸۳ [5] حسن المحاضرہ سیوطی ۶۸،

خصوصیات کے لحاظ سے مسلمانون کا مایہ ناز شہر رہا ہے'

کوفہ، حضرت سعد بن وقاص رضؓ نے امیر المومنین رضؓ کے حکم سے نعمان بن منذر قدیم فرمان روا ے عراق عرب کے پایہ تخت کو آباد کیا، چالیس ہزار آدمیون کی آبادی کے لائق مکانات بنوائے گئے، حضرت عمرؓ نے اس شہر کے بسانے مین غیر معمولی دلچسپی ظاہر کی تھی، یہانتک کہ شہر کی وضع اور ساخت کے متعلق بھی خود ہی ایک یادداشت لکھ بھیجی تھی، اسمین حکم تھا کہ شارع ہاے عام چالیس چالیس ہاتھ چوڑی ہون اور اُس سے گھٹ کر ۳۰، ۳۰ ہاتھ، اور ۲۰، ۲۰ ہاتھ رکھی جائین، جامع مسجد کی عمارت اس قدر وسیع بنائی گئی تھی کہ اس مین چالیس ہزار آدمی آسانی سے نماز ادا کر سکتے تھے[1]، مسجد کے سامنے دو سو ہاتھ لمبا ایک وسیع سایبان تھا اور رنگِ رخام کے ستونون پر قائم کیا گیا تھا، یہ شہر حضرت عمرؓ ہی کے عہد مین اس عظمت و شان کو پہونچ چکا تھا کہ وہ اس کو راس اسلام فرمایا کرتے تھے، علمی حیثیت سے بھی ہمیشہ ممتاز رہا ہے، امام نخعی، حماد، امام ابوحنیفہ اور امام شعبی اسی معدن کے لعل و گہر تھے،

فسطاط، دریاے نیل اور جبل مقطم کے درمیان ایک کفدست میدان تھا، حضرت عمرو بن العاص رضؓ فاتح مصر نے اثناے جنگ مین یہان پڑاؤ کیا، اتفاق سے ایک کبوتر نے اُن کے خیمہ مین گھونسلا بنا لیا، عمرو بن العاص رضؓ نے کوچ کے وقت قصداً اس خیمہ کو چھوڑ دیا کہ اس مہمان کو تکلیف نہو، مصر کی کامل تسخیر کے بعد اُنھون نے حضرت عمرؓ کے حکم سے اسی میدان مین ایک شہر آباد کیا چونکہ خیمہ کو عربی مین فسطاط کہتے ہین، اس لیے اس شہر کا نام فسطاط قرار پایا،[2]

فسطاط نے بہت جلد ترقی کر لی اور تمام مصر کا صدر مقام ہوگیا، چوتھی صدی کا ایک سیاح ان الفاظ مین اس شہر کے عروج و کمال کا نقشہ کھینچتا ہے، یہ شہر بغداد کا ناسخ، مغرب کا خزانہ اور

[1] معجم البلدان جلد، کوفہ، [2] ذکر فسطاط

اور اسلام کا فخر ہے دُنیائے اسلام مین یہان سے زیادہ کسی جامع مسجد مین علمی مجلسین نہین ہوتی ہین، نہ یہان سے زیادہ کسی ساحل پر جہاز لنگر انداز ہوتے ہین"

موصل، پہلے ایک گاؤن کی حیثیت رکھتا تھا، حضرت عمرؓ نے اُسکو عظیم الشان شہر بنا دیا ہرثمہ بن عرفجہ نے بنیاد رکھی اور ایک جامع مسجد تیار کرائی اور چونکہ یہ مشرق و مغرب کو باہم پیوستہ کرتا ہے اس لیے اس کا نام موصل رکھا گیا،

جیزہ، فتحِ اسکندریہ کے بعد عمرو بن العاص نے اس خیال سے کہ رومی دریا کی طرف سے حملہ نہ کرنے پائین، تھوڑی سی فوج لبِ ساحل مقرر کردی تھی، ان لوگون کو دریا کا منظر ایسا پسند آگیا کہ وہان سے ہٹائے نہ ہٹے، حضرت عمرؓ نے اُن لوگون کی حفاظت کیلیے ۲۱ھ مین ایک قلعہ تعمیر کرا دیا اور اُس وقت سے یہان ایک مستقل نوآبادی کی صورت پیدا ہوگئی[1]،

فوجی انتظامات اسلام جب رومن امپائر سے بھی زیادہ وسیع سلطنت کا مالک ہوگیا اور قیصر و کسریٰ کے عظیم الشان ممالک اس کا ورثہ بن گئے تو اُسکو ایک منتظم اور با اصول فوجی سسٹم کی ضرورت محسوس ہوئی، ۱۵ھ مین حضرت عمرؓ نے اس کی طرف توجہ کی اور اُنھون نے تمام ملک کو فوج بنانا چاہا، لیکن چونکہ ابتدا مین ایسی تعمیم ممکن نہ تھی، اس لیے پہلے قریش و انصار سے آغاز ہوا اور مخرمہ بن نوفلؓ، جبیر بن مطعم، عقیلؓ بن ابیطالبؓ کے متعلق یہ خدمت سپرد کی گئی کہ قریش و انصار کا ایک رجسٹر تیار کرین جسمین ہر شخص کا نام و نسب تفصیل سے درج ہو، غرض حضرت عمرؓ کی ہدایت کے مطابق رجسٹر تیار ہوا اور حسبِ حیثیت تنخواہین مقرر ہوئین، نیز اُن کی بیوی بچون کے گذارے کیلیے وظائف مقرر ہوئے، چنانچہ مہاجرین اور انصار کی بیویون کی تنخواہ ۲۰۰ سے ۴۰۰ درہم تک اور اہل بدر کی اولاد ذکور کی تنخواہ دو دو ہزار درہم سالانہ مقرر ہوئی، اس موقع پر قابلِ لحاظ امر یہ ہے

[1] جیزہ کے تفصیلی حالات مقریزی مین مذکور ہین،

کہ جن لوگون کی جو تنخواہین مقرر ہوئین اُن کے غلامون کی بھی وہی تنخواہ مقرر ہوئی[1] اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ فاروق اعظمؓ نے مساوات کا کیسا سبق سکھایا تھا،

حضرت عمرؓ نے کچھ دنون کے بعد اس نظام کو قریش و انصار سے وسعت دیکر تمام قبائلِ عرب مین عام کر دیا، کل ملک کی مردم شماری کی گئی اور ہر ایک عربی النسل کی علی قدر مراتب تنخواہ مقرر ہوئی، یہان تک کہ شیر خوار بچون کے لیے بھی وظائف کا قاعدہ جاری کیا گیا، گویا عرب کا ہر ایک بچہ اپنے یوم ولادت ہی سے اسلامی فوج کا ایک سپاہی تصور کر لیا جاتا تھا،

ہر سپاہی کو تنخواہ کے علاوہ کھانا اور کپڑا ملتا تھا کپڑے کی کوئی خاص ایسی وضع مقرر نہ تھی جسکو وردی کہہ سکین، تنخواہ کی تقسیم کا طریقہ یہ تھا کہ ہر قبیلہ مین ایک عریف ہوتا تھا، اسی طرح ہر دس سپاہی پر ایک افسر ہوتا تھا جنکو امراء الاعشار کہتے ہین، تنخواہین عریف کو دیجاتی تھین، وہ امراے اعشار کی معرفت فوج مین تقسیم کرتا تھا، ایک ایک عریف کے متعلق ایک ایک لاکھ درہم کی تقسیم تھی، چنانچہ کوفہ اور بصرہ مین سو عریف تھے جن کے ذریعہ سے ایک کرور کی رقم تقسیم ہوتی تھی، حسن خدمت اور کارگذاری کے لحاظ سے سپاہیون اور افسرون کی تنخواہون مین وقتاً فوقتاً اضافہ بھی ہوتا رہتا تھا، چنانچہ زہرہ، عصمہ، اور ضبی وغیرہ نے قادسیہ مین غیر معمولی جانبازی کا اظہار کیا تھا اس صلہ مین اُن کی تنخواہین دو دو ہزار سے ڈھائی ڈھائی ہزار ہوگئین،

حضرت عمرؓ کو فوج کی تربیت کا بہت خیال تھا، اُنھون نے نہایت تاکیدی احکام جاری کیے تھے کہ ممالک مفتوحہ مین کوئی شخص زراعت یا تجارت کا شغل اختیار نہ کرنے پائے کیونکہ اس سے اُن کے سپاہیانہ جوہر کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ تھا، سرد اور گرم ممالک پر حملہ کرتے وقت موسم کا بھی خاص لحاظ رکھا جاتا تھا کہ فوج کی صحت اور تندرستی کو نقصان نہ پہونچے،

[1] تنخواہون کی تفصیل مین روایتین مختلف ہین دیکھو کتاب الخراج ص ۲۴، مقریزی ج ۱ ص ۹۲، بلاذری ص ۴۵۳، فتوح البلدان صفحہ ۴۶۴

قواعد کے متعلق حضرت عمرؓ چار چیزون کے سیکھنے کی سخت تاکید کرتے، تیرنا، گھوڑے دوڑانا، تیر لگانا، اور ننگے پانون چلنا، ہر چار مہینے کے بعد سپاہیون کو رخصت دیجاتی تھی کہ وطن جاکر اپنے اہل وعیال سے ملین، چنانچہ ایک بار اس مین تاخیر ہوئی تو فوج خود واپس چلی آئی، جفاکشی کے خیال سے حکم تھا کہ اہل فوج رکاب کے سہارے سے نہ سوار ہون، نرم کپڑے نہ پہنین، دھوپ کھانا نہ چھوڑین، حمامون مین نہ نہائین،

موسمِ بہار مین فوجین عموماً سرسبز وشاداب مقامات مین بھیجدی جاتی تھین، اسی طرح بارکون اور چھاؤنیون کے بنانے مین ہمیشہ عمدہ آب وہوا کا لحاظ رکھا جاتا تھا، کوچ کی حالت مین حکم تھا کہ فوج جمعہ کے دن مقام کرے اور ایک شب و روز قیام رکھے کہ لوگ دم لے لین غرض حضرت عمرؓ نے تیرہ سو برس پیشتر فوجی تربیت کے ایسے اعلیٰ اصول وضع کردیے تھے کہ آج بھی اصولی حیثیت سے اسپر کچھ اضافہ نہین ہوسکتا،

حضرت عمرؓ نے حسب ذیل مقامات کو فوجی مرکز قرار دیا تھا، مدینہ، کوفہ، بصرہ، موصل، فسطاط، دمشق، حمص، اردن، فلسطین، ان مقامات کے علاوہ تمام اضلاع مین فوجی بارکین اور چھاؤنیان تھین، جہان تھوڑی فوج ہمیشہ متعین رہتی تھی،

فوج مین حسب ذیل عہدہ دار بھی لازمی طور پر رہتے تھے، خزانچی، محاسب، مترجم، طبیب، جراح اور جاسوس، جو غنیم کے نقل وحرکت کی خبرین بہم پہونچایا کرتے تھے، یہ خدمت زیادہ تر ذمیون سے لی جاتی تھی، چنانچہ قیساریہ کے محاصرہ مین یوسف نامی یہودی نے جاسوسی کی خدمت انجام دی تھی[۲] اسی طرح عراق مین بعض وفادار مجوسی اپنی خوشی سے اس خدمت کو انجام دیتے تھے تاریخ طبری مین ہے،

وکانت تکون لعمر العیون فی کل جیش — ہر فوج مین حضرت عمرؓ کے جاسوس رہتے تھے،

---

[۱] ابو داؤد کتاب الخراج باب تعقب الجیوش، [۲] فتوح البلدان صفحہ ۱۴۷،

الآتِ جنگ مین سے علاوہ تیغ وسنان کے قلعہ شکنی کے لیے منجنیق اور دبابہ بھی ساتھ رہتا تھا، چنانچہ دمشق کے محاصرہ مین منجنیقون کا استعمال ہوا تھا[1]،

حضرت عمرؓ کے زمانہ مین فوج حسب ذیل شعبون مین منقسم تھی، مقدمہ[1]، قلب[2]، میمنہ[3]، میسرہ[4]، ساقہ[5]، طلیعہ[6]، سفرمینا[7]، رِدء[8]، یعنی عقبی گارد، شتر سوار[9]، سوار[10]، پیادہ[11]، تیرانداز[12]،

حضرت عمرؓ کو گھوڑون کی پرورش و پرداخت کا بھی نہایت اہتمام تھا، ہرایک مرکز مین چار ہزار گھوڑے ساز و سامان سے لیس رہتے تھے، موسم بہار مین تمام گھوڑے سرسبز و شاداب مقامات مین بھیجدیے جاتے تھے، انھون نے خود مدینہ کے قریب ایک چراگاہ تیار کرائی اور اپنے ایک غلام کو اس کی حفاظت اور نگرانی کے لیے مقرر کیا تھا، گھوڑون کی رانون پر داغ کرکے یہ الفاظ لکھے جاتے تھے "جیش فی سبیل اللہ"،

عرب کی تلوار اپنے فتوحات مین کبھی غیرون کی ممنونِ احسان نہین ہوئی تاہم حریف اقوام کو خود انہی کے ہمقومون سے لڑانا فنِ جنگ کا سب سے بڑا اصول ہے حضرت عمرؓ نے اسکو بھی نہایت خوبی سے انجام دیا تھا، صدہا عجمی یونانی اور رومی بہادرون نے اسلامی فوج مین داخل ہوکر مسلمانون کے دوش بدوش نہایت وفاداری کے ساتھ خود اپنی قومون سے جنگ کی تھی، چنانچہ قادسیہ کے معرکہ مین دورانِ جنگ ہی مین ایرانیون کی چار ہزار فوج حلقۂ اسلام مین آگئی اور سعد بن ابی وقاصؓ نے اُن کو اسلامی فوج مین شامل کرلیا اور اُن کی تنخواہین مقرر کردین، یرموک کے معرکہ مین رومیون کے لشکر کا مشہور سپاہی جارج عین حالتِ جنگ مین مسلمان ہوگیا، اور مسلمانون کے دوش بدوش لڑکر شہید ہوا،

مذہبی خدمات مذہبی خدمات کے سلسلہ مین سب سے بڑا کام اشاعتِ اسلام ہے، حضرت عمرؓ کو اس مین

---

[1] طبری ص ۲۱۵۲،

بہت انہماک تھا، لیکن تلوار کے زور سے نہین بلکہ اخلاق کی قوت سے اُنھون نے اپنے غلام کو اسلام کی دعوت دی، اُس نے باوجود ترغیب وہدایت انکار کیا تو فرمایا لا اکراہ فی الدین یعنی مذہب مین جبر نہین ہے، حکام کو ہدایت تھی کہ جنگ سے پہلے لوگون کو محاسنِ اسلام دکھا کر شریعت غرّا کی دعوت دی جائے، اسکے علاوہ اُنھون نے تمام مسلمانون کو اپنی تربیت اور ارشاد سے اسلامی اخلاق کا مجسم نمونہ بنا دیا تھا، وہ جس طرف گذر جاتے تھے، لوگ اُن کے اخلاقی تفوق کو دیکھ کر خود بخود اسلام کے گرویدہ ہو جاتے تھے، رومی سفیر اسلامی کیمپ مین آیا تو سالارِ فوج کی سادگی اور بے تکلفی دیکھکر خود بخود اس کا دل اسلام کی طرف کھنچ آیا اور وہ مسلمان ہو گیا، مصر کا ایک رئیس مسلمانون کے حالات ہی سُنکر اسلام کا گرویدہ ہوا اور آخر دو ہزار کی جمعیت کے ساتھ مسلمان ہو گیا[۲]،

عربی قبائل جو عراق و شام مین آباد ہو گئے تھے وہ نسبۃً آسانی کے ساتھ اسلام کی طرف مائل کیے جا سکتے تھے، حضرت عمرؓ کو ان لوگون مین تبلیغ کا خاص خیال تھا، چنانچہ اکثر قبائل عموماً کوشش سے حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے، مسلمانون کے فتوحات کی بوالعجبی نے بھی بہت سے لوگون کو اسلام کی صداقت کا یقین دلا دیا، چنانچہ معرکۂ قادسیہ کے بعد دیلم کی چار ہزار عجمی فوج نے خوشی سے اسلام قبول کر لیا[۳]، اسیطرح فتح جلولاء کے بعد بہت سے رؤسا برضا و رغبت مسلمان ہو گئے، جن مین بعض کے نام یہ ہین جمیل بن بصبہری، بسطام بن ترسی، رفیل، فیروزان[۴]، قیاس چاہتا ہے کہ ان رئیسون کا اثر اُن کی رعایا پر بھی پڑا ہو گا، عراق کی طرح شام و مصر مین بھی نہایت کثرت سے لوگ مسلمان ہو گئے تھے، فسطاط مین ایک بڑا محلہ نو مسلمون سے آباد کیا گیا تھا، غرض حضرت عمرؓ کے عہد مین نہایت کثرت سے اسلام پھیل گیا تھا، صرف یہی نہین بلکہ اُنھون نے

---

[۱] کنز العمال جلد پنجم صفحہ ۴۹ [۲] مقریزی صفحہ ۲۲۶ [۳] فتوح البلدان ص ۲۸۹ [۴] فتح جلولاء،

دین حنیف کی آیندہ اشاعت کیلیئے راستہ بھی صاف کردیا تھا،

اشاعتِ اسلام کے بعد سب سے بڑا کام خود مسلمانون کی مذہبی تعلیم وتلقین اور شعار اسلامی کو رواج عام دینا تھا، اس کے متعلق حضرت عمرؓ کے مساعی کا سلسلہ حضرت ابوبکرؓ ہی کے عہد سے شروع ہوتا ہے یعنی قرآن مجید جو اساس اسلام ہے حضرت عمرؓ کے اصرار سے عہد صدیقی مین مرتب کیا گیا تھا اس کے بعد اُنھون نے اپنے عہد مین اس کے درس وتدریس کا رواج دیا، معلمین اور حفاظ اور مؤذنون کی تنخواہین مقرر کین[1]، حضرت عبادہ بن الصامتؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ، اور حضرت ابوالدرداؓ کو جو حفاظِ قرآن اور صحابۂ کبار مین سے تھے، قرآن مجید کی تعلیم دینے کیلیے ملک شام مین روانہ کیا[2]، قرآن شریف کو صحت کے ساتھ پڑھنے پڑھانے کے لیے تاکیدی احکام روانہ کیئے[3]، ابن الانباری کی روایت کے مطابق ایک حکمنامہ کے الفاظ یہ ہین تعلموا اعراب القرآن کما تعلمون حفظہ، غرض حضرت عمرؓ کے مساعی جمیلہ سے قرآن کی تعلیم ایسی عام ہوگئی تھی کہ ناظرہ خوانون کا تو شمار نہین حافظون کی تعداد بھی ہزارون تک پہونچ گئی تھی، چنانچہ حضرت ابوموسی اشعریؓ نے ایک خط کے جواب مین لکھا تھا کہ "صرف میری فوج مین تین سو حفاظ ہین"[3]

اصولِ اسلام مین قرآن کے بعد حدیث کا رتبہ ہے، حضرت عمرؓ نے اُسکے متعلق جو خدمات انجام دین اُن کی تفصیل یہ ہے،

احادیث نبوی کو نقل کراکے حکام کے پاس روانہ کیا کہ عام طور پر اُسکی اشاعت ہو، مشاہیر صحابہ کو مختلف ممالک مین حدیث کی تعلیم کے لیے بھیجا، چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو ایک جماعت کے ساتھ کوفہ روانہ کیا، اسیطرح عبداللہ بن مغفل، عمران بن حصین اور معقل بن یسار کو

---

[1] سیرۃ العمرین مین بوضاحت مذکور ہے، ان عمر بن الخطاب وعثمان کانا یرزقان المؤذنین والائمۃ والمعلمین

[2] کنز العمال ج ۱ اول ص ۲۸۱، [3] ایضاً ص ۲۱۷،

بصرہ بھیجا، حضرت عبادہ بن الصامت رضؓ اور حضرت ابوالدرداؓ کو شام کی طرف روانہ کیا[1]،

اگرچہ محدثین کے نزدیک تمام صحابہ عدول ہین لیکن حضرت عمرؓ اس نکتہ سے واقف تھے کہ جو چیزین خصائص بشری ہین اُن سے کوئی زمانہ مستثنیٰ نہین ہوسکتا، چنانچہ اُنھون نے روایات قبول کرنے مین نہایت چھان بین اور احتیاط سے کام لیا، ایک دفعہ حضرت عمرؓ کسی کام مین مشغول تھے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ آئے اور تین دفعہ سلام کرکے واپس چلے گئے، حضرت عمرؓ کام سے فارغ ہوے تو ابوموسیٰؓ کو بلاکر دریافت کیا کہ تم واپس کیون چلے گئے تھے، اُنھون نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تین دفعہ اذن مانگو اگر اسپر بھی اجازت نہ ملے تو واپس جاؤ، حضرت عمرؓ نے فرمایا اس روایت کا ثبوت دو ورنہ مین تمکو سزا دون گا، حضرت ابوموسیٰؓ نے حضرت سعیدؓ کو شہادت مین پیش کیا، اسیطرح سقط کے مسئلہ مین مغیرہ نے حدیث روایت کی تو حضرت عمرؓ نے شہادت طلب کی، چنانچہ جب محمد بن مسلمہ نے تصدیق کی تو اُنھون نے اُسکو تسلیم کیا[2]، حضرت عباسؓ کے مقدمہ مین ایک حدیث پیش کیگئی تو حضرت عمرؓ نے تائیدی ثبوت طلب کیا، جب لوگون نے تصدیق کی تو فرمایا مجھکو تم سے بدگمانی نہ تھی بلکہ صرف اپنا اطمینان مقصود تھا،

حضرت عمرؓ لوگون کو کثرت روایت سے بھی نہایت سختی کے ساتھ منع فرماتے تھے، چنانچہ جب قرظہ بن کعب کو عراق کی طرف روانہ کیا تو خود دور تک ساتھ گئے اور سمجھایا کہ دیکھو تم ایسے ملک مین جاتے ہو، جہان قرآن کی آواز گونج رہی ہے ایسا نہو کہ تم اُن کی توجہ کو قرآن سے ہٹاکر احادیث کی طرف مبذول کردو[3]، حضرت ابوہریرہؓ نہایت کثرت سے روایتین بیان کرتے تھے[4] ایک دفعہ لوگون نے اُن سے پوچھا کہ آپ حضرت عمرؓ کے عہد مین بھی اس طرح

---

[1] ازالۃ الخفاء، جلد ۲ صفحہ ۶ [2] ابوداؤد کتاب الدیات باب دیۃ الجنین [3] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۷ [4]

روایت کرسکتے تھے؟ اُنھون نے کہا کہ اگر اُس زمانہ مین ایسا کرتا تو دُرے کھاتا[2]،

حدیث کے بعد فقہ کا درجہ ہے، حضرت عمرؓ خود بالمشافہ اپنے خطبون اور تقریرون مین مسائلِ فقہیہ بیان کرتے تھے، اسی طرح دور دراز ممالک کے حکام کو مراسلات کے ذریعہ سے فقہی مسائل بتاتے تھے، مختلف فیہ مسائل کو صحابہ کے مجمع مین پیش کرکے طے کراتے تھے، اضلاع مین عمال اور افسرون کی تقرری مین عالم اور فقیہ ہونے کا خاص لحاظ رکھا جاتا تھا، تمام ممالک محروسہ مین فقہا مقرر کیئے گئے تھے، جو احکام مذہبی کی تعلیم دیتے تھے، اور حسب بیان ابن جوزی حضرت عمرؓ نے فقہا کی بیش قرار تنخواہین بھی مقرر کی تھین، اس سے پہلے فقہا اور معلمین کو تنخواہ دینے کا رواج نہ تھا، خلاصہ یہ کہ فاروق اعظمؓ کے عہد مین مذہبی تعلیم کا ایک مرتب اور منتظم سلسلہ قائم ہوگیا تھا، جسکی تفصیل کیلیے اس اجمال مین گنجایش نہین،

علمی انتظامات کی طرف بھی حضرت عمرؓ نے بہت توجہ کی، تمام ممالک محروسہ مین کثرت سے مسجدین تعمیر کین، امام اور موذن مقرر کیے، حرم محترم کی عمارت کافی نہ تھی، ۱۷ھ مین اسکو وسیع کیا، غلاف کعبہ کیلیے نطع کے بجائے قباطی کا رواج دیا جو نہایت عمدہ کپڑا ہوتا ہے، اور مصر مین بنا جاتا ہے، اسی طرح مسجد نبوی کو بھی نہایت وسعت دی، پہلے طول سو گز کا تھا، انھون نے ۱۴۰ گز کردیا، اسی طرح عرض مین بھی ۲۰ گز کا اضافہ ہوا، نیز مسجد کے ساتھ ایک گوشہ مین چبوترہ بنوادیا کہ جسکو بات چیت کرنا یا شعر پڑھنا ہو اُس کے لیے یہ جگہ رہے، مسجدون مین روشنی اور فرش کا انتظام بھی حضرت عمرؓ ہی کے عہد سے ہوا[3]، حجاج کی راحت اور آسایش کا بھی نہایت کافی انتظام تھا، ہرسال خود حج کیلیے جاتے تھے اور خبرگیری کی خدمت انجام دیتے تھے،

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۷، [2] [3] اسد الغابہ تذکرۂ عمرؓ،

متفرق انتظامات | ملکی، فوجی اور مذہبی انتظامات کا ایک اجمالی خاکہ درج کرنے کے بعد اب ہم بعض ایسے متفرق انتظامات کا تذکرہ کرتے ہین جو کسی خاص عنوان کے تحت مین نہین آسکتے ہین،

سنہ ھ مین عرب مین قحط پڑا، حضرت عمرؓ نے اس مصیبت کو کم کرنے مین جو سرگرمی ظاہر کی وہ ہمیشہ یادگار زمانہ رہیگی بیت المال کا تمام نقد و جنس صرف کردیا، تمام صوبون سے غلہ منگوایا اور انتظام کے ساتھ قحط زدون مین تقسیم کیا[1]، اسیطرح لاوارث بچون کے دودھ پلانے اور پرورش و پرداخت کا انتظام کیا[2]، غربا و مساکین کے روزینے مقرر کیے اور اعلان عام کیلیے منبر پر چڑھ کر فرمایا،

انی فرضت لکل نفس مسلمۃ فی شھر | مین نے ہر مسلمان کے لیے فی ماہ دو مد گیہون اور دو قسط
مدی حنطۃ وقسطی خل | سرکہ مقرر کیا،

اسپر ایک شخص نے کہا کہ کیا غلام کے لیے بھی؟ فرمایا ہان غلام کے لیے بھی[3] لیکن اس سے یہ نہین سمجھنا چاہیے کہ حضرت عمرؓ اس نکتہ سے بیخبر تھے کہ مفت خوری سے لوگ کاہل ہوجاءینگے بلکہ درحقیقت انھون نے جن لوگون کے روزینے مقرر کیے تھے وہ یا تو فوجی خدمت کے لائق تھے یا ضعف کے باعث کسب معاش سے عاجز تھے، اس لیے یہ دونون گروہ فیاضی کے مستحق تھے،

حضرت عمرؓ نے ملکی حالات سے واقفیت پیدا کرنے کے لیے انتظامات ملکی کے ہر صیغہ پر پرچہ نویس اور واقعہ نگار مقرر کیے تھے جسکی وجہ سے اُنھین ہر جزئی واقعہ کی اطلاع ہوجاتی تھی، مورخ طبری لکھتے ہین،

[1] یعقوبی ج ۲ صفحہ ۷، اینن اسکی تفصیل ہی، [2] ایضاً صفحہ ۱۰۱، [3] فتوح البلدان ذکر العطار فی خلافۃ عمر بن الخطابؓ،

وکان عمر لا یخفی علیہ شئی فی عملہ کتب الیہ من العراق بخروج من خرج ومن الشام بجائزۃ من اجیز بہا

عمر پر کوئی بات مخفی نہین رہتی تھی عراق مین جن لوگون نے خروج کیا اور شام مین جن لوگون کو انعام دیے گئے سب اُن کو لکھا جاتا تھا،

محکمہ خبر رسانی کی سرگرمی کا اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ نعمان بن عدی حاکم میسان نے عیش و عشرت مین مبتلا ہوکر اپنی بی بی کو ایک خط لکھا جسمین یہ شعر بھی تھا،

لعل امیر المومنین یسوءہ
تنادمنا بالجوسق المتہدم

غالباً امیر المومنین برا مانین گے کہ ہم لوگ محلون مین رندانہ صحبتین رکھتے ہین،

اس محکمہ کو میان بی بی کے راز و نیاز کی بھی خبر ہوگئی، حضرت عمرؓ نے نعمان کو معزول کر کے لکھا کہ ہان مجکو تمھاری یہ حرکت ناگوار ہوئی[1]،

عدل و انصاف خلافت فاروقی کا سب سے نمایان وصف عدل و انصاف ہے، اُن کے عہد مین کبھی بال برابر بھی انصاف سے تجاوز نہین ہوا، اور شاہ و گدا، شریف و رذیل، عزیز و بیگانہ سب کیلیے ایک ہی قانون تھا، ایک دفعہ عمرو بن العاصؓ کے صاحبزادے عبداللہ نے ایک شخص کو بے وجہ مارا، حضرت عمرؓ نے اُسی مضروب سے اُن کے کوڑے لگوائے، عمرو بن العاصؓ بھی موجود تھے، دونون باپ بیٹے خاموشی سے عبرت کا تماشا دیکھا کیے اور دم نہ مار سکے[2]، جبلہ بن ایہم رئیس شام نے کعبہ کے طواف مین ایک شخص کو طمانچہ مارا، اس نے بھی برابر کا جواب دیا، جبلہ نے حضرت عمرؓ سے شکایت کی تو انھون نے جواب دیا کہ جیسا کیا ویسا پایا، جبلہ کو اس جواب سے حیرت ہوئی اور مرتد ہوکر قسطنطنیہ بھاگ گیا،

حضرت عمرؓ نے لوگون کی تنخواہین مقرر کین تو اُسامہ بن زیدؓ جو پہلے غلام تھے اُن کی تنخواہ

---

[1] استیعاب ج۱ تذکرہ نعمان بن عدی، [2] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۵۵،

اپنے بیٹے عبداللہؓ سے زیادہ مقرر کی، عبداللہؓ نے عذر کیا کہ واللہ اسامہ کسی بات مین ہم سے فائق نہین ہین، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ہان، لیکن رسول اللہؐ اسامہ کو تجھ سے زیادہ عزیز رکھتے تھے[1]

فاروقی عدل و انصاف کا دائرہ صرف مسلمانون تک محدود نہ تھا بلکہ ان کا ایوانِ عدل مسلمان، یہودی، عیسائی، سب کیلیے یکسان تھا، قبیلۂ بکر بن وائل کے ایک شخص نے حیرہ کے ایک عیسائی کو مار ڈالا، حضرت عمرؓ نے لکھا کہ قاتل وارثانِ مقتول کے حوالہ کردیا جائے، چنانچہ وہ شخص مقتول کے وارث کو جس کا نام حنین تھا سپرد کردیا گیا اور اس نے اسکو قتل کرڈالا، ایکدفعہ حضرت عمرؓ نے ایک پیر کہن سال کو گداگری کرتے دیکھا پوچھا تو بھیک کیون مانگتا ہے؟ اُس نے کہا مجھ پر جزیہ لگایا گیا ہے حالانکہ مین بالکل مفلس ہون، حضرت عمرؓ اسکو اپنے گھر پر لے آئے اور کچھ نقد دیکر مہتممِ بیت المال کو لکھا کہ اس قسم کے ذمی مساکین کے لیے بھی وظیفہ مقرر کردیا جائے، واللہ یہ انصاف نہین ہے کہ اُن کی جوانی سے ہم متمتع ہون اور بڑھاپے مین اُن کی خبرگیری نہ کرین[2]

عربسوس کے عیسائیون کو اُن کی متواتر بغاوتون کے باعث جلاوطن کیا گیا مگر اس طرح کہ اُن کی تمام املاک کی دوچند قیمت دیدی گئی[3] نجران کے عیسائیون کو جلاوطن کیا گیا تو اُن کے ساتھ بھی عمدہ سلوک کیا گیا[4]

علم و فضل

اسلام سے قبل عرب مین لکھنے پڑھنے کا چندان رواج نہ تھا، چنانچہ جب آنحضرتؐ مبعوث ہوئے تو قبیلہ قریش مین صرف سترہ آدمی ایسے تھے جو لکھنا جانتے تھے، حضرت عمرؓ نے اُسی زمانہ

[1] مستدرک حاکم ج ۳ مناقب عبداللہ بن عمرؓ [2] کتاب الخراج ۷۲، [3] فتوح البلدان ۱۶۳، [4] طبری ۲۱۶۲

لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا۔[۱]

حضرت عمرؓ کے فرامین، خطوط، توقیعات اور خطبے اب تک کتابوں مین محفوظ ہین، اُن سے اُن کی قوتِ تحریر، برجستگیِ کلام اور زورِ تقریر کا اندازہ ہو سکتا ہے، بیعتِ خلافت کے بعد جو خطبہ دیا ہے اُس کے چند فقرے یہ ہین،

اللھم انی غلیظ فلیننی اللھم انی ضعیف فقونی الاوان العرب جمل آنف وقد اعطیت خطامہ الاوانی حاملہ علی المحجۃ،

اے خدا! مین سخت ہون تو مجھ کو نرم کر، مین کمزور ہون مجھکو قوت دے، ہان! عرب والے سرکش اونٹ ہین جنکی مہار میرے ہاتھ مین دی گئی ہے لیکن مین اُن کو راستہ پر چلا کر چھوڑ دون گا،

قوتِ تحریر کا اندازہ اس خط سے ہو سکتا ہے جو ابوموسیٰ اشعریؓ کے نام لکھا گیا تھا، اُسکے چند فقرے یہ ہین،

اما بعد فان القوۃ فی العمل ان لاتوخروا عمل الیوم لغد فانکم اذا فعلتم ذالک تدارکت علیکم اعمالکم فلم تدروا ایھا تاخذون فاضعتم،

اما بعد! مضبوطیِ عمل کی یہ ہے کہ آج کا کام کل پر نہ اُٹھا رکھو، ایسا کروگے تو تمھارے پاس بہت سے کام جمع ہو جائین گے پھر پریشان ہو جاؤ گے کہ کس کو کرین اور کس کو چھوڑین، اس طرح کچھ بھی نہو سکے گا،

شاعری مین خاص مہارت رکھتے تھے بالخصوص تنقیدی حیثیت سے، تمام شعراء کے کلام پر اُن کی خاص رائین تھین، مشاہیر مین سے زہیر کے کلام کو سب سے زیادہ پسند کرتے تھے کبھی کبھی خود بھی شعر کہتے تھے[۲] لیکن اس کی طرف زیادہ توغل نہ تھا،

فصاحت و بلاغت کا یہ حال تھا کہ ان کے بہت سے مقولے ضرب المثل بن گئے، جو آج بھی

---

[۱] بلاذری ص ۴۷۷ [۲] ابن رشیق صفحہ ۱۳ کتاب العمدہ مین اُن کے اشعار نقل کیے ہین،

ادب عربی کی جان ہین، علم الانساب مین بھی ید طولی حاصل تھا، کیونکہ یہ علم کئی پشتون سے ان کے خاندان مین چلا آتا تھا، اُن کے والد خطاب مشہور نساب تھے، جاحظ نے لکھا ہے کہ جب وہ انساب کے متعلق کچھ بیان کرتے تھے تو اپنے باپ خطاب کا حوالہ دیتے تھے[1]، معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے مدینہ پہونچکر عبرانی زبان بھی سیکھ لی تھی، مسند دارمی مین ایک روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ توریت کا ایک نسخہ آنحضرتؐ کے پاس لیگئے اور پڑھنا شروع کیا، وہ پڑھتے جاتے تھے اور آنحضرتؐ کا چہرہ متغیر ہوتا جاتا تھا[2]، اس سے قیاس ہوتا ہے کہ وہ عبرانی زبان سے اسقدر واقف ہو گئے تھے کہ توریت کو خود پڑھ سکتے تھے،

حضرت عمرؓ فطرۃً ذہین، طبّاع اور صائب الرائے واقع ہوے تھے، اصابتِ راے کی اس سے زیادہ کیا دلیل ہوگی کہ ان کی بہت سی رائین مذہبی احکام بن گئین، اذان کا طریقہ حضرت عمرؓ کی راے کے موافق قائم ہوا، اسیرانِ بدر کے متعلق جو راے دی وحی الہی نے اسی کی تائید کی، تحریمِ خمر، ازواج مطہراتؓ کے پردہ اور مقامِ ابراہیم کو مصلّے بنانے کے متعلق حضرت عمرؓ نے نزولِ وحی سے پہلے رسول مقبول صلعم کو راے دی تھی[3]،

حضرت عمرؓ کو بارگاہِ نبوت مین جو خاص تقرب حاصل تھا اُسکے لحاظ سے قدرۃً انکو شرعی احکام اور عقائد سے واقف ہونے کا زیادہ موقع ملا۔ اور چونکہ طبیعت نکتہ رس واقع ہوئی تھی، اس لیے آئندہ نسلون کے لیے اجتہاد اور استنباطِ مسائل کی وسیع شاہراہ قائم کردی، وہ خود آنحضرتؐ کے زمانہ مین بھی شرعی مسائل پر غور و فکر کیا کرتے تھے اور اگر کوئی مسئلہ خلافِ عقل معلوم ہوتا تھا تو آپ سے دریافت کرتے تھے، سفر مین قصر کا حکم دیا گیا تھا، لیکن جب راستے مامون ہو گئے تو حضرت عمرؓ نے دریافت کیا کہ اب سفر مین یہ حکم کیون باقی ہے؟ رسول اللہؐ نے

---

[1] کتاب البیان والتبیین ج ۱ ص ۱۱۷، [2] مسند دارمی ص ۶۲، [3] تاریخ الخلفاء ص ۱۲ بخاری کے مختلف ابواب مین یہ واقعات مذکور ہین،

فرمایا کہ یہ خدا کا انعام ہے،

مسائل دریافت کرنے مین مطلقاً پس وپیش نہین کرتے تھے اور نہایت جرأت اور آزادی کے ساتھ ایک ہی مسئلہ کو بار بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے تھے، کلالہ کے مسئلہ کو جو ایک دقیق اور نہایت مختلف فیہ مسئلہ ہے اُنھون نے بار بار آنحضرتؐ سے دریافت کیا کہ آپ دق آگئے اور فرمایا سورہ نساء کی آخر آیت تیرے لیے کافی ہے[1]،

وہ نہایت غور وتوجہ کے ساتھ قرآن پاک تلاوت کرتے تھے اور ہر ایک آیت پر ایک مجتہدانہ حیثیت سے نگاہ ڈالتے تھے، ایک دن صحابہؓ کے مجمع مین اس آیت کے معنی پوچھے ایود احدکم ان تکون لہ جنۃ لوگون نے کہا واللہ اعلم حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے کہا کہ اس مین ایک کام کرنے والے کی تمثیل دی گئی ہے، چونکہ جواب ناتمام تھا حضرت عمرؓ نے اسپر قناعت نہ کی لیکن عبداللہ بن عباسؓ اس سے زیادہ نہ بتا سکے، حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ اُس آدمی کی تمثیل ہے جسکو خدا نے دولت ونعمت دی کہ خدا کی بندگی بجا لائے لیکن اس نے نافرمانی کی تو اُس کے اچھے اعمال بھی برباد کردیے جائینگے[2]،

حضرت عمرؓ قرآن مجید سے استدلال لانے مین نہایت مہارت رکھتے تھے عراق وشام کی فتح کے بعد یہ بحث پیدا ہوئی کہ ممالک مفتوحہ مجاہدین کی ملکیت اور وہان کے باشندے اُن کے غلام ہین، حضرت عمرؓ کا خیال تھا کہ مقامات مفتوحہ کسی ایک شخص یا بہت سے مخصوص اشخاص کی ملکیت نہین ہین بلکہ وقف عام ہین اور استدلال مین یہ آیت پیش کی وَمَا اَفَاءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی الخ

سلسلۂ احادیث مین جسقدر مرفوع احادیث حضرت عمرؓ سے مروی ہین اُن کی تعداد

---

[1] تفسیر ابن جریر ج ۶ ص ۲۵ [2] بخاری جلد ۲ صفحہ ۶۵۱

ستر سے زیادہ نہین ہے لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ وہ صرف اسی قدر احادیث سے واقف تھے بلکہ درحقیقت اُنھون نے اپنے عہدِ خلافت مین جسقدر احکام صادر فرمائے ہین وہ سب احادیث ہی سے ماخوذ ہین، یہ دوسری بات ہے کہ اس مین رسول اللہؐ کا نام نہین لیا ہے، اور نام نہ لینے کی وجہ یہ تھی کہ وہ رسول اللہؐ کی طرف کسی قول کو منسوب کرنے مین نہایت محتاط تھے اور جب تک اس کے ہر لفظ پر یقین نہوتا تھا کہ رسول اللہؐ نے اسی طرح بیان فرمایا ہے اس وقت تک ہرگز ہرگز زبان سے قال رسول اللہ کا لفظ نہین نکالتے تھے، یہی وجہ تھی کہ وہ خود بھی بہت کم احادیث روایت کرتے تھے اور دوسرون کو بھی کثرتِ روایت سے روکتے تھے، چنانچہ علامۂ ذہبی حضرت عمرؓ کے حالات مین لکھتے ہین،

وقد کان عمر من وجلہ تخطی الصاحب علی رسول اللہ یامرھم ان یقلوا الروایۃ عن نبیھم
حضرت عمرؓ اس ڈر سے کہ صحابہ آنحضرتؐ سے روایت کرنے مین غلطی نکرین اُنکو حکم دیتے تھے کہ رسول اللہؐ سے کم روایت کرین،

محدث کا سب سے بڑا فرض روایات کی تحقیق وتنقید اور جرح وتعدیل ہے، اگرچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے بھی اپنے عہد مین روایت کے قبول کرنے کے لیے ثبوت اور شہادت کا خیال رکھا لیکن حضرت عمرؓ کو اسمین بہت زیادہ غلو تھا اور جب تک روایت و درایت دونون حیثیت سے اس کا ثبوت نہ ہوجاتا قبول نہ کرتے، اس کی مثالین تفصیل کے ساتھ مذہبی خدمات کے سلسلہ مین مذکور ہوچکی ہین، اس لیے یہان اعادہ کی ضرورت نہین،

فقہ کا سلسلہ بھی درحقیقت حضرت عمرؓ ہی کا ساختہ وپرداختہ ہے، اُن سے اس قدر فقہی مسائل منقول ہین کہ اگر جمع کیے جائین تو ایک ضخیم کتاب تیار ہوسکتی ہے، استنباطِ احکام اور تفریعِ مسائل کیلیے بھی اُنھون نے ایک شاہراہ قائم کردی تھی، مختلف فیہ مسائل کے طے کرنے کے لیے اجماعِ صحابہ جس کثرت سے حضرت عمرؓ کے عہد مین ہوا پھر نہین ہوا،

اخلاق وعادات

حضرت سرورِ کائنات صلعم کی بعثت کا حقیقی مقصد دُنیا کو برگزیدہ اور پسندیدہ اخلاق کی تعلیم دینا تھا جیسا کہ خود ارشاد فرمایا بعثت لاتمم مکارم الاخلاق چونکہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو براہ راست اس سرچشمۂ اخلاق سے سیراب ہونے کا موقع ملا تھا، اس لیے اس جماعت کا ہر فرد اسلامی اخلاق کا مجسم نمونہ تھا، لیکن حضرت عمرؓ کو جو تقرب خاص حاصل تھا اُس کے لحاظ سے اُن کو زیادہ حصّہ ملا، وہ محاسن ومحامد کی مجسم تصویر تھے اور اُن کے آئینۂ اخلاق مین خلوص، انقطاع الی اللہ، لذائذ دنیا سے اجتناب، حفظِ لسان، حق پرستی، راست گوئی، تواضع اور سادگی کا عکس سب سے زیادہ نمایان نظر آتا ہے، حضرت عمرؓ کے یہ اوصاف خود اُن کی ذات تک محدود نہ تھے، بلکہ جو اُن کی صحبت مین رہتا تھا وہ بھی کم وبیش متاثر ہو کر اس قالب مین ڈھل جاتا تھا مسور بن مخرمہؓ کا بیان ہے کہ ہم اس غرض سے حضرت عمرؓ کے ساتھ رہتے تھے کہ اُن سے پرہیزگاری وتقوی سیکھین، عہد فاروقی کے افسرون اور عہدہ دارون کے حالات کا بغور مطالعہ کرو، تم کو معلوم ہوگا کہ وہ سب ایک ہی رنگ مین رنگے ہوے تھے،

خوفِ خدا اخلاق کی پختگی اور استواری کا اصلی سرچشمہ خشیتِ الٰہی اور خداوند جل وعلا کی جبروتیت وعظمت کا غیر متزلزل تیقن ہے، جو دل خشوع وخضوع اور خوفِ خداوندی سے خالی ہوتا ہے اس کی حقیقت ایک مضغۂ گوشت سے زیادہ نہین ہوتی، حضرت عمرؓ خشوع وخضوع کے ساتھ رات رات بھر نمازین پڑھتے، جب صبح ہونے کو آتی تو گھر والون کو

جگاتے اور یہ آیت پڑھتے وامر اھلك بالصلوٰۃ، نماز مین عموماً ایسی سورتین پڑھتے جسمین قیامت کا ذکر یا خدا کی عظمت وجلال کا بیان ہوتا، اور اس سے اس قدر متاثر ہوتے کہ کہ روتے روتے ہچکی بندھ جاتی، حضرت عبداللہ بن شدادؓ کا بیان ہے کہ مین باوجودیکہ پچھلی صف مین رہتا تھا لیکن حضرت عمرؓ یہ آیت انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ پڑھکر اس زور سے روتے تھے کہ مین رونے کی آواز سنتا تھا، حضرت امام حسنؓ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ نماز پڑھ رہے تھے جب اس آیت پر پہونچے اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ مَالَهٗ مِنْ دَافِعٍ تو بہت متاثر ہوئے، اور روتے روتے آنکھین سوج گئین، اسی طرح ایک دفعہ اس آیت پر واذا القوا منہا مکاناً ضیقاً مقرنین دعوا ھنالك ثبورًا، اسقدر خضوع وخشوع طاری ہوا کہ اگر کوئی شخص جو اُن کے حال سے واقف نہوتا دیکھ لیتا تو سمجھتا کہ اسی حالت مین روح پرواز کر جائیگی، رقتِ قلب اور عبرت پذیری کا یہ عالم تھا کہ ایک روز صبح کی نماز مین سورہ یوسف شروع کی اور جب اس آیت پر پہونچے وابیضت عَیْنٰهُ من الحزن فھو کظیم تو زار وقطار رونے لگے، یہان تک کہ قرآن ختم کر کے رکوع پر مجبور ہوگئے۔

قیامت کے مواخذہ سے بہت ڈرتے تھے اور ہر وقت اس کا خیال رہتا تھا، صحیح بخاری مین ہے کہ ایک دفعہ ایک صحابی سے کہا کہ "تم کو یہ پسند ہے کہ ہم رسول اللہ صلعم کے ساتھ اسلام لائے ہجرت کی، جہاد اور نیک اعمال کیئے، اسکے بدلہ مین دوزخ سے بچ جائین اور عذاب وثواب برابر ہوجائے"، بولے خدا کی قسم نہین ہم نے آپ کے بعد بھی روزہ رکھا، نماز پڑھی، بہت سے نیک کام کیئے اور ہمارے ہاتھ پر بہت سے لوگ اسلام لائے ہم کو اُن اعمال سے بڑی بڑی توقعات

۱؎ موطا امام مالک باب ماجاء فی صلوٰۃ اللیل ۲؎ بخاری کتاب الصلوٰۃ باب اذا بکی الامام فی الصلوٰۃ ۳؎ ترجمہ تیرے رب کا عذاب یقینی ہو کر رہنے والا ہے، اسکو کوئی دفع کرنیوالا نہین ہے، ۴؎ کنز العمال ج ۶ ص ۳۳۷

ہین،" حضرت عمرؓ نے فرمایا اس ذات کی قسم جسکے ہاتھ مین میری جان ہے مجھے تو یہی غنیمت معلوم ہوتا ہے کہ آپ عذاب سے بچ جائین اور نیکی اور بدی برابر ہو جائین[1] ایک بار راہ مین ایک تنکا اُٹھا لیا اور کہا "کاش مین بھی خس وخاشاک ہوتا، کاش! مین پیدا ہی نہ کیا جاتا! کاش! میری مان مجھے نہ جنتی[2] غرض حضرت عمرؓ کا دل ہر لمحہ خوفِ خداوندی سے لرزان و ترسان رہتا تھا، آپ فرماتے کہ "اگر آسمان سے ندا آئے کہ ایک آدمی کے سوا تمام دنیا کے لوگ جنتی ہین، تب بھی مواخذہ کا خوف زائل نہو گا کہ شاید وہ ایک بدقسمت انسان مین ہی ہون"[3]

حبِ رسول اور اتباعِ سنت

تہذیبِ نفس اور اخلاق حمیدہ سے مزین ہونے کے لیے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اپنے دل مین سید خلق عظیم یعنی رسول اکرم صلعم کی خالص محبت اور اتباعِ سنت کا صحیح جذبہ پیدا کرے، جو دل رسول اللہ کی محبت سے خالی اور جو قدم اسوۂ حسنہ کے جادۂ مستقیم سے منحرف ہے وہ کبھی سعادتِ کونین کی نعمت سے متمتع نہین ہو سکتا، ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے بارگاہِ نبوت مین عرض کیا کہ اپنی جان کے سوا حضور تمام دنیا سے زیادہ محبوب ہین، ارشاد ہوا عمر! میری محبت اپنی جان سے بھی زیادہ ہونا چاہیے، حضرت عمرؓ نے کہا اب حضور اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہین،

حضرت عمرؓ جمالِ نبوت کے سچے شیدائی تھے، اُن کو اس راہ مین جان، مال، اولاد اور عزیز و اقارب کی قربانی سے بھی دریغ نہ تھا، عاصی بن ہشام جو حضرت عمرؓ کا ماموں تھا معرکۂ بدر مین خود اُن کے ہاتھ سے مارا گیا، اسیطرح جب آنحضرت صلعم نے ازواج مطہرات رضؓ سے ناراض ہو کر علیحدگی اختیار کر لی تو حضرت عمرؓ نے یہ خبر سن کر حاضر خدمت ہونا چاہا، بار بار اذن طلب کرنے پر بھی اجازت نہ ملی تو پکار کر کہا "خدا کی قسم مین حفصہ کی سفارش کے لیے نہین آیا ہون اگر رسول اللہ صلعم حکم دین

[1] بخاری باب ایام الجاہلیہ [2] کنز العمال ج ۶ ص ۳۴۵، [3] ایضاً،

تو اس کی گردن ماردو ن[۱]،

حضرت عمرؓ کی محبت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ رسول اللہؐ نے وفات پائی تو ان کو کسی طرح اس کا یقین نہین آتا تھا، مسجد نبوی مین حالت وارفتگی مین قسمین کھا کھا کر اعلان کرتے تھے کہ جو کہے گا کہ میرا محبوب آقا دنیا سے اُٹھ گیا تو اس کا سر اڑا دون گا، آپ کے وصال کے بعد جب کبھی عہد مبارک یاد آجاتا تو رقت طاری ہو جاتی اور روتے روتے بیتاب ہو جاتے، ایک دفعہ سفر شام کے موقع پر حضرت بلالؓ نے مسجد اقصیٰ مین اذان دی تو رسول اللہؐ کی یاد تازہ ہو گئی اور اسقدر روئے کہ ہچکی بندھ گئی[۲]،

قاعدہ ہے کہ محبوب کا عزیز بھی عزیز ہوتا ہے اس بنا پر جن لوگون کو آنحضرتؐ اپنی زندگی مین عزیز رکھتے تھے، حضرت عمرؓ نے اپنے ایام خلافت مین اُن کا خاص خیال رکھا، اسامہؓ ابن زید کی تنخواہ اپنے بیٹے عبداللہؓ سے زیادہ مقرر کی، عبداللہؓ نے عذر کیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہؐ اسامہؓ کو تجھسے زیادہ عزیز رکھتے تھے[۳]، اسیطرح فتح مدائن کے بعد مال غنیمت آیا تو حضرت عمرؓ نے امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کو ہزار ہزار درہم مرحمت فرمائے اور اپنے صاحبزادہ حضرت عبداللہؓ کو صرف پانچسو دیے، حضرت عبداللہؓ نے عذر کیا اور کہا کہ جب یہ دونون بچے تھے اسوقت بھی مین رسول اللہؐ کے ساتھ معرکون مین پیش پیش رہا ہون، حضرت عمرؓ نے کہا ہان! لیکن اُن کے بزرگون کا جو رتبہ ہے وہ تیرے باپ دادا کا نہین ہے، حضرت عمرؓ ازواج مطہراتؓ کی راحت و آسایش اور عزت و احترام کا بھی خاص لحاظ رکھتے تھے چنانچہ اُن کی تنخواہین بارہ بارہ ہزار مقرر کین اور یہ سب سے بڑی مقدار تھی[۴]،

---

[۱] فتح الباری جلد ۹ صفحہ ۱ ۵ ۲، [۲] فتوح الشام ازدی فتح بیت المقدس [۳] مستدرک جلد ۳ مناقب عبداللہ بن عمرؓ [۴] کتاب الخراج صفحہ ۲۴،

سنہ ۲۳ ہجری میں جب امیر الحاج بنکر گئے تو ازواج مطہرات رض کو بھی نہایت ادب و احترام کے ساتھ ہمراہ لے گئے، حضرت عثمان رض اور حضرت عبدالرحمن بن عوف رض کو سواریوں کے ساتھ کر دیا تھا، یہ لوگ آگے پیچھے چلتے تھے، اور کسی کو سواریوں کے قریب نہیں آنے دیتے تھے، ازواج مطہرات رض منزل پر اترتی تھیں تو حضرت عمر رض کے ساتھ قیام کرتی تھیں اور حضرت عبدالرحمن بن عوف رض کسی کو قیامگاہ کے متصل آنے کی اجازت نہیں دیتے تھے[۱]،

اتباع سنت حضرت عمر رض کے دستور عمل کا سب سے زرین صفحہ تھا، وہ خورد نوش، لباس و وضع، نشست و برخاست غرض ہر چیز میں اسوۂ حسنہ کو پیش نظر رکھتے تھے، چونکہ رسول اللہ صلعم نے ہمیشہ فقر و فاقہ سے بسر کیا، اس لیے اُنھوں نے بھی روم و ایران کی شاہنشاہی ملنے کے بعد بھی فقر و فاقہ کی زندگی کا ساتھ نہ چھوڑا، ایک دفعہ حضرت حفصہ رض نے کہا کہ اب خدا نے مرفہ الحالی عطا فرمائی ہے اس لیے آپ کو نرم کپڑا اور نفیس غذا سے پرہیز نہ کرنا چاہیے، حضرت عمر رض نے کہا جان پدر! تم رسول اللہ صلعم کی عسرت اور تنگ حالی کو بھول گئیں، خدا کی قسم میں اپنے آقا کے نقش قدم پر چلوں گا کہ آخرت کی فراغت اور خوش حالی نصیب ہو، اس کے بعد وہ دیر تک رسول اللہ صلعم کی عسرت کا تذکرہ کرتے رہے، یہانتک کہ حضرت حفصہ رض بیتاب ہو کر رونے لگیں[۲]،

ایک دفعہ یزید بن ابی سفیان کے ساتھ شریک طعام ہوئے معمولی کھانے کے بعد دسترخوان پر جب عمدہ کھانے لائے گئے تو حضرت عمر رض نے ہاتھ کھینچ لیا اور کہا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں عمر کی جان ہے اگر تم رسول اللہ صلعم کی روش سے ہٹ جاؤ گے تو خدا تمکو جادۂ مستقیم سے منحرف کر دیگا[۳]،

---

[۱] ابن سعد تذکرہ عبدالرحمن بن عوف [۲] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۴۹ [۳] ایضاً ۳۴۵،

اسلام مین شعائر اللہ کی تعظیم کا حکم ہے، آنحضرت صلعم نے حجر اسود کو بوسہ دیا تھا، حضرت عمرؓ کو اپنے زمانۂ خلافت مین جب اس کا موقع پیش آیا تو خیال ہوا کہ ایسا نہو کہ اس پتھر کے بوسہ دینے سے کبھی مسلمانون کو یہ دھوکا ہو کہ اسمین بھی الٓہی شان ہے، اس لیے حجر اسود کو بوسہ دیا تو حجر اسود کے سامنے کھڑے ہو کر علانیہ کہا،

انی اعلم انك حجر وانك لا تضر ولا	مین جانتا ہون کہ تو ایک پتھر ہے نہ نقصان پہونچا سکتا ہے
تنفع ولولا انی رأیت رسول اللہ	نہ نفع اگر مین رسول اللہؐ کو بوسہ دیتے نہ دیکھتا تو تجھے ہرگز
یقبلك ما قبلتك،	بوسہ نہ دیتا،

اسیطرح طواف مین رمل کا حکم مشرکین کو رعب دلانے پر مبنی تھا لیکن جب خدا نے ان کو ہلاک کر دیا تو حضرت عمرؓ کو خیال ہوا کہ اب رمل سے کیا فائدہ ہے مگر پھر آنحضرتؐ کی یادگار کو ترک کرنے پر جرأت نہوئی،[1]

حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلعم کو جو کام جسطرح کرتے دیکھا تھا ان کی کوشش تھی کہ وہ بھی اسیطرح عمل پیرا ہون، ایک دفعہ رسول اللہؐ نے ذو الحلیفہ مین دو رکعت نماز پڑھی تھی، حضرت عمرؓ جب اس طرف سے گذرتے تو اس جگہ دو رکعت نماز ادا کر لیتے تھے، ایک شخص نے پوچھا یہ نماز کیسی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ مین نے یہان رسول اللہ صلعم کو نماز پڑھتے دیکھا تھا،[2]

حضرت عمرؓ کی کوشش صرف اپنی ذات تک محدود نہ تھی بلکہ وہ چاہتے تھے کہ ہر شخص کا دل اتباعِ سنت کے جذبہ سے لبریز ہو جائے، ایک دفعہ جمعہ کے روز خطبہ دے رہے تھے کہ ایک شخص مسجد مین داخل ہوا، حضرت عمرؓ نے عین خطبہ کی حالت مین اسکی طرف دیکھا اور کہا یہ کیا وقت ہے؟ اُنھون نے کہا مین بازار سے آ رہا تھا کہ اذان سُنی، وضو کر کے فوراً حاضر ہوا،

[1] بخاری کتاب الحج، [2] مسلم باب الصلوۃ بذی الحلیفہ،

حضرت عمرؓ نے کہا وضو پر کیوں اکتفا کیا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کا حکم دیا کرتے تھے[1]

زہد وقناعت دنیا طلبی اور حرص تمام بداخلاقیوں کی بنیاد ہے، اس لیے حضرت عمرؓ کو اس سے طبعی نفرت تھی، یہاں تک کہ خود اُن کے ہمرتبہ معاصرین کو اعتراف تھا کہ وہ زہد وقناعت کے میدان میں سب سے آگے ہیں، حضرت طلحہؓ کا بیان ہے کہ قدامتِ اسلام اور ہجرت کے لحاظ سے بہت سے لوگوں کو عمر بن خطابؓ پر فوقیت حاصل ہے لیکن زہد وقناعت میں وہ سب سے بڑھے ہوئے ہیں، صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلعم جب حضرت عمرؓ کو کچھ دینا چاہتے تھے وہ عرض کرتے تھے کہ مجھ سے زیادہ حاجتمند لوگ موجود ہیں اور وہ اس عطیہ کے زیادہ مستحق ہیں، آنحضرتؐ ارشاد فرماتے کہ "اسکو لے لو پھر تمھیں اختیار ہے اپنے پاس رکھو یا صدقہ کردو، انسان کو اگر بے طلب ملجائے تو لے لینا چاہیے"[2]

حضرت عمرؓ کا جسم کبھی نرم اور ملائم کپڑے سے مس نہیں ہوا، بدن پر بارہ بارہ پیوند کا کرتہ، سر پر پھٹا عمامہ اور پاؤں میں پھٹی جوتیاں ہوتی تھیں، پھر اسی حالت میں قیصر وکسریٰ کے سفیروں سے ملتے تھے، اور وفود کو اپنے دربار میں باریاب کرتے تھے، مسلمانوں کو شرم آتی تھی، مگر اقلیمِ زہد کے شہنشاہ کے آگے کون زبان کھولتا؟ ایک دفعہ حضرت عائشہؓ اور حضرت حفصہؓ نے کہا امیر المومنین! اب خدا نے مرفہ الحال کیا ہے بادشاہوں کے سفراء اور عرب کے وفود آتے رہتے ہیں، اس لیے آپ کو اپنے طرزِ معاشرت میں تغیر کرنا چاہیے، حضرت عمرؓ نے کہا افسوس تم دونوں امہات المومنین ہو کر دنیا طلبی کی ترغیب دیتی ہو، عائشہؓ! تم رسول اللہؐ کی اس حالت کو بھول گئیں کہ تمھارے گھر میں صرف ایک کپڑا تھا جسکو دن کو بچھاتے تھے اور رات کو اوڑھتے تھے، حفصہ! تم کو یاد نہیں ہے کہ ایک دفعہ تم نے فرش کو

---

[1] بخاری کتاب الجمعہ باب فضل الغسل یوم الجمعہ، [2] ابو داؤد کتاب الزکوٰۃ باب فی الاستعفاف،

دُہرا کرکے بچھا دیا تھا تو رسول اللہ اس کی نرمی کے باعث رات بھر سوتے رہے اور جب

بلال رضؓ نے اذان دی تو آنکھ کھُلی، اُسوقت آپ نے فرمایا،

یا حفصۃ ماذا صنعت ثنیت المھاد — حفصہ! تم نے یہ کیا کیا کہ فرش کو دہرا کر دیا کہ مین صبح تک

حتیٰ ذھب بی النوم الی الصباح مالی — سوتا رہا، مجھے دنیاوی راحت سے کیا تعلق ہے اور فرش

وللدنیا ومالی شغلتمونی بلین الفراش [1] — کی نرمی سے تم نے مجھے کیون غافل کر دیا؟

ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے اپنا گزی کا کرتہ ایک شخص کو دھونے اور پیوند لگانے کے

لیے دیا اُس نے اُسکے ساتھ ایک نرم کپڑے کا کرتہ پیش کیا، حضرت عمرؓ نے اسکو واپس کر دیا

اور اپنا کرتہ لیکر کہا اسمین پسینہ خوب جذب ہوتا ہے [2]

کپڑا عموماً گرمی مین بنواتے تھے اور پھٹ جاتا تو پیوند پر پیوند لگاتے تھے حضرت حفصہ رضؓ

نے اُسکے متعلق گفتگو کی تو فرمایا مسلمانون کے مال مین سے اس سے زیادہ تصرف نہین کر سکتا [3]

ایک دفعہ دیر تک گھر مین رہے، باہر آئے تو لوگ انتظار کر رہے تھے معلوم ہوا کہ پہننے کو کپڑے

نہ تھے، اس لیے انہی کپڑون کو دُھو کر سوکھنے کو ڈال دیا تھا، خشک ہو گئے تو وہی پہنکر باہر نکلے

غذا بھی عموماً نہایت سادہ ہوتی تھی، معمولاً روٹی اور روغن زیتون دسترخوان پر ہوتا

تھا، روٹی اکثر گیہون کی ہوتی تھی لیکن آٹا چھانا نہین جاتا تھا، مہمان یا سفراء آتے تھے تو

کھانے کی اُن کو تکلیف ہوتی تھی کیونکہ وہ ایسی سادہ اور معمولی غذا کے عادی نہین ہوتے تھے،

حفص بن ابی العاص کھانے کے وقت موجود ہوتے تھے لیکن شریک نہین ہوتے تھے،

ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے وجہ پوچھی تو کہا کہ آپ کے دسترخوان پر ایسی سادہ اور معمولی غذا ہوتی

ہے کہ ہم لوگ اپنے لذیذ اور نفیس کھانون پر اُسکو ترجیح نہین دے سکتے حضرت عمرؓ نے کہا کیا تم

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۵۰، [2] کنز العمال ج ۶ ص ۳۴۶، [3] ایضاً صفحہ ۳۴۲،

سمجھتے ہو کہ مین قیمتی اور لذیذ کھانا کھانے کی مقدرت نہین رکھتا، قسم ہے اس ذات کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے اگر قیامت کا خوف نہوتا تو مین بھی تم لوگون کی طرح دنیا دی عیش وعشرت کا دلدادہ ہوتا[1]

حضرت عمرؓ ہر شخص کو اپنی طرح زہد اور سادگی کی حالت مین دیکھنا چاہتے تھے، وقتاً فوقتاً اپنے عمال اور حکام کو ہدایت کرتے رہتے تھے کہ رومیون اور عجمیون کی معاشرت نہ اختیار کرین، سفرِ شام مین جب افسرون کو اس وضع مین دیکھا کہ بدن پر حریر ودیبا کے حلے اور پُر تکلف قبائین تھین اور زرق برق پوشاک اور ظاہری شان وشوکت سے عجمی معلوم ہوتے تھے تو حضرت عمرؓ کو اسقدر غصہ آیا کہ گھوڑے سے اُتر پڑے اور سنگریزے اُٹھا کر اُن کی طرف پھینکنے لگے کہ اس قدر جلد تم نے عجمی عادتین اختیار کر لین، اسی طرح ایک دفعہ ایک شخص جسکو اُنھون نے یمن کا عامل مقرر کیا تھا اس صورت سے ملنے آیا کہ لباس فاخرہ زیب بدن کیے ہوئے تھا اور بالون مین خوب تیل پڑا ہوا تھا، تو حضرت عمرؓ نہایت ناراض ہوئے اور وہ کپڑے اتروا کر موٹا جھوٹا کپڑا پہنایا،

احنف بن قیس ایک جماعت کے ساتھ عراق کی ایک مہم پر روانہ کئے گئے، وہ وہان سے کامیاب ہو کر تزک واحتشام کے ساتھ واپس آئے تو حضرت عمرؓ نے ان کے زرق برق پوشاک کو دیکھ کر مُنھ پھیر لیا، وہ لوگ امیر المومنین کو برہم دیکھ کر دربار سے اُٹھ آئے اور عرب کی سادہ پوشاک زیب تن کر کے پھر حاضرِ خدمت ہوئے حضرت عمرؓ اس لباس مین دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور فرداً فرداً ہر ایک سے بغلگیر ہوئے،

قناعت کا یہ حال تھا کہ اپنے ایامِ خلافت مین چند برس تک مسلمانون کے مال سے

---

[1] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۴۶،

ایک خرمہرہ نہین لیا حالانکہ فقر و فاقہ سے حالت تباہ تھی، صحابہ نے اُن کی عسرت اور تنگدستی کو دیکھکر اسقدر تنخواہ مقرر کردی جو معمولی خوراک اور لباس کیلئے کافی ہو لیکن شہنشاہ قناعت نے اس شرط پر قبول کیا کہ جب تک ضرورت ہے لون گا اور جب میری مالی حالت درست ہوجائیگی کچھ نہ لون گا، وہ فرمایا کرتے تھے کہ میرا حق مسلمانون کے مال مین اسیقدر ہے جسقدر یتیم کے مال مین ولی کا ہوتا ہے[1]، مین اپنی ذات پر اُس سے زیادہ نہین صرف کرسکتا، جسقدر خلافت سے پہلے اپنے مال سے صرف کرتا تھا، ایک دفعہ ربیع بن زیاد حارثی نے کہا امیرالمومنین! آپ کو خدانے جو مرتبہ بخشا ہے اُسکے لحاظ سے آپ دنیا مین سب سے زیادہ عیش و نشاط کی زندگی کے مستحق ہین، حضرت عمرؓ نہایت خفا ہوئے اور فرمایا مین قوم کا امین ہون، امانت مین خیانت کب جائز ہے[2]؟ اسیطرح ایک دفعہ عتبہ بن فرقد شریک طعام تھے اور اُبلا ہوا گوشت اور سوکھی روٹی کے ٹکڑے زبردستی حلق سے فرو کررہے تھے، حضرت عمرؓ نے کہا اگر تم سے نہین کھایا جاتا تو نہ کھاؤ، عتبہ سے نہ رہا گیا، کہنے لگے امیرالمومنین! اگر آپ اپنے کھانے پہننے مین کچھ زیادہ صرف کرین گے تو اس سے مسلمانون کا مال کم نہوجائیگا، حضرت عمرؓ نے کہا، افسوس!! تم مجھے دنیاوی عیش و تنعم کی ترغیب دیتے ہو[3]،

حضرت عمرؓ اپنے وسیع کنبہ کے لیے بیت المال سے صرف دو درہم روزانہ لیتے تھے اور تکلیف و عسرت کے ساتھ بسر کرتے تھے، ایک دفعہ حج مین اسی درہم صرف ہوگئے تو آپکو افسوس ہوا کہ اسراف ہوگیا[4]، کپڑے پھٹ جاتے تھے لیکن اس خیال سے کہ بیت المال پر بار نہ پڑے اُسی مین پیوند پر پیوند لگاتے جاتے تھے، حضرت امام حسنؑ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ جمعہ کے روز خطبہ دے رہے تھے مین نے شمار کیا تو اُن کے تہ بند پر بارہ پیوند لگے

---

[1] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۳۰، [2] ایضاً ص ۳۴۶، [3] ایضاً ص ۳۴۰ [4] اسد الغابہ ج ۴ ص ۷۲،

ہوے تھے[1] انس بن مالک رضؓ کا بیان ہے کہ مین نے زمانۂ خلافت مین دیکھا کہ اُن کے کرتے کے مونڈھے پر تہ بہ تہ پیوند لگے ہوے ہین[2]، غرض فاروق اعظم رضؓ نے زہد وقناعت کا جونمونہ پیش کیا ہے وہ عدیم النظیر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اُن کی عظمت وشان کے تاج پر زہد وقناعت کا طُرّہ نہایت خوشنما معلوم ہوتا ہے،

خلافت کے بارگران نے حضرت عمر رضؓ کو بہت زیادہ محتاط بنا دیا تھا کیونکہ اس وقت اُنکی معمولی بے احتیاطی اور فروگذاشت بھی قوم کے لیے صدہا خرابیون کا باعث ہوسکتی تھی، اور شکوک طبایع اُن کی ذراسی لغزش سے طرح طرح کے افسانے اختراع کرتے تھے، حضرت عمر رضؓ نے اپنے قبیلہ کے لوگون کو کبھی ملکی عہدے نہین دے کہ اس مین جانب داری پائی جاتی تھی، عمال وحکام تحائف بھیجتے تو واپس کردیتے اور اس سختی سے چشم نمائی کرتے کہ پھر کسی کو جرأت نہوتی، ایک دفعہ ابوموسیٰ اشعری رضؓ نے حضرت عمر رضؓ کی زوجہ عاتکہ بنت زید کے پاس ہدیۃً ایک نفیس چادر بھیجی، حضرت عمر رضؓ نے دیکھا تو ابوموسیٰ اشعری رضؓ کو بلا کر کے کہا مجھے اسکی ضرورت نہین[3]، اسی طرح ایک دفعہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ نے بیت المال کا جائزہ لیا تو وہان صرف ایک درہم موجود تھا انھون نے اس خیال سے کہ یہ یہان کیون پڑا رہے اُٹھا کر حضرت عمر رضؓ کے ایک صاحبزادے کو دیدیا، حضرت عمر رضؓ کو معلوم ہوا تو اُنھون نے درہم لیکر بیت المال مین داخل کردیا اور ابوموسیٰ اشعری رضؓ کو بلا کر فرمایا کہ افسوس تمکو مدینہ مین آل عمر کے سوا اور کوئی کمزور منظر نہ آیا تم چاہتے ہو کہ قیامت کے دن تمام اُمّت محمدیہ کا مطالبہ میری گردن پر ہو[4]؟

فتح شام کے بعد قیصرِ روم سے دوستانہ مراسم ہوگئے تھے اور خط وکتابت رہتی تھی،

---

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۴۷ [2] موطا امام مالک کتاب باب ما جاء فی لبس الثیاب [3] نزہۃ الابرار تذکرہ حضرت عمر رضؓ [4] کنز العمال ج ۶ ص ۳۵۷،

ایک دفعہ اُم کلثوم (حضرت عمرؓ کی زوجہ) نے قیصر کی حرم کے پاس تحفہ کے طور پر عطر کی چند شیشیاں بھیجین، اُس نے اُس کے جواب مین شیشیون کو جواہرات سے بھر کر بھیجا حضرت عمرؓ کو معلوم ہوا تو فرمایا کہ گو عطر تمھارا تھا لیکن قاصد جو لیکر گیا وہ سرکاری تھا اور اُس کے مصارف عام آمدنی سے ادا کیے گئے، غرض وہ جواہرات لیکر بیت المال مین داخل کر دیے اور ان کو کچھ معاوضہ دیدیا، اسیطرح ایک دفعہ بازار مین ایک نہایت فربہ اونٹ فروخت ہوتے دیکھا، دریافت سے معلوم ہوا کہ آپکے صاحبزادے عبداللہ کا ہے، اُن سے پوچھا کہ یہ اونٹ کیسا ہے؟ اُنھون نے کہا کہ مین نے اسکو خرید کر سرکاری چراگاہ مین بھیجدیا تھا اور اب کچھ فربہ ہو گیا ہے تو بیچنا چاہتا ہون، حضرت عمرؓ نے فرمایا چونکہ یہ سرکاری چراگاہ مین فربہ ہوا ہے، اس لیے تم صرف راس المال کے مستحق ہو اور بقیہ قیمت لیکر بیت المال مین داخل کر دو[1]،

حضرت عمرؓ کا تجارتی مشغلہ ایام خلافت مین بھی جاری تھا، ایک دفعہ شام کی طرف مال بھیجنا چاہا، روپیہ کی ضرورت ہوئی تو حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ سے قرض طلب کیا، اُنھون نے کہا آپ امیرالمومنین ہین، بیت المال سے اس قدر رقم قرض لے سکتے ہین، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ بیت المال سے نہین لونگا کیونکہ اگر ادا کرنے سے پہلے مرجاؤن گا تو تم لوگ میرے ورثہ سے مطالبہ نہ کروگے اور یہ بار میرے سر رہ جائیگا اس لیے چاہتا ہون کہ کسی ایسے شخص سے لون جو میرے متروکہ سے وصول کرنے پر مجبور ہو[2]،

ایک دفعہ بیمار ہوے طبیبون نے شہد تجویز کیا، بیت المال مین شہد موجود تھا لیکن قلب متقی بغیر مسلمانون کی اجازت کے لینے پر راضی نہ تھا چنانچہ اسی حالت مین مسجد تشریف لائے، مسلمانون کو جمع کرکے اجازت طلب کی، جب لوگون نے اجازت دی تو استعمال فرمایا[3]،

[1] کنزالعمال ج ۶ ص ۳۵۴، [2] طبقات ابن سعد جلد ثالث قسم اول صفحہ ۱۹۹ [3] ایضاً صفحہ ۱۹۸،

بحرین سے مال غنیمت مین مشک وعنبر آیا اُسکو مسلمانون مین تقسیم کرنے کے لیے کسی ایسے شخص کی تلاش ہوئی جسکو عطریات کے وزن مین دستگاہ ہو، حضرت عمرؓ کی بیوی عاتکہ بنت زید نے کہا کہ مین اس کام کو نہایت خوب کر سکتی ہون حضرت عمرؓ نے کہا تم سے یہ کام نہین لون گا کیونکہ مجھے خوف ہے کہ تمھاری انگلیون مین جو کچھ لگ جائے گا اس کو اپنے جسم مین لگاؤ گی اور اس طرح عام مسلمانون سے زیادہ میرے حصّہ مین آجائیگا[۱]

ابوموسیٰ اشعری رضؓ نے عراق سے زیورات بھیجے، اُسوقت آپ کی گود مین آپ کی سب سے پیاری بھتیجی اسمار بنت زید کھیل رہی تھی، اُس نے ایک انگوٹھی ہاتھ مین لے لی، حضرت عمرؓ نے بلطائف الحیل اُس سے لیکر زیورات مین ملادی، اور لوگون سے کہا کہ اس لڑکی کو میرے پاس سے لیجاؤ، اسی طرح عبداللہ بن ارقم نے معرکۂ جلولا کے بعد زیورات بھیجے تو آپ کے ایک صاحبزادہ نے ایک انگوٹھی کی درخوست کی، حضرت عمرؓ اس سوال پر خفا ہوے اور کچھ نہ دیا[۲]،

ایک دفعہ حضرت حفصہؓ یہ سُنکر کہ مال غنیمت آیا ہے حضرت عمرؓ کے پاس آئین اور کہا امیرالمومنین! اس مین میرا حق مجکو عنایت کیجئے مین ذوی القربیٰ مین سے ہون حضرت عمرؓ نے کہا نورنظر! تیرا حق میرے خاص مال مین سے ہے، یہ تو غنیمت کا مال ہے، افسوس! تو نے اپنے باپ کو دھوکا دینا چاہا وہ بیچاری خفیف ہو کر چلی گئین[۳]،

حضرت عمرؓ کی تمنا تھی کہ اپنے محبوب آقا حضرت سرور کائنات صلعم کے پہلو مین مدفون ہون، حضرت عائشہؓ نے اجازت بھی دیدی تھی مگر خیال تھا کہ شاید خلافت کے

---

[۱] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۵۰، [۲] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۵۰، [۳] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۵۰،

رعب نے اُنھین مجبور کیا ہو، اس لیے اپنے صاحبزادہ عبداللہؓ کو وصیت کی کہ مرنے کے بعد ایک مرتبہ پھر اجازت لی جائے، اگر اذن ہو تو خیر ورنہ عام مسلمانون کے قبرستان مین دفن کر دینا، اس طرح وفات کے بعد بھی فاروق اعظمؓ نے ورع و تقوی کا بدیع المثال نمونہ پیش کیا۱۔ رضی اللہ عنہ

تواضع

حضرت عمرؓ کی عظمت وشان اور رعب وداب کا ایک طرف تو یہ حال تھا کہ محض نام سے قیصر وکسری کے ایوان حکومت مین لرزہ پیدا ہو جاتا تھا، دوسری طرف تواضع اور خاکساری کا یہ عالم تھا کہ کاندھے پر مشک رکھکر بیوہ عورتون کے لیے پانی بھرتے تھے، مجاہدین کی بیویون کا بازار سے سودا سلف خرید کر لادیتے تھے، پھر اس حالت مین تھک کر مسجد کے گوشہ مین فرش خاک پر لیٹ جاتے تھے،

ایک دفعہ اپنے ایام خلافت مین سر پر چادر ڈالکر باہر نکلے، ایک غلام کو گدھے پر سوار جاتے دیکھا، چونکہ تھک گئے تھے، اس لیے اپنے ساتھ بٹھا لینے کی درخواست کی، اسکے لیے اس سے زیادہ کیا شرف ہو سکتا تھا فوراً اتر پڑا اور سواری کے لیے اپنا گدھا پیش کیا، حضرت عمرؓ نے کہا مین اپنی وجہ سے تمھین تکلیف نہین دے سکتا، تم جسطرح سوار تھے سوار ہو مین تمھارے پیچھے بیٹھ لون گا، غرض اسی حالت سے مدینہ کی گلیون مین داخل ہوئے، لوگ امیر المومنین کو ایک غلام کے پیچھے دیکھتے تھے اور تعجب کرتے تھے۲،

بارہا سفر کا اتفاق ہوا لیکن خیمہ وخرگاہ کبھی ساتھ نہین رہا، درخت کا سایہ شامیانہ اور فرش خاک بستر تھا، سفر شام کے موقع پر مسلمانون نے اس خیال سے کہ عیسائی امیر المومنین کے معمولی لباس اور بے سروسامانی کو دیکھکر اپنے دل مین کیا کہین گے سواری کے لیے

---

۱ بخاری کتاب المناقب باب قصۃ البیعۃ ۲ کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۵۳،

ترکی گھوڑا اور پہننے کے لیے قیمتی لباس پیش کیا، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ خدا نے ہم کو جو عزت دی ہے وہ اسلام کی عزت ہے اور ہمارے لیے یہی بس ہے،

ایکدن صدقہ کے اونٹوں کے بدن پر تیل مل رہے تھے ایک شخص نے کہا امیرالمومنین یہ کام کسی غلام سے لیا ہوتا، بولے مجھ سے بڑھکر کون غلام ہو سکتا ہے، جو شخص مسلمانون کا والی ہے وہ اُن کا غلام بھی ہے[1]،

تشدد و ترحم

حضرت عمرؓ کی تند مزاجی کے افسانے نہایت کثرت سے مشہور ہین، اور ایک حد تک اُن کی اصلیت بھی موجود ہے لیکن یہ قیاس صحیح نہین ہے کہ قدرت نے اُنکو لطف اور رحمدلی سے بالکل ناآشنا رکھا تھا، اصل یہ ہے کہ ان کا غیظ و غضب بھی خدا کے لیے تھا اور لطف و رحم بھی اسی کے لیے، جیسا کہ ایک موقع مین خود ارشاد فرمایا تھا،

واللہ لان قلبی فی اللہ حتی لھو الین من الزبد ولقد اشتد قلبی فی اللہ لھو اشد من الحجر،	واللہ! میرا دل خدا کے بارہ مین نرم ہوتا ہے تو جھاگ سے بھی نرم ہو جاتا ہے اور سخت ہوتا ہے تو پتھر سے بھی زیادہ سخت ہوتا ہے،

مثال کے طور پر چند واقعات درج ذیل ہین جس سے اندازہ ہوگا کہ حضرت عمرؓ کا غصہ اور لطف و رحم محض خدا کے لیے تھا ذاتیات کو مطلقاً دخل نہ تھا،

غزوۂ بدر مین کافرون نے بنوہاشم کو لڑنے پر مجبور کیا تھا اس لیے رسول اللہ صلعم نے حکم دیا کہ عباسؓ وغیرہ کہین نظر آئین تو اُن کو قتل نہ کرنا، ابوحذیفہؓ کی زبان سے نکل گیا، کہ بنوہاشم مین کیا خصوصیت ہے، اگر عباسؓ سے مقابلہ ہو گیا تو ضرور مزہ چکھادون گا، حضرت عمرؓ یہ گستاخی دیکھکر آپے سے باہر ہوگئے اور کہا اجازت دیجئے کہ مین اس کا سر اڑادون[2]،

[1] کنزالعمال جلد ۶ صفحہ ۳۲۴ [2] ابن سعد قسم اول جزء ۴ تذکرہ عباس صفحہ ۴،

حاطب بن ابی بلتعہ نے جو بڑے رتبہ کے صحابی تھے کفار مکہ سے خفیہ خط و کتابت کی، یہ راز معلوم ہوا تو حضرت عمرؓ نے برافروختہ ہو کر آنحضرت صلعم سے کہا کہ اجازت دیجیے کہ اسکو قتل کر دون[1] اسی طرح ذوالخویصرہ نے ایک دفعہ گستاخانہ کہا "محمد! عدل کر" حضرت عمرؓ غصہ سے بیتاب ہو گئے اور اسکو قتل کر دینا چاہا لیکن رحمۃ للعالمینؐ نے منع کیا[2]، غرض اسی قسم کے متعدد واقعات ہین جن سے اگر تم مزاج کی سختی کا اندازہ کر سکتے ہو تو دوسری طرف للہیت کا بھی اعتراف کرنا پڑے گا،

ایام خلافت مین جو سختیان ظاہر ہوئین وہ اصول سیاست کے لحاظ سے نہایت ضروری تھین، حضرت خالد بن ولیدؓ کی معزولی، حکام سے سختی کے ساتھ بازپرس، مذہبی پابندی کے لیے تنبیہ و تعزیر، یہ اور اسی قسم کے تمام امور حضرت عمرؓ کے فرائض منصبی مین داخل تھے اس لیئے انھون نے جو کچھ کیا وہ منصب خلافت کی حیثیت سے اُن پر واجب تھا، ورنہ اُن کا دل لطف و محبت کے شریفانہ جذبات سے خالی نہ تھا بلکہ وہ جسقدر مذہبی اور انتظامی معاملات مین سختی اور تشدد کرتے تھے اس سے زیادہ ہمدردی کے موقعون مین لطف و رحم کا برتاؤ کرتے تھے، خدا کی ذی عقل مخلوق مین غلامون سے زیادہ قابل رحم حالت کسی کی نہین ہوگی؟ حضرت عمرؓ نے عنان خلافت ہاتھ مین لینے کے ساتھ تمام عربی غلامون کو آزاد کرا دیا[3] اور یہ قانون بنا دیا کہ اہل عرب کبھی کسی کے غلام نہین ہو سکتے، کنز العمال مین بہ تصریح اُن کا قول مذکور ہے کہ لا یسترق عربی یعنی عربی غلام نہین ہو سکتا، عام غلامون کا آزاد کرانا بہت مشکل تھا تاہم اُن کے حق مین بہت سی مراعاتین قائم کین، مجاہدین کی تنخواہین مقرر ہوئین تو

---

[1] بخاری کتاب المغازی باب غزوۂ فتح و ما بعث بہ حاطب بن ابی بلتعہ [2] بخاری کتاب استعانۃ المعاندین باب من ترک قتال الخوارج للتالف و لا ینفر الناس عنہ، [3] یعقوبی جلد ۲ ص ۱۵۸

آقا کے ساتھ اسی قدر اُسکے غلام کی تنخواہ بھی مقرر ہوئی[۱]، اکثر غلامون کو بلا کر ساتھ کھانا کھلاتے، ایک شخص نے دعوت کی تو محض اسوجہ سے برافروختہ ہو کر اُٹھ گئے کہ اس نے دسترخوان پر اپنے غلامون کو نہین بٹھایا تھا، آپ اکثر حاضرین کو سنا کر کہتے تھے کہ جو لوگ غلامون کو اپنے ساتھ کھلانا عار سمجھتے ہین، خدا اُن پر لعنت بھیجتا ہے، غلامون کے لیے سب سے تکلیف دہ بات یہ تھی کہ وہ اپنے عزیز واقارب سے جدا ہو جاتے تھے، حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ کوئی غلام اپنے اعزہ سے جدا نہ کیا جائے[۲]،

سنہ۱۸ھ مین قحط پڑا تو حضرت عمرؓ کی بیقراری قابل دید تھی، دور دراز ممالک سے غلہ منگوا کر تقسیم کیا، گوشت، گھی، اور دوسری مرغوب غذائین ترک کر دین، اپنے لڑکے کے ہاتھ مین خربزہ دیکھا تو خفا ہوئے کہ قوم فاقہ مست ہے اور تو تفکہات سے لطف حاصل کرتا ہے، غرض جب تک قحط رہا، حضرت عمرؓ نے ہر قسم کے عیش ولطف سے اجتناب رکھا[۳]،

عراق عجم کے معرکہ مین نعمان اور دوسرے بہت سے مسلمان شہید ہوئے تو حضرت عمرؓ زار وقطار روتے تھے، مال غنیمت آیا تو غصہ سے واپس کر دیا کہ مجاہدین اور شہدا کے ورثہ مین تقسیم کر دیا جائے، تم نے انتظامات کے سلسلہ مین پڑھا ہوگا کہ حضرت عمرؓ نے اپنے عہد مین ہر جگہ لنگر خانے، مسافر خانے اور یتیم خانے بنوائے تھے، غربا، مساکین اور مجبور ولاچار آدمیون کے روزینے مقرر کر دیے تھے کیا یہ تمام امور لطف وترحم کے دائرہ سے باہر ہین؟

حضرت عمرؓ نے ذمیون اور کافرون کے ساتھ جو رحمدلی اور لطف کا سلوک کیا آج مسلمان مسلمان سے نہین کرتے، زندگی کے آخری لمحے تک ذمیون کا خیال رہا، وفات

[۱] فتوح البلدان ذکر العطا فی خلافۃ عمر بن الخطابؓ، [۲] کنز العمال جلد ۲، [۳] کنز العمال جلد ۶ وقائع عام الرمادہ صفحہ ۳۴۳،

کے وقت وصیت کی تو ذمیون کے حقوق پر خاص زور دیا[1]

عفو | اس لطف و ترحم کی بنا پر حضرت عمرؓ عفو اور درگذر سے بھی کام لیتے تھے، ایک دفعہ حر بن قیس اور عیینہ بن حصن حاضر خدمت ہوئے، عیینہ نے کہا آپ انصاف سے حکومت نہین کرتے، حضرت عمرؓ اس گستاخی پر بہت غضبناک ہوئے، حر بن قیس نے کہا امیر المومنین! قرآن مجید مین آیا ہو خذ العفو وأمر بالمعروف واعرض عن الجاھلین یہ شخص جاہل ہے اسکی بات کا خیال نہ کیجیے، اس گفتگو سے حضرت عمرؓ کا غصہ بالکل ٹھنڈا پڑ گیا[2]،

رفاہ عام | فاروق اعظمؓ کی زندگی کا حقیقی نصب العین رفاہ عام اور بہبودی بنی نوع انسان تھا، خلافت کی حیثیت سے اُنھون نے جو کچھ کیا اُس کی تفصیل گذر چکی ہے، ذاتی حیثیت سے بھی ان کا ہر لمحہ خلق اللہ کی نفع رسانی کیلیے وقف تھا اُن کا معمول تھا کہ مجاہدین کے گھرون پر جاتے اور عورتون سے پوچھکر بازار سے سودا سلف لا دیتے، مقام جنگ سے قاصد آتا تو اہل فوج کے خطوط خود اُن کے گھرون مین پہونچا آتے اور جس گھر مین کوئی لکھا پڑھا نہوتا خود ہی چوکھٹ پر بیٹھ جاتے اور گھر والے جو کچھ لکھاتے لکھدیتے، راتون کو عموماً گشت کرتے کہ عام آبادی کا حال معلوم ہو، ایک دفعہ حضرت عمرؓ گشت کرتے ہوے مدینہ سے تین میل کے فاصلہ پر مقام حرار پہونچے، دیکھا کہ ایک عورت پکا رہی ہے اور دو تین بچے رو رہے ہین، پاس جا کر حقیقت حال دریافت کی، اس نے کہا بچے بھوک سے تڑپ رہے ہین، مین نے اُن کے بہلانے کو خالی ہانڈی چڑھا دی ہے، حضرت عمرؓ اُسی وقت مدینہ آئے، اور آٹا، گھی، گوشت اور کھجورین لے چلے، حضرت عمرؓ کے غلام اسلم نے کہا مین لیے چلتا ہون، فرمایا ہان لیکن قیامت مین میرا بار تم نہین اُٹھاؤ گے، غرض حضرت عمرؓ خود سب سامان لیکر

[1] بخاری کتاب المناقب باب قصۃ البیعۃ والاتفاق علی عثمان [2] کنز العمال ج ۶ ص ۳۵۲،

اُس عورت کے پاس آئے اس نے کھانا پکانے کا انتظام کیا حضرت عمرؓ خود چولھا پھونکتے تھے، کھانا تیار ہوا تو بچے کھا کر خوشی خوشی اُچھلنے کودنے لگے، حضرت عمرؓ دیکھتے تھے اور خوش ہوتے تھے[1]

ایک دفعہ کچھ لوگ شہر کے باہر اُترے، حضرت عمرؓ نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کو ساتھ لیا اور کہا مجھکو ان کے متعلق مدینہ کے چورون کا ڈر لگا ہوا ہے چلو ہم دونون چلکر پہرہ دین، چنانچہ دونون آدمی رات بھر پہرہ دیتے رہے،[2]

ایک دفعہ حضرت عمرؓ رات کو گشت کر رہے تھے کہ ایک بدو کے خیمہ سے رونے کی آواز آئی، دریافت سے معلوم ہوا کہ بدو کی عورت دردِ زہ مین مبتلا ہے حضرت عمرؓ گھر آئے اور اپنی بی بی ام کلثوم کو ساتھ لیکر بدو کے خیمہ مین آئے، تھوڑی دیر کے بعد بچہ پیدا ہوا، ام کلثوم نے پکار کر کہا امیرالمومنین اپنے دوست کو مبارکباد دیجیے، بدو امیرالمومنین کا لفظ سنکر چونک پڑا، حضرت عمرؓ نے کہا کچھ خیال نہ کرو، کل میرے پاس آنا، بچہ کی تنخواہ مقرر کر دون گا،

حضرت عمرؓ اپنی غیر معمولی مصروفیت مین بھی مجبور، بیکس اور اپاہج آدمیون کی خدمت گذاری کیلیے وقت نکال لیتے تھے، مدینہ سے اکثر نابینا اور ضعیف اشخاص فاروق اعظمؓ کی خدمتگذاری کے ممنون تھے، خلوص کا یہ عالم تھا کہ خود اُن لوگون کو بھی خبر نہ تھی کہ یہ فرشتۂ رحمت کون ہے؟ حضرت طلحہؓ کا بیان ہے کہ ایک روز علی الصباح امیرالمومنین کو ایک جھونپڑے مین جاتے دیکھا خیال ہوا کہ یہان فاروق اعظمؓ کا کیا کام؟ دریافت سے معلوم ہوا کہ اس مین ایک نابینا ضعیفہ رہتی ہے اور وہ روز اسکی خبرگیری کے لیے جایا کرتے ہین،

[1] کنزالعمال جلد ۶ ص ۳۴۳ [2] طبری ص ۲۷۴۲،

خدا کی راہ مین دینا

حضرت عمرؓ بہت زیادہ دولتمند نہ تھے تاہم اُنھون نے جو کچھ خدا کی راہ مین صرف کیا وہ اُن کی حیثیت سے زیادہ تھا، ۹ھ مین آنحضرت صلعم نے غزوۂ تبوک کی تیاری کی تو اکثر صحابہ نے ضروریاتِ جنگ کے لیے بڑی بڑی رقمین پیش کین، حضرت عمرؓ نے اس موقع پر اپنے تمام مال واسباب مین سے آدھا لاکر پیش کیا[1]،

یہود بنی حارثہ سے آپ کو ایک زمین ملی تھی اُسکو راہِ خدا مین وقف کردیا، اسی طریقہ سے خیبر مین ایک بہترین سیرحاصل قطعۂ زمین ملا تو آنحضرتؐ کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض کیا کہ مجھے ایک قطعۂ زمین ملا ہے جس سے بہتر میرے پاس کوئی جائداد نہین ہے؛ آپ کا کیا ارشاد ہے؟ آپ نے فرمایا وقف کردو، چنانچہ حسبِ ارشاد نبوی فقراء، اعزہ، مسافر، غلام اور جہاد کیلیے وقف کردیا[2]،

ایک دفعہ ایک اعرابی نے نہایت رقت انگیز اشعار سنائے اور دستِ سوال دراز کیا، حضرت عمرؓ متاثر ہوکر بہت روئے اور کرتہ اتار کر دیدیا،

مساوات کا خیال

عہد فاروقی مین شاہ و گدا، امیر و غریب، مفلس و مالدار سب ایک حال مین نظر آتے تھے، عمال کو تاکیدی حکم تھا کہ کسی طرح کا امتیاز اور نمود اختیار نہ کرین، حضرت عمرؓ نے خود ذاتی حیثیت سے بھی مساوات کو اپنا خاص شعار بنایا تھا، یہی وجہ تھی کہ اُنھون نے اپنی معاشرت نہایت سادہ رکھی تھی، تعظیم و تکریم کو دل سے ناپسند کرتے تھے، ایک دفعہ کسی نے کہا "مین آپ پر قربان" تو فرمایا ایسا نہ کہا کرو اس سے تمھارا نفس ذلیل ہوجائے گا، اسی طرح زید بن ثابتؓ قاضی مدینہ کی عدالت مین مدعا علیہ کی حیثیت سے گئے تو اُنھون نے تعظیم کے لیے جگہ خالی کردی حضرت عمرؓ نے کہا "تمنے اس مقدمہ مین یہ پہلی ناانصافی کی"

[1] ترمذی فضائل ابی بکرؓ [2] ابوداؤد کتاب الوصایا باب ماجاء فی الرجل یوقف الوقف،

یہ کہکر اپنے فریق کے برابر بیٹھ گئے[1]

حضرت عمرؓ کا مقولہ تھا کہ مین اگر عیش و تنعم کی زندگی بسر کرون اور لوگ مصیبت و افلاس مین رہین تو مجھ سے بُرا کوئی نہو گا سفر شام مین نفیس و لذیذ کھانے پیش کئے گئے تو پوچھا کہ عام مسلمانون کو بھی یہ الوان نعمت میسر ہین؟ لوگون نے کہا ہر شخص کے لیے کس طرح ممکن ہے؟ فرمایا تو پھر مجھے بھی اسکی حاجت نہین،

خلافت کی حیثیت سے فاروق اعظمؓ کے جاہ و جلال کا سکہ تمام دنیا پر بیٹھا تھا، لیکن مساوات کا یہ حال تھا کہ قیصر و کسریٰ کے سفرا آتے تھے تو انھین پتہ نہین چلتا تھا کہ شاہ کون ہے اور گدا کون؟ درحقیقت حضرت عمرؓ نے خود نمونہ بنکر تمام مسلمانون کو مساوات اسلامی کا ایسا درس دیا تھا کہ حاکم و محکوم اور آقا و غلام مین ہمسری پیدا ہوگئی تھی،

غیرت

حضرت عمرؓ بالطبع غیور واقع ہوے تھے، یہانتک کہ خود رسول مقبول صلعم اُن کی غیرت کا پاس و لحاظ کرتے تھے، صحیح مسلم، ترمذی اور تقریباً تمام صحاح مین باختلافِ الفاظ مروی ہے کہ معراج کے موقع پر رسول اللہؐ نے جنت مین ایک عالیشان طلائی قصر ملاحظہ فرمایا جو فاروق اعظمؓ کیلیے مخصوص تھا تو صرف اسوجہ سے اندر تشریف نہین لے گئے کہ ان کی غیرت کا حال معلوم تھا حضرت عمرؓ سے ذکر آیا تو روکر کہنے لگے بابی انت و امی اعلیک اغار یعنی میرے باپ مان فدا ہون کیا مین حضور کے مقابلہ مین غیرت کرون گا[2]

آیتِ حجاب نازل ہونے سے پہلے عرب مین پردہ کا رواج نہ تھا یہان تک کہ خود ازواج مطہراتؓ پردہ نہین کرتی تھین، حضرت عمرؓ کی غیرت اس بے حجابی کو نہایت ناپسند کرتی تھی، بار بار رسول اللہؐ سے ملتجی ہوئے کہ آپ ازواج مطہراتؓ کو پردہ کا حکم دین،

[1] کنز العمال جلد ۳ صفحہ ۴۷۰ [2] بخاری مناقب عمرؓ

اس خواہش کے بعد ہی آیۂ حجاب نازل ہوئی'

حضرت عمرؓ کی غیرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جب اُنھین خبر ملی کہ مسلمان عورتین حمامون مین عیسائی عورتون کے سامنے بے پردہ نہاتی ہین تو تحریری حکم جاری کیا کہ "مسلمان عورت کا غیر مذہب والی عورت کے سامنے بے پردہ ہونا جائز نہین"

خانگی زندگی، حضرت عمرؓ کو اولاد وازواج سے محبت تھی مگر اسقدر نہین کہ خالق ومخلوق کے تعلقات مین فتنہ ثابت ہو، اہل خاندان سے بھی بہت زیادہ شغف نہ تھا البتہ زید سے جو حقیقی بھائی تھے نہایت الفت رکھتے تھے، جب وہ یمامہ کی جنگ مین شہید ہوے تو نہایت قلق ہوا فرمایا کرتے تھے کہ جب یمامہ کی طرف سے ہوا چلتی ہے تو مجکو زید کی خوشبو آتی ہے، زید نے اسما نامی ایک لڑکی چھوڑی اُسکو بہت پیار کرتے تھے،

مکہ سے ہجرت کر کے آے تو مدینہ سے دو تین میل کے فاصلہ پر عوالی مین رہتے تھے لیکن خلافت کے بعد خاص مدینہ مین مسجد نبوی کے متصل سکونت اختیار کی، چونکہ وفات کے وقت وصیت کر دی تھی کہ مکان بیچ کر قرض ادا کیا جائے اس لیے یہ مکان فروخت کر دیا گیا اور عرصہ تک دار القضا، کے نام سے مشہور رہا،

حصول معاش کا اصلی ذریعہ تجارت تھا مدینہ پہونچکر زراعت بھی شروع کی تھی لیکن خلافت کے بارگران نے جب انھین ذاتی مشاغل سے روکدیا تو اُن کی عسرت کو دیکھ کر صحابہ نے اسقدر تنخواہ مقرر کر دی جو معمولی خوراک اور لباس کے لیے کافی ہو، ۱۵ھ مین لوگون کے وظیفے مقرر ہوئے تو حضرت عمرؓ کے لیے بھی پانچہزار درہم سالانہ وظیفہ مقرر ہوا[۲]

[۱] مستدرک حاکم ج ۳ تذکرہ زید بن خطاب [۲] یہ وظیفہ بھی خلافت کی خصوصیت کی وجہ سے نہ تھا بلکہ تمام بدری صحابیون کا وظیفہ پانچ پانچ ہزار تھا، دیکھو فتوح البلدان ذکر العطا فی خلافت عمر بن الخطابؓ،

غذا نہایت سادہ تھی یعنی صرف روٹی اور روغنِ زیتون پر گذارہ تھا کبھی کبھی گوشت دودھ، ترکاری اور سرکہ بھی دسترخوان پر ہوتا تھا، لباس بھی نہایت معمولی ہوتا تھا، اکثر صرف قمیص پہنتے تھے، اکثر عمامہ باندھتے تھے، جوتی قدیم عربی وضع کی ہوتی تھی،

حلیہ یہ تھا رنگ گندم گون، سر چنپدلا، رخسارے کم گوشت، داڑھی گھنی، مونچھین بڑی بڑی، قد نہایت طویل یہان تک کہ سیکڑون کے مجمع مین کھڑے ہون تو سب سے سربلند نظر آئین،

امیر المومنین عثمانؓ بن عفان ذوالنورین

نام، نسب، خاندان عثمان نام، ابو عبداللہ اور ابو عمرو کنیت، ذوالنورین لقب، والد کا نام عفان والدہ کا نام اروی، والد کی طرف سے پورا سلسلہ نسب یہ ہے، عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی القرشیؓ؛ اور والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب یہ ہے اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف، اس طرح حضرت عثمانؓ کا سلسلہ پانچویں پشت میں عبد مناف پر آنحضرت صلعم سے ملجاتا ہے، اور چونکہ حضرت عثمانؓ کی نانی بیضا، ام الحکیم حضرت عبداللہ بن عبد المطلب کی سگی بہن اور رسول اللہ صلعم کی پھوپھی تھیں، اس لیے وہ ماں کی طرف سے حضرت سرور کائناتؐ کے رشتہ دار ہیں، آپکو ذوالنورین (دو نوروں والا) اس لیے کہا جاتا ہے کہ آنحضرتؐ کی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے اُن کے نکاح میں آئیں،

حضرت عثمانؓ کا خاندان ایامِ جاہلیت میں غیر معمولی وقعت و اقتدار رکھتا تھا، آپ کے جد اعلیٰ امیہ بن عبد شمس قریش کے رئیسوں میں تھے، شاہانِ بنو امیہ اسی امیہ بن عبد شمس کی طرف منسوب ہو کر اموئیین کے نام سے مشہور ہیں، عقاب یعنی قریش کا قومی علم اسی خاندان کے قبضہ میں تھا، جنگِ فجار میں اس خاندان کا نامور سردار حرب بن امیہ سپہ سالار اعظم کی حیثیت رکھتا تھا، عقبہ بن معیط نے جو اپنے زور، اثر اور قوت کے لحاظ سے اسلام کا بہت بڑا دشمن تھا، اموی تھا اسیطرح ابو سفیان بن حرب جس نے غزوہ بدر کے بعد

لہ فتح الباری کتاب المناقب؛

تمام غزوات مین رئیس قریش کی حیثیت سے رسول اللہ کا مقابلہ کیا تھا، اسی اموی خاندان کا ایک رکن تھا، غرض حضرت عثمان رضؓ کا خاندان، شرافت، ریاست اور عزت کے لحاظ سے عرب مین نہایت ممتاز تھا، اور بنو ہاشم کے سوا کسی دوسرے خاندان کو اس سے ہمسری کا دعوی نہین ہو سکتا تھا،

حضرت عثمان رضؓ واقعۂ فیل کے چھٹے سال یعنی ہجرت نبوی سے ۴۷ برس قبل پیدا ہوئے، بچپن اور سنِ رشد کے حالات پردۂ خفا مین ہین لیکن قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ انھون نے عام اہل عرب کے خلاف اسی زمانہ مین لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا، عہدِ شباب کا آغاز ہوا تو تجارتی کاروبار مین مشغول ہوے، اور اپنی صداقت، دیانت، امانت اور راستبازی کے باعث غیر معمولی فروغ حاصل کیا،

قبولِ اسلام حضرت عثمان رضؓ کا چونتیسوان سال تھا کہ داعیِ اسلام ؐ نے مکہ مین توحید کی صدائے غلغلہ انداز بلند کی، گو ملکی رسم و رواج اور عرب کے مذہبی تخیل کے لحاظ سے حضرت عثمان رضؓ کیلیے یہ آواز نامانوس تھی تاہم وہ اپنی فطری عفت، پارسائی، دیانت داری اور راستبازی کے باعث اس داعیِ حق کو لبیک کہنے کیلیے بالکل تیار تھے،

حضرت ابو بکر صدیق رضؓ ایمان لائے تو اُنھون نے دین مبین کی تبلیغ و اشاعت کو اپنا نصب العین قرار دیا اور اپنے حلقۂ احباب مین تلقین و ہدایت کا کام شروع کیا، ایامِ جاہلیت مین اُن سے اور حضرت عثمان رضؓ سے ارتباط تھا، اور اکثر نہایت مخلصانہ صحبت رہتی تھی ایک روز وہ حسب معمول حضرت ابو بکر رضؓ کے پاس آئے اور اسلام کے متعلق گفتگو شروع کی، حضرت ابو بکر رضؓ نے اس خوبی سے تبلیغ کا کام انجام دیا کہ حضرت عثمان رضؓ بارگاہِ نبوت مین حاضر ہو کر اسلام قبول کرنے پر آمادہ ہو گئے، ابھی دونون بزرگ جانے کا خیال ہی کر رہے تھے کہ خود حضرت

سرورِ کائنات صلعم تشریف لے آئے اور حضرت عثمان رض کو دیکھ کر فرمایا "عثمان! خدا کی جنت قبول کر، میں تیری اور تمام خلق کی ہدایت کے لیے مبعوث ہوا ہوں" حضرت عثمان رض کا بیان ہے کہ زبانِ نبوت کے ان صاف و سادہ جملوں میں خدا جانے کیا تاثیر بھری تھی کہ میں بے اختیار کلمۂ شہادت پڑھنے لگا اور دستِ مبارک میں ہاتھ دیکر حلقہ بگوشِ اسلام ہو گیا[1]

اس موقع پر یہ نکتہ بھی ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ حضرت عثمان رض کا تعلق اموی خاندان سے تھا جو بنو ہاشم کا حریفِ مقابل تھا اور رسول اللہ صلعم کی کامیابی کو اس لیے خوف وحسد کی نگاہ سے دیکھتا تھا کہ اس طریقہ سے عرب کی سیادت کی باگ بنو امیہ کے ہاتھ سے نکل کر بنو ہاشم کے دستِ اقتدار میں چلی جائے گی، یہی وجہ تھی کہ عقبہ بن معیط اور ابو سفیان وغیرہ اس تحریک کے دبانے میں نہایت سرگرمی سے پیش پیش تھے، لیکن حضرت عثمان رض کا آئینۂ دل خاندانی تعصب کے گرد و غبار سے پاک تھا، اس لیے اس قسم کی کوئی پیش بینی اُن کی صفائے باطن کو مکدر نہ کر سکی، اُنھوں نے نہایت آزادی کے ساتھ اپنے خاندان کے خلاف اس زمانہ میں حق کی آواز پر لبیک کہا، جبکہ صرف ۳۵ یا ۳۶ زن و مرد اس شرف سے مشرف ہوئے تھے،

شادی قبولِ اسلام کے بعد حضرت عثمان رض کو وہ شرف حاصل ہوا جو اُن کی کتابِ منقبت کا سب سے درخشان باب ہے، یعنی یہ کہ آنحضرت صلعم نے اُن کو اپنی فرزندی میں قبول فرمایا، آپ کی منجھلی صاحبزادی حضرت رقیہ رض کا نکاح پہلے ابو لہب کے بیٹے عتبہ سے ہوا تھا مگر اسلام کے بعد عتبہ کے باپ ابو لہب کو آنحضرت صلعم سے جو عداوت ہو گئی تھی اس سے مجبور ہو کر اس نے اپنے بیٹے پر زور ڈالا اور طلاق دلوا دی، آنحضرت صلعم نے صاحبزادی ممدوحہ کا دوسرا

[1] اصابہ جلد ۸ تذکرہ سعدیٰ بنت کریز

نکاح حضرت عثمان رضؓ سے کردیا، حضرت عثمان رضؓ کی اس شادی کے متعلق بعض نہایت لغو اور بیہودہ داستانیں کتابون مین ہین، مگر وہ تمام ترجھوٹی اور جعلی ہین اور محدثین نے موضوعات مین ان کا شمار کیا ہے،

حبشہ کی ہجرت

مکہ مین اسلام کی روزافزون ترقی سے مشرکین قریش کے غیظ و غضب کی آگ روز بروز زیادہ مشتعل ہوتی جاتی تھی، حضرت عثمان رضؓ بھی اپنی وجاہت اور خاندانی عزت کے باوجود عام بلاکشان اسلام کی طرح جفا کارون کے ظلم وستم کے نشانہ تھے، اُن کو خود اُن کے چچا نے باندھ کر مارا، اعزہ اور اقارب نے سرد مہری شروع کی اور رفتہ رفتہ اُنکی سخت گیری اور جفا کاری یہان تک بڑھی کہ وہ اُن کی برداشت سے باہر ہوگئی، اور بالآخر خود آنحضرت صلعم کے اشارہ سے اپنی اہلیہ محترمہ حضرت رقیہ رضؓ کو ساتھ لیکر ملک حبش کی طرف روانہ ہوگئے[1] چنانچہ یہ پہلا قافلہ تھا جو حق وصداقت کی محبت مین وطن اور اہل وطن کو چھوڑ کر سکون واطمینان کی سرزمین تلاش کرنے نکلا،

ہجرت کے بعد رسول اللہ صلعم کو ان کا کچھ حال معلوم نہ ہوسکا اس لیے پریشان خاطر تھے ایک روز ایک عورت نے خبر دی کہ اُس نے ان دونون کو دیکھا تھا، اسقدر حال معلوم ہونے کے بعد آپ نے فرمایا،

ان عثمان اول من ھاجر باھلہ یعنی من ھذہ الامۃ[2]

یعنی اس میری اُمت مین عثمان پہلا شخص ہے جو اپنے اہل وعیال کو لیکر جلا وطن ہوا،

حضرت عثمان رضؓ اس ملک مین چند سال رہے اور اس کے بعد جب بعض اور صحابہ قریش کے اسلام کی غلط خبر پاکر اپنے وطن واپس آئے تو حضرت عثمان رضؓ بھی آئے، یہان آکر

[1] طبقات ابن سعد قسم اول جزو ثالث صفحہ ۳۸ [2] اصابہ جلد ۸ تذکرہ رقیہ،

معلوم ہوا کہ یہ خبر جھوٹی ہے، اس بناپر بعض صحابہ پھر ملک حبش کی طرف لوٹ گئے، مگر حضرت عثمانؓ پھر نہ گئے،

مدینہ کی طرف ہجرت

اسی اثناء مین مدینہ کی ہجرت کا سامان پیدا ہوگیا، اور رسول اللہ صلعم نے اپنے تمام اصحاب کو مدینہ کی ہجرت کا ایما کیا تو حضرت عثمانؓ بھی اپنے اہل وعیال کے ساتھ مدینہ تشریف لیگئے اور حضرت اوس بن ثابتؓ کے مہمان ہوئے اور آپ نے انمین اور حضرت اوس بن ثابتؓ مین برادری قائم کردی، اس مواخات سے دونون خاندانون مین جسقدر محبت اور یگانگت پیدا ہوگئی تھی اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہی کہ حضرت عثمانؓ کی شہادت پر حضرت حسان بن ثابتؓ تمام عمر سوگوار رہے اور اُن کا نہایت پُر درد مرثیہ لکھا،

بیر رومہ کی خریداری

مدینہ آنے کے بعد مہاجرین کو پانی کی سخت تکلیف تھی، تمام شہر مین صرف بیر رومہ ایک ایسا کنوان تھا جس کا پانی پینے کے لائق تھا، لیکن اس کا مالک ایک یہودی تھا اور اس نے اُسکو ذریعۂ معاش بنا رکھا تھا، حضرت عثمانؓ نے اس عام مصیبت کو دفع کرنے کے لیے اس کنوئین کو خرید کر وقف کردینا چاہا، سعیِ بلیغ کے بعد یہودی صرف نصف حق فروخت کرنے پر راضی ہوا، حضرت عثمانؓ نے بارہ ہزار درہم مین نصف کنوان خریدلیا، اور شرط یہ قرار پائی کہ ایک دن حضرت عثمانؓ کی باری ہوگی اور دوسرے دن اس یہودی کے لیے یہ کنوان مخصوص رہیگا، جس روز حضرت عثمانؓ کی باری ہوتی تھی اُس روز مسلمان اسقدر پانی بھر کر رکھ لیتے تھے کہ دو دن تک کے لیے کافی ہوتا تھا، یہودی نے دیکھا کہ اب اس سے کچھ نفع نہین ہوسکتا تو وہ بقیہ نصف بھی

---

[1] طبقات قسم اول جزو ۳ صفحہ ۳۸،

فروخت کرنے پر راضی ہوگیا، حضرت عثمان رضؓ نے آٹھ ہزار درہم مین اس کو خرید کر عام مسلمانون کے لیے وقف کردیا، اسطرح اسلام مین حضرت عثمانؓ کے فیض کرم کا یہ پہلا ترشح تھا جس نے توحید کے تشنہ لبون کو سیراب کیا[1]، فجزاہ اللہ خیرالجزا،

غزوات اور دیگر حالات

ہجرت مدینہ کے بعد بھی مشرکین نے مسلمانون کو سکون واطمینان سے بیٹھنے نہین دیا اور اب تحقیر وتذلیل کے بجائے اسلام کی روز افزون ترقی سے خائف وہراسان ہوکر تیر وتفنگ اور تیغ وسنان کی قوت سے اس کی بیخکنی پر آمادہ ہوئے، چنانچہ سنہ ۲ ہجری سے فتح مکہ تک خونریز جنگون کا سلسلہ قائم رہا، حضرت عثمانؓ اگرچہ فطرۃً سپاہیانہ کامون کیلیے پیدا نہین ہوے تھے تاہم وہ اپنے محبوب ہادی طریقت کیلیے جان نثاری وفداکاری مین کسی سے پیچھے نہین رہے،

غزوۂ بدر اور حضرت رقیہؓ کی علالت

کفر واسلام کی سب سے پہلی جنگی آویزش جو بدر کی صورت مین ظاہر ہوئی، حضرت عثمانؓ اسمین ایک اتفاقی حادثہ کے باعث شریک ہونے سے مجبور تھے، یعنی آپ کی اہلیہ محترمہ اور رسول اکرمؐ کی نور نظر حضرت رقیہؓ بیمار ہوگئین اسلیے حضور پرنورؐ نے اُن کو مدینہ مین تیمارداری کیلیے چھوڑ دیا اور فرمایا تمکو شرکت کا اجر اور مال غنیمت کا حصہ دونون ملے گا[2]، اور خود تین سو سترہ قدوسیون کے ساتھ بدر کی طرف تشریف لیگئے،

حضرت رقیہؓ کا یہ مرض درحقیقت پیام موت تھا، غمگسار شوہر کی جانفشانی وتندہی سب کچھ کرسکتی تھی لیکن قضائے الٰہی کو کیونکر رد کرتی، مرض روز بروز بڑھتا گیا یہان تک کہ

---

[1] استیعاب ج ۲ صفحہ ۴۸۸، [2] بخاری کتاب المناقب باب مناقب عثمانؓ،

آپ کی غیر حاضری ہی میں اسی بیماری میں چند روز کے بعد وفات پا گئیں، اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ

حضرت عثمان رضؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ اِدھر اُس ملکہ جنت کی تجہیز و تکفین میں مشغول تھے اُدھر سے نعرۂ تکبیر کی صدا آئی، دیکھا تو حضرت زید بن حارثہؓ سرورِ عالمؐ کے ناقہ پر سوار فتحِ بدر کا مژدہ لیکر آرہے ہیں، محبوب بیوی کی وفات کا سانحہ کوئی معمولی سانحہ تھا، حضرت عثمان رضؓ ہمیشہ افسردہ خاطر رہتے تھے، اودھر اسلام کے پہلے امتحانگاہ (بدر) سے محرومی کا بھی افسوس تھا، حضرت عمرؓ نے ہمدردی کے طور پر کہا کہ جو ہونا تھا ہو گیا اب اسقدر رنج و غم سے کیا فائدہ؟ حضرت عثمان رضؓ نے کہا افسوس! میں جسقدر اپنی محرومیِ قسمت پر ماتم کروں کم ہے، رسول اللہؐ نے فرمایا تھا کہ قیامت کے دن میری قرابت کے سوا تمام قرابت داریاں منقطع ہو جائینگی، افسوس کہ میرا رشتہ خاندانِ رسالت سے ٹوٹ گیا[۱]، آنحضرت صلعم نے اُن کی دلدہی فرمائی، اور اس لیے کہ وہ درحقیقت ایک فرض کی ادائیگی میں مصروف تھے، اور اس وجہ سے بدر میں شریک نہو سکے تھے، آنحضرت صلعم نے اُن کو بھی مجاہد قرار دیدیا اور بدر کے مالِ غنیمت میں سے ایک مجاہد کے برابر حصّہ اُن کو عنایت کیا اور بشارت دی گئی کہ وہ اجر و ثواب میں بھی کسی سے کم نہیں رہیں گے، اس سے بڑھکر یہ کہ حضور انور نے اپنی دوسری صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضؓ سے اُن کا نکاح کر دیا، اور خاندانِ رسالت سے دوبارہ اُن کا تعلق قائم ہو گیا،

غزوۂ بدر کے بعد اور جسقدر معرکے پیش آئے سب میں حضرت عثمان رضؓ بامردی استقلال اور مردانہ شجاعت کے ساتھ رسالتمآب صلعم کے ہمرکاب رہے اور ہر موقع پر اپنی اصابتِ رائے اور جوش و ثبات کے باعث آپ کے دست و بازو ثابت ہوئے،

---

[۱] کنز العمال ج ۶ ص ۳۷۹،

غزوۂ احد | شوال ۳ھ مین جب غزوۂ اُحد پیش آیا تو پہلے غازیانِ دین نے غنیم کو شکست دیکر اس کو میدان سے بھگا دیا، وہ تیرانداز جو عقب کی حفاظت کر رہے تھے اپنی جگہ چھوڑ کے غنیمت کا مال جمع کرنے لگے، کفار نے مسلمانون کی اس جنگی غلطی سے فائدہ اٹھایا، اور پیچھے سے اچانک حملہ کردیا، چونکہ مسلمان غافل تھے، اس لیے اس ناگہانی افتاد کو روک نہ سکے، اسی اثناء مین مشہور ہوگیا کہ رسول خدا صلعم نے شہادت پائی، اس افواہ نے جان نثارونکے حواس اور بھی گم کردیے، سوائے چند آدمیون کے جو جہان تھا وہین متحیر ہوکر رہ گیا، حضرت عثمانؓ بھی اُنھین لوگون مین تھے،

جنگ اِحد مین صحابہ کا منتشر ہوجانا اگرچہ ایک اتفاقی سانحہ تھا جو مسلمان تیراندازون کے اپنے موقع کو چھوڑدینے کے باعث پیش آیا، تاہم لوگون کو اس کا سخت ملال تھا، خصوصاً حضرت عثمانؓ نہایت پشیمان تھے، لیکن خدائے پاک نے وحی کے ذریعہ سے عفو عام کی بشارت دی، چنانچہ ارشاد ہوا،

ان الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعان	اور تم مین سے وہ لوگ جنھون نے جنگ کے موقع پر
انما استزلھم الشیطان ببعض	پشت دکھادی حقیقت مین شیطان نے انکے بعض اعمال
ما کسبوا ولقد عفا اللہ عنھم	کے بدلے مین پھسلا دیا، اللہ نے اُن کو معاف کردیا اور بیشک
اِنَّ اللہَ غفورٌ حلیم،	خدا بڑا حلم والا اور آمرزگار ہے،

دیگر غزوات | غزوۂ احد کے بعد ۴ھ مین غزوۂ ذات الرقاع پیش آیا، آنحضرت صلعم اس مہم مین تشریف لیگئے اور حضرت عثمانؓ کو مدینہ مین قائم مقامی کا شرف حاصل ہوا[1]، پھر بنو نضیر کی جلاوطنی عمل مین آئی، اس کے بعد ۵ھ مین غزوۂ خندق کے معرکے پیش آئے، حضرت

[1] طبقات ابن سعد قسم اول جزو ثالث ص ۳۹،

عثمان رضؓ ان تمام مہمات مین شریک تھے، یہان تک کہ سنہ ۶ھ مین رسول اللہؐ نے زیارت کعبہ کا قصد فرمایا، حدیبیہ پہونچکر معلوم ہوا کہ مشرکین آمادۂ پرخاش ہین چونکہ رسول اللہؐ کو لڑنا مقصود نہین تھا اسلیے مصالحت کے خیال سے حضرت عثمانؓ کو سفیر بنا کر بھیجا،

سفارت کی خدمت حضرت عثمانؓ سفارت کی خدمت پر مامور ہوکر مکہ پہونچے تو کفار قریش نے ان کو روک لیا، اور سخت نگرانی قائم کردی تاکہ واپس جانے نہ پائین، جب کئی دن گذر گئے اور حضرت عثمانؓ کا کچھ حال نہین معلوم ہوا، تو مسلمانون کو سخت فکر لاحق ہوئی، پھر اسی حالت مین افواہ پھیلی کہ وہ شہید کردیے گئے، رسول اللہ صلعم نے یہ خبر سُنکر صحابہ سے جو تعداد مین چودہ سو تھے ایک درخت کے نیچے بیعت لی اور حضرت عثمانؓ کی طرف سے خود اپنے ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ رکھ کر بیعت کی، یہ حضرت عثمانؓ پر اعتماد اور وثوق کی وہ انتہا تھی، جو حضرت عثمانؓ کے تاجِ فخر کا طرۂ شرف ہے، اسی بیعت کا نام بیعتِ رضوان ہے،

ایک دفعہ ایک خارجی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے دریافت کیا کیا یہ سچ ہے کہ حضرت عثمانؓ نے بیعتِ رضوان نہین کی، آپ نے جواب دیا کہ ہان عثمانؓ اسوقت موجود نہ تھے، مگر اُس ہاتھ نے ان کی طرف سے قائم مقامی کی جس سے بہتر کوئی دوسرا ہاتھ نہین[1]،

مشرکینِ قریش نے مسلمانون کے جوش سے خائف ہوکر مصالحت کرلی اور حضرت عثمانؓ کو چھوڑ دیا، رسول اللہ صلعم اس سال بغیر عمرہ کیے اپنے فدائیون کے ساتھ مدینہ واپس آئے،

---

[1] سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۱۶۶ آنحضرتؐ کے اس اعزاز عطا فرمانیکا ذکر بخاری کتاب المناقب باب مناقب عثمان مین بھی ہے اور واقعات کی تفصیلات متفرق طور پر مختلف ابواب مین مذکور ہین،

سنہ ۷ھ مین معرکۂ خیبر پیش آیا، پھر سنہ ۸ھ مین مکہ فتح ہوا، نیز اسی سال ہوازن کی جنگ ہوئی جو غزوۂ حنین کے نام سے مشہور ہے، حضرت عثمانؓ ان تمام معرکون مین شریک رہے

غزوۂ تبوک اور تجہیز جیش عسرۃ

سنہ ۹ھ مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ قیصر روم عرب پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے، چونکہ یہ زمانہ نہایت عسرت اور تنگی کا تھا، اس لیے رسول اللہ صلعم کو سخت تشویش ہوئی، اور صحابہ کو جنگی سروسامان کیلیے زر و مال سے اعانت کی ترغیب دلائی، اکثر لوگون نے بڑی بڑی رقمین پیش کین، حضرت عثمانؓ ایک متمول تاجر تھے، اور اس زمانہ مین اُن کا تجارتی قافلہ ملک شام سے نفع کثیر کے ساتھ واپس آیا تھا، اس لیے اُنھون نے ایک تہائی فوج کو سروسامان سے آراستہ کردینے کا ذمہ لیا، ابن سعد کی روایت کے مطابق غزوۂ تبوک کی مہم مین تیس ہزار پیادے اور دس ہزار سوار شامل تھے اس بنا پر غالباً حضرت عثمانؓ نے دس ہزار سے زیادہ فوج کو اپنے خرچ سے آراستہ کیا تھا، اور اس اہتمام کے ساتھ کہ اس کے لیے ایک ایک تسمہ تک اُن کے روپے سے خریدا گیا تھا، اسکے علاوہ حضرت عثمانؓ نے ایک ہزار اونٹ، ستر گھوڑے اور سامان رسد کے لیے ایک ہزار دینار پیش کیا، حضور انور صلعم اس فیاضی سے اسقدر خوش تھے کہ اشرفیون کو دست مبارک سے اُچھالتے تھے اور فرماتے تھے،

ما ضر عثمان ما عمل بعد ھذا الیوم[1] یعنی آج کے بعد عثمان کا کوئی کام اسکو نقصان نہین پہنچائیگا

سنہ ۱۰ھ مین سید البشر نے آخری حج کیا جو حجۃ الوداع کے نام سے موسوم ہے، حضرت عثمانؓ بھی ہمرکاب تھے، حج سے واپس آنے کے بعد ماہ ربیع الاول سنہ ۱۱ھ کی ابتدا مین سرور کائنات علیہ الصلوات بیمار ہوئے، اور بارھوین ربیع الاول دوشنبہ کے دن رگرزین

[1] مستدرک حاکم جلد ۳ ص ۱۰۲ و ترمذی ابواب المناقب باب مناقب عثمان،

عالم جاودان ہوئے، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

رسول اللہ کی وفات کے بعد سقیفہ بنی ساعدہ مین حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے دستِ مبارک پر خلافت کی بیعت ہوئی، خلافت صدیقی مین حضرت عثمانؓ مجلس شوریٰ کے ایک معتمد رکن تھے، سوا دو برس کی خلافت کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے بھی رحلت فرمائی، اور حضرت ابوبکرؓ کی وصیت اور عام مسلمانون کی پسندیدگی سے حضرت فاروق اعظمؓ مسند آرائے خلافت ہوئے، حضرت عمرؓ کے استخلاف کا وصیت نامہ حضرت عثمانؓ ہی کے ہاتھ سے لکھا گیا تھا، اس سلسلہ مین ایک بات لحاظ رکھنے کے قابل ہے کہ وصیت نامہ کے دورانِ کتابت مین کسی کو خلیفہ نامزد کرنے کے قبل حضرت ابوبکرؓ پر غشی طاری ہوگئی، حضرت عثمانؓ نے اپنی عقل و فراست سے سمجھکر اپنی طرف سے حضرت عمرؓ کا نام لکھدیا اور عبارت پوری کردی، حضرت ابوبکرؓ کو ہوش آیا تو پوچھا کہ پڑھو کیا لکھا، انھون نے سنانا شروع کیا اور جب عمرؓ کا نام لیا تو حضرت ابوبکرؓ بے اختیار اللہ اکبر پکار اُٹھے اور حضرت عثمانؓ کی اس فہم و فراست کی بہت تعریف و توصیف کی[۱]

تقریباً دس برس کی خلافت کے بعد ۲۳ھ مین حضرت عمرؓ نے بھی سفرِ آخرت اختیار کیا، مرض الموت مین لوگون کے اصرار سے عہدۂ خلافت کیلئے چھ آدمیون کا نام پیش کیا کہ ان مین سے کسی کو منتخب کرلیا جائے، اُن کے نام یہ ہین، علیؓ، عثمانؓ، زبیرؓ، طلحہؓ، سعد وقاصؓ، عبدالرحمنؓ بن عوف اور تاکید کی کہ تین دن کے اندر انتخاب کا فیصلہ ہوجانا چاہیئے[۲]،

فاروق اعظمؓ کی تجہیز و تکفین کے بعد انتخاب کا مسئلہ پیش ہوا اور دو دن تک اس پر

---

[۱] ابن سعد جزو ۳ قسم اول تذکرۂ ابوبکر، [۲] ابن سعد تذکرۂ عثمان،

بحث ہوتی رہی لیکن کچھ فیصلہ نہوا، آخر تیسرے دن حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے کہا
کہ وصیت کے مطابق خلافت چھ آدمیون مین دائر رہے لیکن اسکو تین شخصون تک محدود
کرنا چاہیئے اور جو اپنے خیال مین جسکو زیادہ مستحق سمجھتا ہو اس کا نام لے، حضرت زبیرؓ نے
حضرت علی مرتضیٰؓ کی نسبت رائے دی، حضرت سعدؓ نے حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف
کا نام لیا اور حضرت طلحہؓ نے حضرت عثمانؓ کو پیش کیا، حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف نے
کہا مین اپنے حق سے باز آتا ہون، اس لیے اب یہ معاملہ صرف دو آدمیون مین منحصر ہے،
اور ان دونون مین سے جو کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ، اور سنتِ شیخین کی پابندی
کا عہد کریگا اُسکے ہاتھ پر بیعت کی جائیگی، اسکے بعد علحدہ علحدہ حضرت علیؓ اور حضرت
عثمانؓ سے کہا کہ آپ دونون اس کا فیصلہ میرے ہاتھ مین دیدین، اور جب ان دونون نے
اسپر اپنی رضامندی ظاہر کی، تو حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف اور تمام صحابہ کرامؓ مسجد مین جمع
ہوئے، حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف نے ایک مختصر لیکن مؤثر تقریر کے بعد حضرت عثمانؓ
کے ہاتھ پر بیعت کی، اس کے بعد حضرت علیؓ نے بیعت کیلیئے ہاتھ بڑھایا، حضرت علیؓ
کا بیعت کرنا تھا کہ تمام حاضرین بیعت کے لیے ٹوٹ پڑے[1]، غرض چوتھی محرم ۲۴ھ
دوشنبہ کے دن حضرت عثمانؓ اتفاقِ عام کے ساتھ مسند نشینِ خلافت ہوئے اور دنیائے اسلام
کی عنان حکومت اپنے ہاتھ مین لی،

---

[1] ابن سعد جزو ۳ قسم اول ص ۴۲، ۴۳

خلافت اور فتوحات

فاروق اعظمؓ نے اپنے عہد مین شام، مصر، اور ایران کو فتح کرکے ممالک محروسہ مین شامل کرلیا تھا نیز ملکی نظم ونسق اور طریقۂ حکمرانی کا ایک مستقل دستور العمل بنادیا تھا، اس لیے حضرت عثمانؓ کیلیئے میدان صاف تھا، اُنھون نے صدیق اکبرؓ کی نرمی و ملاطفت اور فاروق اعظمؓ کی سیاست کو اپنا شعار بنایا، اور ایک سال تک قدیم طریقِ نظم ونسق مین کسی قسم کا تغیر نہین کیا، البتہ خلیفۂ سابق کی وصیت کے مطابق حضرت سعد وقاصؓ کو مغیرہ بن شعبہ کی جگہ کوفہ کا والی بناکر بھیجا[1]، اور یہ پہلی تقرری تھی، جو حضرت عثمانؓ کے ہاتھ سے عمل مین آئی،

سنہ ۲۴ھ مین بعض چھوٹے چھوٹے واقعات بھی پیش آئے، یعنی آذربائجان اور آرمینیہ پر فوج کشی ہوئی، کیونکہ وہان کے باشندون نے حضرت عمرؓ کی وفات سے فائدہ اُٹھاکر خراج دینا بند کردیا تھا، اسیطرح رومیون کی چھیڑ چھاڑ کی خبر سن کر حضرت عثمانؓ نے کوفہ سے سلمان بن ربیعہ کو چھ ہزار کی جمعیت کے ساتھ شام مین امیر معاویہؓ کی مدد کیلیئے روانہ کیا،

اب تک مصر کے والی عمرو بن العاص تھے، مصر کا تھوڑا سا علاقہ جو صعید کے نام سے مشہور ہے، وہ حضرت عمرؓ ہی کے زمانہ سے عبداللہ بن ابی سرح کے متعلق تھا، مصر کے خراج کی جو رقم دربارِ خلافت کو بھیجی جاتی تھی، حضرت عمرؓ ہی کے زمانہ سے اس کی کمی کے متعلق

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ ص ۶۱،

مصری حکومت اور مدینہ کی مرکزی حکومت کے درمیان اختلاف تھا، حضرت عثمان رضؓ نے مصری خراج کے اضافہ کا مطالبہ کیا، عمرو بن العاص رضؓ نے کہلا بھیجا کہ اونٹنی اس سے زیادہ دودھ نہین دے سکتی، اسپر حضرت عثمان رضؓ نے اُن کو معزول کر کے عبداللہ بن ابی سرح کو پورے مصر کا گورنر بنا دیا، عمرو بن العاص رضؓ جنکی تدبیر و سیاست کا لوہا رومیون نے مان لیا تھا، اُن کی برطرفی سے اُن کے دلون مین مصر کے دوبارہ قبضہ کا خیال پیدا ہوا، ۲۵ھ مین ان کی شہ پاکر اسکندریہ کے لوگون نے بغاوت کی، حضرت عثمان رضؓ نے خود مصر والون کے مشورہ سے اس فتنہ کو فرو کرنے کے لیے حضرت عمروؓ کو متعین کیا جنھون نے نہایت حسن تدبیر اور مصلحت اندیشی سے اس بغاوت کو فرو کیا، حضرت عثمان رضؓ نے چاہا کہ فوج کا صیغہ عمرو بن العاص رضؓ کے پاس رہے اور مال و خراج کے صیغے عبد اللہ بن ابی سرح کے سپرد رہین، مگر عمرو بن العاص رضؓ نے منظور نہ کیا، یعقوبی نے لکھا ہے کہ عمرو بن العاص رضؓ نے باغیون کے اہل و عیال کو لونڈی غلام بنا ڈالا تھا، حضرت عثمان رضؓ اُن کی اس حرکت پر نہایت ناراض ہوے اور جو لوگ لونڈی غلام بنائے گئے تھے اُن کو آزاد کرا دیا،[1] اُسکے بعد بھی دو برس تک عمرو بن العاص رضؓ مصر کے مال و خراج کے شعبون کے افسر رہے،

اسی سال عبداللہ بن ابی سرح نے دربارِ خلافت کے حکم سے طرابلس (ٹریپولی) کی مہم کا انتظام کیا، نیز امیر معاویہ رضؓ نے ایشیائے کوچک مین شامی سرحدون کے قریب کے رومی قلعے فتح کر لیے،

۲۶ھ مین سب سے اہم واقعہ حضرت سعد بن وقاص رضؓ کی معزولی ہے معزولی کی وجہ یہ پیش آئی کہ حضرت سعد وقاص رضؓ نے بیت المال سے ایک بڑی رقم قرض لی تھی،

[1] طبری ۱۸ ۲۸،

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مہتمم بیت المال نے تقاضا کیا تو اُنھوں نے اپنی ناداری ظاہر کی، اسپر دونون مین بات بڑھی یہان تک کہ یہ قضیہ دربارِ خلافت تک پہونچا، چونکہ یہ بقاعدہ کارروائی تھی، جو ایک بڑے افسر کے لیے موزون نہ تھی، اس لیے حضرت عثمانؓ حضرت سعد بن وقاصؓ پر نہایت برہم ہوے اور اُن کو معزول کرکے ولید بن عقبہ کو والیِ کوفہ مقرر کیا، عبداللہ بن مسعودؓ پر بھی خفگی ظاہر کی، لیکن چونکہ ان کی غلطی کی نوعیت صرف بے احتیاطی تھی اس لیے اُن کو اپنے عہدہ پر برقرار رکھا،

سنہ ۲۷ھ مین مصر کی دوعملی مین اختلاف ہوا، یعنی عبداللہ بن ابی سرح اور عمرو بن العاصؓ نے جو فوجی اور مالی صیغون کے مستقل افسر تھے، باہم ایک دوسرے کے خلاف مرکزی حکومت مین شکایت کی، حضرت عثمانؓ نے تحقیقات کرکے عمرو بن العاصؓ کو معزول کردیا، اور عبداللہ بن ابی سرح کو مصر کے تمام صیغون کا تنہا حاکم بنادیا[1]، عمرو بن عاصؓ اس فیصلہ سے نہایت ناراض ہوے اور مدینہ چلے گئے، عمرو بن العاصؓ کے زمانہ مین مصر کا خراج ۲۰ لاکھ تھا عبداللہ ابن ابی سرح نے کوشش کرکے چالیس لاکھ کردیا، حضرت عثمانؓ نے فخریہ عمرو بن عاصؓ سے کہا دیکھو آخر اونٹنی نے دودھ دیا اُنھون نے جواب دیا کہ ہان دودھ تو دیا لیکن بچے بھوکے رہ گئے[2]،

فتحِ طرابلس | مہمِ طرابلس کا اہتمام تو سنہ ۲۵ھ ہی مین ہوا تھا لیکن باقاعدہ فوج کشی سنہ ۲۷ھ مین ہوئی، عبداللہ بن ابی سرح گورنرِ مصر افسرِ عام تھے، حضرت عثمانؓ نے دار الخلافت سے بھی ایک لشکر جرار کمک کے لیے روانہ کیا، اس مین عبداللہ بن زبیرؓ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت عبدالرحمن بن ابی بکرؓ خصوصیت سے قابلِ ذکر ہین،

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۶۸ [2] یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۸۹،

اسلامی فوجین مدت تک طرابلس کے میدانون مین معرکہ آرا رہین یہان تک کہ مسلمانون کی شجاعت، جانبازی اور ثبات و استقلال کے آگے اہل طرابلس کے پانون اُکھڑ گئے، عبداللہ بن ابی سرح نے فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے بنا کر تمام ملک مین پھیلا دیے، طرابلس کے امرا نے دیکھا کہ اب مسلمانون کا مقابلہ ممکن نہین ہے تو عبداللہ بن ابی سرح کے پاس آکر پچیس لاکھ دینار پر مصالحت کر لی[۱]

فتحِ افریقیہ افریقیہ سے مراد وہ علاقے ہین جنکو بعد مین الجزائر اور مراکش کہتے ہین، یہ ممالک ۲۶ھ مین حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی ہمت و شجاعت اور حسنِ تدبیر سے ہاتھ آئے، بڑے بڑے معرکے پیش آئے، اور بالآخر کامیابی اسلامی فوج کو حاصل ہوئی،

اسپین پر حملہ افریقیہ کی فتح کے بعد اسپین کا دروازہ کھلا ہوا تھا، ۲۷ھ مین حضرت عثمانؓ نے اسلامی فوج کو آگے بڑھنے کا حکم دیا، عبداللہ بن نافع بن عبد قیس اور عبداللہ بن نافع بن حصین دو صاحبون کو اس کے لیے نامزد کیا، جنھون نے کچھ فتوحات حاصل کین، اور بقیہ پیشقدمی رُک گئی، عبداللہ بن ابی سرح مصر واپس بھیجے گئے اور عبداللہ بن نافع بن عبد قیس افریقیہ کے حاکم مقرر ہوئے،

عبداللہ بن ابی سرح کو انعام حضرت عثمانؓ نے عبداللہ بن ابی سرح سے وعدہ کیا تھا کہ افریقیہ کی فتح کے صلہ مین خمس یعنی پانچوان حصہ تم کو انعام دیا جائیگا اس لیے عبداللہ نے وعدہ کے مطابق اپنا پانچوان حصہ لے لیا، لیکن عام مسلمانون نے اس فیاضی پر سخت ناپسندیدگی ظاہر کی، حضرت عثمانؓ کو اس کا علم ہوا تو اُنھون نے عبداللہ بن ابی سرح سے اس رقم کو واپس کرا دیا اور فرمایا کہ مین نے بیشک وعدہ کیا تھا لیکن مسلمان اسکو تسلیم نہین کرتے[۲] اسلیے

[۱] فتوح البلدان، ص ۲۲۵ و طبری صفحہ ۲۸۱۵،

مجبوری ہے،

ایک اور روایت ہے کہ افریقہ کا خمس مدینہ بھیجا گیا تھا جو مروان کے ہاتھ پانچ لاکھ دینار مین بیچا گیا تھا، ابن اثیر نے ان دونون روایتون مین یہ تطبیق دی ہے کہ عبداللہ بن ابی سرح کو افریقہ کے پہلے غزوہ (شاید طرابلس) کے مال غنیمت کا خمس دیا گیا تھا اور مروان کے ہاتھ پورے افریقہ کی غنیمت کا خمس بیچا گیا تھا،

فتح قبرس | قبرس جسکو اب سائپرس کہتے ہین بحر روم مین شام کے قریب ایک نہایت زرخیز جزیرہ ہے، اور یورپ اور روم کی طرف سے مصر و شام کی فتح کا دروازہ ہے، اور مصر و شام کی حفاظت اُسوقت تک نہین ہو سکتی تھی اور نہ رومیون کا خطرہ اسوقت تک دور ہو سکتا تھا جب تک اس بحری ناکہ پر مسلمانون کا قبضہ نہوتا، امیر معاویہؓ نے عہد فاروقی مین اس پر فوج کشی کی اجازت طلب کی تھی مگر حضرت عمرؓ بحری جنگ کے مخالف تھے، اس لیے انکار کر دیا، اس کے بعد ۲۸ھ مین امیر معاویہؓ نے پھر حضرت عثمانؓ سے اصرار کے ساتھ قبرس پر لشکر کشی کی اجازت طلب کی، اور اطمینان دلایا کہ بحری جنگ کو جسقدر خوفناک سمجھا جاتا ہے، اس قدر خوفناک نہین ہے، حضرت عثمانؓ نے لکھا کہ اگر تمھارا بیان صحیح ہے تو حملہ مین مضائقہ نہین، لیکن اس مہم مین اسی کو شریک کیا جائے جو اپنی خوشی سے آمادگی ظاہر کرے، غرض عبداللہ بن قیس حارثی کی زیر سیادت ایک بحری بیڑا قبرس پر حملہ کیلئے روانہ ہوا، اور صحیح و سلامت قبرس پہونچکر لنگر انداز ہوا، عبداللہ بن قیس امیر البحر ناگہانی طور پر شہید ہوئے، لیکن سفیان بن عوف ازدی نے علم سنبھال کر اہل قبرس کو مغلوب کر لیا، اور شرائط ذیل پر مصالحت ہوئی،

(۱) اہل قبرس ۷۰۰۰ دینار سالانہ خراج ادا کرینگے،

(۲) مسلمان قبرس کی حفاظت کے ذمہ دار نہین ہون گے،

(۳) بحری جنگون مین اہل قبرس مسلمانون کے دشمنون کی نقل وحرکت کی ان کو اطلاع دیا کرینگے[1]

اہل قبرس عرصہ تک اس معاہدہ پر قائم رہے لیکن ۳۳ھ مین انھون نے رومی جہازون کو مدد دی، اس لیے امیر معاویہؓ نے نئے سرے سے اسپر فوج کشی کی اور فتح کرکے کامل طور پر ممالک محروسہ مین شامل کر لیا،[2] نیز منادی کردی کہ اب یہان کے باشندے رومیون کے ساتھ کسی قسم کے تعلقات نہ رکھین، یہان تک کہ شادی بیاہ کا تعلق بھی قائم نہونے پائے،

والی بصرہ کی معزولی

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ عہد فاروقی سے بصرہ کی ولایت پر مامور تھے، حضرت عثمانؓ نے بھی اپنے زمانہ مین چھ برس تک ان کو اس منصب پر برقرار رکھا، لیکن یہان ایک بڑی جماعت ہمیشہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی مخالفت پر آمادہ رہتی تھی، چنانچہ حضرت عمرؓ کے عہد مین بارہا اُن کی شکایتین پہونچین مگر فاروقی رعب وداب نے مخالفین کو ہمیشہ دبائے رکھا، حضرت عثمانؓ کا زمانہ آیا تو اُن کو زیادہ آزادی کے ساتھ حضرت ابو موسیٰؓ کے خلاف سازش پھیلانے کا موقع مل گیا، اسی اثنا مین کردون نے بغاوت کردی، حضرت ابو موسیٰؓ نے مسجد مین جہاد کا وعظ کہا، اور راہِ خدا مین پیادہ پا چلنے کے فضائل بیان کیے، اس کا یہ اثر ہوا کہ بہت سے مجاہدین جنکے پاس گھوڑے موجود تھے وہ بھی پیادہ پا چلنے پر تیار ہوگئے، لیکن چند آدمیون نے کہا کہ ہم کو جلدی نہ کرنا چاہیے، دیکھین ہمارا والی کس شان سے چلتا ہے، غرض صبح کے وقت دار الامارت کے قریب مجاہدین کا مجمع ہوا، حضرت ابو موسیٰؓ اس شان کے ساتھ محل سے برآمد ہوے کہ خود ایک نفیس ترکی نسل کے

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۷۴، ۷۵، [2] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۰۷

گھوڑے پر سوار تھے اور چالیس خچروں پر اسباب و سامان بار تھا، لوگوں نے بڑھ کر باگ پکڑ لی اور کہا "قول و فعل میں یہ اختلاف کیسا؟ دوسروں کو جس چیز کی ترغیب دیتے ہو آپ خود کیوں عمل نہیں کرتے"، حضرت ابو موسیٰؓ اس کا کوئی تشفی بخش جواب نہ دے سکے اور اسیوقت ایک جماعت شکایت لیکر مدینہ پہونچی اور ان کی معزولی کا مطالبہ کیا، حضرت عثمانؓ نے ۲۹ھ میں اُن کو معزول کر دیا اور عبداللہ بن عامر کو اس منصب پر مامور کیا۔[۱]

فتح طبرستان سنہ ۳۰ھ میں عبداللہ بن عامر بصرہ کے نئے والی اور سعید بن عاص نے دو مختلف راستوں سے خراسان اور طبرستان کا رُخ کیا، سعید بن عاص کے ساتھ امام حسنؑ امام حسینؑ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ عبداللہ بن زبیرؓ اور بڑے بڑے صحابۂ کرام شریک تھے، ان لوگوں نے پیشقدمی کر کے عبداللہ بن عامرؓ کے پہونچنے سے پہلے جرجان، خراسان، اور طبرستان کو فتح کر لیا،[۲] اسی اثنا میں ولید بن عقبہ والی کوفہ کے خلاف ایک سازش ہوئی اور اُن پر شراب خواری کا الزام لگایا گیا، حضرت عثمانؓ نے اُن کو معزول کر کے سعید بن عاص کو ان کے نمایاں کارناموں کی بنا پر کوفہ کا والی مقرر کیا، اب عبداللہ بن عامر نے اس مہم کی تکمیل اپنے ہاتھ میں لی،

عبداللہ بن عامر نے ہرات، کابل، اور سجستان کو فتح کرتے ہوئے نیشاپور کا رُخ کیا، بست، اشبند ورخ، خواف، اسبرائن، ارغیان وغیرہ فتح کرتے ہوئے خاص شہر نیشاپور کا محاصرہ کر لیا، اہل نیشاپور نے چند مہینوں تک محصور رہ کر مدافعت کی لیکن پھر مجبور ہو کر سات لاکھ درہم سالانہ پر مصالحت کر لی،

عبداللہ بن عامر نے نیشاپور کے بعد عبداللہ بن خازم کو سرخس کی طرف روانہ کیا،

---

[۱] طبری صفحہ ۲۸، ۲۹ [۲] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۸۴،

اور خود ماوراء النہر کی طرف پیشقدمی کی، خرس مطیع ہوگیا اور اہل ماوراء النہر نے بھی مصالحت پر آمادگی ظاہر کی، اور بہت سے گھوڑے، ریشمی کپڑے، اور دوسرے انواع واقسام کے تحائف لیکر حاضر ہوئے، عبداللہ بن عامر نے مصالحت کرلی، اور قیس بن الہیثم کو قائم مقام کرکے تمام اسباب وسامان کے ساتھ دارالخلافہ کا رُخ کیا،

ایک عظیم الشان بحری جنگ

۳۱ھ مین قیصرِ روم نے ایک نہایت عظیم الشان جنگی بیڑا جسمین تقریباً پانچ سو جہاز شامل تھے سواحل شام پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا، بیان کیا جاتا ہے کہ رومیون نے شروع سے اُسوقت تک کبھی ایسی عظیم الشان قوت کا مظاہرہ نہین کیا تھا، امیر معاویہ رضہ والی شام نے امیر المومنین کے ایماء سے عبداللہ بن ابی سرح امیر البحر کو حکم دیا کہ اسلامی بیڑے کو از سرِ نو مرتب کرکے سمندر ہی مین اس کا مقابلہ کرین، غرض اسلامی بیڑا سامان سے آراستہ ہوکر نہایت شان کے ساتھ بڑھا اور رومی جہازون کا راستہ روک کر کھڑا ہوگیا، رومیون نے چیرہ دستی شروع کی تو اسلامی خلاصیون نے نہایت تیز دستی کے ساتھ اپنے جہازون کو رومیون کے جہازون سے ملاکر باندھ دیا، لیکن قبل اس کے کہ مسلمان حملہ کی ابتدا کرین رومی نرغہ کرکے اسلامی جہازون مین گھُس آئے، دونون طرف سے تیغ وسنان کا ردوبدل شروع ہوگیا، بہادرون کی لاشین گرتی تھین اور سمندر کی موجین اُچھال اچھال کر دور پھینک دیتی تھین، غرض نہایت گھمسان کا رَن پڑا، رومیون نے نہایت جوش کے ساتھ مقابلہ کیا، لیکن اسلامی خنجر خاراشگاف نے سب کو کاٹ کر لقمۂ نہنگ بنادیا، صرف کچھ تھوڑے سے جان بچاکر بھاگ سکے، اس طرح اسلامی بیڑا فاتحانہ شان وشوکت کے ساتھ نصرت وکامرانی کا پھریرا اڑاتا ہوا اپنے بندرگاہ مین واپس آگیا[1]،

[1] ابن اثیر ج ۳ ص ۹۱،

متفرق فتوحات

قبرس، طرابلس اور طبرستان کے علاوہ حضرت عثمان رضؓ کے عہد مین بہت سے دوسرے فتوحات بھی ہوئے، چنانچہ ۳۱ھ مین حبیب بن مسلمہ فہری نے آرمینیہ کو فتح کرکے اسلامی ممالک محروسہ مین شامل کرلیا[1]،

اسی طرح ۳۲ھ مین امیر معاویہ رضؓ نے تنگناے قسطنطنیہ تک اپنے فتوحات کا دائرہ وسیع کردیا، ۳۲ھ مین عبداللہ بن عامر نے مَرْوِرُود، طالقان، فاریاب اور جوزجان کو فتح کیا، ۳۳ھ مین امیر معاویہ رضؓ نے ارض روم مین حصن المرآة پر حملہ کیا، نیز اسی سال اہل خراسان نے بغاوت کی، اس لیے عبداللہ بن عامر والی بصرہ نے احنف بن قیس کو بھیجکر اسکو فرو کرایا، اسیطرح ۳۴ھ مین اہل طرابلس نے نقض امن کیا اور عبداللہ بن ابی سرح نے ایک لشکر جرار کے ساتھ چڑھائی کرکے دوبارہ ملک مین امن وامان قائم کردیا،

انقلاب کی کوشش اور حضرت عثمان رضؓ کی شہادت

حضرت عثمان رضؓ کے دوازدہ سالہ خلافت مین ابتدائی چھ سال کامل امن وامان سے گذرے، فتوحات کی وسعت، مال غنیمت کی فراوانی، وظائف کی بیشی، زراعت اور تجارت کی ترقی اور حکومت کے عمدہ نظم ونسق نے تمام ملک مین تمول فارغ البالی اور عیش وتنعم کو عام کردیا، یہان تک کہ بعض متقشف صحابہ ایام نبوت کی سادگی اور بے تکلفی کو یاد کرکے اس زمانہ کی ثروت اور سامان تعیش کو دیکھ کر حد درجہ غمگین تھے کہ اب مسلمانون کے

[1] ابن اثیر جلد ۳ ص ۹۱

اس دنیاوی رشک وحسد کا دور آگیا جسکی آنحضرت صلعم نے پیشین گوئی فرمائی تھی چنانچہ حضرت ابو ذر غفاریؓ جن کو آنحضرتؐ نے مسیح الاسلام کا خطاب دیا تھا، علانیہ اسکے خلاف وعظ کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ ضرورت سے زیادہ دولت جمع کرنا ایک مسلمان کیلئے ناجائز ہے، شام کا ملک جسکے حاکم امیر معاویہؓ تھے، اور جو صدیون تک رومی تعیش وتکلفات کا گہوارہ رہ چکا تھا وہان کے مسلمانون مین سب سے زیادہ یہ برائیان پیدا ہو رہی تھین، حضرت ابوذرؓ برملا ان امرا اور دولتمندون سے برسرپیکار رہتے تھے اور امیر معاویہؓ کی استدعا پر حضرت عثمانؓ نے اُن کو مدینہ بلوالیا، لیکن مدینہ بھی وہ اگلا مدینہ نہین رہا تھا، شہر کے باہر لوگون کے بڑے بڑے محل اور قصر تیار ہو چکے تھے، اس لیے وہ یہان سے بھی دل برداشتہ ہو کر ربذہ نام ایک گانون مین جاکر اقامت اختیار کی،

حضرت عثمانؓ کے پچھلے زمانہ مین جو فتنہ وفساد برپا ہوا اسکی وجہ درحقیقت یہی ہے کہ دولتمندی اور تمول کی کثرت نے مسلمانون مین اُس کے وہ لوازم بھی پیدا کر دیے جو ہر قوم مین ایسی حالت مین پیدا ہو جاتے ہین، اور جو اُن کے ضعف اور انحطاط کے اسباب بن جاتے ہین، اس لیے آنحضرت صلعم مسلمانون سے فرمایا کرتے تھے کہ "لا اخاف علیکم الفقر بل اخاف علیکم الدنیا" "مجھے تمھارے فقر وفاقہ سے کوئی خوف نہین ہے بلکہ تمھاری دنیاوی دولتمندی ہی کے خطرات سے ڈرتا ہون، تمول اور دولت کی کثرت کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کل قوم کے فوائد کے مقابلہ مین ہر جماعت اور ہر شخص اپنے جماعتی اور شخصی فوائد کو ترجیح دینے لگتا ہے، اس طرح قومی وحدت کا شیرازہ بکھر جاتا ہے، باہم بغض وعناد پیدا ہو جاتا ہے، اور انحطاط کا دور شروع ہو جاتا ہے،

لیکن اس کے علاوہ اس فتنہ وفساد کی پیدائش کے اور بھی وجوہ تھے،

(۱) سب سے پہلی وجہ یہ ہے کہ صحابہ کرام کی وہ نسل جو فیضِ نبوت سے براہ راست

مستفیض ہوئی تھی ختم ہوچکی تھی جو موجود تھے وہ اپنی کبرسنی کے سبب سے گوشہ نشین ہورہے تھے اور اب اُن کی اولاد موروثی حیثیت سے اُن کی جگہ لے رہی تھی، یہ نوجوان زہد واتقا، عدل وانصاف، حق پسندی اور راستبازی مین اپنے بزرگون سے کمتر تھے، اس بناپر رعایا کیلیے ویسے فرشتہ رحمت ثابت نہ ہوئے جیسے اُن کے اسلاف تھے،

(۲) حضرت ابوبکرؓ کے مشورہ اور مسلمانون کی پسندیدگی سے امامت خلافت کیلیے قریش کا خاندان مخصوص کردیا گیا، بڑے بڑے عہدے بھی زیادہ تر اُنھین کو ملتے تھے، نوجوان قریشی اسکو اپنا موروثی حق سمجھکر دوسرے عرب قبیلون کو اپنا محکوم سمجھنے لگے، عام عرب قبائل کا دعوی تھا کہ ملک کی فتوحات ہماری تلوارون کی کمائی ہے اس لیے وظائف مین منصب اور عہدون مین بھی قریش اور غیر قریش مین مساوات چاہیے،

(۳) اس وقت کابل سے لیکر مراکش تک اسلام کے زیرنگین تھا جسمین سیکڑون قومین آباد تھین، جو محکوم اور مفتوح ہوچکی تھین، اس محکومی اور مفتوحی نے کھلے انتقام کی صورت نہ دیکھکر سازشون کا جال پھیلایا جن مین سب سے آگے مجوسی اور یہودی تھے،

(۴) حضرت عثمانؓ فطرۃً نیک، ذی مروت اور نرم تھے، عموماً لوگون سے سختی کا برتاؤ نہین کرتے تھے، اکثر جرم کو بردباری اور حلم سے ٹالدیا کرتے تھے اس سے شریرون کی ہمت افزائی ہوئی،

(۵) حضرت عثمانؓ اموی تھے اور اس لیے فطرۃً اُن کے جذبات اپنے اہل خاندان کے ساتھ خیر خواہانہ تھے، اس لیے ان کو فائدہ پہونچانا چاہتے تھے، ذاتی طور سے امداد فرمایا کرتے تھے، شریر لوگ اسکو یون ملک مین پھیلاتے تھے کہ حضرت عثمانؓ سرکاری بیت المال سے اُن کو یہ دیتے ہین،

(۶) ہر امام کے لیے ضرورت ہے کہ اس کے کارکن اور عمال اُس کے مطیع اور فرمان بردار ہون، اسلام کی دوسری نسل جو اب پہلی نسل کی جگہ لے رہی تھی اسمین امامِ وقت کی اطاعت کا وہ مذہبی جذبہ نہ تھا، جو اول الذکر مین موجود تھا، ایسی حالت مین خاندانی عصبیت سے کام لینا پڑا، اور بنو امیہ کے افراد مین سے فوج اور خراج کے افسر زیادہ لیے گئے، تاکہ حکومت کے نظم ونسق اور کاروبار مین فرق نہ آنے پائے،

(۷) مختلف محکوم قومون کے شورش پسند اشخاص انقلاب کے اس لیے خواہان تھے کہ شاید اس سے اُن کی حالت مین کوئی فرق پیدا ہو،

(۸) غیر قوم کے جو لوگ مسلمان ہو گئے تھے، یا مسلمانون نے غیر قومون کی لڑکیون سے جو شادیان کرلی تھین یا وہ باندیان بنی تھین، ان کی اولادین بہت کچھ فتنہ کا باعث بنین،

الغرض اس فتنہ وفساد کے یہ حقیقی اسباب تھے، جنکی بنا پر ملک کے مختلف طبقون مین مختلف وجوہ سے ناراضی پیدا ہو رہی تھی، ان مختلف الخیال جماعتون کے اغراض اور مقاصد پر ایک نظر ڈال لو،

۱- بنو ہاشم بنو امیہ کے عروج وترقی کو پسند نہین کرتے تھے اور خلافت کے مناصب اور عہدون کا سب سے زیادہ اپنے کو مستحق جانتے تھے،

۲- عام عرب قبائل، مناصب اور عہدون اور جاگیرون کے استحقاق مین اپنے کو قریشیون سے کم نہین سمجھتے تھے، اس لیے وہ قریشی افسرون کے غرور وتمکنت کو توڑنا اور اپنا جائز استحقاق اور مساوات، حاصل کرنا چاہتے تھے،

۳- مجوسی چاہتے تھے کہ حکومت ایسے خاندان مین منتقل ہو جو اُن کی مدد سے

اُسکو حاصل کرے تاکہ وہ اس سے بہتر سے بہتر حقوق اور مراعاتین حاصل کرسکین اور عام عربون کے مقابلہ مین اُن کا استحقاق کم نہ قرار پائے،

۴- یہودی چاہتے تھے کہ اسلام کے مذہب مین ایسا افتراق پیدا کردیا جائے کہ یہ قوت پاش پاش ہوجائے،

یہ اغراض مختلف تھین اور ہر جماعت اپنی غرض کیلیے کوشش مین مصروف تھی، اس کے لیے خفیہ ریشہ دوانیان شروع ہوئین، عمال کے خلاف سازشین ہونے لگین اور خود امیرالمومنین کو بدنام کرنے کی کوشش شروع ہوئی، حضرت عثمانؓ نے ان فتنون کو دبانا چاہا، لیکن یہ آگ ایسی لگی تھی جس کا بجھانا آسان نہ تھا، فتنہ پردازون کا دائرۂ عمل روز بروز وسیع ہوتا گیا، یہان تک کہ تمام ملک مین ایک خفیہ جماعت پیدا ہوگئی، جس کا مقصد فتنہ وفساد تھا،

کوفہ کی انقلاب پسند جماعت مین، اشتر نخعی، ابن ذی الحبکہ، جندب، صعصعہ، ابن الکواء، کمیل اور عمیر بن ضابی خاص طور پر قابلِ ذکر ہین[۱] ان لوگون کا خیال تھا کہ امارت وریاست قریش کی مخصوص وراثت ہونے کی کوئی وجہ نہین ہے، عام مسلمانون نے ممالک فتح کیے ہین، وہ سب اُس کے مستحق ہین، سعید بن عاص والی کوفہ سے اس جماعت کو خاص طور پر عداوت تھی، اُن کو بدنام کرنے کے لیے روزانہ ایک نئی تدبیر اختراع کیجاتی تھی، اور قریش کے خلاف ملک کو تیار کرنے کے لیے طرح طرح کے وسائل کام مین لائے جاتے تھے، اشرافِ کوفہ نے ان مفسدہ پردازیون سے تنگ آکر امیرالمومنین سے التجا کی کہ خدا کے لیے جلد ان فتنہ جو اشخاص سے کوفہ کو نجات دلایئے، حضرت عثمانؓ نے تقریباً

[۱] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۰۸،

دس آدمیون کو جو اس جماعت کے سرگروہ تھے ملک شام کی طرف جلاوطن کردیا،[۱] اسیطرح بصرہ مین بھی ایک فتنہ پرداز جماعت پیدا ہوگئی تھی، حضرت عثمانؓ نے یہان سے بھی کچھ آدمیون کو ملک بدر کرادیا لیکن فتنہ کی آگ اس حد تک بھڑک چکی تھی کہ یہ معمولی چھینٹے اسکو بجھا نہ سکے، بلکہ یہ انتقال مکانی اور بھی ان خیالات کی اشاعت کے اسباب بن گئے،

مصر سازش کا سب سے بڑا مرکز تھا، عبداللہ بن سبا نے جو یہودی النسل نومسلم تھا اپنی حیرت انگیز سازشانہ قوتِ عمل سے مختلف الخیال مفسدون کو ایک مرکز پر متحد کردیا اور اس کو زیادہ مؤثر کرنے کے لیے اُس نے مذہب مین دست اندازی کرکے عجیب وغریب عقائد اختراع کیے اور خفیہ طور پر ملک مین اس کی اشاعت کی، موجودہ شیعی فرقہ دراصل انھین عقائد پر قائم ہوا،

مفسدین کی جماعت تمام ملک مین پھیلی ہوئی تھی لیکن جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے ہر ایک کا مطمحِ نظر مختلف تھا، پھر آئندہ خلیفہ کے انتخاب مین بھی ہر ایک کی نظر الگ الگ شخصیتون پر تھی، اہل مصر حضرت علیؓ کے عقیدت کیش تھے، اہل بصرہ حضرت طلحہؓ کے طرفدار تھے، اہل کوفہ حضرت زبیرؓ کو پسند کرتے تھے، اور بعض اہل عراق تو تمام قریش سے عداوت رکھتے تھے، اور بعض سرے سے عربون ہی کے دشمن تھے، لیکن امیرالمومنین حضرت عثمانؓ کی معزولی اور بنو اُمیہ کی بیخ کنی پر سب باہم متفق تھے، عبداللہ بن سبا نے حکمت عملی کے ساتھ تمام اختلافات سے قطع نظر کرکے صرف اسی ایک مقصد پر سب کو متحد کردیا اور تمام ملک مین اپنے داعی اور سفیر پھیلا دیے کہ ہر طرف فتنہ کی آگ بھڑکا کر بدامنی پیدا

[۱] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۱۳،

کرین اور مقصد برآری کیلئے حسب ذیل طریقون کو طرزِ عمل بنانے کی خاص طور پر ہدایت کی،

(۱) بظاہر متقی و پرہیزگار بننا اور لوگون کو وعظ و پند سے اپنا معتقد بنانا،

(۲) عمال کو دق کرنا اور ہر ممکن طریقے سے اُن کو بدنام کرنے کی کوشش کرنا،

(۳) ہر جگہ امیرالمومنین کی کنبہ پروری اور ناانصافی کی داستان سنانا،

مذکورۂ بالا طریقون پر نہایت مستعدی کے ساتھ عمل کیا گیا ولید بن عقبہ والیٔ کوفہ پر شراب خواری کا الزام قائم کیا گیا اور حد بھی جاری کی گئی لیکن درحقیقت یہ ایک بہت بڑی سازش تھی، اسی طرح حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ والیِ بصرہ کی معزولی بھی انھین ریشہ دوانیون کا نتیجہ تھی،

سلسلہ ھ مین جبکہ قیصرِ روم نے پانچ سو جنگی جہازون کے عظیم الشان بیڑے سے اسلامی سواحل پر حملہ کرکے مسلمانون کو خوف و ہراس مین مبتلا کردیا تھا اس وقت بھی یہ انقلاب پسند اپنے مساعی سے باز نہین آئے، محمد بن ابی حذیفہ اور محمد بن ابی بکرؓ نے جو مفسدین کے دامِ تزویر مین پھنس چکے تھے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو جو اسلامی بیڑے کے امیر البحر مقرر ہوے تھے ہر طرح دق کیا، نماز مین بے موقع تکبیرین بلند کرکے برہمی پیدا کرتے، عبداللہ بن سعد کی علانیہ مذمت کرتے، اور مجاہدین سے کہتے کہ تم رومیون کے مقابلہ مین جہاد کرنے جاتے ہو، حالانکہ اسلام کو خود مدینہ مین مجاہدین کی ضرورت ہے، لوگ تعجب سے پوچھتے کہ مدینہ مین کیا ضرورت ہے تو وہ حضرت عثمانؓ کا نام لیتے اور کہتے کہ اس ظالم امیر کو معزول کرنا اسلام کی سب سے بڑی خدمت ہے، اُس نے سنتِ شیخین کو چھوڑ دیا ہے، کبار صحابہ کو معزول کرکے اپنے اعزہ واقارب کو

سیاہ وسپید کا مالک بنا دیا ہے، غرض ہر قسم کی فریب کاریون سے لوگون کو متاثر کرنے کی کوشش کی گئی، اسلامی بیڑا رومیون کے مقابلہ کے لیے روانہ ہوا تو محمد بن ابی حذیفہ اور محمد بن ابی بکرؓ نے ایک کشتی پر سوار ہو کر چند قبطی ملاحون کی اعانت سے بیڑے کا تعاقب کیا اور جہان جہازات لنگر انداز ہوتے وہ اپنی کشتی کو قریب لیجا کر اپنے خیالات کی اشاعت کرتے، مجاہدین رومی بیڑے کو شکست دیکر مظفر و منصور واپس آئے تو چند آدمیون نے محمد بن ابی بکرؓ اور محمد بن ابی حذیفہ کو جہاد سے پہلو تہی کرنے پر ملامت کی، اُنھون نے کہا کہ ہم اُس جہاد مین کس طرح حصہ لے سکتے ہین جس کا انتظام عثمانؓ کے ایما سے ہوا، اور عبداللہ بن سعد امیرِ لشکر مقرر ہوا اسکے بعد حسب معمول حضرت عثمانؓ کے معائب اور برائیون کی طویل داستان شروع کردی[1]، عبداللہ بن سعد نے دیکھا کہ یہ دونون کسی طرح اپنی حرکتون سے باز نہین آتے، اور اُن کے مسموم خیالات آہستہ آہستہ اثر پھیلا رہے ہین تو نہایت سختی سے اُن کو منع کیا اور کہا کہ خدا کی قسم اگر امیرالمومنین کا خیال نہوتا تو تھین اس مفسدہ پردازی کا مزہ چکھا دیتا،

مدینہ بھی مفسدین سے خالی نہ تھا لیکن کبار صحابہ حضرت عثمانؓ کے ساتھ تھے اسلیے علانیہ اس جماعت کا کوئی اثر نہ تھا، البتہ اخیر عہد یعنی ۳۵ھ مین جس سال حضرت عثمانؓ شہید ہوئے مفسدین مدینہ نے بیرونی مفسدین کی اعانت سے اپنی سرگرمی کا ثبوت دیا اور اس قدر بیباک ہو گئے کہ خود امیرالمومنین پر بھی دستِ ستم دراز کرنے سے نہین جھجکتے تھے، ایک دفعہ جمعہ کے روز حضرت عثمانؓ منبر پر خطبہ دے رہے تھے اور ابھی حمد و ثنا ہی شروع کی تھی کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا "عثمان! کتاب اللہ کو اپنا طرزِ عمل بنا"، لیکن صبر و تحمل کے

[1] ابن اثیر، صفحہ ۹۱، ۹۲

اس پیکر نے نرمی سے کہا بیٹھ جاؤ، دوسری مرتبہ پھر کھڑے ہو کر اُس نے اُسی جملہ کا اعادہ کیا، حضرت عثمان رضؓ نے پھر بیٹھنے کو کہا، غرض تین دفعہ اُس نے اسیطرح خطبہ کے درمیان برہمی پیدا کی اور ہر بار اُس کے جواب مین نرمی سے بیٹھنے کو کہا گیا، لیکن در پردہ سازش ہو چکی تھی، ہر طرف سے مفسدین نے نرغہ کر لیا اور اس قدر سنگریزون اور پتھرون کی بارش کی کہ نائبِ رسول زخمون سے چور چور ہو کر منبر سے فرشِ خاک پر گر پڑا مگر صبر و تحمل کا یہ عالم تھا کہ اس بے ادبی پر بھی جذبۂ غیظ و غضب کو ہیجان نہوا[1]،

غرض تمام دنیاے اسلام پُر آشوب تھی، ہر طرف مفسدہ پردازی اور فتنہ سازی کا بازار گرم تھا، مفسدین نے خفیہ ریشہ دوانیون سے ایک عظیم الشان انقلاب کا سامان بہم پہونچا لیا تھا، اور افترا پردازیون اور کذب بیانیون سے اسطرح حضرت عثمان رضؓ کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی تھی،

اس طویل مدت کے بعد اس زمانہ مین بھی بہت سے تعلیمیافتہ حضرات جو واقعات کی حقیقت تک پہونچنے کی کوشش نہین کرتے انھین غلط بیانیون اور فریب کاریون سے متاثر نظر آتے ہین، اس لیے ہم مناسب سمجھتے ہین کہ اس موقع پر تمام اعتراضات کو قلمبند کر کے اصل واقعات کو بے نقاب کر دین،

اسوقت تک حضرت عثمان رضؓ پر جسقدر اعتراضات کئے گئے ہین اُن کی تفصیل یہ ہے،

(۱) کبار صحابہ مثلاً حضرت ابوموسی اشعری رضؓ، مغیرہ بن شعبہ رضؓ، عمرو بن عاص رضؓ، عمار بن یاسر رضؓ، عبداللہ بن مسعود رضؓ اور عبداللہ بن ارقم رضؓ کو معزول کر کے خاص اپنے کنبہ کے نااہل اور ناتجربہ کار افراد کو مامور کیا،

---

[1] ابن اثیر جلد ۳، صفحہ ۱۲۷،

(۲) بیت المال مین بیجا تصرف کیا اور مسرفانہ طریقے پر اپنے اعزہ و اقارب کے ساتھ سخاوت کا اظہار کیا، مثلاً حکم بن العاص جسکو رسول اللہ صلعم نے طائف مین جلاوطن کر دیا تھا اسکو مدینہ آنے کی اجازت دی، اور بیت المال سے ایک لاکھ درہم عطا کیا اور اُسکے لڑکے حارث کو اختیار دیا، کہ بازار مین جو فروخت ہو اس کی قیمت سے اپنے لیے عشر وصول کرے، مروان کو افریقہ کے مال غنیمت کا خمس دیا گیا، اسیطرح عبداللہ بن خالد کو تین لاکھ درہم کا گران قدر عطیہ مرحمت کیا، اور خود اپنی صاحبزادیون کو بیت المال کے قیمتی جواہرات عنایت فرمائے حالانکہ فاروق اعظمؓ نے نہایت شدت کے ساتھ اس قسم کے تصرفات سے احتراز کیا تھا، یہان تک کہ ایک دفعہ اُن کے ایک صاحبزادہ نے مال غنیمت مین سے ایک انگوٹھی اُٹھالی تو اس سے چھین کر بیت المال مین داخل کر دیا، اسکے علاوہ اپنے لیے ایک عظیم الشان محل تعمیر کرایا اور مصارف کا تمام بار بیت المال پر ڈالا، عبداللہ بن ارقم اور معیقیب مہتممانِ بیت المال نے اس اسراف پر اعتراض کیا تو اُن کو معزول کر کے زید بن ثابتؓ کو یہ عہدہ تفویض کیا گیا،

ایک دفعہ بیت المال مین وظائف تقسیم ہونے کے بعد ایک لاکھ درہم پس انداز ہوئے حضرت عثمانؓ نے بیوجہ زید بن ثابتؓ کو اس گرانقدر رقم کے لینے کی اجازت دی،

(۳) عبداللہ بن مسعودؓ اور اُبیؓ کے روزینے بند کر دیئے،

(۴) مدینہ کے اطراف مین بقیع کو سرکاری چراگاہ قرار دیا اور عوام کو اُس سے مستفید ہونے سے روک دیا،

(۵) مدینہ کے بازار مین بعض اشیاء کی خرید و فروخت اپنے لیے مخصوص کر لی اور حکم دیا کہ کھجور کی گٹھلیان امیرالمومنین کے ایجنٹ کے سوا کوئی دوسرا نہین خرید سکتا،

(۶) اپنے حاشیہ نشینون اور قرابت دارون کو اطراف ملک مین نہایت وسیع قطعات زمین مرحمت فرمائے حالانکہ اس سے پہلے کسی نے ایسا نہین کیا تھا،

(۷) بعض کبار صحابہ کی تذلیل کی گئی اور اُن کو جلا وطن کیا گیا، مثلاً ابو ذر غفاریؓ، عمار بن یاسرؓ، جندب بن جنادہؓ، عبد اللہ بن مسعودؓ اور عبادہ بن صامتؓ کے ساتھ نہایت نامنصفانہ سلوک ہوا،

(۸) زید بن ثابتؓ کے تیار کردہ مصحف کے سوا تمام مصاحف کو جلا دیا،

(۹) حدود کے اجراء مین تغافل سے کام لیا،

(۱۰) فرائض وغیرہ مین تمام امت کے خلاف روایات شاذہ پر عمل کیا گیا حالانکہ شیخین جب تک روایات کی اچھی طرح توثیق نہین کر لیتے تھے اسکو قبول نہین کرتے تھے

(۱۱) مذہب مین بعض نئی بدعتین پیدا کین جنکو اکثر صحابہ نے ناپسند کیا، مثلاً حج کے موقع پر منیٰ مین دو رکعت نماز کے بجائے چار رکعت نماز ادا کی، حالانکہ خود رسول اللہ صلعم نے اور آپ کے بعد شیخین نے کبھی دو رکعت سے زیادہ نہین پڑھی،

(۱۲) مصری وفد کے ساتھ بدعہدی کی گئی جس کا نتیجہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کی صورت مین ظاہر ہوا،

مذکورۂ بالا واقعات مین حضرت عثمانؓ کے فرد قرار داد جرم کو رنگ آمیزی کے ساتھ نہایت اہم اور خوفناک بنایا گیا ہے لیکن ہمکو جلد بازی کے ساتھ کوئی رائے قائم کرنے سے پہلے ہر ایک الزام کو تحقیق و تنقید کی کسوٹی پر جانچنا چاہیئے کہ اسمین صداقت کا کتنا شائبہ ہے؟

سب سے پہلا الزام جو بجائے خود متعدد الزامات کا مجموعہ ہے اُسکی تفصیل حسب ذیل ہے،

(۱) کبار صحابہؓ کو ذمہ داری کے عہدون سے معزول کردیا،

(۲) نااہل اور ناتجربہ کار افراد کو رعایا کی قسمت کا مالک بنادیا،

(۳) اپنے خاندان کو فوقیت دی؛

امر اول کی نسبت تحقیقی فیصلہ سے قطع نظر کرکے پہلے دیکھنا چاہیئے کہ اگر یہ الزام ہے تو اسلام کے سب سے عادل اور مدبر خلیفہ فاروق اعظم رضؓ پر جس کا عدل و انصاف اور تدبر دنیاے اسلام کے لیے قیامت تک مایۂ ناز رہیگا یہی الزام عائد ہوسکتا ہے یا نہین؟ جس نے خالد سیف اللہ رضؓ مغیرہ بن شعبہؓ اور سعد وقاصؓ فاتح ایران کو معزول کردیا تھا، یا شیر خدا علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ اسی اعتراض کے مورد ہوسکتے ہین یا نہین جنھون نے عنان خلافت ہاتھ مین لینے کے ساتھ ہی تمام عمال عثمانی کو یک قلم موقوف کردیا، جن کی قوت بازو نے طرابلس، آرمینیہ اور قبرس کو زیر نگین کیا تھا، حقیقت یہ ہے کہ ایک ہی قسم کے واقعات کسی خاص وقتی سبب کی بنا پر ایک شخص کیلئے موجب مدح اور دوسرے کے لیے موجب ذم بنادیے جاتے ہین اور اسپر ایسی ملمع سازی کی جاتی ہے کہ کسی کو تحقیق وتنقید کا خیال تک نہین آتا،

حضرت عثمانؓ نے کبار صحابہ مین سے جن لوگون کو معزول کیا تھا اُن مین سے عمرؓو بن العاصؓ، سعد وقاصؓ اور ابوموسیٰ اشعریؓ کی معزولی کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے اس سے تمھین معلوم ہوا ہوگا کہ عمرو بن العاصؓ والی مصر نے اسکندریہ کی بغاوت فرو کرنے مین ذمیون کے ساتھ نہایت ناانصفانہ سلوک کیا تھا اور اُن کو لونڈی غلام بنالیا تھا، نیز نئی نہرون کے جاری ہوجانے کے باوجود مصر کے مالیات مین کچھ اضافہ نہ کرسکے، اور آخر عبداللہ بن ابی سرح کی تقرری کے بعد اس سے کہین زیادہ ہوگیاؓ، اسیطرح

ؓ یعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۸۹

سعد وقاصؓ والیِ کوفہ نے بیت المال سے ایک بیش قرار رقم قرض لی اور پھر اُس کے ادا کرنے میں تساہل کرتے رہے، یہان تک کہ عبد اللہ بن مسعودؓ مہتمم بیت المال سے سخت کلامی تک نوبت پہنچی[۱] ابو موسی اشعریؓ والیِ بصرہ رعایا کو خوش نہ رکھ سکے تھے اور تمام اہل بصرہ اُن کے مخالف ہوگئے تھے، یہان تک کہ وفد نے دار الخلافہ پہنچکر اُن کی معزولی کا مطالبہ کیا، کیا یہ تمام وجوہ ان حضرات کو معزول کردینے کیلئے کافی نہ تھے ؟ مغیرہ بن شعبہؓ پر رشوت ستانی کا الزام قائم کیا گیا اگرچہ یہ سراسر بہتان تھا لیکن حضرت عثمانؓ نے ان کو اس لیے معزول کردیا کہ حضرت عمرؓ نے سعد وقاصؓ کی تقرری کے لیے وصیت کی تھی،

عمار بن یاسرؓ کو حضرت عثمانؓ نے معزول نہین کیا تھا، بلکہ وہ عہد فاروقی ہی مین معزول ہوچکے تھے، البتہ عبد اللہ بن مسعودؓ کی معزولی بیوجہ تھی لیکن لوگون نے حضرت عثمانؓ کو ان کی طرف سے اسقدر بدگمان کردیا تھا کہ اُن کو معزول کردینا ناگزیر ہوگیا، رہا عبد اللہ بن ارقمؓ اور معیقیب مہتمان بیت المال کی سبکدوشی کا واقعہ تو اُس کے متعلق خود حضرت عثمانؓ کی زبانی سنو! کہ اُنھون نے ایک جلسہ عام مین ان دونون بزرگون کی معزولی کی کیا وجہ بیان کی تھی،

الا ان عبد اللہ بن ارقم لم یزل	صاحبو! عبد اللہ بن ارقمؓ ابوبکرؓ اور عمرؓ کے زمانہ سے
علی اجرائکم زمن ابی بکر و عمر الی الیوم	اسوقت تک آپکے تقسیم وظائف کی خدمت انجام
وانہ کبر و ضعف وقد ولینا عملہ	دیتے رہے لیکن اب وہ بوڑھے اور ضعیف ہوگئے ہین اسلیے
زید بن ثابت،	اس خدمت کو زید بن ثابتؓ کے سپرد کردیا ہی،[۲]

ظاہر ہے کہ مال کی نگرانی کا کام جسقدر اہم اور مشکل ہے اُس کے لحاظ سے اگر حضرت

---

[۱] طبری صفحہ ۲۸۱۱ [۲] طبری صفحہ ۲۸۰۲،

عثمانؓ نے ان دونون کو جو ضعف و پیری کے باعث اپنے خدمات کو باحسن وجوہ انجام نہین دے سکتے تھے سبکدوش کر دیا، اور اس عہدہ پر زید بن ثابتؓ کو جو پڑھنے لکھنے اور حساب و کتاب مین خاص طور پر ممتاز تھے، مامور کیا، تو کیا خطا کی؟

امر دوم کی نسبت تمہین غور کرنا چاہیے کہ نااہل اور ناتجربہ کار افراد کی تقرری کا الزام کہان تک درست ہے؟ اسمین شک نہین ہے کہ ولید بن عقبہ، سعید بن العاص، عبداللہ بن ابی سرح اور عبداللہ بن عامر اگرچہ صحابہ کرام اور فاروقی عمّال کی طرح زہد و اتقا کے مالک نہ تھے، تاہم اُن کے انتظامی کارنامے اور عظیم الشان فتوحات کسیطرح ان کو نااہل اور ناتجربہ کار نہین ثابت کرتے،

امیر معاویہ عہد فاروقی سے شام کے والی تھے، اسی طرح ولید بن عقبہ جزیرہ کے عامل رہ چکے تھے[1] سعید بن العاص نے طبرستان اور آرمینیہ فتح کیا[2] عبداللہ بن ابی سرح نے طرابلس اور قبرس کو زیرنگین کیا[3] کیا ان فتوحات سے ان لوگون کی ناتجربہ کاری ثابت ہوتی ہے؟

عبداللہ بن عامر والی بصرہ البتہ ایک کمسن نوجوان تھے لیکن فطری لیاقت کو عمر کی کمی بیشی سے کوئی تعلق نہین، تم نے فتوحات کے سلسلہ مین پڑھا ہوگا کہ اسی نوجوان نے کابل، ہرات، سجستان اور نیشاپور کو اپنی شجاعانہ اور مدبرانہ قوت سے مسخر کرکے اسلامی ممالک محروسہ مین شامل کر دیا تھا، غرض نااہل اور ناتجربہ کار عمال کے تقرر کا الزام سراسر خلافِ واقعہ ہے،

البتہ امر سوم یعنی اپنے خاندان کے لوگون کو ذمہ داری کے عہدون پر مامور

---

[1] طبری صفحہ ۲۸۱۳ [2] ابن اثیر ج ۳ ص ۸۳ [3] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۷۴ و فتوح البلدان صفحہ ۲۳۵

کرنے کا الزام ایک حد تک قابلِ غور ہے اس مین شک نہین کہ شیخین نہایت محتاط تھے اور ہر ایک شک و شبہ کے موقع سے بچتے تھے یہی وجہ ہے کہ وہ خلافت کے معاملات مین اپنے اعزہ و اقارب کے لیے ہمیشہ کوتاہ دست رہے لیکن حضرت عثمانؓ ایک سادہ طبع اور نیک نفس بزرگ تھے مزاج مین احتیاط بیش بینی نہ تھی نیز اپنے اختیارات سے اپنے اہل قرابت کو فائدہ پہونچانا صلہ رحم جانتے تھے ایک دفعہ جب لوگون نے اس طرزِ عمل کی علانیہ شکایتین کین تو حضرت عثمانؓ نے صحابہ کو جمع کیا اور خدا کا واسطہ دیکر پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلعم قریش کو تمام اہل عرب پر ترجیح نہین دیتے تھے؟ اور کیا قریش مین سے بنو ہاشم کا سب سے زیادہ خیال نہین رکھتے تھے؟ لوگ خاموش رہے تو ارشاد فرمایا کہ اگر میرے ہاتھ مین جنت کی کنجی ہوتی تو تمام بنو امیہ کو اس مین بھر دیتا[۱]، بہرکیف یہ امام وقت کی ایک اجتہادی راے تھی، ممکن ہے کہ عام لوگ اس سے متفق نہون لیکن اس سے حضرت عثمانؓ کے فضل و کمال کا دامن داغدار نہین ہوسکتا،

دوسرا الزام بیت المال مین مسرفانہ تصرف کا ہے لیکن ثبوت مین جن واقعات سے کام لیا گیا ہے وہ یا تو سرتاپا غلط ہین یا رنگ آمیزی کرکے اُن کی صورت بدلدی گئی ہے، ہم ذیل مین تفصیل کے ساتھ ہر ایک واقعہ کو اُس کی اصلی صورت مین دکھاتے ہین جس سے اندازہ ہوگا کہ مفسدین نے کس طرح واقعات کی صورت کو مسخ کرکے حضرت عثمانؓ کو بدنام کرنے کی کوشش کی تھی،

تحقیقِ واقعات سے قطعِ نظر کرکے ہم کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ ذاتی طور پر حضرت عثمانؓ کی مالی حالت کیسی تھی؟ تاکہ اندازہ ہوسکے کہ وہ اپنی ذاتی دولت سے اس قسم کی

---

[۱] ابن سعد جلد ۳، قسم اول تذکرۂ عثمان و ابن حنبل جلد اول صفحہ ۶۲،

فیاضی اور جود و کرم پر قادر تھے یا نہیں ؛

عام طور پر تاریخون سے ثابت ہے کہ حضرت عثمان رضی صحابہ کرام میں سب سے زیادہ [illegible] متمول تھے، اُن کی دولت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ہزار ہا روپے بیر رومہ کی خریداری پر صرف کیئے، ایک بیش قرار رقم سے مسجد نبوی کی توسیع کی اور لاکھون روپے سے جیش عسرہ کو آراستہ کیا، اب سوال یہ ہے کہ عام طور پر راہِ خدا مین جسکے جود و سخا کا یہ حال ہو وہ اپنی دولت سے ذوی القربیٰ کے ساتھ کچھ صلہ رحم نہین کر سکتا تھا؟

حضرت عثمان رضی نے ایک موقع پر حسب ذیل تصریحات کے ساتھ اس الزام کو دفع کیا تھا،

قالوا انی احب اھل بیتی و اعطیھم فاما حبی فانہ لم یمل معھم علی جور بل احمل الحقوق علیھم واما اعطائی ھم فانی ما اعطیھم من مالی ولا استحل اموال المسلمین لنفسی ولا لاحد من الناس ولقد کنت اعطی العطیة الکبیرة الرغیبة من صلب مالی ازمان رسول اللہ وابی بکر وعمر رضی اللہ عنھما وانا یومئذ شحیح حریص افانا حین اتیت علی اسنان اھل بیتی وفنی عمری وودعت الذی لی فی اھلی قال الملحدون ما قالوا

لوگ کہتے ہین کہ مین اپنے خاندان والون سے محبت رکھتا ہون اور اُن کے ساتھ فیاضی کرتا ہون لیکن میری محبت نے مجھے ظلم کی طرف مائل نہین کیا ہے بلکہ مین صرف اُن کے واجبی حقوق ادا کرتا ہون، اسیطرح فیاضی بھی اپنے ہی مال تک محدود ہے، مسلمانون کا مال نہ مین اپنے لیے حلال سمجھتا ہون اور نہ کسی دوسرے کیلیے، مین رسول اللہ صلعم اور ابوبکر و عمر کے عہد مین بھی اپنے مال سے گرانقدر عطیے دیا کرتا تھا حالانکہ مین اس زمانہ مین بخیل و حریص تھا اور اب جبکہ مین اپنی خاندانی عمر کو پہونچ چکا ہون، زندگی ختم ہو چکی ہے اور اپنا تمام سرمایہ اپنے اہل و عیال کے سپرد کر دیا ہے تو ملحدین

وانی واللہ ما حملت علے	ایسی باتین مشہور کرتے ہین، خدا کی قسم مین نے
مصا رفضلا فیجوز ذالک	کسی شہر پر خراج کا کوئی بار ایسا نہین ڈالا ہے
لمن قالہ ولقد ردتہ	کہ اس قسم کا الزام دینا جائز ہو اور جو کچھ وصول ہوا
علیھم وما قدام علی الا الاخماس	انھین لوگون کے رفاہ و بہبود پر صرف ہوا، میرے
ولا یحل لی منہا شئی فولی المسلمون	پاس صرف خمس آتا ہے اور اس مین سے بھی اپنے
وضعھا فی اھلہا دونی	لیے کچھ لینا جائز نہین مسلمانون نے اُسکو میرے مشورہ
ولا یتلفت من مال اللہ بفلس	کے بغیر مستحقین مین صرف کیا، خدا کے مال مین ایک
فما فوقہ وما اتبلغ منہ	پیسہ کا بھی تصرف نہین کیا جاتا مین اس سے کچھ
ما اکل الا من مالی	نہین لیتا ہون یہان تک کہ کھاتا بھی ہون اپنے
. . . .	ہی مال سے،

مذکورۂ بالا تصریحات کے بعد اب ہم کو اُن واقعات کی طرف رجوع کرنا چاہیے جن کی بنا پر ذو النورین رضؓ کی تابشِ ضیا کو غبار آلود کہا جاتا ہے،

اس مین شک نہین کہ حکم کو رسول اللہ صلعم نے طائف کو جلا وطن کر دیا تھا لیکن اخیر عہد مین حضرت عثمان رضؓ کی سفارش سے مدینہ آنے کی اجازت دیدی تھی چونکہ شیخین کو ذاتی طور پر رسول اللہ صلعم کی منظوری کا علم نہین تھا، اس لیئے اُنھون نے مدینہ آنے کی اجازت نہین دی، جب حضرت عثمان رضؓ نے عنانِ خلافت ہاتھ مین لی تو اپنے ذاتی علم کی بنا پر اُن کو مدینہ بلا لیا، اور اُن کے لڑکے مروان سے اپنی ایک صاحبزادی کا نکاح کر دیا اور صلۂ رحم کے طور پر جیب خاص سے حکم کو ایک لاکھ درہم عطا فرمائے، نیز مروان کو

ے طبری صفحہ ۲۹۵۳، ے صاحب اصابہ اور اسد الغابہ دونون نے حکم کے حالات مین اس اجازت کا ذکر کیا ہے،

جہیز مین ایک لاکھ درہم کا عطیہ مرحمت کیا، یہ ہے اصل واقعہ جسکو مفسدین نے رنگ آمیزی کرکے کچھ سے کچھ کردیا،

طرابلس کے مالِ غنیمت سے مروان کو خمس دلانے کا واقعہ سراسر بہتان ہے، اس کی صحیح کیفیت یہ ہے کہ مروان نے اُسکو خرید لیا تھا،

چنانچہ مورخ ابن خلدون لکھتا ہے،

وارسل ابن زبیر بالفتح والخمس فاشتراه مروان بن حکم بخمس مائۃ الف دینار وبعض الناس یقول اعطاہ ایاہ ولا یصح وانما اعطی ابن ابی سرح خمس الخمس من الغزوۃ الاولی[1]	یعنی ابن زبیر نے فتح کا مژدہ اور پانچوان حصہ دار الخلافہ روانہ کیا جسکو پانچ لاکھ دینار پر مروان نے خرید لیا، اور بعض لوگ جو یہ کہتے ہین کہ مروان کو دیدیا گیا یہ صحیح نہین ہے بلکہ پہلے معرکہ کے مالِ غنیمت کے خمس کا خمس ابن ابی سرح کو دیدیا تھا،

اب یہ اعتراض رہ جاتا ہے کہ کسی غزوہ کے مالِ غنیمت کا کوئی حصہ ابن ابی سرح کو دینے کا کیا حق تھا، لیکن واقعہ یہ ہے کہ طرابلس کی جنگ کے قبل حضرت عثمان رضؓ نے ابن ابی سرح سے وعدہ کیا تھا کہ اگر تم اس معرکہ مین کامیاب ہوئے تو مالِ غنیمت کے پانچوین حصہ کا پانچوان حصہ تم کو دیا جائیگا، چنانچہ فتح کے بعد حسبِ وعدہ اُن کو دیدیا، اس سے عام مسلمانون کو شکایت پیدا ہوئی اور اُنھون نے حضرت عثمانؓ سے آکر شکایت کی تو اُنھون نے اسکو واپس لے لیا، طبری کے یہ الفاظ ہین،

فان رضیتم فقد جاز وان سخطتم فهو رد قالوا انا نسخطه قال فهو رد وکتب	(حضرت عثمانؓ نے کہا) کہ اگر تم لوگ اس پر راضی ہو تو اُن کا ہوچکا اور اگر تمھاری مرضی کے خلاف ہے تو

[1] ابن خلدون جلد ۲ ص ۱۲۹،

الیٰ عبد اللہ جر ذالک[1] واپس ہے لوگوں نے کہا ہم راضی نہین ہین فرمایا

واپس ہے اور عبد اللہ کو واپس کرنیکا حکمنامہ لکھدیا،

عبداللہ بن خالد کو تین لاکھ کا عطیہ مرحمت فرمایا گیا لیکن اس کی نسبت خود حضرت عثمان رضؓ نے مصری معترضین سے فرمایا تھا کہ مین نے بیت المال سے یہ رقم بصورتِ قرض لی ہے،

حارث بن حکم کو بازارِ مدینہ سے عشر وصول کرنے کا اختیار دینا محض خلافِ عقل اور بالکل بے بنیاد ہے اسیطرح اپنی صاحبزادیون کو ہیرے جواہرات دینے کا قصہ صرف ابن اسحاق نے ابوموسیٰ اشعری رضؓ سے روایت کیا ہے اور چونکہ درمیانی راوی مجہول ہے، اس لیے قابلِ استناد نہین،

بیت المال کے صرف سے اپنے لیے محل تعمیر کرانے کا قصہ محض کذب صریح ہے جو فیاض طبع اپنے ابرِکرم سے دوسرون کو سیراب کرتا ہوا اور جو اپنا مقررہ وظیفہ بھی بیت المال سے لینا پسند نہ کرتا ہو، وہ اپنے لیے عام مسلمانون کا شرمندۂ احسان ہونا کس طرح گوارا کرتا،

زید بن ثابت مہتمم بیت المال کو ایک لاکھ درہم دینے کی روایت بالکل بے بنیاد ہے، اصل واقعہ یہ ہے کہ ایک دفعہ بیت المال مین اخراجات کے بعد ایک معقول رقم پس انداز ہوئی، حضرت عثمان رضؓ نے زید بن ثابت رضؓ کو حکم دیا کہ اسکو کسی رفاہ عام کے کام پر صرف کردین، چنانچہ اُنھون نے اُس کو مسجد کی توسیع اور تعمیر مین صرف کردیا، انشاءاللہ اس کا تفصیلی بیان تعمیرات کے سلسلہ مین آئیگا،

(۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ اور حضرت اُبی رضؓ کے وظائف کا بند کرنا کوئی قابلِ اعتراض

---

[1] طبری صفحہ ۲۸۱۵،

امر نہیں ہے، امام وقت کو سیاسی وجوہ کی بنا پر اس قسم کے اختیارات حاصل ہین، حضرت عثمان رضؓ کو ان دونون بزرگون کی طرف سے کچھ غلط فہمی پیدا ہوگئی تھی اس لیے انھون نے کچھ دنون کیلیے وظیفہ روک دیا تھا، چنانچہ جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے وفات پائی تو غایت انصاف سے کام لیکر جسقدر وظیفہ بیت المال کے ذمہ باقی تھا جو تخمیناً بیس پچیس ہزار تھا اُن کے ورثہ کے حوالہ کردیا[1]،

(۴) چوتھا اعتراض بالکل بے معنی ہے، فوجی گھوڑون اور زکوٰۃ کے اونٹون کیلیے چراگاہین بنوانا خلیفۂ وقت کا منصبی فرض ہے، خود رسول اللہ صلعم نے مقام بقیع کو چراگاہ قرار دیا تھا حضرت عمر رضؓ نے تمام ملک مین وسیع چراگاہین تیار کرائی تھین، عہدِ عثمانی مین قدرۃً گھوڑون اور اونٹون کی تعداد مین غیر معمولی اضافہ ہوگیا، یہان تک کہ صرف ایک چراگاہ مین چالیس ہزار اونٹ پرورش پاتے تھے[2] اس لیے سرکاری چراگاہون کا وسیع پیمانہ پر انتظام کرنا ضروری تھا اور چونکہ یہ تمام چراگاہین سرکاری خرچ سے تیار ہوئی تھین، اس لیے عوام کو اُس سے مستفید ہونے کا کوئی حق نہ تھا،

البتہ اگر الزام کی یہ صورت ہو کہ حضرت عثمان رضؓ نے اپنے ذاتی گھوڑون اور اونٹون کے لیے مقام بقیع کی چراگاہ کو مخصوص کرلیا تھا تو اس کے متعلق اُنھون نے خود جن الفاظ مین اپنی بریت ظاہر کی ہے وہ اس بحث کے فیصلہ کے لیے کافی ہے،

قالوا انی حمیت حمی وانی واللہ ما حمیت، حُمِیَ قبلی واللہ ما حموا شیأً لاحد الا ما غلبہ علیہ	لوگ کہتے ہین کہ تو نے مخصوص چراگاہین بنائی ہین حالانکہ خدا کی قسم مین نے اسی کو مخصوص چراگاہ قرار دیا ہے جو مجھ سے پہلے مخصوص ہوچکی تھی اور خدا کی قسم ان لوگون سے وہی مخصوص

---

[1] ابن سعد جزء ۳ قسم اول تذکرۂ عبداللہ بن مسعود، [2] الوفا باخبار دار المصطفےٰ صفحہ ۲۵۶

اهل المدینہ[1]	مخصوص چراگاہین تیار کرائین جنپر تمام اہلِ مدینہ غالب آگئے،
ثم لم یمنعوا من رعیۃ احداً	اس کے بعد چرانے سے کسی کو نہین روکا اور اُسکو
واقتصر والصدقات المسلمین یحمونھا	مسلمانون کے صدقے پر محدود کردیا اُن کو اس لیے
لئلا یکون بین من یلیھا وبین احد	چراگاہ بنایا تاکہ والیِ صدقہ اور کسی کے درمیان نزاع
تنازع ثم ما منعوا ولانحوا منھا احداً	نہ واقع ہو پھر کسی کو نہ منع کیا نہ اُس سے ہٹایا بجز اسکے
الا من ساق درھما،	جس نے بطور رشوت کے کوئی درہم دیا،
ومالی من بعیر غیر راحلتین	میرے پاس اس وقت دو اونٹون کے سوا اور کچھ نہین ہے
ومالی ثاغیۃ ولا راغیۃ وانی	حالانکہ جسوقت مین نے خلافت کا بارگران اپنے سر لیا ہے
قد ولیت وانی اکثر العرب بعیرا	تو مین عرب مین سب سے زیادہ اونٹون اور بکریون کا مالک
وشاء فمالی الیوم شاۃ ولا بعیر	تھا اور آج ایک اونٹ اور ایک بکری تک نہین ہے صرف
غیر بعیرین لحجی"	حج کیلیے دو اونٹ رہ گئے ہین،

(۵) بازار مین بعض اشیاء کی خرید و فروخت کو اپنے لیے مخصوص کرلینے کا قصہ بالکل غلط ہے، اگر اسکو صحیح تسلیم کرلیا جائے تو نائبِ رسولؐ اور ایک جفا کار بادشاہ مین کوئی فرق نہین رہ جاتا، البتہ کھجور کی گٹھلیون کو زکوٰۃ کے اونٹون کی خوراک کے لیے خریدنے کا انتظام کیا گیا ہوگا لیکن اس سے کوئی الزام نہین عائد ہوسکتا،

(۶) اپنے حاشیہ نشینون اور اہلِ قرابت کو اطرافِ ملک مین وسیع قطعاتِ زمین مرحمت فرمانے کا جو الزام قائم کیا گیا ہے اس کی صحیح کیفیت یہ ہے،

عہدِ عثمانی مین بہت سے اہلِ یمن گھر بار اور جائداد چھوڑ کر مدینہ چلے آئے تھے،

---

[1] طبری صفحہ ۲۹۵۲،

حضرت عثمانؓ نے ان لوگون کی راحت اور سہولت کے خیال سے اراضی نزول اُن کی یمن کی جائداد سے تبادلہ کرلیا تھا، مثلاً حضرت طلحہؓ کو ایک قطعۂ زمین دیا تو اس کے معاوضہ مین کندہ مین ان کی مملوکہ جائداد پر قبضہ کرلیا، انتظامی حیثیت سے اس قسم کا ردوبدل ناگزیر تھا،

عراق مین بہت سی زمین غیر آباد پڑی ہوئی تھی، جن لوگون نے اس کو قابل زراعت بنایا حضرت عثمانؓ نے من احیی ارضا میتة فھی لہ پر عمل کرکے اُن کو اس کا مالک قرار دیا، ملک کو آباد اور قوم کو مرفہ الحال کرنے کے لیے اس قسم کی ترغیب وتحریص نہ صرف جائز بلکہ ضروری ہے،

(۷) اگر حضرت عثمانؓ نے اخلاقی یا سیاسی مصالح کی بنا پر کسی صحابی کی تادیب کی تو اس سے اُسکی تذلیل نہین ہوئی، حضرت عمرؓ نے ابی بن کعب پر کوڑا اُٹھایا، عیاض بن غنم کا کرتہ اتروا کر بکریان چرانے کو دین اور سعد وقاص کو دُرّے مارے تو کسی نے اسکو تذلیل پر محمول نہین کیا،

حضرت ابوذرؓ کو حضرت عثمانؓ نے جلاوطن نہین کیا تھا بلکہ وہ خود تارکِ دنیا ہوگئے تھے، چنانچہ جب حضرت عثمانؓ نے تحقیقات کے لیے طلب کیا اور حضرت ابوذرؓ دربارِ خلافت مین حاضر ہوئے تو حضرت عثمانؓ نے پہلے فرمایا کہ آپ میرے پاس رہیئے، آپ کے اخراجات کا مین کفیل ہون لیکن اُنھون نے یہ کہکر انکار کردیا کہ تمھاری دنیا کی مجھکو ضرورت نہین ہے[1]

اسیطرح عبادہ بن صامتؓ کے ساتھ بھی کوئی واقعہ پیش نہین آیا تھا بلکہ انکی جلاوطنی

---

[1] ابن سعد تذکرۂ ابوذر،

روایت، کے برخلاف ایک مستند روایت موجود ہے کہ وہ حضرت عثمانؓ کے آخری عہد تک شام مین تقسیمِ غنیمت کے عہدہ پر مامور تھے، البتہ عمار بن یاسرؓ جندب بن جنادہؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ کے ساتھ کچھ سختیان ہوئین لیکن اس سے اُن کی تذلیل نہین ہوئی،

ایک مصحف کے سوا تمام مصاحف کے جلا دینے کا الزام صرف ان لوگون کے نزدیک قابلِ وقعت قرار پاسکتا ہے جن کے دل بصیرت سے اور آنکھین بصارت سے محروم ہین، حضرت عثمانؓ نے خود کوئی صحیفہ ترتیب دیکر پیش نہین کیا بلکہ فتنہ کے ظہور سے پہلے آنحضرت صلعم کی وفات کے بعد ہی حضرت ابوبکرؓ نے جو مصحف تیار کرایا تھا، اُسی کی نقلین حضرت عثمانؓ نے مختلف امصار و دیار مین بھجوادین اور اسی کی تسلیم پر تمام امت کو متفق کردیا، یہ آپ کا وہ کارنامہ ہے جسکے بارِ احسان سے امت محمدیہ کبھی سبکدوش نہین ہوسکتی،

(۹) اس مین شک نہین ہوکہ حضرت عثمانؓ نہایت رحمدل اور رقیق القلب تھے، لیکن شرعی حدود کے اجرا مین اُنھون نے کبھی تساہل سے کام نہین لیا، جن واقعات کی بنا پر اُن کو اجرائے حدود مین تغافل شعار بنایا جاتا ہے اُن کی تفصیل یہ ہے،

(۱) عبیداللہ بن عمرؓ سے ہرمزان کا قصاص نہین لیا گیا،

(۲) ولید بن عقبہ پر شراب خوری کی حد جاری کرنے مین غیر معمولی تاخیر ہوئی،

ہرمزان کا واقعہ یہ ہے کہ جب فاروق اعظمؓ کو ابو لولو مجوسی نے شہید کیا تو عبیداللہ بن عمرؓ نے غضبناک ہوکر قاتل کی لڑکی اور ہرمزان کو جو ایک نومسلم ایرانی تھے قتل کردیا کیونکہ ان کے خیال مین یہ سب سازش مین شریک تھے، حضرت عثمانؓ نے عنانِ خلافت ہاتھ مین لی تو سب سے پہلے یہی مقدمہ پیش ہوا، صحابہ سے اس کے متعلق رائے طلب کی،

توحضرت علیؓ نے عبید اللہ بن عمرؓ کو ہرمزان کے قصاص مین قتل کردینے کا مشورہ دیا، بعض مہاجرین نے کہا عمرؓ کل قتل کیے گئے اوران کا لڑکا آج مارا جائیگا ؟ عمرو بن عاصؓ نے کہا امیرالمومنین اگرآپ عبید اللہ کو معاف کردین گے توامید ہے کہ خدا آپ سے بازپُرس نہ کریگا، غرض اکثر صحابہ عبید اللہ کے قتل کردینے کے خلاف تھے، حضرت عثمانؓ نے فرمایا چونکہ ہرمزان کا کوئی وارث نہین ہے اس لیے بہ حیثیت امیرالمومنین مین اس کا ولی ہون اورقتل کے بجاے دیت پر راضی ہون، اُسکے بعد خود اپنے ذاتی مال سے دیت کی رقم دیدی،[1]

حضرت عثمانؓ نے جس عمدگی کے ساتھ اس مقدمہ کا فیصلہ کیا ہے اس سے بہتر نہین ہوسکتا تھا کیونکہ قبیلۂ عدی کبھی ہرمزان کے قصاص مین عبید اللہ بن عمرؓ کے قتل کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہین دیکھتا اور درحقیقت اسی وقت فتنہ وفساد کی آگ مشتعل ہوجاتی،

ولید بن عقبہ والی کوفہ نے بادہ نوشی کی توحضرت عثمانؓ نے فوراً معزول کردیا، لیکن حد کے اجرا مین اسوجہ سے تاخیر ہوئی کہ حضرت عثمانؓ کو گواہون پرکامل اطمینان نہین تھا، جب کافی ثبوت بہم پہونچ گیا تو پھر حد کے اجرا مین پس وپیش نہین کیا گیا،[2]

(۱۰) یہ خیال کہ حضرت عثمانؓ نے موثق روایات کو چھوڑکر روایات شاذہ پرعمل کیا قطعی غلط ہے، البتہ اجتہادی مسائل مین اختلاف آرا ہوا اور یہ حضرت عثمانؓ کے ساتھ مخصوص نہین ہے بلکہ تمام صحابہ مین اس قسم کا اختلاف پایا جاتا ہے،

(۱۱) مذہب مین اختراعِ بدعات کا الزام نہایت نامنصفانہ ہے اتباعِ سنت حضرت عثمانؓ کا مقصدِ حیات تھا، منیٰ مین دو کے بجائے چار رکعت نماز ادا کرنا بھی دراصل ایک نص شرعی پر مبنی تھا چنانچہ جب صحابہ نے اسکو بدعت پر محمول کرکے اپنی ناپسندیگی

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۵۸، ۵۹، [2] فتح الباری جلد ۷ ص ۴۵ وطبری ص ۲۸۴۹،

کا اظہار کیا تو خود حضرت عثمان رضؓ نے ایک مجمع مین اپنے چار رکعت نماز پڑھنے کی حسب ذیل وجہ بیان کی،

یا ایہا الناس انی تاھلت بمکۃ منذ قدمت وانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من تاھل فی بلد فلیصل صلوٰۃ المقیم[۱]،	صاحبو! جب مین مکہ پہونچا تو یہان اقامت کی نیت کرلی اور مین نے رسول اللہ صلعم کو فرماتے سنا ہے کہ جو کسی شہر مین اقامت کی نیت کرلے اسکو مقیم کی طرح نماز پڑھنا چاہیے،

(۱۲) بارھوان الزام مصری وفد کے ساتھ بدعہدی کا ہے، چونکہ اس کی تفصیلی بحث حضرت عثمان رضؓ کی شہادت کے موقع مین آئے گی اس لیے اسکو یہان نظرانداز کرتے ہین،

غرض یہی حقیقت ہے اُن تمام الزامات کی جنکی بنا پر سازش، فتنہ پردازی اور انقلاب کی عمارت قائم کی گئی تھی اور اس حد تک مکمل ہوچکی تھی کہ اس کا انہدام تقریباً ناممکن ہوگیا تھا، تاہم حضرت عثمان رضؓ نے شورش رفع کرنے کے لیے اصلاح اور رفع شکایت کی ایک آخری کوشش کا ارادہ کرلیا اور تمام عمال کو دارالخلافۃ مین طلب کرکے اس کے متعلق ایک مجلس شوری منعقد کی، شرکائے مجلس مین امیر معاویہ، عبداللہ بن ابی سرح، سعید بن العاص اور عمرو بن العاص رضؓ خاص طور پر قابل ذکر ہین،

رفع فتنہ کی آخری کوشش

حضرت عثمان رضؓ نے ایک مختصر تقریر کے بعد موجودہ شورش کو رفع کرنیکے متعلق ہر ایک سے رائے طلب کی، عبداللہ بن عامر نے کہا امیر المومنین! میرا خیال ہے کہ اس وقت کسی ملک پر فوج کشی کردی جائے، لوگ جہاد مین مشغول ہوجائین گے تو فتنہ وفساد کی آگ خود بخود سرد ہوجائیگی،

[۱] مسند ابن حنبل ص ۶۲، ج ۱،

سعید بن العاص نے کہا، موجودہ شورش صرف ایک مخصوص جماعت کی وجہ سے ہے اس کے سرگروہ اگر قتل کردیے جائین تو مفسدین کا شیرازہ بکھر جائیگا اور ملک مین کامل امن وامان پیدا ہوجائیگا،

امیر معاویہ نے کہا! ہر ایک عامل اپنے صوبہ مین امن وامان قائم رکھنے کا ذمہ لے مین ملک شام کا ضامن ہون،

عبداللہ بن سعد نے کہا! شورش پسند گروہ حریص وطماع ہے اس لیے مال وزر کا فیضان عام ان کو امن پسند بنا سکتا ہے،

عمرو بن العاص نے کہا "امیر المومنین! آپ کی بے اعتدالیون نے لوگون کو احتجاجِ حق پر آمادہ کیا ہے' اس لیے اب صرف دو ہی صورتین ہین' عدل وانصاف یا خلافت سے کنارہ کشی' اگر یہ دونون ناپسند ہون تو پھر جو چاہیے کیجیے،" حضرت عثمان رضؓ نے تعجب سے عمرو بن العاص کی طرف دیکھا اور فرمایا افسوس! کیا تم میری نسبت ایسی راے رکھتے ہو؟ عمرو بن العاص خاموش رہے لیکن جب مجمع منتشر ہوگیا اور تنہا حضرت عثمان رضؓ رہ گئے تو کہا امیر المومنین! آپ مجھے بہت زیادہ محبوب ہین' مجمع عام مین مین نے جو راے دی وہ صرف نمائشی تھی تاکہ مفسدین مجھے ہمخیال سمجھ کر اپنا رازدار بنائین' اور اس طرح آپ کو اُن کے خیر وشر سے مطلع کرتا رہون' اگرچہ یہ اعتذار بجائے خود دلنشین اور قابلِ تعریف نہ تھا تاہم حضرت عثمان رضؓ خاموش ہوگئے[1]

عمال کی مجلسِ شوریٰ نے اگرچہ بیش قیمت رائین دین لیکن اُن سے اصل مرض کا ازالہ نہین ہوسکتا تھا' اس لیے اصلاحِ ملک کا کوئی مکمل دستور العمل تیار نہوسکا' حضرت

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۱۷، ۱۱۸،

حضرت عثمانؓ نے تمام عمال کو واپس کر دیا[1] اور خود ایک مکمل اسکیم سوچنے مین مصروف ہو گئے

مفسدین کوفہ کی رضا جوئی

پہلے گذر چکا ہے کہ مفسدین کوفہ سعید بن العاص سے خاص بغض وعناد رکھتے تھے چنانچہ جب وہ مجلس شوریٰ مین شریک ہونے کے لیے مدینہ گئے، تو انھون نے باہم عہد کیا کہ اب اُن کے کوفہ واپس آنے مین بزور مزاحم ہون گے، اس لیے جب سعید بن العاص مدینہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوے تو حسب قرار داد مفسدین نے شہر سے باہر نکل کر مقام جرعہ مین مزاحمت کی اور مدینہ واپس جانے پر مجبور کیا، حضرت عثمانؓ نے ان لوگون کی خواہش کے مطابق سعید کو معزول کر کے ابو موسیٰ اشعریؓ کا تقرر کیا اور باغیون کے پاس لکھ بھیجا، کہ مین نے تمھاری خواہش کے مطابق تقرر کر دیا اور آخر وقت تک تمھاری اصلاح مین جد وجہد کرون گا، اور کسی وقت صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑون گا،[2]

تحقیقاتی وفود

حضرت عثمانؓ اصلاح ملک کی فکر مین تھے لیکن کوئی مناسب تدبیر سمجھ مین نہین آتی تھی، حضرت طلحہؓ نے مشورہ دیا کہ مختلف حصص ملک مین عام حالات کی تحقیقات کیلئے وفود روانہ کیے جائین، چنانچہ یہ راے پسند آئی اور ۳۵ھ مین محمد بن مسلمہؓ کوفہ، اُسامہ بن زیدؓ بصرہ، عمار بن یاسرؓ مصر، عبداللہ بن عمرؓ شام اور بعض دوسرے صحابہ دیگر صوبہ جات کی طرف تفتیش حال کیلئے روانہ کیے گئے،[3] نیز تمام ملک مین گشتی اعلان جاری کیا کہ مین عموماً حج کے موقع پر تمام عمال کو جمع کرتا ہون اور جس کسی کو کسی عامل سے شکایت ہوتی ہے تو پیش کرنے پر فوراً تحقیقات کر کے تدارک کرتا ہون لیکن باوجود اسکے معلوم ہوا ہے کہ بعض عمال بے وجہ لوگون کو مارتے ہین، گالی دیتے ہین اور دوسرے طریقون سے

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ ص ۱۱۷، ۱۱۸، [2] طبری ص ۲۹۳۶ [3] طبری ص ۲۹۴۳،

ظلم و تعدی کرتے ہین، اس لیے اعلان عام ہے کہ جسکو مجھ سے یا میرے کسی عامل سے شکایت ہو وہ حج کے موقع پر بیان کرے مین کامل تدارک کرکے ظالم سے مظلوم کا حق دلاؤن گا[1]،

انقلاب کی کوشش دربارِ خلافت مین تو اصلاحات کی تجویزین پیش ہو رہی تھین لیکن دوسری طرف ملک مین ایک عظیم الشان انقلاب کی سازش مکمل ہو چکی تھی، بصرہ، کوفہ، اور مصر کے فتنہ پردازون نے باہمی قرارداد کے بعد اپنی اپنی جگہ سے حاجیون کی وضع مین مدینہ کا رُخ کیا[2] کہ بزور اپنے مطالبات تسلیم کرائین،

مفسدین نے مدینہ کے قریب پہونچکر شہر سے دو تین میل کے فاصلہ پر طرح اقامت ڈالی، اور چند آدمی جو اس جماعت کے سرگروہ تھے باری باری حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد وقاصؓ اور حضرت علیؓ کے پاس گئے کہ اپنی وساطت سے معاملات کا تصفیہ کرادین لیکن سب نے اس جھگڑے مین پڑنے سے انکار کیا،

حضرت عثمانؓ کو فتنہ و فساد کا دبانا اور لوگون کی صحیح شکایات کا رفع کرنا بہرحال منظور تھا، اُنھون نے جب مفسدین کی اجتماع کی خبر سنی تو حضرت علیؓ کو بلاکر کہا کہ آپ اس جماعت کو راضی کرکے واپس کردیجئے مین جائز مطالبات کے تسلیم کرنے کے لیے تیار ہون، غرض حضرت علیؓ کی وساطت سے مفسدین واپس گئے[3]، حضرت عثمانؓ نے جمعہ کے روز مسجد مین خطبہ دیا اور تفصیل کے ساتھ اصلاحی اسکیم اور اپنے آئندہ طرزِ عمل کی توضیح کی، لوگ خوش ہوے کہ اب منازعات کا خاتمہ ہو گیا، جدید اصلاحات کے اجرا سے ایک طرف تو بنوامیہ کا زور ٹوٹ جائیگا دوسری طرف باغِ اسلام مین جسکو مسلسل پانچ چھ سال

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۲۲، [2] ابن اثیر جلد ۳ ص ۱۲۵، [3] ابن اثیر جلد ۳ ص ۱۲۹، طبع یورپ،

فتنہ و فساد اور سازش و فتنہ پردازی کی باد خزان نے بے رونق کر دیا ہے پھر تازہ بہار آجائیگی لیکن یہ غنچۂ سرور ابھی اچھی طرح کھلا بھی نہ تھا کہ مرجھا گیا، مدینہ کی گلیون مین تکبیر کے نعرون اور گھوڑون کی ٹاپون سے شورِ قیامت برپا ہوگیا، کبار صحابہ گھبرا کر گھرون سے نکل آئے، دیکھا تو مفسدین کی جماعت پھر واپس آگئی ہے اور "انتقام" "انتقام" کی صدائین بلند ہورہی ہین، حضرت علیؓ نے بڑھ کر واپس آنے کا سبب دریافت کیا تو مصریون نے کہا کہ راہ مین دربارِ خلافت کا ایک قاصد ملا، جو نہایت تیزی و عجلت کے ساتھ مصر جارہا تھا، اُسکی مشتبہ حالت سے بدگمانی پیدا ہوئی اور خیال ہوا کہ ضرور ہم لوگون کے متعلق والی مصر کے پاس احکام جارہے ہین، تلاشی لی گئی تو درحقیقت ایک ایسا فرمان برآمد ہوا جسمین ہدایت کی گئی تھی کہ ہم لوگون کی گردن ماردی جائے[1]، چنانچہ اب ہم اس بدعہدی اور فریب کاری کا انتقام لینے آئے ہین،

خلافت سے کنارہ کشی کا مطالبہ

حضرت عثمانؓ کو واقعہ سے اطلاع دی گئی تو اُنھون نے حیرت کے ساتھ اپنی لاعلمی ظاہر کی اور قسم کھا کر کہا کہ مجھے مطلقاً اس خط کی اطلاع نہین ہے، حضرت عثمانؓ کے حلفیہ انکار پر لوگون نے قیاس کیا کہ یقیناً مروان کی شرارت ہے، مصریون نے کہا بہر حال کچھ بھی ہو جو خلیفہ اس قدر غافل ہو کہ اس کی لاعلمی مین ایسے اہم امور پیش آجائین اور اُسے خبر نہو وہ کسی طرح خلافت کے لیے موزون نہین ہوسکتا، غرض مصریون نے مسندِ خلافت سے کنارہ کش ہوجانیکا مطالبہ کیا، حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ جب تک مجھ مین رمقِ جان باقی ہے مین اس خلعت کو جو خدا نے مجھے پہنایا ہے خود اپنے ہاتھ سے نہین اتارون گا، اور حضور صلعم کی وصیت کے مطابق مین اپنی زندگی کے آخری لمحہ تک صبر کرونگا[2]

[1] طبری صفحہ ۲۹۵۱ و ابن سعد تذکرہ عثمانؓ [2] ابن سعد تذکرہ عثمانؓ

محاصرہ | حضرت عثمان رض کے انکار کرنے پر مفسدین نے نہایت شدت کے ساتھ کاشانۂ
خلافت کا محاصرہ کرلیا، جو چالیس دن تک مسلسل قائم رہا، اس عرصہ مین اندر پانی تک
پہونچانا جرم تھا، ایک دفعہ ام المومنین حضرت ام حبیبہ رض نے اپنے ساتھ کھانے پینے کی چیز
لیکر حضرت عثمان رض تک پہونچنے کی کوشش کی مگر مفسدین کے قلوب نورِ ایمان سے خالی
ہوچکے تھے، ان سیہ کارون نے رسول اللہ صلعم کے حرم محترم کا بھی پاس ولحاظ نہ کیا، اور بے
ادبی کے ساتھ مزاحمت کرکے واپس کردیا[۱]، ہمسایہ گھرون سے کبھی کبھی رسد اور پانی کی امداد
پہونچ جاتی تھی، مفسدین کی ناشنوائی اور صحابہ کی بے احترامی اتنی بڑھ گئی کہ بڑے
بڑے اکابر صحابہ مثلاً عبداللہ بن سلام رض، ابوہریرہ رض، سعد وقاص رض اور زید بن ثابت رض کی کسی نے
نہ سنی اور ان کی توہین بھی کی، حضرت علی رض نے حضرت عثمان رض کے بلانے پر اُن کے گھر کے
اندر جانا چاہا تو لوگون نے اُن کو روک دیا اور آخر مجبور ہوکر اپنا سیاہ عمامہ اُتار کر قاصد کو
دیدیا اور کہدیا کہ جو حالت ہے وہ دیکھ لو، اور کہدو، بہت سے صحابہ مدینہ چھوڑکر چلے گئے
تھے، حضرت عائشہ رض نے سفر حج کا ارادہ کیا، اکابر صحابہ نے ایسی حالت مین گوشہ نشینی ہی اس
فتنہ کے زمانہ مین مناسب سمجھی، ذمہ دار صحابہ مین اس وقت تین صاحب موجود تھے حضرت
علی رض، حضرت طلحہ رض، اور حضرت زبیر رض، یہ اصحاب نہ تو بے تعلق رہ سکتے تھے اور نہ واقعات پر
قدرت رکھتے تھے، تینون صاحبون نے کچھ کوششین کین مگر اس ہنگامہ مین کوئی کسی کی
نہین سنتا تھا، بالآخر یہ تینون اصحاب عملاً علیحدہ رہے مگر اپنے اپنے جگر گوشون کو
خلیفۂ وقت کی حفاظت کیلئے بھیجدیا، حضرت امام حسن ع دروازہ پر پہرہ دے رہے تھے
حضرت عبداللہ بن زبیر رض کو حضرت عثمان رض نے گھر مین جو جان نثار موجود تھے اُنکی افسری پر

[۱] طبری صفحہ ۳۰۱۰ تا ۳۰۱۵ ابن سعد جلد ۳ قسم اول،

متعین کیا[1]،

| باغیون کو حضرت عثمانؓ کی فہمایش | باغی جو گھر کو گھیرے تھے ان کو متعدد دفعہ حضرت عثمانؓ نے

سمجھانے کی کوشش کی اور اُن کے سامنے مؤثر تقریرین کین، حضرت ابی بن کعبؓ نے تقریر کی مگر ان لوگون پر کوئی چیز مؤثر نہوئی، حضرت عثمانؓ نے چھت کے اوپر سے مجمع کو مخاطب کرکے فرمایا، کیا تھین معلوم ہے کہ آنحضرت صلعم جب مدینہ آئے تو یہ مسجد تنگ تھی، آپ نے فرمایا کہ کون اس زمین کو خرید کر وقف کریگا کہ اُس کو اس سے بہتر جگہ جنت مین ملیگی، تو مین نے آپ کے حکم کی تعمیل کی، تو کیا اسی مسجد مین تم مجھے نماز نہین پڑھنے دیتے؟ تم کو خدا کی قسم دیتا ہون، بتاؤ کیا تم جانتے ہو کہ آنحضرت صلعم جب مدینہ تشریف لائے تو اس مین ارومہ کے سوا میٹھے پانی کا کوئی کنوان نہ تھا، آپ نے فرمایا کہ اس کو کون خرید کر عام مسلمانون پر وقف کردیتا ہے، اور اس سے بہتر اسکو جنت مین ملے گا، تو مین ہی نے اُس کی تعمیل کی تو کیا اسی کے پانی پینے سے مجھے محروم کر رہے ہو، کیا تم جانتے ہو کہ عسرت کے لشکر کو مین ہی نے ساز و سامان سے آراستہ کیا تھا، سب نے جواب مین کہا، خداوندا یہ سب باتین سچ ہین[2]، مگر سنگ دلون پر اس کا اثر بھی نہ ہوا، پھر مجمع کو خطاب کرکے فرمایا، "تم کو قسم دیتا ہون تم مین کسی کو یاد ہے کہ ایک دفعہ آپ پہاڑ پر چڑھے تو پہاڑ ہلنے لگا، آپ نے پہاڑ کو پاؤن سے ٹھوکر مار کر فرمایا، اے حرار ا ٹھہر جا، کہ تیری پیٹھ پر اس وقت ایک نبی اور ایک صدیق اور ایک شہید ہے اور مین آپ کے ساتھ تھا"، لوگون نے کہا "یاد ہے"، پھر فرمایا "خدا کا واسطہ دیتا ہون بتاؤ کہ حدیبیہ مین مجھے آپ نے مکہ سفیر بناکر بھیجا تو کیا خود اپنے ایک دست مبارک کو میرا ہاتھ قرار نہین دیا اور میری طرف سے خود ہی

---

[1] ابن سعد صفحہ ۴۹ جلد ۳ قسم اول؛ [2] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۴۷، ۷۵، وصفحہ ۷۰

بیعت نہین کی سب نے کہا سچ ہے[1]،

آخر باغی یہ دیکھکر کہ حج کا موسم چند روز مین ختم ہوتا ہے اور اُس کے ختم ہوتے ہی لوگ مدینہ کا رُخ کرین گے اور موقع نکل جائیگا آپ کے قتل کے مشورے کرنے لگے، جسکو خود حضرت عثمان رضنے اپنے کانون سے سنا اور مجمع کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا،" لوگو! آخر کس جرُم پر تم میرے خون کے پیاسے ہو، اسلام کی شریعت مین کسی کے قتل کی صرف تین ہی صورتین ہین یا اُس نے بدکاری کی ہو تو اس کو سنگسار کیا جائے، یا اس نے بالارادہ کسی کو قتل کیا، تو وہ قصاص مین مارا جائیگا، یا وہ مرتد ہوگیا ہو تو وہ قتل کیا جائے گا، مین نے نہ تو جاہلیت مین اور نہ اسلام مین کبھی بدکاری کی، نہ کسی کو قتل کیا اور نہ اسلام کے بعد مرتد ہوا اب بھی گواہی دیتا ہون کہ خدا ایک ہے اور محمدؐ اُس کے بندہ اور رسول ہین[2]" باغیون پر ان مین سے کوئی تقریر کارگر نہ ہوئی،

جان نثارون کے مشورے اور اجازت طلبی

بعض جان نثارون نے مختلف مشورے دیے، مغیرہ بن شعبہ نے اگر کہا،" امیرالمومنین! تین باتین ہین، ان مین سے ایک قبول کیجیے، آپ کے طرفدارون اور جان نثارون کی ایک طاقتور جماعت یہان موجود ہے اُس کو لیکر نکلیے اور ان باغیون کا مقابلہ کرکے ان کو باہر نکالدیجیے، آپ حق پر ہین، وہ باطل پر، لوگ حق کا ساتھ دین گے، یہ نہین تو یہ کیجیے کہ صدر دروازہ کو چھوڑکر دوسری طرف سے دیوار کو توڑکر اس محاصرہ سے نکلیے اور سواریون پر بیٹھ کر مکہ معظمہ چلے جایئے، وہ حرم ہے، وہ لوگ لڑ نہ سکین گے، یا یہ کہ شام چلے جایئے، وہان کے لوگ وفادار ہین اور وہان معاویہ موجود ہین، حضرت عثمان رضنے فرمایا، یہ کہ مین باہر نکلکر اُن سے

[1] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۵۹ [2] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۶۲،

جنگ کرون، تو مین وہ پہلا خلیفہ نہین بننا چاہتا جو امت محمدی کی خونریزی کرے[1] اگر مکہ معظمہ چلا جاؤن تو امید نہین کہ یہ حرم الٰہی کی توہین نہ کرین اور جنگ سے باز آجائین اور مین آپ کی پیشینگوئی کے مطابق وہ شخص نہین بننا چاہتا جو مکہ جا کر اس کی بے حرمتی کا باعث ہو گا اور شام بھی نہین جا سکتا کہ اپنے ہجرت کے گھر اور رسول اللہ صلعم کے قرب[2] کو نہین چھوڑ سکتا،

حضرت عثمان رض کا گھر بہت بڑا اور وسیع تھا دروازہ اور گھر مین صحابہ اور عام مسلمانونکی خاصی جمعیت موجود تھی، جنکی تعداد سات سو تھی[3]، اور جس کے سردار حضرت زبیر رض کے بہادر صاحبزادہ حضرت عبد اللہ بن زبیر رض تھے[4]، وہ حضرت عثمان رض کی خدمت مین حاضر ہوے اور عرض کی کہ امیر المومنین! اسوقت گھر کے اندر ہماری خاصی تعداد ہے، اجازت ہو تو مین ان باغیون سے لڑون، فرمایا اگر ایک شخص کا بھی ارادہ ہو تو مین اس کو خدا کا واسطہ دیتا ہون کہ وہ میرے لیے اپنا خون نہ بہائے[5]،

گھر مین اس وقت بیس[2] غلام تھے اُن کو بھی بلا کر آزاد کر دیا[6]، حضرت زید بن ثابت رض نے آکر کہا، یا امیر المومنین! انصار دروازہ پر کھڑے ہین کہ اجازت ہو تو ہم دوبارہ اپنے کارنامے دکھائین، فرمایا اگر لڑائی مقصود ہے تو اجازت نہ دون گا[6]، یہ بھی اسی حالت مین فرمایا کہ اس وقت میرا سب سے بڑا مددگار وہ ہے جو میری مدافعت مین تلوار نہ اُٹھائے[7]، حضرت ابو ہریرہ رض نے اجازت مانگی تو فرمایا، اے ابو ہریرہ! کیا تمھین پسند آئے گا کہ تم تمام دنیا کو اور ساتھ ہی مجھ کو بھی قتل کر دو؟ عرض کی نہین، تو فرمایا کہ

[1] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۶۷، [2] ابن سعد ۳ قسم اول صفحہ ۴۹، [3] ابن سعد ۳ قسم اول صفحہ ۴۹ [4] ایضاً

[5] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۲، [6] ابن سعد ۳ صفحہ ۴۸، [7] ابن سعد ۳ صفحہ ۴۸

اگر تم نے ایک شخص کو بھی قتل کیا، تو گویا سب قتل ہوگئے، (یہ سورۂ مائدہ ع ۵ کی آیت[۶] کی طرف اشارہ ہے، ابوہریرہ رضؓ یہ سُن کر لوٹ آئے[۱]،

شہادت کی تیاری

حضرت عثمان رضؓ کو آنحضرت صلعم کی پیشین گوئیون کے مطابق یہ یقین تھا کہ ان کی شہادت مقدر ہو چکی ہے[۲]، آنحضرت صلعم نے متعدد دفعہ حضرت عثمان رضؓ کو اس سانحہ سے باخبر کیا تھا، اور صبر و استقامت کی تاکید کی تھی، حضرت عثمان رضؓ اس وصیت پر پوری طرح قائم تھے، اور ہر لمحہ ہونے والے واقعہ کے منتظر تھے، جس دن شہادت ہونے والی تھی، آپ روزہ سے تھے، جمعہ کا دن تھا، خواب مین دیکھا کہ آنحضرتؐ اور حضرت ابوبکر رضؓ و عمر رضؓ تشریف فرما ہین، اور اُن سے کہہ رہے ہین کہ عثمان جلدی کرو، تمھارے افطار کے ہم منتظر ہین، بیدار ہوئے تو حاضرین سے اس خواب کا تذکرہ کیا، اہلیہ محترمہ سے فرمایا کہ میری شہادت کا وقت آگیا، باغی مجھے قتل کر ڈالین گے، اُنھون نے کہا امیرالمومنین ایسا نہین ہوسکتا، فرمایا مین یہ خواب دیکھ چکا ہون، اور ایک روایت مین ہے کہ خواب مین یہ دیکھا کہ آنحضرت صلعم فرما رہے ہین کہ "عثمان آج جمعہ میرے ساتھ پڑھنا[۳]"، پھر پائجامہ جسکو کبھی نہین پہنا تھا، اُس کو منگوا کر پہنا[۴]، اپنے بیس غلامون کو بلا کر آزاد کیا اور قرآن مجید کھول کر اس کی تلاوت مین مصروف ہوئے،

شہادت

حضرت امام حسن علیہ السلام جو دروازہ پر متعین تھے مدافعت مین مضروب ہوئے، چار باغی دروازہ چھوڑ کر دیوار پھاند کر چھت پر چڑھ گئے، آگے آگے محمد بن ابی بکر تھے جو حضرت ابوبکر رضؓ کے چھوٹے صاحبزادہ تھے اور حضرت علی رضؓ کی آغوشِ تربیت مین پلے تھے، کسی

---

[۱] ابن سعد ج ۳ صفحہ ۴۸ [۲] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۶۶ [۳] ابن سعد ج ۳ صفحہ ۵۳ اور حاکم ج ۳ صفحہ ۹۹ و ۱۰۳ مین یہ دونون خواب مذکور ہین اور ابن حنبل مین صرف پہلے خواب کا ذکر ہے، [۴] ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۷۲

بڑے عہدہ کے طلبگار تھے جس کے نہ ملنے سے حضرت عثمانؓ کے دشمن بن گئے تھے، اُنھوں نے آگے بڑھ کر حضرت عثمانؓ کی ریشِ مبارک پکڑی اور زور سے کھینچی، حضرت عثمانؓ نے کہا، بھتیجے! اگر تمھارے باپ زندہ ہوتے تو اُن کو یہ منظر پسند نہ آتا، یہ سنکر حضرت محمد بن ابی بکرؓ شرما کر پیچھے ہٹ گئے، کنانہ بن بشر نے آگے بڑھ کر پیشانی مبارک پر لوہے کی ایک لاٹ سے اس زور سے مارا کہ پہلو پر گر پڑے اور زبان سے اس وقت بھی بسم اللہ توکلت علی اللہ کے الفاظ نکلے، سودان بن حمران مرادی نے دوسری ضرب لگائی جس سے بالکل نیم مردہ ہوگئے اور خون کا فوارہ جاری ہوگیا، عمرو بن الحمق گستاخی کر کے سینہ پر کود کر چڑھ بیٹھا اور جسم کے مختلف حصوں پر نیزوں کے نو زخم لگائے، کسی شقی نے بڑھ کر تلوار کا وار کیا، وفادار بیوی حضرت نائلہ جو پاس بیٹھی تھیں ہاتھ پر روکا، تین انگلیاں کٹ کر الگ ہوگئیں، تلوار نے ذوالنورینؓ کی شمعِ حیات بجھادی، اس بیکسی کی موت پر عالمِ امکان نے ماتم کیا، کائناتِ ارضی وسماوی نے اس خونِ ناحق پر آنسو بہائے، کارکنانِ قضا و قدر نے کہا کہ جو خون آشام تلوار آج بے نیام ہوئی ہے وہ قیامت تک بے نیام رہیگی، اور فتنہ و فساد کا جو دروازہ کھلا ہے وہ حشر تک کھلا رہیگا، اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ[1]

حضرت عثمانؓ چونکہ تلاوت فرما رہے تھے، قرآن مجید سامنے کھلا تھا، اس خونِ ناحق نے جس آیت کو خون ناب کیا وہ یہ ہے،

فسیکفیکھم اللہ وھو العلیم الحکیم، خدا تم کو بس ہے، وہ جاننے والا اور حکمت والا ہے،

جمعہ کے دن عصر کے وقت شہادت حاصل کی، دو دن تک لاش بے گور و کفن پڑی رہی، حرمِ رسول میں قیامت برپا تھی، باغیوں کی حکومت تھی، اُن کے خوف سے کسی نے علانیہ

---

[1] صحیح بخاری کتاب الفتن میں اس کا اشارہ ہے،

دفن وکفن کی ہمت نہ کی، جمعہ کا یہ واقعہ ہے، سنیچر کا دن گذر کر رات کو چند مسلمانون نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر ادائے فرض کی ہمت کی غسل نہین دیا گیا، اسی طرح خون مین لتھڑے ہوے کپڑون مین چار آدمیون نے ملکر جنازہ اُٹھایا اور کابل سے مراکش تک کے فرمانروا کے جنازہ کی سترہ آدمیوں نے ملکر نماز پڑھی، مسند ابن حنبل مین ہے کہ حضرت زبیرؓ نے اور ابن سعد مین ہے کہ حضرت جبیر بن مطعمؓ نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنتہ البقیع کے پیچھے حش کوکب مین اس حلم وبردباری کے مجسمہ اور بیکسی ومظلومی کے پیکر کو سپرد خاک کیا، بعد کو یہ مقام دیوار توڑ کر جنتہ البقیع مین داخل کر لیا گیا، آج بھی جنتہ البقیع کے سب سے آخر مین مزار موجود ہے،

حضرت عثمانؓ کا ماتم صحابہ کرامؓ اور عام مسلمانون مین سے کوئی اس سانحہ عظمیٰ کے سننے کے لیے تیار نہ تھا، اور کسی کو یہ وہم وگمان بھی نہ تھا کہ یہ باغی اس حد تک جرأت کرینگے اور امام وقت کے قتل کے مرتکب ہون گے، اور حرم رسولؐ کی توہین کرین گے، اس لیے جس نے اس کو سُنا انگشت بدندان رہ گیا، جو لوگ حضرت عثمانؓ کی طرزِ حکومت کے کسی قدر شاکی تھے، اُنھون نے بھی اس بے کسی اور مظلومی کی موت پر آنسو بہائے، تمام لوگون پر سناٹا چھا گیا، خود باغیون کی پیاس بھی اس خون سے بجھ چکی تھی اور اب آل کار کو سوچکر اپنی حرکت پر نادم تھے، تاہم دشمنون نے اسلام کے لیے سازش کا جو جال بچھایا تھا اس مین وہ کامیاب ہو چکے تھے، متحد اسلام سنی شیعہ، خارجی اور عثمانی چار حصون مین بٹ جانے کو تیار ہو گیا، اور وہ تفرقہ پڑا جو قیامت تک کیلئے قائم رہ گیا،

حضرت علیؓ مسجد سے نکل کر حضرت عثمانؓ کے گھر کی طرف آرہے تھے کہ راہ مین شہادت کی اطلاع ملی حضرت علیؓ نے دونون ہاتھ اُٹھا کر فرمایا، خداوندا مین عثمانؓ کے

لہ مسند ابن حنبل جلد ا صفحہ ۷۳، سے ابن حنبل جلد ا صفحہ ۷۴، ابن سعد و مستدرک تذکرہ عثمانؓ،

خون سے بری ہون، سعید بن زید بن عمرو بن نفیل جو حضرت عمرؓ کے بہنوئی تھے اُنھون نے کہا لوگو! اگر کوہِ احد تمھاری اس بداعمالی کے سبب تم پر پھٹ کر گر پڑے تو اس کو یہ حق ہے، حضرت حذیفہؓ جو صحابہ مین فتنہ و فساد کی پیشینگوئیون کے سب سے بڑے حافظ اور آنحضرت صلعم کے محرمِ اسرار تھے، انھون نے کہا آہ، عثمان کے قتل سے اسلام مین وہ رخنہ پڑ گیا، جو اب قیامت تک بند نہ ہوگا، حضرت ابن عباسؓ نے کہا، اگر تمام خلقت عثمان کے قتل مین شریک ہوتی تو قومِ لوط کی طرح آسمان سے اُس پر پتھر برستے، ثمامہ بن عدی صحابی کو جو صنعاے یمن کے والی تھے اُس کی خبر پہونچی تو رو پڑے اور فرمایا کہ افسوس رسول اللہ صلعم کی جانشینی جاتی رہی، ابو حمید ساعدی صحابیؓ نے قسم کھائی کہ جب تک جیونگا ہنسی کا منھ نہ دیکھون گا، عبد اللہ بن سلامؓ صحابی نے کہا "آہ! آج عرب کی قوت کا خاتمہ ہوگیا"، حضرت عائشہؓ نے فرمایا عثمان مظلوم مارے گئے، خدا کی قسم اُن کا نامۂ عمل دُھلے کپڑے کی طرح پاک ہوگیا، حضرت زید بن ثابتؓ کی آنکھون سے اس دن آنسو جاری تھے، حضرت ابو ہریرہؓ کا یہ حال تھا کہ جب اس سانحہ کا ذکر آجاتا تو ڈاڑھین مار مار کے روتے،[۱]

حضرت عثمانؓ کا خون سے رنگین کرتہ، اور حضرت نائلہؓ کی کٹی ہوئی انگلیان، شام مین امیر معاویہ کے پاس پہونچ گئین، جب وہ کرتہ مجمع عام مین کھولا گیا اور انگلیان لٹکائی گئین تو ماتم برپا ہوگیا، اور انتقام انتقام کی آوازین آنے لگین،

---

[۱] یہ تمام الفاظ ابن سعد جلد ۳ قسم اول صفحہ ۵۵ و ۵۶ مین مذکور ہین، حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل کا فقرہ صحیح بخاری باب اسلام سعید بن زید مین بھی مذکور ہی، حضرت علیؓ کا فقرہ حاکم نے مستدرک مین بسند صحیح نقل کیا ہے،

عثمانی کارنامے

فتوحات پر اجمالی نظر

اس مین شک نہین ہے کہ فاروق اعظمؓ نے اپنے حسن تدبر اور غیر معمولی سیاسی قوت عمل سے روم وایران کے دفتر الٹ دیے، اور ان کی دولت ومملکت فرزندان توحید کا ورثہ ہوگئی، دولت کیانی صفحہ ہستی سے معدوم ہوگئی، اور تمام ایران مسخر ہوگیا، شام مصر اور الجزیرہ نے بھی سپر ڈالدیے، لیکن کیا یہ ممکن ہے کہ فاتح قوم کا ایک ہی سیلاب مفتوح اقوام کے احساس جد وجہد کو فنا کردے؟ اور کیا تاریخ کوئی ایسی مثال پیش کرسکتی ہے کہ ایک ہی شکست نے کسی قوم کی حریت وآزادی کے جذبہ کو معدوم کردیا ہو، اور اسکے قوائے عملی بیکار ہوگئے ہون؟ سکندر نے تمام دنیا کو مسخر کرلیا، لیکن اُس کے جانشینون نے کتنے دنون تک حکومت قائم رکھی؟ چنگیز وتیمور نے بھی عالم کو تہ وبالا کردیا، لیکن انکی فتوحات کیون نقش برآب ثابت ہوئین؟ درحقیقت یہ ایک تاریخی نکتہ ہے، کہ جب اولوالعزم فاتح کا جانشین ویسا ہی اولوالعزم اور عالی حوصلہ نہین ہوتا، تو وہ فتوحات اس تماشاگاہ عالم مین صرف ایک وقتی نمائش ہوتی ہین، اس بنا پر جانشین فاروقؓ کا سب سے اہم کارنامہ یہ ہے کہ اس نے ممالک مفتوحہ مین حکومت وسلطنت کی بنیاد مستحکم کی، اور مفتوح اقوام کے جذبۂ خودسری کو رفتہ رفتہ اپنے حسن تدبیر اور سیاسی حکمت عملی سے اس طرح مردہ کردیا کہ مسلمانون کی باہمی کشمکش کے موقعون مین بھی انھین سرتابی کی ہمت نہ ہوئی،

تم نے فتوحات کے سلسلہ مین پڑھا ہوگا کہ حضرت عثمانؓ کو نہایت کثرت کے ساتھ بغاوتین فرو کرنا پڑین، مصر مین بغاوت ہوئی، اہل آرمینیہ اور آذربائیجان نے خراج دینا

بند کیا، اور اہل خراسان نے سرکشی اختیار کی، یہ تمام بغاوتین درحقیقت اسی جذبہ کا نتیجہ تھین جو مفتوح ہونے کے بعد بھی اقوام کی جد و جہد کو برانگیختہ کرتا رہتا ہے، لیکن حضرت عثمانؓ نے تمام بغاوتون کو نہایت اولوالعزمی کے ساتھ فرو کیا، اور آہستہ آہستہ تشدد و تلطف کی مجموعی حکمت عملی سے مفتوحہ ممالک کی عام رعایا کو اطاعت اور انقیاد پر مجبور کر دیا،

فتوحات کی وسعت | عہد عثمانی مین ممالک محروسہ کا دائرہ بھی نہایت وسیع ہو گیا، افریقہ مین طرابلس، برقہ، اور مراکش (افریقہ) مفتوح ہوا، ایران کی فتح تکمیل کو پہونچی، ایران کے متصلہ علاقون مین سے افغانستان، خراسان اور ترکستان کا ایک حصہ زیر نگین ہوا، دوسری طرف آرمینیہ اور آذربائیجان مفتوح ہو کر اسلامی سرحد کوہ قاف تک پھیل گئی، اسی طرح ایشیائے کوچک کا ایک وسیع خطہ ملک شام مین شامل کر لیا گیا،

بحری فتوحات کا آغاز خاص حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت سے ہوا، اس سے پہلے حضرت عمرؓ نے بھی اسکی ہمت نہ کی، ذوالنورینؓ کی اولوالعزمی نے خطرات سے بے پروا ہو کر ایک عظیم الشان بیڑا تیار کر کے جزیرہ قبرس (سائپرس) پر اسلامی پھریرا بلند کیا، نیز قیصر روم کے بیڑے کو شکست دی جسمین پانچ سو جنگی جہاز شامل تھے، تعجب ہوتا ہے کہ عرب کے صحرانشینون نے بحری فن جنگ اور جہاز رانی مین کہان مہارت پیدا کی تھی، کہ رومی بیڑے کو جس سے تمام دنیا تھراتی تھی ایسی شکست فاش دی کہ پھر اُسکو اسلامی سواحل کی طرف رُخ کرنے کی ہمت نہ ہوئی،

نظام خلافت | اسلامی حکومت کی ابتدا جمہوریت سے ہوئی، فاروق اعظمؓ نے اسکو زیادہ مکمل اور منظم کر دیا، حضرت عثمانؓ نے بھی اس نظام کو اپنے ابتدائی عہد مین قائم رکھا، لیکن اخیر مین بنو امیہ کے استیلاء نے اس مین برہمی پیدا کر دی، مروان بن حکم نے حضرت

عثمان رضؓ کے اعتبار سے ناجائز فائدہ اُٹھا کر خلافت کے کاروبار مین پورا رسوخ پیدا کرلیا تھا، تاہم جب کبھی حضرت عثمان رضؓ کو کسی معاملہ کی طرف توجہ دلائی جاتی تھی تو وہ سرگرمی کے ساتھ اس کے تدارک کی سعی کرتے، اور جو کوئی نیک مشورہ دیتا تھا اس کو قبول کرنے مین پس و پیش نہین کرتے تھے، ولید بن عقبہ کی بادہ نوشی کی طرف توجہ دلائی گئی تو تحقیق کے بعد اُنھون نے فوراً معزول کردیا، اور شرعی حد جاری کی، اسی طرح جب حضرت طلحہ رضؓ نے ملک کی عام حالت دریافت کرنے کے لیے وفود بھیجنے کا مشورہ دیا تو فوراً اس کی ضرورت تسلیم کرلی،

حکومت جمہوری کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہر شخص کو اپنے حقوق کی حفاظت اور حکام کے طریقِ عمل پر نکتہ چینی کرنے کا حق حاصل ہو، حضرت عثمان رضؓ کے اخیر عہد مین اگرچہ مجلس شوریٰ کا باقاعدہ نظام درہم و برہم ہوگیا تھا، تاہم یہ حقوق بجنسہ باقی تھے، چنانچہ ایک دفعہ مجمعِ عام مین ایک شخص نے تمام عمال کو اپنے ہی خاندان سے منتخب کرنے پر بلند آہنگی کے ساتھ اعتراض کیا، اسی طرح حضرت عثمان رضؓ نے عبداللہ بن ابی سرح کو طرابلس کے مالِ غنیمت سے خمس کا پانچوان حصہ دیدیا تو بہت سے آدمیون نے صدائے احتجاج بلند کی اور اُن کو واپس کرانا پڑا،

عمال کی مجلس شوریٰ | ملکی و انتظامی معاملات مین حکامِ وقت دوسرے غیر ذمہ دار اشخاص سے نسبتہً بہتر اور صائب رائے قائم کرسکتے ہین، چنانچہ اب تمام مہذب حکومتون مین عمال و حکام کی ایک مجلس شوریٰ ہوتی ہے، لیکن عثمان ذوالنورین رضؓ نے تیرہ سو برس پہلے اس ضرورت کو محسوس کرکے عمال کی ایک مجلس شوریٰ ترتیب دی تھی، اس مجلس کے ارکان سے عموماً تحریری رائین طلب کی جاتی تھین، گو وہ مین پہلے پہلے جب فتنہ و فساد

کی ابتدا ہوئی تو اس کی نجکینی کے متعلق تحریر ہی کے ذریعہ سے رائین طلب کی گئی

تھین، کبھی کبھی دار الخلافہ مین باقاعدہ جلسے بھی ہوتے تھے، چنانچہ ۳۴ھ مین اصلاحات

ملک پر غور کرنے کے لیے جو جلسہ ہوا تھا اس مین تمام اہل الرائے اور اکثر عمال شریک تھے[1]

صوبون کی تقسیم | نظام حکومت کے سلسلہ مین سب سے پہلا کام صوبہ جات اور اضلاع کی

مناسب تقسیم ہے، حضرت عمرؓ نے ملک شام کو تین صوبون مین تقسیم کیا تھا یعنی دمشق

اردن اور فلسطین علٰحدہ علٰحدہ صوبے قرار پائے تھے، حضرت عثمانؓ نے سب کو ایک

والی کے ماتحت کرکے ایک وسیع صوبہ بنا دیا، اور یہ نہایت سودمند ثابت ہوا کیونکہ

جب والی خوش تدبیر اور ذی ہوش ہو تو ملک کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑون مین تقسیم کر دینے

سے اس کا ایک ہی مرکز سے وابستہ رہنا زیادہ مفید ہوتا ہے، چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آخر

عہد مین جب تمام ملک سازش اور فتنہ پردازی کا جولانگاہ بنا تھا وہ تمام اضلاع جو شام

سے ملحق کر دیے گئے تھے اس سے پاک و صاف رہے،

دوسرے صوبہ جات بعینہ باقی رکھے گئے، البتہ جدید مفتوحہ ممالک یعنی طرابلس،

قبرس، آرمینیہ اور طبرستان علٰحدہ علٰحدہ صوبے قرار پائے،

اختیارات کی تقسیم | حضرت عثمانؓ نے عہدہ دارون مین افسر فوج کا ایک جدید عہدہ

ایجاد کیا، اس سے پہلے والی یعنی حاکم صوبہ انتظام ملک کے ساتھ فوج کی افسری بھی

کرتا تھا، چنانچہ یعلی بن منیہ صنعاء کے عامل ہوئے تو عبداللہ بن ربیعہ فوج کی افسری پر

مامور ہوئے، اسی طرح معزول ہونے سے قبل عمرو بن العاص والی مصر تھے، لیکن فوج

کی باگ عبداللہ بن ابی سرح کے ہاتھ مین تھی،

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱۱۷

حکام کی نگرانی خلیفۂ وقت کا سب سے اہم فرض حکام اور عمال کی نگرانی ہے حضرت عثمان رضؓ اگرچہ طبعاً نہایت نرم دل تھے، بات بات پر رقت طاری ہو جاتی تھی اور ذاتی حیثیت سے تحمل، بردباری، تساہل اور چشم پوشی آپ کا خاص شیوہ تھا تاہم ملکی معاملات مین انھین تشدد، احتساب اور نکتہ چینی کو اپنا طرزِ عمل بنانا پڑا، سعد وقاص رضؓ نے بیت المال سے ایک نہایت بیش قرار رقم قرض لی اور پھر ادا نہ کر سکے حضرت عثمان رضؓ نے نہایت سختی سے بازپرس کی اور معزول کر دیا، ولید بن عقبہ نے بادہ نوشی کی تو معزول کر کے علانیہ حد جاری کی، ابوموسیٰ اشعری رضؓ نے امیرانہ طمطراق اختیار کیا تو اُنھین بھی ذمہ داری کے عہدہ سے سبکدوش کر دیا، اسی طرح عمرو بن عاص والیِ مصر وہان کے خراج مین اضافہ نہ کر سکے تو اُن کو علحدہ کر دیا،

نگرانی کا عام طریقہ یہ تھا کہ دریافتِ حال کے لیے دربارِ خلافت سے تحقیقاتی وفود روانہ کیے جاتے تھے جو تمام ممالک محروسہ مین دورہ کر کے عمال کے طرزِ عمل اور رعایا کی حالت کا اندازہ کرتے تھے، محمد بن مسلمہ رضؓ، عبداللہ بن عمر رضؓ اور اسامہ بن زید عموماً اس خدمت پر مامور کیے جاتے تھے، یہ وہ افراد ہین جو صحابہ مین خاص حیثیت سے ممتاز تھے، چنانچہ ۳۵ھ مین ملک کی عام حالت دریافت کرنے کے لیے جو وفود روانہ کیے گئے تھے، اُن مین یہی حضرات تھے[1]

ملکی حالات سے واقفیت پیدا کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی تھا کہ حضرت عثمان رضؓ جمعہ کے روز منبر پر تشریف لے جاتے تو خطبہ شروع کرنے سے پہلے لوگون سے اطرافِ ملک کی خبرین پوچھتے اور نہایت غور سے سنتے[2]، نیز تمام ملک مین اعلان عام تھا کہ جس کسی کو

---

[1] طبری صفحہ ۲۹۴۳، [2] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۷۳،

کسی والی سے شکایت ہو وہ حج کے موقع پر بیان کرے، چونکہ لازمی طور پر تمام عمال اس موقع پر طلب کیے جاتے تھے اس لیے بالمواجہ شکایتون کی تحقیقات کرکے تدارک فرماتے۔[1]

ملکی نظم ونسق | فاروق اعظم رضؓ نے ملکی نظم ونسق کا جو دستور العمل مرتب کیا تھا حضرت عثمان رضؓ نے اس کو بعینہ باقی رکھا، اور مختلف شعبون کے جسقدر محکمے قائم ہوچکے تھے اُن کو منضبط کرکے ترقی دی، چنانچہ یہ اسی عمدہ نظم ونسق کا اثر تھا کہ ملکی محاصل مین غیر معمولی اضافہ ہوگیا حضرت عمر رضؓ کے عہد مین مصر کا خراج ۲۰ لاکھ دینار تھا، لیکن عہد عثمانی مین اس کی تعداد چالیس لاکھ تک پہونچ گئی۔[2]

بیت المال | جدید فتوحات کے باعث ملک وسیع ہوا، اور ملکی محاصل نے غیر معمولی ترقی کی تو لازماً خزانۂ عامرہ یعنی بیت المال پر بھی اس کا اثر پڑا، اہل وظائف کے وظیفون مین ایک ایک سو درہم کا اضافہ ہوا، حضرت عمر رضؓ رمضان مین امہات المومنین کو دو دو درہم اور عوام کو ایک ایک درہم روزانہ بیت المال سے دلاتے تھے لیکن حضرت عثمان رضؓ نے اسکے علاوہ لوگون کا کھانا بھی مقرر کردیا۔[3]

تعمیرات | حکومت کا دائرہ جسقدر وسیع ہوتا گیا اسی قدر تعمیرات کا کام بھی بڑھتا گیا، تمام صوبجات مین مختلف دفاتر کے لیے عمارتین تیار ہوئین، رفاہ عام کے لیے سڑک، پل اور مسجدین تعمیر کی گئین، مسافرون کے لیے مہمان خانے بنائے گئے، پہلے کوفہ مین کوئی مہمان خانہ نہ تھا، اس سے مسافرون کو سخت تکلیف ہوتی تھی، حضرت عثمان رضؓ کو معلوم ہوا تو اُنھون نے عقیل اور ابن ہبار کے مکانات خرید کر ایک نہایت عظیم الشان

[1] طبری صفحہ ۲۹۴۴ [2] فتوح البلدان للبلاذری صفحہ ۲۲۳ [3] طبری صفحہ ۳۰۴۸ [4] طبری ۲۸۴۲،

مہمان خانہ بنوا دیا[۱]،

دار الخلافہ کو اطرافِ ملک سے جو خاص تعلق تھا اُس کے لحاظ سے ضرورت تھی کہ تمام راستون کو سہل اور آرام دہ بنا دیا جائے، حضرت عثمانؓ نے اس کی طرف بہت کافی توجہ کی اور موقع موقع سے، چوکیان، سرائین، اور چشمے تیار کرا دیے، چنانچہ نجد کی راہ مین مدینہ سے چوبیس میل کے فاصلہ پر ایک نہایت نفیس سرائے تعمیر کی گئی، اُسکے ساتھ ایک مختصر بازار بھی بسایا گیا، نیز شیرین پانی کا ایک کنوان بنایا گیا جو بیر السائب کے نام سے مشہور ہے[۲]،

بند مہزور

خیبر کی طرف سے کبھی کبھی مدینہ مین نہایت ہی خطرناک سیلاب آیا کرتا تھا، اور اس سے شہر کی آبادی کو سخت نقصان پہونچتا تھا، نیز مسجد نبوی کو اس سے صدمہ پہونچنے کا احتمال تھا اس لیے حضرت عثمانؓ نے مدینہ سے تھوڑے فاصلہ پر مدری کے قریب ایک بند بندھوا دیا اور نہر کھود کر سیلاب کا رُخ دوسری طرف پھیر دیا، اس بند کا نام بند مہزور ہے اور درحقیقت رفاہِ عام کے تعمیرات مین یہ خلیفہ ثالث کا سب سے روشن کارنامہ ہے[۳]،

مسجد نبوی کی تعمیر و توسیع

مسجد نبوی کی تعمیر مین حضرت عثمانؓ ذو النورین کا ہاتھ سب سے زیادہ نمایان ہے، ابتداءً عہد نبوی مین جب مسلمانون کی کثرت کے باعث مسجد کی وسعت ناکافی ثابت ہوئی، تو حضرت عثمانؓ نے قریب کا قطعۂ زمین خرید کر بارگاہِ نبوت مین پیش کیا کہ اس سے مسجد کو وسعت دیجائے، پھر حضرت عثمانؓ نے خود اپنے عہد مین اہتمام کے ساتھ اس کو تعمیر کرایا، اس سے اس کی رونق دوبالا ہو گئی، تفصیل اس کی یہ ہے کہ حضرت

[۱] طبری صفحہ ۲۸۴۲ [۲] وفاء الوفاء صفحہ ۲۵۴ [۳] وفاء الوفاء جلد ۲ صفحہ ۲۱۷

عثمان رضؓ نے ۲۴ھ مین مسجد نبوی کو نئے سرے سے تعمیر کرنے کا ارادہ ظاہر فرمایا، لیکن گردو پیش مین جن لوگون کے مکانات تھے وہ کافی معاوضہ دینے پر بھی اس تقریب سے دست کش ہونے کے لیے راضی نہ تھے حضرت عثمان رضؓ نے اُن لوگون کو راضی کرنے کے لیے مختلف تدبیرین کین، لیکن وہ کسی طرح راضی نہین ہوتے تھے، یہانتک کہ پانچ سال تک اس ارادہ کو معرض التوا، مین رکھنا پڑا، بالآخر ۲۹ھ مین صحابہ کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مشورہ کرنے کے بعد حضرت عثمان رضؓ نے جمعہ کے روز ایک نہایت مؤثر تقریر کی اور نمازیون کی کثرت اور مسجد کی تنگی کی طرف توجہ دلائی، اس تقریر کا یہ اثر ہوا کہ لوگون نے خوشی سے اپنے مکانات دیدیے اور نہایت اہتمام کے ساتھ تعمیر کا کام شروع ہوا، نگرانی کیلیے تمام عمال طلب کیے گئے اور خود شب و روز مصروف کار رہے، غرض دس ماہ کی مسلسل جدوجہد کے بعد اینٹ، چونہ اور پتھر کی ایک نہایت خوشنما اور مستحکم عمارت تیار ہوگئی، استحکام اور خوشنمائی کے ساتھ وسعت مین بھی اضافہ کیا گیا، یعنی طول مین پچاس گز کا اضافہ ہوا، البتہ عرض مین کوئی تغیر نہین کیا گیا[1]،

فوجی انتظامات حضرت عمر رضؓ نے اپنے عہد مین جس اصول پر فوجی نظام قائم کیا تھا حضرت عثمان رضؓ نے نہ صرف اس کو باقی رکھا بلکہ ترقی دی، فوجی خدمات کے صلہ مین جن لوگون کے وظائف مقرر کیے گئے تھے حضرت عثمان رضؓ نے اسمین ایک سو درہم کا اضافہ کیا، اور فوجی صیغہ کو انتظامی صیغون سے الگ کرکے تمام صدر مقامات مین علحدہ مستقل افسرون کے ماتحت کردیا، اس عہد کے مکمل فوجی انتظامات کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ امیر معاویہ کو حدود شام مین رومیون کے مقابلہ کے لیے فوجی کمک کی ضرورت ہوئی تو ایران اور

[1] خلاصۃ الوفا صفحہ ۱۲۴،

آرمینیہ کی فوجیں حیرت انگیز عجلت کے ساتھ بروقت پہونچ گئیں، اسی طرح عبداللہ بن ابی سرح کو طرابلس میں بغاوت فرو کرنے کے لیے ایک زبردست فوجی طاقت کی ضرورت پیش آئی تو شام و عراق کی کمک نے عین وقت پر مساعدت کی، افریقہ کی فتح میں یہ دقت پیش آئی اور مصری فوج ناکافی ہوئی تو مدینہ سے کمک روانہ کی، جس کے افسر حضرت عبداللہ بن زبیرؓ تھے، اور جو وقت پر پہونچی اور جس نے معرکہ کو کامیابی کے ساتھ ختم کیا،

عہد فاروقی میں جو مقامات فوجی مرکز قرار پائے تھے عہد عثمانی میں ان کے علاوہ طرابلس، قبرس، طبرستان اور آرمینیہ میں بھی فوجی مرکز قائم کئے گئے، اور اضلاع میں چھاؤنیاں بنائی گئیں جہاں تھوڑی تھوڑی فوج ہمیشہ متعین رہتی تھی،

تمام ملک میں گھوڑوں اور اونٹوں کی پرورش و پرداخت کے لیے نہایت وسیع چراگاہیں بنوائی گئیں، خود دارالخلافہ کے اطراف و نواح میں متعدد چراگاہیں تھیں، سب سے بڑی چراگاہ مقام ربذہ میں تھی جو مدینہ سے چار منزل کے فاصلہ پر واقع ہے، یہ چراگاہ دس میل لمبی اور اسی قدر چوڑی تھی، دوسری چراگاہ مقام نقیع میں تھی جو مدینہ سے بیس میل دور ہے، اسی طرح ایک چراگاہ مقام ضریہ میں تھی جو وسعت میں ہر طرف سے چھ چھ میل تھی، حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں جب گھوڑوں اور اونٹوں کی کثرت ہوئی تو ان چراگاہوں کو پہلے سے زیادہ وسیع کیا گیا، اور ہر چراگاہ کے قریب چشمے تیار کرائے گئے، چنانچہ مقام ضریہ میں بنی ضبیعہ سے پانی کا ایک چشمہ خرید کر چراگاہ کے لیے مخصوص کیا گیا، اور جب یہ بھی ناکافی ثابت ہوا تو حضرت عثمانؓ نے خود اپنے اہتمام سے ایک دوسرا چشمہ تیار کرایا اور منتظمین چراگاہ کے لیے مکانات تعمیر کرائے، عہد عثمانی میں اونٹوں اور گھوڑوں کی جو کثرت تھی اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ صرف ضریہ کی چراگاہ میں چالیس ہزار اونٹ پرورش پاتے تھے،

امارت بحریہ | اسلام مین بحری جنگ اور بحری فوجی انتظامات کی ابتدا خاص حضرت عثمان رضؓ کے عہدِ خلافت سے ہوئی، اس سے پہلے یہ ایک نہایت خطرناک کام سمجھا جاتا تھا مگر افسوس ہے کہ تاریخون سے تفصیلی انتظامات کا پتہ نہین چلتا، صرف اس قدر مذکور ہے کہ امیر معاویہ رضؓ کے توجہ دلانے پر بارگاہِ خلافت سے ایک جنگی بیڑا تیار کرنے کا حکم ہوا، اور عبداللہ بن قیس حارثی امیر البحر مقرر ہوئے، لیکن اس قدر یقینی ہے کہ ایک نہایت زبردست بحری قوت پیدا ہوگئی تھی، اور امارت بحریہ کا نظام اس طرح مکمل ہوگیا تھا کہ آسانی کے ساتھ قبرس زیرنگین ہوگیا، اور رومیون کے عظیم الشان جنگی بیڑے کو اس طرح شکست ہوئی کہ پھر اس نے اسلامی سواحل کی طرف رُخ کرنے کی ہمت نہ کی،

مذہبی خدمات | نائب رسول ؐ کا سب سے اہم فرض مذہب کی خدمت اور اسکی اشاعت و تبلیغ ہے خلیفہ ثالث یعنی حضرت عثمان رضؓ ذوالنورین کو اس فرض کے انجام دینے کا ہر لحظہ خیال رہتا تھا، اشاعت اور تبلیغِ اسلام کا یہ حال تھا کہ جہاد مین جو قیدی گرفتار ہوکر آتے تھے اُن کے سامنے خود اسلام کے محاسن بیان کرکے اس دین متین کی طرف دعوت دیتے تھے، ایک دفعہ بہت سی رومی لونڈیان گرفتار ہوکر آئین، حضرت عثمان رضؓ نے خود اُن کے پاس جاکر تبلیغِ اسلام کا فرض انجام دیا چنانچہ دو عورتون نے متاثر ہوکر کلمۂ توحید کا اقرار کیا اور دل سے مسلمان ہوئین[۱]،

اشاعتِ اسلام کے بعد سب سے بڑی خدمت خود مسلمانون کی مذہبی تعلیم تلقین ہی حضرت عثمان رضؓ خود بالمشافہ مسائل فقہیہ بیان کرتے تھے اور عملاً اس کی تعلیم دیتے تھے ایک دفعہ خود وضو کرکے بتایا کہ مین نے رسول اللہ صلعم کو اسی طرح وضو کرتے دیکھا تھا جس مسئلہ مین

[۱] ادب المفرد باب خفض المرء، [۲] ابو داؤد کتاب الطہارہ باب صفۃ وضوء النبی صلی اللہ علیہ وسلم

شبہ ہوتا تھا یا اس کے متعلق کوئی صحیح رائے قائم نہین کرسکتے تھے، تو دوسرے صحابہ سے استفسار کرتے تھے اور عوام کو بھی ان کی طرف رجوع کرنے کی ہدایت کرتے تھے، ایک دفعہ سفرِ حج درپیش تھا، راہ مین ایک شخص نے ایک پرندہ کا گوشت پیش کیا جو شکار کیا گیا تھا، کھانے کے لیے بیٹھے تو شبہ ہوا کہ حالتِ احرام مین اس کا کھانا جائز ہے یا نہین؟ حضرت علیؓ بھی ہمسفر تھے، اُن سے استصواب کیا تو اُنھون نے عدم جواز کا فتویٰ دیا، حضرت عثمانؓ نے اسی وقت کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا[1]،

مذہبی انتظامات کی طرف بھی کافی توجہ کی، مسجد نبوی کی تعمیر کا حال گذر چکا، شہر کی آبادی اس قدر ترقی کر گئی تھی کہ جمعہ کے روز ایک اذان کافی نہین ہوسکتی تھی، اس لیے ایک اور موذن کا تقرر کیا جو مقام زورا مین اذان دیکر لوگون کو نماز کے وقت سے مطلع کرتا تھا، نماز مین صفون کے برابر اور سیدھی رکھنے کا یہ اہتمام تھا کہ خاص اس خدمت پر متعدد اشخاص متعین تھے، جو خطبہ ختم ہونے کے ساتھ ہی مقتدی کے ساتھ صفین برابر کرتے تھے[2]،

مذہبی خدمات کے سلسلہ مین حضرت عثمانؓ کا سب سے زیادہ روشن کارنامہ قرآن مجید کو اختلاف وتحریف سے محفوظ کرنا اور اُس کی عام اشاعت ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ فتح آرمینیہ اور آذربائیجان مین شام، مصر، عراق اور تمام اطرافِ ملک کی فوجین مجتمع ہوکر شریکِ کارزار تھین، اور وہ زیادہ تر نو مسلم اور عجمی النسل تھین جن کی مادری زبان عربی نہ تھی، حضرت حذیفہ بن یمانؓ بھی شریکِ جہاد تھے، اُنھون نے دیکھا کہ اختلافِ قرأت کا یہ حال ہے کہ اہل شام کی قرأت اہل عراق سے بالکل جداگانہ ہے، اسی طرح اہل بصرہ کی قرأت

---

[1] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۱۰۰ [2] مسند شافعی صفحہ ۳۰،

کو اہل کوفہ کی قرأت سے کوئی مناسبت نہین، اور پھر ہر ایک ملک والے اپنی قرأت کو صحیح اور دوسری کو غلط سمجھتے ہین، حضرت حذیفہؓ کو ان اختلافات سے اس قدر خلجان ہوا کہ جہاد سے واپس آئے تو سیدھے بارگاہِ خلافت مین حاضر ہوئے اور مفصل واقعات عرض کرکے کہا "امیر المومنین! اگر جلد اصلاح کی فکر نہ ہوئی تو مسلمان عیسائیون اور رومیون کی طرح خدا کی کتاب مین شدید اختلافات پیدا کرلین گے"، حضرت حذیفہؓ کے توجہ دلانے پر حضرت عثمانؓ کو بھی خیال ہوا، اور انھون نے ام المومنین حضرت حفصہؓ سے عہد صدیقی کا مرتب و مدون کیا ہوا نسخہ لیکر حضرت زید بن ثابتؓ، عبداللہ بن زبیرؓ اور سعید بن العاصؓ کو نقل کرنے پر مامور کیا اور تمام ملک مین اس کی اشاعت کی، نیز تمام مختلف مصاحف کو جن لوگون نے بطور خود مختلف املاؤن سے لکھا تھا اُن کو صفحۂ ہستی سے معدوم کردیا[1]،

ظاہر ہے کہ ان اختلافات کو رفع کرنے کی کوشش نہ کی جاتی تو آج قرآن کا بھی وہی حال ہوتا جو توریت وانجیل اور دیگر صحف آسمانی کا ہوا،

فضل وکمال

نوشت وخواند | حضرت عثمانؓ اُن صحابہ مین تھے جو اسلام سے پہلے ہی نوشت وخواند جانتے تھے، اسلام کے بعد اس ملکہ مین اور زیادہ ترقی ہوئی،

کتابتِ وحی، | چنانچہ تحریر وکتابت مین جو خاص مہارت اُن کو تھی اسی کی بنا پر حضور پر نور صلعم نے اُن کو کتابتِ وحی پر مامور کیا تھا، اور جب کبھی کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو ان کو بلا کر لکھوایا کرتے تھے، حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ شب کے وقت وحی نازل

---

[1] بخاری باب جمع القرآن،

ہوئی، عثمانؓ موجود تھے، رسول اللہ صلعم نے لکھنے کا حکم دیا تو اُنھون نے اسی وقت تعمیلِ ارشاد کی[1]،

اسلوبِ تحریر اسلوبِ تحریر کا اندازہ فرامین وخطوط سے ہو سکتا ہے، جواب تک کتابون مین محفوظ ہین، افسوس ہے کہ الفاظ کی فصاحت اور کلام کی بلاغت کا لطف ترجمہ مین قائم نہین رہسکتا، بیعتِ خلافت کے بعد تمام ملک مین جو مختلف فرامین بھیجے ہین ان مین سے ایک کے چند فقرے یہ ہین،

انما بلغتم ما بلغتم بالاقتداء والاتباع	اتباع اور اطاعت ہی سے تم کو یہ درجہ حاصل ہوا ہے
فلا تلفتنکم الدنیا عن امرکم	پس دنیا طلبی تم کو موجودہ حالت سے برگشتہ نہ کرنے پائے
فان امر ھذہ الامۃ صار الی الابتداع	کیونکہ حسب ذیل تین اسباب کے مجتمع ہو جانے کے بعد
بعد اجتماع ثلث فیکم تکامل النعم	بدعات کا سلسلہ شروع ہو جائیگا، دولت کی بہتات،
وبلوغ اولادکم من السبایا وقرءۃ الاعراب	لونڈیون سے اولاد کی کثرت، اعراب، واعاجم کا قرآن
والاعاجم القرآن فان رسول اللہ صلی اللہ	پڑھنا، رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ کفر عجمیت مین ہے،
علیہ وسلم قال الکفر فی العجمہ فاذا	کیونکہ جب وہ کوئی بات نہین سمجھ سکتے ہین تو خواہ مخواہ
استعجم علیھم امر تکلفوا وابتدعوا،	تکلف کرکے نئی نئی باتین گڑھ لیتے ہین،

ایک فرمان مین عمال کو تحریر فرماتے ہین،

لیوشکن ائمتکم ان یصیروا جباۃ ولایکونوا	قریب ہے کہ تمھارے نگہبان ہونے کے بجائے صرف
رعاۃ فاذا عادوا کذالک انقطع الحیاء والامانۃ	تحصیلدار ہو جائین جب ایسی حالت ہو جائیگی تو حیا،
والوفاء الا ان اعدل السیرۃ ان تنظروا فی المسلمین	امانت اور وفاداری ناپید ہو جائیگی، ہان! بہتر
وفیما علیھم فتعطوھم مالھم وتاخذوھم	طریقہ یہ ہے کہ تم مسلمانون کے نفع، نقصان کا خیال رکھو

[1] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۷۰،

بالذی علیھم[1] ان کا حق ان کو دلواؤ، جو اُن سے لینا چاہیے وہ ان سے وصول کرو،

تقریر برجستہ تقریر و خطابت کا ملکہ نہ تھا، چنانچہ مسند نشینیِ خلافت کے بعد پہلے پہلے منبر پر تشریف لائے تو زبان نے یاری نہ کی اور صرف یہ کہکر اتر آئے کہ "ابوبکر و عمر پہلے سے اس کے لیے تیار ہوکر آتے تھے مین بھی آئندہ تیار ہوکر آؤن گا، لیکن تم کو تقریر کرنے والے امام سے زیادہ کام کرنے والے امام کی ضرورت ہے" اسکے بعد حسب معمول خطبہ دینے گئے، ایک خطبہ کے چند ابتدائی فقرے یہ ہین؛

ایھا الناس ان بعض الطمع	لوگو! بعض حرص و طمع احتیاج محض ہے اور بعض نا امیدی
فقر وان بعض الیاس غنی وانکم	تونگری و بے نیازی کے مرادف ہے، تم ایسی چیزین جمع کرتے
یجمعون مالا تاکلون وتاملون	ہو جس سے متمتع نہین ہو سکتے اور ایسی اُمیدین باندھتے
مالا تدرکون وانتم موجلون	ہو جو پوری نہین ہو سکتی ہین، تم لوگ اس دھوکے کے گھر
فی دار غرور،	مین ایک وقت مقرر تک کے لیے چھوڑے گئے ہو،

قرآن پاک حضرت عثمان رض روایت کرتے تھے کہ قرآن کا پڑھنا اور پڑھانا سب سے افضل ہے[2]، غالباً اسی لیے ان کو قرآن شریف سے عجیب شغف تھا، دوسرے اکابر صحابہ کی طرح وہ بھی قرآن مجید کے حافظ تھے، اور چونکہ کاتبِ وحی بھی رہ چکے تھے، اس لیے ہر آیت کی شانِ نزول اور اُس کے حقیقی مفہوم سے واقف تھے، کہتے ہین کہ عہدِ نبوت مین اُنھون نے بھی ایک مصحف جمع کیا تھا[3]، آیات قرآنی سے استدلال، استنباطِ احکام اور تفریعِ مسائل مین وہ خاص ملکہ رکھتے تھے، قرآن پاک کو نومسلم قومون کی تحریف سے بچانا، انکا بڑا کارنامہ ہے، اور یہ بھی اُن کی فضیلت کا ایک باب ہے، کہ عین اس وقت جب وہ دشمنون کے

[1] یہ تمام عبارتین طبری ۲۸۰۲،۲۸۰۳ سے منقول ہین [2] ابن حنبل ج ۱ ص ۷، [3] نزہۃ الابرار قلمی صفحہ ۱۳ کتبخانۂ حبیب گنج

نرغے مین تھے اور قاتل تیغ بکف اُن کے سامنے تھے وہ قرآن کی تلاوت مین مصروف تھے،

حدیث شریف | سلسلۂ احادیث مین دوسرے صحابہ کی بہ نسبت حضرت عثمان رض سے مرفوع احادیث بہت کم مروی ہین، آپ کی کل روایتون کی تعداد ۱۴۶ ہے جن مین تین متفق علیہ ہین، یعنی بخاری و مسلم دونون مین موجود ہین اور آٹھ صرف بخاری اور پانچ صرف مسلم مین، اس طرح صحیحین مین آپ کی کل ۱۶ حدیثین ہین،

ان کی روایات کی قلت کی وجہ یہ ہے کہ وہ اس معاملہ مین حد درجہ محتاط تھے، فرمایا کہ "آنحضرت صلعم سے حدیث بیان کرنے مین جو چیز مانع ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ شاید دیگر صحابہ سے زیادہ میرا حافظہ قوی نہ ہو، لیکن مین گواہی دیتا ہون کہ مین نے رسول اللہ صلعم کو یہ کہتے سنا ہے کہ جو میری طرف وہ منسوب کریگا جو مین نے نہین کہا ہے تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم بنالے[1]" اسی لیے وہ حدیث کی روایت مین سخت احتیاط کرتے تھے، عبدالرحمن بن حاطب بھی کہتے ہین کہ مین نے کسی صحابی کو حضرت عثمان رض سے زیادہ پوری بات بیان کرنے والا نہین دیکھا، لیکن وہ حدیث بیان کرتے ڈرتے تھے[2]،

فقہ و اجتہاد | حضرت عثمان رض اگرچہ ابوبکر و عمر اور حضرت علی مرتضیٰ رض کی طرح اکابر مجتہدین مین داخل نہین تاہم وہ شرعی اور مذہبی مسائل مین ایک مجتہد کی حیثیت رکھتے تھے چنانچہ دیگر مجتہدین صحابہ کی طرح اُن کے اجتہادات اور فیصلے بھی کتب آثار مین مذکور ہین، لوگ اُن کے قول و عمل سے استناد کرتے تھے[3] خصوصاً حج کے ارکان اور مسائل کے علم مین اُن کا پایہ بہت بلند تھا، اس علم مین اُن کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رض کا درجہ تھا[4]، شیخین کے

[1] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۶۵ [2] ابن سعد جلد ۳ قسم اول صفحہ ۳۹ [3] بخاری کتاب الغسل، ابن حنبل جلد صفحہ ۶۰، ۷۰ وغیرہ، [4] ابن سعد جلد ۳ قسم اول صفحہ ۴۱،

عہدِ خلافت مین بھی حضرت عثمان رضؓ سے فتوے پوچھے جاتے تھے اور پیچیدہ مسائل مین اُن کی رائے دریافت کی جاتی تھی،

ایک دفعہ حضرت عمرؓ مکہ مین آئے اور اپنی چادر ایک ایسے شخص پر ڈالدی جو خانۂ کعبہ مین کھڑا ہوا تھا، اتفاق سے اسپر ایک کبوتر بیٹھ گیا اُنھون نے اس خیال سے کہ چادر کو اپنی بیٹ سے گندہ نہ کردے اس کو اڑا دیا، اور کبوتر اڑ کر دوسری جگہ جا بیٹھا، وہان اُسکو ایک سانپ نے کاٹا اور وہ اسی وقت مرگیا، حضرت عثمان رضؓ کے سامنے یہ مسئلہ پیش ہوا تو اُنھون نے کفارہ کا فتویٰ دیا، کیونکہ وہ اس کبوتر کو ایک محفوظ مقام سے غیر محفوظ مقام مین پہونچانے کے باعث ہوئے تھے،

بیعتِ خلافت کے بعد حضرت عثمان رضؓ کے سامنے ہرمزان کے قتل کا مقدمہ پیش ہوا، حضرت عبید اللہ بن عمرؓ مدعا علیہ تھے، اس مقدمہ مین جو فیصلہ ہوا وہ بھی درحقیقت ایک اجتہاد پر مبنی ہے، یعنی مقتول کا اگر کوئی وارث نہو تو حاکم وقت اس کا ولی ہوتا ہے، چونکہ ہرمزان کا کوئی وارث نہ تھا اس لیے حضرت عثمان رضؓ نے بہ حیثیت امیر المومنین ولی ہوکر قصاص کے بجائے دیت لینا قبول کیا، اور وہ رقم بھی اپنے ذاتی مال سے دیکر بیت المال مین داخل کردی،

حضرت عثمان رضؓ کے اجتہاد نے بعض معاملات مین سہولت پیدا کردی مثلاً دیت مین اونٹ دینے کا رواج تھا حضرت عثمان رضؓ نے اس کی قیمت بھی دینی جائز قرار دی[۲]

اور اس کے علاوہ اور بھی چند مسائل ہین جن کے احصار کی یہان ضرورت نہین،

ان کے بعض مسائل سے دوسرے مجتہدین صحابہ کو اختلاف بھی تھا، تاہم حضرت عثمان رضؓ

[۱] مسند شافعی طبع آرہ صفحہ ۹۷، [۲] کتاب الخراج مصر صفحہ ۹۲

چونکہ اپنی رائے کو صحیح سمجھتے تھے اس لیے اُنھون نے اپنے اجتہاد سے رجوع نہین کیا،
مثلاً حضرت عثمانؓ لوگون کو حج تمتع یعنی حج اور عمرہ کے لیے علحدہ علحدہ نیت کرنے سے
اس بنا پر روکتے تھے کہ اُس کے جواز کی علت اب باقی نہین رہی یعنی کفار کا خوف،
لیکن حضرت علیؓ اس کو تسلیم نہین کرتے تھے[1]، اسی طرح حضرت عثمانؓ کا خیال تھا کہ اگر کوئی
حج کے موقع پر اقامت کی نیت کرلے تو منیٰ مین بھی پوری چار رکعت نماز ادا کرنا چاہیے،
حضرت علیؓ منیٰ مین قصر کرنا ضروری سمجھتے تھے[2] حضرت عثمانؓ حالتِ احرام مین نکاح
کو ناجائز قرار دیتے تھے[3]، کیونکہ آنحضرت صلعم سے یہ ممانعت اُنھون نے نہین سنی لیکن
حضرت علیؓ اور دوسرے صحابہ اُس کے جواز کا فتویٰ دیتے تھے، حضرت عثمانؓ اُس
زن مطلقہ کو بھی جسکو طلاق بائن دی گئی ہو حالتِ عدت مین وارث قرار دیتے تھے[4]،
کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ جب تک عدت پوری نہ ہو جائے اُس کا رشتہ ایک قسم کا قائم ہے،
حضرت علیؓ کو اس سے اختلاف تھا، حضرت عثمانؓ کا خیال تھا کہ اگر کوئی حالتِ عدت
مین کسی عورت سے نکاح کرلے تو مستوجبِ سزا ہے کہ قرآن نے اس کی ممانعت کی ہے،
چنانچہ ایک شخص اُن کے عہد مین اس کا مرتکب ہوا تو اُنھون نے اسکو جلاوطن کر دیا[5]،
حضرت علیؓ اُس کو کسی حد شرعی کا مستحق نہین سمجھتے تھے، جمہور کے خلاف بعض دیگر صحابہ کی
طرح غسلِ جنابت کی فرضیت کے لیے وہ خروجِ منی کو ضروری کہتے تھے[4]، غرض اسی طرح بعض
اور مسائل مین بھی حضرت علیؓ اور دوسرے صحابۂ کرام کو اختلاف تھا، لیکن اس سے یہ نہین
سمجھنا چاہیے کہ یہ اختلاف کسی نفسانیت پر مبنی تھا، بلکہ اُن بزرگون کی رواداری اور
صفائیِ قلب کا یہ حال تھا کہ جب حضرت عثمانؓ نے منیٰ مین دو رکعت کے بجائے پوری

---

[1] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۶۱، [2] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۶۸ [3] مسند شافعی طبع آرہ صفحہ ۱۷۰،
[5] نزہتہ الابرار قلمی ص ۱۰۴ کتبخانہ حبیب گنج،

چار رکعت نماز ادا کی تو حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ نے فرمایا اگرچہ میرے خیال مین قصر ضروری ہے، لیکن مین عملاً امیر المومنین کی مخالفت نہین کرون گا' چنانچہ دو کے بجاے پوری چار رکعت پڑھی' اسی طرح حضرت عثمانؓ کو معلوم ہوا کہ بعض مسائل مین دوسرے صحابہ کو اختلاف ہے، تو فرمایا کہ "ہر شخص کو اختیار ہے جو حق نظر آئے اس پر عمل کرے' مین کسی کو اپنی راے ماننے پر مجبور نہین کرتا"، بعض ناواقفون نے حضرت عثمانؓ کے کسی مسئلہ پر اعتراض کیا تو فرمایا: ہم لوگ خدا کی قسم سفر مین آنحضرت صلعم کے ساتھ رہتے تھے، ہم بیمار ہوتے تو آپ عیادت کرتے' ہمارے جنازون کی پیچھے چلتے، ساتھ ہم کو لیکر جہاد کرتے تھے، کم و بیش جو کچھ ہوتا اس سے ہماری غمخواری فرماتے' اب ایسے لوگ ہم کو آپ کی سنت بتانا چاہتے ہین' جنھون نے شاید آپ کی صورت بھی نہ دیکھی ہو[1]'

علم الفرائض حضرت عثمانؓ کو چونکہ تجارتی کاروبار سے ہمیشہ سابقہ پڑتا تھا، اس لیے یقیناً ان کو علم حساب سے خاص دلچسپی ہوگی' اسی بنا پر فرائض یعنی علم تقسیم ترکہ سے ان کو خاص مناسبت تھی' اس فن کی تدوین اور ترتیب مین حضرت زید بن ثابتؓ کے ساتھ ان کا ہاتھ بھی شامل ہے، قرآن شریف مین ذوی الفروض اور بعض عصبات کا ذکر ہے، حضرت عثمانؓ اور زید بن ثابتؓ نے اپنی مجتہدانہ قوت سے اسی کو بنیاد قرار دیکر موجدہ علم فرائض کی عمارت قائم کر دی' یہ دونون اپنے زمانہ مین اس فن کے امام سمجھے جاتے تھے، عہد صدیقی اور عہد فاروقی مین وراثت کے جھگڑون کا فیصلہ بھی کرتے تھے' اور تمام مشکل عقدون کو حل فرماتے تھے، بعض صحابہ کو یہان تک خوف تھا کہ ان دونون کی وفات سے فرائض کا علم ہی جاتا رہے گا[2]'

---

[1] مسند احمد بن حنبل جلد اول صفحہ ۶۹ [2] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۷۲

اخلاق وعادات

حضرت عثمانؓ فطرۃً عفیف، پارسا، دیانت دار اور راستباز پیدا ہوے تھے، حیا، اور رحمدلی اُن کی خاص شان تھی، ایامِ جاہیت مین جبکہ عرب کا ہر بچہ مستِ شراب تھا اُسوقت بھی عثمان ذو النورینؓ کی زبان بادۂ گلگون کے ذائقہ سے نا آشنا تھی[1] کذب و افترا، فسق و فجور عالمگیر تھا، لیکن آپ کا دامن اُس وقت بھی ان دھبون سے آلودہ نہین ہوا تھا، شرفِ ایمان نصیب ہوا تو رسول اللہؐ کی صحبت نے ان اوصاف کو اور بھی چمکا دیا،

خوفِ خدا

خوفِ خدا تمام محاسن کا سرچشمہ ہے، جو دل خدا کی ہیبت و جلال سے لرزان و ترسان نہین اُس سے کسی نیکی کی امید نہین ہوسکتی، حضرت عثمانؓ اکثر خوفِ خداوندی سے آبدیدہ رہتے، موت، قبر اور عاقبت کا خیال ہمیشہ دامنگیر رہتا، سامنے سے جنازہ گذرتا تو کھڑے ہوجاتے اور بے اختیار آنکھون سے آنسو نکل آتے، مقبرون سے گذرتے تو اسقدر روتے کہ داڑھی تر ہوجاتی، لوگ کہتے کہ دوزخ و جنت کے تذکرون سے تو آپ پر اس قدر رقت طاری نہین ہوتی آخر مقبرون مین کیا خاص بات ہوئی ہے کہ آپ بیقرار ہوجاتے ہین؟ فرماتے کہ آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ قبر آخرت کی سب سے پہلی منزل ہے اگر یہ مرحلہ آسانی سے طے ہوگیا تو پھر تمام منزلین آسان ہین اور اگر اس مین دشواری پیش آئی تو پھر تمام مرحلے دشوار ہونگے،[2]

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۷۱، [2] مسند ابن حنبل ج ۱ ص ۶۳،

حبِ رسول | حضرت عثمان رض تقریباً تمام غزوات مین شریک رہے اور رسول اللہ صلعم کی فدویت و جان نثاری کا حق ادا کیا،

محبت کا خاصہ ہے کہ محبوب کی تکلیف سے دل کی تڑپ بڑھ جاتی ہے اس بنا پر حضرت عثمان رض اپنے محبوب آقا کی فقیرانہ اور زاہدانہ زندگی دیکھکر سخت بیقرار رہتے، اور جب کبھی موقع پاتے تحائف کے ذریعہ سے اس عسرت کو کم کرنے کی کوشش کرتے، ایک دفعہ چار دن تک آلِ رسول نے فقروفاقہ سے بسر کیا، حضرت عثمان رض کو معلوم ہوا تو آنکھون سے آنسو نکل آئے، اور اسی وقت بہت سا سامان خور و نوش اور تین سو درہم لاکر بطور نذر کے پیش کیا[1]،

رسول کا ادب | آنحضرت صلعم کا ادب و احترام اسقدر ملحوظ تھا کہ جس ہاتھ سے بیعت کی پھر اس کو نجاست یا محلِ نجاست سے مس نہونے دیا[2] کہ اس مین بھی شانِ بے ادبی تھی، آلِ رسول اور ازواج مطہرات رض کا خاص طور سے پاس وخیال تھا، اپنے عہدِ خلافت مین اصحابِ وظائف کے لیے رمضان کے روزینے مقرر کیے تو ازواج مطہرات رض کا روزینہ سب سے دونا مقرر کیا[3]،

اتباعِ سنت | حضرت عثمان رض کو جناب سرور کائنات کی ذات پاک سے جو مخصوص ارادت و محبت تھی اس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ وہ اپنے قول و فعل یہان تک کہ حرکات سکنات اور اتفاقی باتون مین بھی اپنے محبوب آقا کی اتباع کو پیشِ نظر رکھتے تھے ایک دفعہ وضو کرکے متبسم ہوئے، لوگون نے اس بے موقع تبسم کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ مین نے ایک دفعہ آنحضرت صلعم (روحی فداہ) کو اسیطرح وضو کرکے ہنستے ہوے دیکھا تھا[4]، ایک دفعہ سامنے

---

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۷۶ [2] ایضاً ص ۳۷۱ [3] طبری ص ۲۸۰۴ [4] مسند ابن حنبل ج ۱ ص ۵۸،

جنازہ گذرا تو کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ حضور بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے[1]، ایک دفعہ عصر کے وقت سب کے سامنے وضو کرکے دکھایا کو آنحضرت صلعم اسی طرح وضو فرمایا کرتے تھے[2]، ایک بار مسجد کے دوسرے دروازہ پر بیٹھ کر بکری کا دست منگوایا اور کھایا اور بے تازہ وضو کیے ہوے نماز کو کھڑے ہوگئے، پھر فرمایا کہ آنحضرت صلعم نے بھی اسی جگہ بیٹھ کر کھایا تھا اور اسیطرح کیا تھا[3]، حج کے موقع پر وہ اور ایک صحابی طواف کر رہے تھے، طواف مین اُنھون نے رکن یمانی کا بھی بوسہ لیا، حضرت عثمان رضؓ نے ایسا نہین کیا تو اُنھون نے اُن کا ہاتھ پکڑ کر اس کا استلام کرانا چاہا، حضرت عثمان رضؓ نے کہا کیا کرتے ہو، کیا تم نے رسول اللہ صلعم کے ساتھ طواف نہین کیا ہے؟ اُنھون نے کہا، ہان، تو دریافت کیا، کیا آپ کو اس کا استلام کرتے تم نے دیکھا، کہا نہین تو فرمایا پھر رسول اللہ صلعم کی اقتدار مناسب نہین؟ اُنھون نے جواب دیا بیشک[4]،

حیا، اُن کے اخلاق و عادات کے بیان مین مورخین نے حیا کا مستقل عنوان قائم کیا ہے اور خود حضور پرنور صلعم اُن کے شرم و حیا کا پاس و لحاظ کرتے تھے، ایک دفعہ صحابۂ کبار کا مجمع تھا، رسول اللہ صلعم بے تکلفی کے ساتھ تشریف فرما تھے، اور زانوے مبارک کا کچھ حصہ کھلا ہوا تھا، اسی حالت مین حضرت عثمان رضؓ کے حاضر ہونے کی اطلاع ہوئی تو سنبھل کر بیٹھ گئے اور زانوے مبارک پر کپڑا برابر کرلیا، لوگون نے حضرت عثمان رضؓ کے لیے اس اہتمام کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ عثمان کی حیا سے فرشتے بھی شرماتے ہین[5]، اسی قسم کا ایک اور واقعہ حضرت عائشہ رضؓ بھی بیان فرماتی ہین[6]، حضرت ذوالنورین رضؓ کی حیا کا یہ عالم تھا کہ تنہائی اور بند کمرے مین بھی وہ برہنہ نہین ہوتے تھے،

---

[1] مسند ابن حنبل ج ۱ صفحہ ۶۳، [2] ایضاً ۵۸، [3] ایضاً صفحہ ۶۲، [4] ایضاً صفحہ ۷۰، [5] بخاری جلد ۲ مناقب عثمان، [6] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۱

زہد | حضرت عثمان رضؓ اگرچہ کچھ اپنی خلقی ناتوانی اور ضعف دپیری کے باعث اور کسی قدر اس سبب سے کہ اُنھون نے ناز و نعمت کی زندگی مین پرورش پائی اُتھی ہلکی غذا اور نرم پوشاک استعمال کرنے پر مجبور تھے، اور فاروق اعظمؓ کی طرح موٹا جھوٹا کپڑا اور روکھا پھیکا کھانا نہین کھا سکتے تھے، لیکن اس سے یہ قیاس نہین کرنا چاہیئے کہ حضرت عثمانؓ عیش و تنعم کے گرویدہ تھے بلکہ اُنھون نے باوجود غیر معمولی دولت و ثروت کے کبھی امیرانہ ٹھاٹھ نہین جمایا اور نہ کبھی صرف زیب و زینت کی چیزین استعمال کین، قز ایک قسم کا رومی کپڑا تھا جو نہایت خوش وضع اور رعب کا مطبوع عام لباس تھا امراء تو امراء متوسط درجے کے لوگ بھی اس کو پہننے لگے تھے لیکن حضرت عثمان رضؓ نے کبھی اس کو استعمال نہ فرمایا اور نہ اپنی بیویون کو استعمال کرنے دیا،

تواضع | تواضع اور سادگی کا یہ عالم تھا کہ گھر مین بیسیون لونڈی اور غلام تھے لیکن اپنا کام آپ ہی کر لیتے اور کسی کو تکلیف نہ دیتے، رات کو تہجد کیلیے اُٹھتے اور کوئی بیدار نہوتا تو خود ہی وضو وغیرہ کا سامان کر لیتے اور کسی کو جگا کر اسکی نیند خراب نہ فرماتے، اور کوئی درشت کلامی کرتا تو آپ نرمی سے جواب دیتے، ایک دفعہ عمرو بن العاص رضؓ نے اثنائے گفتگو مین حضرت عثمان رضؓ کے والد کی شرافت پر طعنہ زنی کی، حضرت عثمان رضؓ نے نرمی سے جواب دیا کہ عہدِ اسلام مین زمانۂ جاہلیت کا کیا تذکرہ ہے[1]؟ اسیطرح ایک دفعہ جمعہ کے روز منبر پر خطبہ دے رہے تھے کہ ایک طرف سے آواز آئی، عثمان! توبہ کر اور اپنی بے اعتدالیون سے باز آ، حضرت عثمان رضؓ نے اسی وقت قبلہ رُخ ہو کر ہاتھ اُٹھایا اور کہا

اللھم انی اول تائب تاب — یعنی اے خدا مین پہلا توبہ کرنے والا ہون جس نے

[1] طبری ص ۲۹۶۶

المیک، تیری درگاہ مین رجوع کیا۔[1]

ایثار | اپنے ذاتی فائدہ پر دوسرون کے فوائد کو ترجیح دینا اخلاق انسانی کا منتہائے کمال ہے،
حضرت عثمانؓ کی زندگی مین اس وصف کامل کا سب سے زیادہ روشن کارنامہ یہ ہے کہ
اُنھون نے اپنے ایامِ خلافت مین ذاتی مصارف کیلیے بیت المال سے ایک حبہ نہین لیا[2] اور
اس طرح گویا اپنا مقررہ وظیفہ عام سلمانون کیلیے چھوڑ دیا،
حضرت عمرؓ کا سالانہ وظیفہ پانچہزار درہم سالانہ تھا، اس حساب سے حضرت عثمانؓ نے
اپنے دوازدہ سالانہ مدتِ خلافت مین ساٹھ ہزار درہم کی گران قدر رقم مسلمانون کے لیے
چھوڑ دی جو درحقیقت ایثارِ نفس کا نہایت ہی اعلیٰ نمونہ ہے،

فیاضی | حضرت عثمانؓ عرب مین سب سے زیادہ دولتمند تھے، اس کے ساتھ خدا نے
فیاض طبع بھی بنایا تھا، اس لیے اُنھون نے عدیم النظیر فیاضیان ظاہر کین اور اپنے مال و دولت
سے اس وقت اسلام کو فائدہ پہونچایا جب کہ اس امت مین کوئی دوسرا اُن کا ہمسر
موجود نہ تھا،

سلمان ہجرت کرکے مدینہ آئے تو پانی کی سخت تکلیف تھی اور تمام شہر مین صرف
بیر رومہ ایک ایسا کنوان تھا جس کا پانی پینے کے لائق تھا، لیکن اس کا مالک ایک یہودی
تھا جس نے اُسکو ذریعۂ معاش بنا رکھا تھا، حضرت عثمانؓ نے رفاہِ عام کے خیال سے
اسکو بیس ہزار درہم مین خرید کر وقف کر دیا، اسیطرح جب سلمانون کی کثرت ہوئی اور
مسجد نبوی مین جگہ کی تنگی کے باعث نمازیون کو تکلیف ہونے لگی تو حضرت عثمانؓ نے
ایک گران قدر رقم صرف کرکے اُسکی توسیع کی،

[1] طبری صفحہ ۲۹۷۲، [2] طبری ص ۲۹۵۳،

اس سلسلہ مین سب سے زیادہ نمایان کارنامہ یہ ہے کہ اُنھون نے غزوۂ تبوک کے موقع پر ہزارون روپے کے صرف سے مجاہدین کو آراستہ کیا، یہ فیاضی ایسے وقت مین ظاہر ہوئی جبکہ عام طور پر مسلمانون کو عسرت اور تنگی نے پریشان کر رکھا تھا اور دوسری طرف قیصر روم کی جنگی تیاریون سے خود رسول اللہ صلعم کو تشویش دامنگیر تھی،

مذکورۂ بالا فیاضیون کے علاوہ روزانہ جود وکرم اور صدقات وخیرات کا سلسلہ جاری رہتا تھا، ہر جمعہ کے روز ایک غلام آزاد کرتے تھے،[1] بیواؤن اور یتیمون کی خبرگیری کرتے تھے، مسلمانون کی عسرت اور تنگ حالی سے اُن کو دلی صدمہ ہوتا تھا، ایک دفعہ ایک جہاد مین ناداری اور مفلسی کے باعث مسلمانون کے چہرے اُداس تھے اور اہلِ نفاق ہشاش بشاش ہر طرف اکڑتے پھرتے تھے، اُسی وقت چودہ اونٹون پر سامانِ خورد ونوش بار کرکے آنحضرت صلعم کے پاس بھیجا کہ اس کو مسلمانون مین تقسیم فرمادین،[2]

اعزہ اور احباب کے ساتھ حسن سلوک اعزہ اور احباب کے ساتھ نہایت عمدہ سلوک فرماتے تھے، حکم بن ابی العاص حضرت عثمان رضی کے چچا تھے، رسول اللہ صلعم نے اُن کو طائف کو جلاوطن کردیا، حضرت عثمان رضی نے بارگاہِ نبوت مین کوشش کرکے اُن کی خطا معاف کرائی اور اپنے عہد مین مدینہ بلایا اور جیب خاص سے اُن کی اولاد کو ایک لاکھ درہم مرحمت فرمائے،[3] نیز اُن کے لڑکے مروان سے اپنی ایک صاحبزادی کا نکاح کرکے جہیز مین ایک لاکھ درہم عطا فرمائے، عبداللہ بن عامر، عبداللہ بن ابی سرح، عثمان بن ابی العاص امیر معاویہ یہ حضرت عثمان رضی کے نہایت قریبی رشتہ دار تھے اور اُن کے عہدِ خلافت مین ممتاز عہدون پر متعین رہے،

[1] نزہۃ الابرار قلمی ص ۱۴ کتبخانہ حبیب گنج [2] کنز العمال ج ۶ ص ۳۷۴ [3] طبری ص ۲۹۵۴،

احباب مخلصین کے ساتھ بھی نہایت عمدہ برتاؤ تھا، ضرورت کے وقت بڑی بڑی رقمین قرض دیتے تھے اور بسا اوقات واپس نہین لیتے تھے، ایک دفعہ حضرت طلحہ رضؓ نے ایک بڑی رقم قرض لی، کچھ دنون کے بعد واپس دینے آئے تو لینے سے انکار کردیا اور فرمایا کہ یہ تمھاری مروت کا صلہ ہے[1]

صبر و تحمل | مصائب و آلام کو نہایت صبر و سکون کے ساتھ برداشت کرتے تھے، شہادت کے موقع پر چالیس دن تک جس بردباری، ضبط اور تحمل کا اظہار ہوا وہ اپنی آپ نظیر ہے سیکڑون وفاشعار غلام اور ہزارون سعادن و انصار سرفروشی کے لیے تیار تھے مگر اس ایوبِ وقت نے خونریزی کی اجازت نہ دی اور اپنے اخلاق کریمانہ کا آخری منظر دکھا کر ہمیشہ کے لیے دنیا سے روپوش ہوگیا،

مذہبی زندگی | دن کے وقت مہماتِ خلافت مین مصروف رہتے اور رات کا اکثر حصہ عبادت و ریاضت مین بسر کرتے تھے، کبھی کبھی رات بھر جاگتے اور ایک ہی رکعت مین پورا قرآن ختم کردیتے تھے[2]

دوسرے تیسرے دن عموماً روزے رکھتے تھے، کبھی کبھی مہینون روزے سے رہتے اور شب کے وقت صرف اسقدر کھا لیتے تھے کہ سدِ رمق کے لیے کافی ہو،

ہر سال حج کے لیے تشریف لے جاتے، اور خود امیرِ حج کے فرائض انجام دیتے تھے، خصوصاً ایامِ خلافت مین کوئی سال حج سے خالی نہین گذرا، البتہ جس سال شہید ہوے اس سال محصور ہونے کے باعث مجبور رہ گئے،

---

[1] طبری صفحہ ۳۰۳۷

[2] ابن سعد،

ذاتی حالات

مسکن ہم لکھ آے ہین کہ حضرت عثمان رضؓ ہجرت کرکے مدینہ تشریف لائے تو حضرت اوس بن ثابت رضؓ کے مہمان ہوئے اور غالباً عرصہ تک انھین کے مکان مین مقیم رہے، اُسکے بعد اپنے عہدِ خلافت مین مسجد نبوی کے قریب ایک نہایت عظیم الشان محل تعمیر کرایا جو عظمت و شان مین مدینہ کی تمام عمارتون سے ممتاز تھا، اور اب بھی سیدنا عثمان رضؓ کے نام سے مدینہ مین مشہور ہے، اور کچھ حصہ مغربی حاجیون کا زاویہ ہے، اور وہان کتبخانہ قائم ہے، جس کا نام کتبخانۂ سیدنا عثمان رضؓ ہے، مسجد نبوی کی پشت پر گلی کی دوسری طرف ایک مکان کے دروازے پر مشہدِ سیدنا عثمان رضؓ کا کتبہ لگا ہے،

وسائلِ معاش معاش کا اصلی ذریعہ تجارت تھا، عرب مین کوئی ان سے بڑا اور دولتمند تاجر نہ تھا، چنانچہ اس غیر معمولی دولت وثروت کے باعث ان کو غنی کا خطاب دیا گیا تھا،

جاگیر فتحِ خیبر کے بعد رسول اللہ صلعم نے تمام صحابہ کو جو شریکِ معرکہ تھے جاگیرین عطا کی تھین، حضرت عثمان رضؓ کے حصہ مین بھی ایک قطعۂ زمین آیا تھا، اس کے علاوہ اُنھون نے مختلف اوقات مین جائدادین خریدی تھین، مدینہ سے قریب مقام بقیع مین بھی ایک نہایت وسیع قطعہ خریدا تھا جسکو اُنھون نے قبرستان کے لیے وقف فرمادیا تھا،

زراعت جہان تک معلوم ہے حضرت عثمان رضؓ خود زراعت نہین فرماتے تھے، البتہ اپنی زمین کو بٹائی پر دیتے تھے کہ پیداوار مین سے دو ثلث کاشتکار کو ملتا تھا اور صرف ایک ثلث

آپ کا حق ہوتا تھا،

غذا | ضعف اور پیری کے باعث غذا عموماً نرم، ہلکی اور زود ہضم تناول فرماتے تھے، دستر خوان پر عموماً اعزہ و احباب کا مجمع رہتا تھا،

صفائی | مزاج مین بہت صفائی پسندی تھی، جب سے مسلمان ہوئے روزانہ غسل کیا کرتے تھے [1] (ابن حنبل ۱-۶۷) ہمیشہ اچھے کپڑے پہنتے تھے، عطر ملتے تھے (ابن سعد)

لباس | ابن سعد نے آپ کے لباس کا خاص عنوان باندھا ہے گو آپ اچھے کپڑے استعمال فرماتے تھے لیکن اسمین بیہودہ تکلفات کو دخل نہین ہوتا تھا، خصوصاً ایسے کپڑون سے نہایت پرہیز کرتے تھے، جس سے مزاج مین غرور، تکبر اور خود بینی کا مادہ پیدا ہوجاتا ہے نفطا ایک خاص قسم کا رومی کپڑا تھا جو امرائے عرب مین عموماً نہایت مطبوع تھا لیکن اُنھون نے کبھی اسکو استعمال نہین کیا اور نہ اپنی بیویون کو پہننے دیا، تمام عمر انھون نے پاجامہ نہین پہنا، صرف شہادت کے وقت ستر کے خیال سے پہن لیا، عموماً تہبند باندھا کیے، ایک تابعی روایت کرتے ہین کہ جمعہ کے روز منبر پر اُن کو دیکھا تو جو موٹا تہبند وہ پہنے تھے اس کی قیمت پانچ درہم (ایک روپے) سے زیادہ نہ تھی [2]،

حلیہ | حضرت عثمانؓ خوش رو اور خوبصورت تھے [3]، حلیہ یہ تھا رنگ گندم گون قد معتدل، ناک بلند اور خمدار رخسارے پُر گوشت اور اُن پر چیچک کے ہلکے ہلکے داغ، داڑھی گھنی اور طویل، سر کے بال گھنے اور بڑے بڑے یہان تک کہ زلف کانون تک پہونچتی تھی، بعض روایات کے مطابق بالون مین خضاب فرماتے تھے، دانت پیوستہ اور چمکدار تھے جنکو سونے کے تار سے باندھ کر مضبوط کیا گیا تھا،

[1] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۹۶، [2] ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۳، [3] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۹۶،

ازدواج واولاد | مختلف اوقات مین متعدد شادیان کین، پہلی بیوی آنحضرت صلعم کی صاحبزادی

حضرت رقیہ رضؓ تھین، جبشہ کی ہجرت مین وہ آپ کے ساتھ تھین، واپس آکر مدینہ منورہ کی ہجرت

مین بھی شریک تھین، یہان ایک سال زندہ رہین، ۲ھ مین غزوۂ بدر کے موقع پر وفات پائی،

ان سے عبداللہ نام ایک فرزند تولد ہوا تھا جس نے بچپن ہی مین وفات پائی،

اس کے بعد آنحضرت صلعم کی چھوٹی صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضؓ سے ۳ھ مین نکاح

ہوا، وہ نکاح کے بعد چھ سات برس زندہ رہین، ۹ھ مین وفات پائی، اُن سے کوئی

اولاد نہین ہوئی،

اُس کے بعد حسب ذیل نکاح کیے،

۳ فاختہ بنت غزوان ان کے بطن سے بھی ایک فرزند تولد ہوا، عبداللہ نام تھا لیکن وہ بھی

بچپن ہی مین فوت ہوگیا، ام عمرو بنت جندب، ان کے بطن سے، عمرو، خالد، ابان، عمر اور

مریم پیدا ہوئے، فاطمہ بنت ولید، یہ حضرت عثمان رضؓ کے صاحبزادے ولید اور سعید کی ان ہین،

ام البنین بنت عینیہ، ان سے عبدالملک پیدا ہوئے، انھون نے بھی بچپن ہی مین وفات

پائی، رملہ بنت شیبہ، عائشہ، ام ابان اور ام عمرو اُن کے بطن سے تولد ہوئین، نائلہ بنت الفرافصہ

شہادت کے وقت موجود تھین، ان کے بطن سے مریم بنت عثمان پیدا ہوئین،

صاحبزادون مین سب سے نامور حضرت ابان رضؓ ہوئے، انھون نے بنوامیہ کے عہد مین

خاصہ اعزاز پایا،

رضی اللہ عنہ

امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

نام، نسب، خاندان | علی نام، ابو الحسن اور ابو تراب کنیت، حیدرہ[1] (شیر) لقب، امیر المومنین خطاب، والد کا نام ابو طالب اور والدہ کا نام فاطمہ تھا، پورا سلسلہ نسب یہ ہے: علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی، چونکہ ابو طالب کی شادی اپنے چچا کی لڑکی سے ہوئی تھی اس لیے حضرت علیؓ نجیب الطرفین ہاشمی اور آنحضرت صلعم کے حقیقی چچا زاد بھائی تھے،

خاندانِ ہاشم کو عموماً عرب اور خصوصاً قبیلہ قریش میں جو وقعت و عظمت حاصل تھی وہ محتاجِ اظہار نہیں، خانۂ کعبہ کی خدمت اور اس کا اہتمام بنو ہاشم کا مخصوص طغرائے امتیاز تھا اور اس شرف کے باعث اُن کو تمام عرب میں مذہبی سیادت حاصل تھی،

حضرت علی مرتضیٰؓ کے والد ابو طالب مکہ کے ایک نہایت ذی اثر بزرگ تھے، آنحضرت صلعم نے انھیں کی آغوشِ شفقت میں پرورش پائی تھی اور بعثت کے بعد اُنھیں کے زیرِ حمایت مکہ کے کفرستان میں بلند آہنگی کے ساتھ دعوتِ حق کا اعلان کیا تھا، ابو طالب ہر موقع پر سینہ سپر ہوئے، اور سرورِ کائنات صلعم کو کفار کے پنجۂ ظلم وستم سے محفوظ رکھا، مشرکینِ قریش نے رسول اللہ صلعم کی پشت پناہی اور حمایت کے باعث ابو طالب اور ان کے خاندان کو طرح طرح کی تکلیفیں پہونچائیں، ایک گھاٹی میں محصور کر دیا، کاروبار اور لین دین بند کر دیا، شادی بیاہ کے تعلقات منقطع کر لیے، غرض ہر طرح پریشان کیا مگر اس نیک طینت بزرگ نے

[1] صحیح مسلم کتاب الجہاد باب غزوہ ذی قرد وغیرھا،

آخری لمحۂ حیات تک اپنے عزیز بھتیجے کے سر سے دست شفقت نہ اُٹھایا،

آنحضرت صلعم کی دلی خواہش تھی کہ ابو طالب کا دل نورِ ایمان سے منور ہو جائے اور اسطرح اُنھون نے اپنی ذات سے دنیا مین جو کچھ مہبطِ وحی کی خدمت و حمایت کی ہے اُس کے معاوضہ مین نعیم فردوس کی ابدی اور لا متناہی دولت سے متمتع ہون، خصوصاً وفات کے وقت نہایت اصرار کے ساتھ کلمۂ توحید کی دعوت دی، ابو طالب نے کہا عزیز بھتیجے! اگر مجھے قریش کی طعنہ زنی کا خوف نہوتا تو نہایت خوشی سے تمھاری دعوت قبول کر لیتا،[۱] سیرۃ ابن ہشام مین حضرت عباس رض سے یہ بھی روایت ہے کہ نزع کی حالت مین کلمۂ توحید اُن کی زبان پر تھا، مگر یہ روایت کمزور ہے، بہر حال ابو طالب نے گو علانیہ اسلام قبول نہین کیا، تاہم اُنھون نے حضور سرور کائنات صلعم کی جس طرح پرورش و پرداخت کی اور کفار کے مقابلہ مین جس ثبات اور استقلال کے ساتھ حمایت کا فرض انجام دیا اُس کے لحاظ سے اسلام کی تاریخ مین اُن کا نام ہمیشہ شکرگذاری اور احسانمندی کے ساتھ لیا جائیگا،

حضرت علی رض کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ رض بنت اسد نے بھی حضرت آمنہ رض کے بعد مکہ کے اس یتیم معصوم کے ساتھ ماں کی طرح شفقت و محبت ظاہر کی، مستند روایات کے مطابق وہ مسلمان ہوئین اور ہجرت کر کے مدینہ گئین، اُن کا انتقال ہوا تو رسول اللہ صلعم نے کفن کے بجائے اپنی قمیص مبارک پہنائی اور قبر مین لیٹ کر اس کو متبرک کیا، لوگون نے اس خاص عنایت کی وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ ابو طالب کے بعد مین سب سے زیادہ اسی نیک سیرت خاتون کا ممنون احسان ہون[۲]

حضرت علی رض آپ کی بعثت سے دس برس پہلے پیدا ہوے تھے، ابو طالب نہایت کثیر العیال

---

[۱] سیرت ابن ہشام ج ۱ ص ۲۲۸، [۲] ترجمہ اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۱۷،

تھے، معاش کی تنگی نے نہایت پریشان کر رکھا تھا، قحط و خشک سالی نے اس مصیبت مین اور بھی اضافہ کر دیا، اس لیے رحمۃ للعالمین صلعم نے اپنے چچا کی عسرت سے متاثر ہو کر حضرت عباس رضی سے فرمایا کہ ہم کو اس مصیبت و پریشان حالی مین ابو طالب کا ہاتھ بٹانا چاہیئے، حضرت عباس رضی نے حسب ارشاد، جعفر کی کفالت اپنے ذمہ لی اور سرور کائنات صلعم کی نگاہ انتخاب نے علی کو پسند کیا، چنانچہ وہ اس وقت سے برابر حضور پُر نور صلعم کے ساتھ رہے[1]

اسلام

حضرت علی رضی کا سن ابھی صرف دس سال کا تھا کہ اُن کے شفیق مربی کو دربار خداوندی سے نبوت کا خلعت عطا ہوا، اور چونکہ حضرت علی رضی ہمیشہ ساتھ رہتے تھے اس لیے اُنکو اسلام کے مذہبی مناظر سب سے پہلے نظر آئے، چنانچہ ایک روز آنحضرت صلعم اور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی کو مصروف عبادت دیکھا اس مؤثر نظارہ نے اثر کیا، طفلانہ استعجاب کے ساتھ پوچھا آپ دونون کیا کر رہے تھے؟ حضرت سرور کائنات صلعم نے اپنے منصب گرامی کی خبر دی اور کفر و شرک کی مذمت کر کے توحید کی دعوت دی، حضرت علی رضی کے کان ایسی باتون سے آشنا نہ تھے متحیر ہو کر عرض کی کہ اپنے والد ابو طالب سے اسکے متعلق دریافت کرون گا، چونکہ سرور کائنات صلعم کو ابھی اعلان عام منظور نہ تھا اس لیے فرمایا کہ اگر تمھین تامل ہے تو خود غور کرو لیکن کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرنا، غرض اس کمسن نونہال کے عرصۂ خیال مین حق و باطل کی معرکہ آرائی شروع ہوئی، اور ایک شب و روز کی مسلسل جد و جہد نے حق کو فتحیاب کیا، توفیق الٰہی رفیق ہوئی، اور اسی وقت بارگاہ نبوت مین حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوئے[2]

اس باب مین اختلاف ہے کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی کے بعد سب سے پہلے کون ایمان لایا، بعض روایات سے حضرت ابوبکر رضی کی بعض سے حضرت علی رضی کی اولیت ظاہر ہوتی ہے اور بعضون کے خیال مین حضرت زید بن

[1] زرقانی جلد ۱ صفحہ ۲۸۰، [2] اسد الغابہ تذکرہ حضرت علی رضی

حارثہؓ کا ایمان سب پر مقدم ہے لیکن محققین نے ان مختلف احادیث مین اس طرح تطبیق دی ہے

کہ ام المومنین حضرت خدیجہؓ عورتون مین، حضرت ابو بکر صدیقؓ مردون مین، حضرت زید بن حارثہؓ

غلامون مین اور حضرت علیؓ بچون مین سب سے پہلے ایمان لائے،

مکہ کی زندگی

اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت علیؓ کی زندگی کے تیرہ سال مکہ معظمہ مین بسر ہوئے

چونکہ وہ رات دن سرور کائناتؐ کے ساتھ رہتے تھے اس لیے مشورہ کی مجلسون مین تعلیم و ارشاد

کے مجمعون مین، کفار و مشرکین کے مباحثون مین اور معبود حقیقی کی عبادت و پرستش مین غرض ہر قسم

کی صحبتون مین شریک رہے،

حضرت عمرؓ کے اسلام قبول کرنے سے پہلے سرزمین مکہ مین مسلمانون کے لیے علانیہ

خدا کا نام لینا اور اسکی عبادت و پرستش کرنا تقریباً ناممکن تھا، آنحضرت صلعم چھپ چھپ کر اپنے

معبود حقیقی کی پرستش فرماتے تو حضرت علیؓ بھی ان غیر معمولی مخلصانہ عبادتون مین شریک ہوتے،

ایک دفعہ وادی نخلہ مین حسب معمول مصروف عبادت تھے، کہ اتفاق سے اس طرف ابو طالب

کا گذر ہوا اپنے معصوم بھتیجے اور رنیک بخت بیٹے کو مصروف عبادت دیکھکر پوچھا کیا کرتے ہو؟

آنحضرت صلعم نے کلمہ حق کی دعوت دی تو کہنے لگے کہ اس مین کوئی ہرج نہین لیکن مجھ سے

نہین ہو سکتا[1]،

ایام حج مین مکہ کی سرزمین تمام قبائل عرب کا مرجع ہوتی تھی اس لیے آنحضرت صلعم

حضرت ابو بکر صدیقؓ کو ہمراہ لیکر عام مجمعون مین تشریف لے جاتے تھے اور تبلیغ اسلام کا فرض ادا

کرتے تھے اُسوقت حضرت علیؓ اگرچہ اپنی طفولیت کے باعث کوئی اہم خدمت انجام دینے

کے قابل نہ تھے، تاہم کبھی کبھی ساتھ ہوتے تھے، کبھی کبھی آنحضرت صلعم کے ساتھ

---

[1] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۹۹، [2] کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۳۱۹،

خانۂ کعبہ تشریف لے جاتے اور بتون کو توڑ پھوڑ کر عیب دار کر دیتے تھے[1]،

انتظامِ دعوت | منصب نبوت عطا ہونے کے بعد آنحضرت صلعم نے تین برس تک علانیہ دعوتِ اسلام کی صدا بلند نہین فرمائی، بلکہ پوشیدہ طریقہ پر خاص خاص لوگون کو اسکی ترغیب دیتے رہے، چوتھے سال حکم ہوا کہ اسلام کا عام اعلان کر دین، اور سب سے پہلے اپنے قریبی رشتہ دارون سے ابتدا کرین چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی،

وانذر عشیرتک الاقربین — اپنے قریبی اعزہ کو (عذابِ الٰہی) سے ڈراؤ،

سرورِ کائنات صلعم نے اس حکم کے موافق کوہِ صفا پر چڑھ کر اپنے خاندان کے سامنے دعوتِ اسلام کی صدا بلند کی لیکن مدت کا زنگ ایک دن کے صیقل سے نہین دور ہو سکتا تھا، ابولہب نے کہا تبا لک، اسی لیے تو نے ہم لوگون کو جمع کیا تھا؟ اس کے بعد آنحضرت صلعم نے ایک مرتبہ پھر اپنے خاندان مین تبلیغ اسلام کی کوشش فرمائی، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو انتظامِ دعوت کی خدمت پر مامور کیا،

حضرت علیؓ کی عمر اس وقت مشکل سے چودہ، پندرہ برس کی تھی لیکن انھون نے اس کمسنی کے باوجود نہایت اچھا انتظام کیا، دسترخوان پر صرف بکرے کے پائے اور دودھ تھا، دعوت مین تمام خاندان شریک تھا جنکی تعداد ۴۰ تھی، حضرت حمزہؓ، عباسؓ، ابولہب اور ابوطالب بھی شریک تھے، لوگ کھانے سے فارغ ہو چکے تو آنحضرت صلعم نے اُٹھ کر فرمایا "یا بنی عبد المطلب! خدا کی قسم مین تمھارے سامنے دنیا اور آخرت کی بہترین نعمت پیش کرتا ہون، بولو، تم مین سے کون اس شرط پر میرا ساتھ دیتا ہے کہ وہ میرا معاون و مددگار رہوگا"، سب چپ رہے، لیکن شیرِ خدا علی مرتضیٰؓ نے اُٹھ کر کہا "گو مین عمر مین سب سے چھوٹا ہون اور گو

[1] مسند ابن حنبل جلد ۱ صفحہ ۸۴،

مجھے آشوب چشم کا عارضہ ہے اور میری ٹانگین پتلی ہین، تاہم مین آپ کا یاد اور دست وبازو بنونگا،" آنحضرت صلعم نے فرمایا تم بیٹھ جاؤ اور یہ کہکر پھر لوگون سے خطاب کیا لیکن کسی نے جواب نہین دیا، حضرت علیؓ پھر اُٹھے، آنحضرت صلعم نے اس دفعہ بھی اُن کو بٹھا دیا یہان تک کہ جب تیسری دفعہ بھی اس بار گران کا اُٹھانا کسی نے قبول نہین کیا اور حسب معمول اس مرتبہ بھی حضرت علیؓ نے جانبازی کے لہجہ مین انہی الفاظ کا اعادہ کیا تو ارشاد ہوا کہ بیٹھ جا تو میرا بھائی اور میرا وارث ہے[1]،

ہجرت | بعثت کے بعد تقریباً تیرہ برس تک رسول اللہ صلعم نے مکہ کی گھاٹیون مین اسلام کی صدا بلند کی لیکن مشرکین قریش نے لبیک کہنے کے بجائے اس کا جواب محض بغض وعناد سے دیا اور آپ کے فدائیون پر طرح طرح کے مظالم کیے، یہان تک کہ رحمۃ للعالمین نے اپنے جان نثارون کو اسیر پنجۂ جور وجفا دیکھکر آہستہ آہستہ سب کو مدینہ چلے جانے کا حکم دیا، چنانچہ چند نفوس قدسیہ کے علاوہ مکہ مسلمانون سے خالی ہوگیا اس ہجرت سے مشرکین کو اندیشہ ہوا کہ اب مسلمان ہمارے حیطۂ اقتدار سے باہر ہوگئے ہین، اس لیے بہت ممکن ہے کہ وہ اپنی قوت مضبوط کرکے ہم سے انتقام لین، چنانچہ اس خطرہ نے ان کو خود رسول مقبول صلعم کی جان کا دشمن بنادیا اور ایک روز مشورہ کرکے رات کے وقت کاشانۂ نبوت کی طرف چلے کہ مکہ چھوڑنے سے پہلے اس ذات اقدس کو دنیا سے رخصت کردین، لیکن مشیتِ الٰہی تو یہ تھی کہ ایک دفعہ تمام عالم حقانیت کے نور سے منور ہو اور توحید کی روشنی شرک کی ظلمت کو کافور کردے اس لیے اس مقصد کی تکمیل سے پہلے آفتابِ رسالت کس طرح غروب ہوسکتا تھا، غرض وحیِ الٰہی نے مشرکین

---

[1] طبری ۳ ۱۱۷۲، یہ روایت مسند ابن حنبل مین بھی بالاختصار مذکور ہے، دیکھو جلد ۱ صفحہ ۱۵۹، مگر اس کی سند مین لوگون نے کلام کیا ہے،

کے ارادون سے اطلاع دی اور ہجرتِ مدینہ کا حکم ہوا، سرورِ کائنات صلعم نے اس خیال سے
کہ مشرکین کو شبہ ہو حضرت علی مرتضیٰؓ کو اپنے فرشِ اطہر پر استراحت کا حکم دیا اور خود حضرت ابوبکر صدیقؓ
کو ساتھ لیکر مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے،

فدویت وجان نثاری کا ایک عدیم المثال کارنامہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی عمر اسوقت زیادہ سے زیادہ بائیس تیئیس
برس کی تھی اس عنفوانِ شباب مین اپنی زندگی کو قربانی کیلیے
پیش کرنا فدویت وجان نثاری کا عدیم المثال کارنامہ ہے، رات بھر مشرکین کا محاصرہ رہا،
ہر طرف برہنہ تلوارون کی جھنکار اور چمک سے ظلمتِ شب مین رعد و برق کا دھوکا ہوتا تھا،
لیکن یہ نوجوان اس مسرت و انبساط مین اطمینان کے ساتھ فرشِ اطہر پر سبز چادر اوڑھے
محوِ خواب تھا کہ اگر اس راہ مین جان گئی تو اس سے زیادہ اور کیا سعادت ہو سکتی ہے،
غرض تمام رات مشرکینِ قریش اس دھوکے مین رہے کہ خود حضرت سرورِ کائنات صلعم استراحت
فرما ہین، صبح ہوئی تو حسب قرار داد اپنے ارادہ کی تکمیل کیلیے اندر آئے لیکن یہان یہ دیکھکر
ہاتھون کے طوطے اُڑ گئے کہ شہنشاہ دو عالم صلعم کے بجائے آپ کا ایک جان نثار اپنے آقا پر قربان
ہوجانے کے لیے سربکف سو رہا ہے[1]، مشرکین اپنی غفلت پر سخت برہم ہوے اور اس فدائی کو
چھوڑ کر اصل مقصود کی تلاش و جستجو مین سرگردان پھرنے لگے،

حضرت علی کرم اللہ وجہہ آنحضرت صلعم کے تشریف لیجانے کے بعد دو یا تین دن تک
مکہ مین مقیم رہے اس عرصہ مین آنحضرت صلعم کا جن لوگون سے کاروبار اور لین دین تھا حسب
ہدایت اُن سے فراغت حاصل کی اور تیسرے یا چوتھے دن وطن کو خیرباد کہکر عازمِ مدینہ ہوئے،
اس زمانہ مین حضرت سرورِ کائنات صلعم حضرت کلثوم بن ہدمؓ کے مہمان تھے، اس لیے حضرت

[1] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۴،

علی رضؓ بھی انھی کے مکان مین جاکر فروکش ہوئے،[۱] رسول اللہ صلعم نے باہم مہاجرین مین بھائی چارہ کرایا تو اُن کو اپنا بھائی بنایا،[۲]

تعمیرِ مسجد

مدینہ کا اسلام مکہ کی طرح بے بس ومجبور نہ تھا بلکہ یہ آزادی وحریت کی سرزمین تھی یہان ہر شخص علانیہ خدائے واحد کی پرستش کرسکتا تھا اور احکام شرعیہ کا نہایت اطمینان کے ساتھ پابند ہوسکتا تھا اُس کے ساتھ مسلمانون کی تعداد بھی روز بروز بڑھتی گئی یہان تک کہ ہجرت کے چھٹے یا ساتوین مہینے سرورِ کائنات ؐ کو ایک مسجد تعمیر کرنے کا خیال پیدا ہوا، چنانچہ اُسکی بنیاد رکھی، آنحضرت صلعم نے اپنے رفقا کے ساتھ خود اسکی تعمیر مین حصہ لیا، تمام صحابہ جوش کے ساتھ شریکِ کار تھے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ اینٹ اور گارا لالا کر دیتے تھے اور جوش کے ساتھ یہ رجز پڑھتے تھے[۳]

لا یستوی من یعمر المساجد	جو مسجد تعمیر کرتا ہی کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر اس مشقت کو برداشت
یدأب فیہ قائما وقاعدا	کرتا ہی اور جو گرد وغبار کے باعث اس کام سے جی چراتا ہی
ومن یری عن الغبار حائدا	وہ دونون برابر نہین ہوسکتے،

غزوات اور دیگر حالات

غزوۂ بدر

سلسلۂ غزوات مین سب سے پہلا معرکہ غزوۂ بدر ہے، آنحضرت صلعم اپنے تین سو ستر جان نثارون کے ساتھ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، آگے آگے دو سیاہ رنگ کے علم تھے، اُن مین سے ایک حیدرِ کرار کے ہاتھ مین تھا جب رزمگاہِ بدر کے قریب پہونچے تو سرورِ کائنات ؐ نے حضرت علی رضؓ کو چند منتخب جان بازون کے ساتھ غنیم کی نقل وحرکت دریافت کرنے کیلیے

---

[۱] ابن سعد تذکرہ علی صفحہ ۱۳ [۲] ایضاً صفحہ ۱۴ [۳] زرقانی جلد ۱ صفحہ ۴۲۶،

بھیجا، اُنھون نے نہایت خوبی کے ساتھ یہ خدمت انجام دی، اور مجاہدین نے پہلے پہونچکر اہم مقامون پر قبضہ کرلیا، سترھوین رمضان جمعہ کے دن جنگ کی ابتدا ہوئی، قاعدہ کے موافق پہلے تنہا تنہا مقابلہ ہوا، سب سے پہلے قریش کی صف سے تین نامی بہادر نکل کر مسلمانون سے مبارز طلب ہوئے، تین انصاریون نے اُن کی دعوت کو لبیک کہا، اور آگے بڑھے، قریش کے بہادرون نے ان کا نام و نسب پوچھا، اور جب یہ معلوم ہوا کہ وہ یثرب کے جوان ہین، تو انکے ساتھ لڑنے سے انکار کردیا، اور آنحضرت صلعم کو پکار کر کہا کہ اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے مقابلہ مین ہمارے جوڑ کے آدمی بھیجو اس وقت آنحضرت صلعم نے اپنے خاندان کے تین عزیزون کے نام لیے، حمزہ، علی اور عبیدہ تینون میدان مین آکر اپنے اپنے حریفون کے سامنے کھڑے ہوئے، حضرت علی رضؓ نے اپنے حریف ولید کو ایک وار مین تہ تیغ کیا، اس کے بعد جھپٹ کر عبیدہ کی مدد کی اور اُن کے حریف شیبہ کو بھی قتل کیا، اس کے بعد عام مقابلہ شروع ہوگیا، اور مشرکین نے طیش مین آکر عام حملہ کردیا، یہ دیکھ کر مجاہدین بھی نعرۂ تکبیر کے ساتھ کفار کے نرغہ مین گھس گئے، شیر خدا نے بڑھ بڑھ کر صفین کی صفین اُلٹ دین اور ذوالفقار حیدری نے بجلی کی طرح چمک چمک کر اعداے اسلام کے خرمن ہستی کو جلادیا، مشرکین کے پانون اکھڑ گئے اور مسلمان مظفر و منصور بیشمار مال غنیمت اور تقریباً ستر قیدیون کے ساتھ مدینہ واپس آئے[1] مال غنیمت مین سے آپ کو ایک زرہ، ایک اونٹ اور ایک تلوار ملی تھی،

حضرت فاطمہ رضؓ سے نکاح

اسی سال یعنی ۲ھ مین حضرت سرور کائنات صلعم نے اُن کو دامادی کا شرف بخشا یعنی اپنی محبوب ترین صاحبزادی سیدۃ النساء حضرت فاطمہ زہرا رضؓ سے نکاح کردیا،

---

[1] دیکھو سیرت ابن ہشام غزوۂ بدر،

حضرت فاطمہؓ سے عقد کی درخواست سب سے پہلے حضرت ابوبکرؓ اور اُن کے بعد حضرت عمرؓ نے کی تھی لیکن آنحضرت صلعم نے کچھ جواب نہین دیا، جب حضرت علیؓ نے خواہش کی تو آپ نے فرمایا تمھارے پاس مہرادا کرنے کے لیے کچھ ہے؟ بولے ایک گھوڑے اور ایک زرہ کے سوا کچھ نہین ہے، آپ نے فرمایا کہ گھوڑا تو لڑائی کے لیے ہے البتہ زرہ کو فروخت کرڈالو، غرض حضرت علیؓ نے اُس کو حضرت عثمانؓ کے ہاتھ چار سو اسّی[۴۸۰] درہم مین بیچا، اور قیمت لاکر آنحضرت صلعم کے سامنے پیش کی، آنحضرت صلعم نے حضرت بلالؓ کو حکم دیا کہ بازار سے عطر اور خوشبو کی چیزین خرید لائین اور خود نکاح پڑھ دیا، اور دونون میان بیوی پر وضو کا پانی چھڑک کر خیر و برکت کی دعا دی[۱]،

رخصتی | نکاح کے تقریباً دس گیارہ ماہ بعد باقاعدہ رخصتی ہوئی، اس وقت تک حضرت علیؓ آنحضرت صلعم کے ساتھ رہتے تھے، اس لیے جب رخصتی کا وقت آیا تو آنحضرت صلعم نے ان سے فرمایا کہ ایک مکان کرایہ پر لے لو، چنانچہ حارثہ بن النعمان کا مکان ملا اور وہ ملکہ جنت کو رخصت کراکے اسمین لے آئے[۲]،

جہیز | حضرت علی مرتضیٰؓ کو سُسرال سے یا حضرت سیدۂ زہراؓ کو اپنے گھر سے جو سامان ملا وہ یہ تھا، ایک پلنگ، ایک بستر، ایک چادر، دو چکیان اور ایک مشکیزہ، عجیب اتفاق ہے کہ یہ تمام چیزین حضرت فاطمہؓ کی زندگی تک اُن کی رفیق رہین اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی اس مین کچھ اضافہ نہ کرسکے،

دعوت ولیمہ | حضرت علیؓ کی زندگی نہایت فقیرانہ وزاہدانہ تھی خود رسول اللہ (صلعم) کے ساتھ رہتے تھے، ذاتی ملکیت مین صرف ایک اونٹ تھا جسکے ذریعہ سے اذخر (ایک قسم کی گھاس)

---

[۱] زرقانی جلد ۲ صفحہ ۴ [۲] اصابہ جلد ۸ صفحہ ۱۵۸،

کی تجارت کرکے دعوت ولیمہ کے لیے کچھ رقم جمع کرنے کا ارادہ تھا لیکن حضرت حمزہؓ نے حالت نشہ[1] مین اس اونٹ کو بھی کباب سیخ بنا دیا، اس لیے اب زہد و فقر کے اس بادشاہ کے پاس اُس رقم کے سوا جو زرہ کی قیمت مین سے مہر ادا کرنے کے بعد بچ رہی تھی اور کچھ نہ تھا، چنانچہ اسی سے دعوت ولیمہ کا سامان ہوا، دسترخوان پر صرف کھجور، جو کی روٹی، پنیر اور ایک خاص قسم کا شوربا تھا لیکن اس سادگی مین بھی اس زمانہ کے لحاظ سے تکلف تھا، حضرت اسماءؓ کا بیان ہی کہ اس زمانہ مین اس سے بہتر ولیمہ نہین ہوا[2]،

غزوۂ احد | سنہ ۳ھ مین احد کا معرکہ پیش آیا، ۷ شوال ہفتہ کے دن لڑائی شروع ہوئی اور پہلے مسلمانون نے باوجود قلت تعداد کے غنیم کو بھگا دیا لیکن عقب کے محافظ تیراندازون کا اپنی جگہ سے ہٹنا تھا کہ مشرکین پھر پیچھے سے یکایک ٹوٹ پڑے اس ناگہانی حملہ سے مسلمانون کے اوسان جاتے رہے، اسی حالت مین سرور کائناتؐ کو زخم لگا دندان مبارک شہید ہوئے اور ایک خندق مین گر پڑے[3] حضرت مصعب بن عمیرؓ نے کفار کو مرکز نبوت تک جانے سے روکا اور لڑتے لڑتے شہید ہوئے، اس کے بعد حیدر کرارؓ نے بڑھ کر علم کو سنبھالا اور بےجگری کے ساتھ داد شجاعت دی، ابوسعد بن ابی طلحہ مشرکین کے علمبردار نے مقابلہ کے لیے للکارا، شیر خدا کو کہان تاب تھی بڑھ کر ایسا ہاتھ مارا کہ فرش خاک پر تڑپنے لگا اور بدحواسی کے عالم مین بالکل برہنہ ہوگیا، حضرت علیؓ کو اس کی بےبسی اور بدحواسی پر رحم آگیا اور زندہ چھوڑ کر واپس آئے[4]،

غرض جب مشرکین کا زور کم ہوا تو حضرت علیؓ چند صحابہ کے ساتھ آنحضرت صلعم کو پہاڑ پر

[1] اس وقت شراب حرام نہین ہوئی تھی بخاری مین مفصل واقعہ مذکور ہے، [2] زرقانی جلد ۲ صفحہ ۳، [3] بخاری باب غزوۂ احد، [4] سیرت ابن ہشام جلد ۱ صفحہ ۲۵۵،

لائے، حضرت فاطمہؓ نے زخم دھویا اور حضرت علیؓ نے ڈھال مین بھر بھر کر پانی گرایا اُس سے
خون بند نہ ہوا تو حضرت فاطمہؓ نے چٹائی جلا کر اس کی راکھ سے زخم کا منہ بند کیا[1]،

بنو نضیر | غزوۂ احد کے بعد ۴ھ مین بنو نضیر کو اُن کی بد عہدی کے باعث جلا وطن کیا گیا،
حضرت علیؓ اسمین بھی پیش پیش تھے علم انہی کے ہاتھ مین تھا،

غزوۂ خندق | ۵ھ مین غزوۂ خندق پیش آیا، کفار کبھی کبھی خندق مین گھس گھس کر حملہ
کرتے تھے ایک دفعہ سوارون نے حملہ کیا حضرت علیؓ نے چند جان بازون کے ساتھ بڑھ کر روکا،
عمرو بن عبدوُد سوارون کے سردار نے کسی کو تنہا مقابلہ کیلیے بلایا، حضرت علیؓ نے بڑھکر
اپنے کو پیش کیا، اُس نے کہا مین تمکو قتل کرنا نہین چاہتا، شیرِ خدا نے کہا لیکن مین تم کو قتل
کرنا چاہتا ہون، وہ برہم ہو کر گھوڑے سے کودا اور مقابلہ مین آیا، تھوڑی دیر تک شجاعانہ مقابلہ
کے بعد ذوالفقار حیدری نے اس کو واصل جہنم کیا، اس کا مقتول ہونا تھا کہ دوسرے سوار
بھاگ کھڑے ہوئے[2]،

کفار بہت دنون تک خندق کا محاصرہ کیے رہے، لیکن بالآخر مسلمانون کی پامردی
اور استقلال کے آگے اُن کے پانون اکھڑ گئے، اس طرح یہ معرکہ بھی مجاہدین کرام کے
ہاتھ رہا،

بنو قریظہ | غزوۂ خندق سے فارغ ہونے کے بعد آنحضرت صلعم نے بنو قریظہ کی طرف توجہ کی
کیونکہ انھون نے باوجود معاہدہ کے قریش کا ساتھ دیا تھا اور تمام قبائل عرب کو مسلمانون کے
خلاف بھڑکا دیا تھا اس مہم مین بھی علم حضرت علیؓ کے ہاتھ مین تھا اور انھون نے رسول اللہ صلعم
کے عہد کے مطابق قلعہ پر قبضہ کر کے اسکے صحن مین عصر کی نماز ادا کی[3]،

---

[1] بخاری باب غزوۂ احد، [2] سیرۃ ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۹۸ [3] زرقانی غزوۂ بنی قریظہ،

بنوسعد کی سرکوبی ۶ھ میں آنحضرت صلعم کو معلوم ہوا کہ بنو سعد یہود خیبر کی اعانت کیلیئے مجتمع ہو رہے ہین، اس لیے حضرت علیؓ کو ایک سو کی جمعیت کے ساتھ اس قبیلہ کی سرکوبی پر مامور کیا، انھون نے ماہ شعبان مین حملہ کر کے بنو سعد کو منتشر کر دیا اور پانچ سو اونٹ اور دو ہزار بکریان مال غنیمت مین لائے[1]

صلح حدیبیہ اسی سال یعنی ۶ھ مین رسول اللہ صلعم نے تقریباً چودہ ہزار صحابۂ کرام کے ساتھ زیارت کعبہ کا ارادہ فرمایا، مقام حدیبیہ پہونچکر معلوم ہوا کہ مشرکین مکہ مزاحمت کرینگے، حضرت عثمان رضؓ سفیر بنا کر بھیجے گئے، مشرکین نے اُن کو روک رکھا، لیکن یہان یہ خبر مشہور ہوئی کہ وہ شہید کر دیے گئے، اس لیے آنحضرتؐ نے حضرت عثمانؓ کے انتقام پر سب سے بیعت لی، حضرت علیؓ بھی اس بیعت مین شریک تھے، بعد کو جب معلوم ہوا کہ یہ خبر غلط تھی تو مسلمانون کا جوش کسی قدر کم ہوا، اور طرفین سے مصالحت پر رضامندی ظاہر کی گئی، حضرت علیؓ کو صلحنامہ لکھنے کا حکم ہوا، انھون نے حسب دستور ہذا ما قاضی علیہ محمد رسول اللہ کی عبارت سے عہدنامہ کی ابتدا کی، مشرکین نے "رسول اللہ" کے لفظ پر اعتراض کیا کہ اگر ہم کو رسول اللہ ہونا تسلیم ہوتا تو پھر جھگڑا ہی کیا تھا، سرور کائناتؐ نے اس لفظ کو مٹا دینے کا حکم دیا، لیکن حضرت علیؓ کی غیرت نے گوارا نہ کیا اور عرض کی خدا کی قسم مین اس کو نہین مٹا سکتا، غرض آنحضرتؐ نے خود اپنے دست مبارک سے مٹا دیا، اُس کے بعد معاہدۂ صلح لکھا گیا اور اس سال زیارت کا ارادہ ملتوی کر کے مدینہ واپس تشریف لائے[2]

فتح خیبر ۷ھ مین خیبر پر فوج کشی ہوئی، یہان یہودیون نے بڑے بڑے مضبوط قلعے بنائے تھے جن کا مفتوح ہونا آسان نہ تھا، پہلے حضرت ابوبکرؓ اور اُن کے بعد حضرت عمرؓ اسکی تسخیر پر مامور ہوئے

[1] زرقانی جلد ۲ صفحہ ۱۰۷ [2] بخاری کتاب الصلح و زرقانی باب غزوۂ حدیبیہ

لیکن کامیابی نہ ہوئی، حضرت سرور کائنات نے فرمایا کل ایک ایسے بہادر کو علم دونگا جو خدا کا اور رسول کا محبوب ہے اور اس کا فتح ہونا اسی کے ہاتھ سے مقدر ہے صبح ہوئی تو ہر شخص متمنی تھا کہ کاش آج اس فخر و شرف کا تاج اس کے سر پر ہوتا، لیکن یہ دولت گرانمایہ حیدر کرار رضؓ کے لیے مقدر ہو چکی تھی، صبح کو بڑے بڑے جان نثار اپنے نام سننے کے منتظر تھے کہ دفعۃً آپ نے علی کا نام لیا، یہ آواز غیر متوقع تھی کیونکہ ممدوح آشوب چشم میں مبتلا تھے، آنحضرت صلعم نے اُن کو بلا کر اُن کی آنکھون مین اپنا لعاب دہن لگایا اور شکایت فوراً جاتی رہی۱،

مرحب

اسکے بعد علم مرحمت فرمایا، حضرت علی رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ کیا مین لڑکر ان کو مسلمان بنالون؟ فرمایا نہین، بلکہ پہلے اسلام پیش کرو، اور ان کو اسلام کے فرائض سے آگاہ کرو، کیونکہ اگر تمھاری کوششون سے ایک شخص بھی مسلمان ہوگیا تو وہ تمھارے لیے بڑی سے بڑی نعمت سے بہتر ہے۲،

لیکن یہودیون کی قسمت مین اسلام کی عزت کے بجائے شکست، ذلت اور رسوائی لکھی تھی اس لیے اُنھون نے آنحضرت صلعم کے اس حکم سے کوئی فائدہ نہ اُٹھایا اور ان کا معزز سردار مرحب نہایت جوش وخروش سے یہ رجز پڑھتا ہوا نکلا،

قد علمت خیبر انی مرحب	شاکی السلاح بطل مجرب
خیبر مجھکو جانتا ہے کہ مین مرحب ہون	سلح پوش ہون، بہادر ہون، تجربہ کار ہون

اذا الحروب اقبلت تلھب

جبکہ لڑائی کی آگ بھڑکتی ہے

فاتح خیبر اس متکبرانہ رجز کا جواب دیتے ہوے بڑھا،

---

۱ بخاری کتاب المغازی غزوۂ خیبر ۲ ایضاً

انا الذی سمتنی امی حیدرہ　　کلیث غابات کریہ المنظرہ

اوفیھم بالصاع کیل السندرہ

اور جھپٹ کر ایک ہی وار مین اس کا کام تمام کر دیا[1]،

اس کے بعد حیدر کرار نے بڑھ کر قلعہ پر حملہ کیا اور حیرت انگیز شجاعت کے ساتھ اسکو سخر کر لیا،

مہم مکہ

رمضان ۸ھ مین مکہ پر فوج کشی کی تیاریان شروع ہوئین لیکن ابھی مجاہدین روانہ بھی نہ ہوے تھے کہ معلوم ہوا کہ ایک عورت غنیم کو یہان کے تمام حالات سے مطلع کرنے کے لیے روانہ ہوگئی ہے، آنحضرت صلعم نے حضرت علیؓ زبیر اور مقداد کو اس کی گرفتاری پر مامور کیا، یہ تینون نہایت تیز گھوڑون پر سوار ہوکر اُس کے تعاقب مین روانہ ہوے اور خاخ کے باغ مین گرفتار کر کے خط مانگا، پہلے اس عورت نے لاعلمی ظاہر کی، لیکن جب ان لوگون نے جامہ تلاشی کا ارادہ کیا تو اس نے حوالہ کر دیا، اور یہ لوگ خط لیکر آنحضرت صلعم کی خدمت مین حاضر ہوئے، جب پڑھا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ خط مشہور صحابی حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نے مشرکین مکہ کے نام بھیجا تھا، اور اسمین بعض مخفی حالات کی اطلاع تھی، آنحضرت صلعم نے حاطب بن ابی بلتعہ سے پوچھا یہ کیا ہے؟ اُنھون نے کہا کہ حضور فرد قرارداد جرم لگانے کے قبل اصل حالات سن لین، واقعہ یہ ہے کہ مجھ کو قریش سے کوئی نسبی تعلق نہین ہے، صرف اس کا حلیف ہون اور مکہ مین دوسرے مہاجرین کی قرابتین ہین جو فتح مکہ کے وقت اُن کے اہل وعیال کی حفاظت کرتے، مین نے اس خیال سے کہ اگر کوئی نازک وقت آئے تو میرے بچے بے یار ومددگار نہ رہ جائین یہ خط لکھا تھا، حاشا وکلا اس سے مخبری یا اسلام کے ساتھ دشمنی مقصود نہین تھی، آنحضرت صلعم نے اس عذر کو قبول فرمایا اور لوگون سے مخاطب ہوکر کہا کہ اُنھون نے سچ

[1] صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۱۰۲ مطبوعہ مصر باب غزوہ ذی قرد وغیرہا،

بیان کیا ہے، لیکن حضرت عمرؓ کی آتشِ غضب بھڑک چکی تھی اُنھون نے کہا یا رسول اللہ اجازت دیجیے کہ اس منافق کی گردن اڑا دون، آپ نے فرمایا کہ یہ بدری ہین اور تم کو معلوم نہین کہ بدریون کے تمام گناہ معاف ہین[1]،

غرض آنحضرت صلعم ۱۰ رمضان ۸ھ کو مدینہ روانہ ہوئے اور ایک مرتبہ پھر اُس محبوب سرزمین مین دس ہزار قدوسیون کے ساتھ فاتحانہ جاہ وجلال کے ساتھ داخل ہوئے، ایک علم حضرت سعد بن عبادہؓ کے ہاتھ مین تھا اور وہ جوش کی حالت مین یہ رجز پڑھتے جاتے تھے،

الیوم یوم الملحمۃ الیوم تستحل الکعبۃ یعنی آج شدید جنگ کا دن ہے آج حرم مین خونریزی جائز ہے

آنحضرت صلعم کو معلوم ہوا تو فرمایا نہین آج تو کعبہ کی عظمت کا دن ہے اور حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ سعد بن عبادہؓ سے علم لیکر فوج کے ساتھ شہر مین داخل ہون چنانچہ وہ کدا کی جانب سے مکہ مین داخل ہوئے[2] اور مکہ بلا کسی خونریزی کے تسخیر ہو گیا، اور وہ وقت آگیا کہ خلیل بت شکن کی یادگار (خانہ کعبہ) کو بتون کی آلائشون سے پاک کیا جائے جسکے گرد تین سو ساٹھ بت نصب تھے، آنحضرت صلعم نے سب سے پہلے اس فریضہ کو ادا کیا اور خانہ کعبہ کے گرد جسقدر بت تھے سب کو لکڑی سے ٹھکراتے جاتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے جاتے تھے، جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا، پھر خانہ کعبہ کے اندر سے حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کی مورتون کو الگ کروایا[3] اور تطہیرِ کعبہ کے بعد اندر داخل ہوئے، لیکن چونکہ وحدت کدہ کا گوشہ گوشہ بتون کی مورتون سے اٹا ہوا تھا، اس لیے اُس کے اہتمام کے باوجود، تانبے کا سب سے بڑا بت باقی رہ گیا، یہ لوہے کی سلاخ مین پیوست کیا ہوا زمین پر نصب تھا، اس لیے بہت بلندی پر تھا، پہلے آنحضرت صلعم نے حضرت علیؓ کے کندھون پر چڑھ کر اُس کے گرانے کی کوشش کی لیکن وہ جسم اطہر کا

---

[1] بخاری کتاب المغازی باب غزوۂ فتح [2] بخاری کتاب المغازی باب غزوۂ فتح [3] ایضاً

بار برداشت نہ کر سکے، اس لیے حضور پُرنور ﷺ نے ان کو شانہ اقدس پر چڑھا کر اُس کے گرانے کا حکم دیا، اور اُنھون نے سلاخ سے اکھاڑ کر حسب ارشاد نبوی پاش پاش کر ڈالا اور اس طریقہ پر خانۂ کعبہ کی تطہیر کامل ہوگئی۔[1]

ایک غلطی کی تلافی فتح مکہ کے بعد آنحضرت صلعم نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو بنو جذیمہ میں تبلیغ اسلام کے لیے روانہ فرمایا، اُنھون نے توحید کی دعوت دی تو وہ اپنی بدویت اور جہالت کے باعث "اسلمنا" کا لفظ اچھی طرح ادا نہ کر سکے اور صبانا، صبانا، کہنے لگے حضرت خالدؓ نے غضبناک ہو کر سب کو قید کر لیا اور بہتون کو قتل کر ڈالا، آنحضرت صلعم کو خبر ہوئی تو نہایت متاثر ہوئے اور حضرت علیؓ کو اس غلطی کی تلافی کے لیے روانہ فرمایا، اُنھون نے پہونچ کر تمام قیدیون کو آزاد کرا دیا اور مقتولین کے معاوضہ مین خونبہا دیا۔[2]

غزوۂ حنین فتح مکہ سے فرصت ہوئی تو اسی سال غزوۂ حنین کا عظیم الشان معرکہ پیش آیا، پہلے مسلمانون کی فتح ہوئی لیکن جب وہ مال غنیمت لوٹنے مین مصروف ہوئے تو شکست خوردہ غنیم نے غافل دیکھ کر پھر اچانک حملہ کر دیا، مجاہدین اس ناگہانی مصیبت سے ایسے پریشان ہوے کہ بارہ ہزار نفوس مین سے صرف چند ثابت قدم رہ سکے، حضرت علیؓ اس جنگ مین نہ صرف پامردی اور استقلال کے ساتھ قائم رہے بلکہ اُنھون نے اپنی غیر معمولی شجاعت سے لڑائی کو سنبھال لیا اور غنیم کے امیر عسکر پر حملہ کر کے اس کا کام تمام کر دیا، دوسری طرف جو مجاہدین ثابت قدم رہ گئے تھے وہ اس بے جگری کے ساتھ لڑے کہ ابتری اور پریشانی کے

---

[1] حاکم نے مستدرک مین اس واقعہ کو بہ تفصیل نقل کیا ہو لیکن فتح مکہ کے بجائے شب ہجرت کی طرف منسوب کیا ہی لیکن اسکے علاوہ دوسرے محدثین اور ارباب سیر نے فتح مکہ مین لکھا ہے اور یہی صحیح اور قرین عقل ہی، ہجرت کی ایسی نازک رات مین جبکہ جان خطرہ مین تھی ایسے بڑے اور خطرناک کام کا انجام دینا بعید از قیاس ہی، دوسرے مکہ کی زندگی مین بت شکنی کا کوئی واقعہ نہین ہوا۔ [2] فتح الباری ج ۸ ص ۴۶،

باوجود دشمن کو شکست دیدی[1]،

اہلبیت کی حفاظت | ۹ہجری مین آنحضرت نے تبوک کا قصد کیا اور حضرت علیؓ کو اہلبیت کی حفاظت کیلیئے مدینہ مین رہنے کا حکم دیا، شیرِ خدا کو شرکتِ جہاد سے محرومی کا غم تو تھا ہی اسپر منافقین کی طعنہ زنی نے اور بھی بد دل کردیا، سرورِ کائنات کو اُن کی افسردگی کا حال معلوم ہوا تو ان کا غم غلط کرنے کے لیے فرمایا علی! کیا تم اسے پسند نہین کرتے کہ میرے نزدیک تمھارا وہ رتبہ ہو جو ہارون کا موسیٰ کے نزدیک تھا[2]،

تبلیغ فرمان | غزوۂ تبوک سے واپسی کے بعد اسی سال آنحضرت نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو امیرِ حج بناکر مکہ کی طرف روانہ فرمایا، اسی اثناء مین سورۂ برائت نازل ہوئی، لوگون نے کہا کہ اگر یہ سورہ ابوبکرؓ کے ساتھ حج کے موقعہ پر لوگون کو سنانے کے لیے بھیجدی جاتی تو اچھا ہوتا، سرورِ کائنات نے فرمایا کہ میری طرف سے صرف میرے خاندان کا آدمی اس کی تبلیغ کرسکتا ہے چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بلا کر حکم دیا کہ اس سورہ کو مکہ لیجاکر سنائین، اور عام اعلان کردین کہ کوئی کافر جنت مین داخل نہوگا، نہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کرے نہ کوئی شخص برہنہ خانۂ کعبہ کا طواف کرے اور جسکا رسول اللہ صلعم سے کوئی عہد ہے وہ مدت معینہ تک باقی رہیگا[3]،

یمن مین اشاعتِ اسلام | اس مہم پر پہلے حضرت خالد بن ولیدؓ مامور ہوئے لیکن چھ مہینے کی مسلسل جد وجہد کے باوجود اشاعتِ اسلام مین کامیاب نہوسکے، اس لیے رمضان ۱۰ھ ہجری مین آنحضرت صلعم نے حضرت علیؓ کو بلا کر یمن جانے کا حکم دیا، انھون نے عرض کیا یا رسول اللہ! مین ایک ایسی قوم مین بھیجا جاتا ہون جسمین مجھ سے زیادہ معمر اور تجربہ کار لوگ موجود ہین ان لوگون کے

---

[1] سیرۃ ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۲۶۷ و مستدرک حاکم ج ۳ صفحہ ۱۰۹ [2] بخاری کتاب المناقب مناقب علی

[3] سیرت ابن ہشام ج ۲ ص ۳۴۲، ۳۴۳،

جھگڑون کا فیصل کرنا میرے لیے نہایت دشوار کام ہوگا، سرورِ کائنات صلعم نے ان کے سینہ پر دستِ مبارک رکھ کر دعا فرمائی "اے خدا! اسکی زبان کو راست گو بنا اور اس کے دل کو ہدایت کے نور سے منور کر" اس کے بعد خود اپنے دستِ اقدس سے اُن کے فرقِ مبارک پر عمامہ باندھا اور سیاہ علم دیکر یمن کی طرف روانہ فرمایا[1]،

حضرت علیؓ کا یمن پہونچنا تھا کہ ایک انقلاب عظیم برپا ہوگیا، جو لوگ حضرت خالدؓ کی ششماہہ سعی و کوشش سے بھی اسلام کی حقیقت کو نہیں سمجھے تھے وہ حضرت علی مرتضیٰؓ کی صرف چند روزہ تعلیم و تلقین سے اسلام کے شیدائی ہوگئے اور قبیلۂ ہمدان مسلمان ہوگیا[2]،

حجۃ الوداع مین شرکت

اسی سال یعنی سنہ ۱۰ھ مین آنحضرت صلعم نے آخری حج کیا، حضرت علیؓ بھی یمن سے آکر شریک ہوئے،

صدمۂ جانکاہ

حج سے واپس آنے کے ابتدا کے ماہ ربیع الاول سنہ ۱۱ھ مین آنحضرت صلعم بیمار ہوئے، اثنائے علالت مین حضرت علیؓ نہایت تندہی اور جانفشانی کے ساتھ تیمارداری اور خدمتگذاری کا فرض انجام دیتے رہے ایک روز باہر آئے تو لوگون نے پوچھا کہ اب حضور انور صلعم کا مزاج کیسا ہے؟ حضرت علیؓ نے اطمینان ظاہر کیا، حضرت عباسؓ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر کہا خدا کی قسم مین موت کے وقت خاندانِ عبدالمطلب کے چہرے پہچانتا ہون، آؤ چلو رسول اللہ صلعم سے عرض کرین کہ ہمارے لیے خلافت کی وصیت کرجائین، حضرت علیؓ نے کہا مین نہین عرض کرونگا اگر خدا کی قسم آنحضرت صلعم نے انکار کردیا تو پھر آئندہ کوئی اُمید باقی نہین رہیگی[3]،

غرض دس روز کی مختصر علالت کے بعد ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ کے دن دوپہر کے وقت سرورِ دوعالم صلعم نے جان نثارون کو اپنی مفارقت کا داغ دیا، حضرت علیؓ پر اس

---

[1] زرقانی ج ۳ ص ۱۲۲ [2] فتح الباری ج ۸ ص ۵۲ [3] صحیح بخاری باب مرض النبی صلعم،

حادثۂ جانکاہ کا جو اثر ہوا اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جس وقت سقیفۂ بنو ساعدہ کی مجلس حل و عقد خلافت و حکومت کا فیصلہ کر رہی تھی اس وقت بھی یہ غمزدہ اپنے محبوب آقا کی عزاداری مین مصروف تھا،

حضرت علیؓ چونکہ رسالتماب صلعم کے عزیز قریب اور خاندان کے رکن رکین تھے اسلئے غسل اور تجہیز و تکفین کے تمام مراسم انھین کے ہاتھ سے انجام پائے، انصار اور مہاجرین دروازہ کے باہر کھڑے تھے، ایک روایت مین ہے کہ ایک انصاری کو بھی اس مین شرکت کا شرف حاصل ہوا،

خلیفۂ اول کی بیعت اور توقف کی وجہ

سقیفۂ بنو ساعدہ کی مجلس نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خلافت پر اتفاق کیا اور تقریبًا تمام اہل مدینہ نے بیعت کی، البتہ صحیح روایات کے مطابق صرف حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے چھ مہینے تک دیر کی اور لوگون نے اس توقف کیلئے عجیب و غریب وجوہ اختراع کر لیے ہین لیکن صحیح یہ ہے کہ حضرت فاطمہؓ کی سوگوار زندگی نے اُن کو بالکل خانہ نشین بنا دیا تھا اور تمام معاملات سے قطع تعلق کر کے وہ صرف ان کی تسلی و دلدہی اور قرآن شریف کے جمع کرنے مین مصروف تھے، جب حضرت فاطمہؓ کا انتقال ہو گیا اس وقت اُنھون نے خود حضرت ابو بکرؓ سے اُن کے فضل کا اعتراف کیا اور بیعت کر لی[۲]

سوا دو برس کی خلافت کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ نے وفات پائی اور حضرت عمرؓ مسند آرائے خلافت ہوئے، حضرت عمرؓ بڑی بڑی مہمات مین حضرت علیؓ کے مشورے کے بغیر کام نہین کرتے تھے، اور حضرت علیؓ بھی نہایت دوستانہ اور مخلصانہ مشورہ دیتے تھے، نہاوند کے معرکہ مین اُن کو سپہ سالار بھی بنانا چاہا تھا لیکن اُنھون نے منظور نہین کیا، بیت المقدس گئے

---

[۱] مستدرک حاکم جلد ۳ ص ۱۱۱ [۲] بخاری غزوۂ خیبر؛

تو کاروبارِ خلافت انھین کے ہاتھ مین دیکر گئے،[۱] اتحاد و یگانگت کا اخیر مرتبہ یہ تھا کہ باہم رشتۂ مصاہرت قائم ہو گیا، یعنی حضرت علیؓ کی کمسن صاحبزادی حضرت عمرؓ کے نکاح مین آئین،

فاروق اعظمؓ کے بعد حضرت عثمانؓ کے عہدِ خلافت مین فتنہ و فساد شروع ہوا تو حضرت علیؓ نے اس کے رفع کرنے کے لیے اُن کو نہایت مخلصانہ مشورہ دیے، ایک دفعہ حضرت عثمانؓ نے اُن سے پوچھا کہ ملک مین موجودہ شورش و ہنگامہ کی حقیقی وجہ کیا ہے؟ اور اُسکے رفع کرنے کی کیا صورت ہے؟ انھون نے نہایت خلوص اور آزادی سے ظاہر کر دیا کہ موجودہ بے چینی تمامتر آپ کے عمال کی بے اعتدالیون کا نتیجہ ہے، حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ مین نے عمال کے انتخاب مین انھین صفات کو ملحوظ رکھا ہے جو فاروق اعظمؓ کے پیش نظر تھے، پھر ان سے عام بیزاری کی کوئی وجہ سمجھ مین نہین آتی؟ جناب علی مرتضیٰؓ نے فرمایا ہان! یہ صحیح ہے لیکن عمرؓ نے سب کی نکیل اپنے ہاتھ مین رکھی تھی اور گرفت ایسی سخت تھی کہ عرب کا سرکش سے سرکش اونٹ بھی بلبلا اُٹھا، برخلاف اسکے آپ ضرورت سے زیادہ نرم دل ہین، آپ کے عمال اس نرمی سے فائدہ اُٹھا کر من مانی کارروائیان کرتے ہین اور آپ کو خبر بھی نہین ہونے پاتی، رعایا سمجھتی ہے کہ عمال جو کچھ کرتے ہین وہ سب دربارِ خلافت کے احکام کی تعمیل ہے، اس طرح تمام بے اعتدالیون کا ہدف آپ کو بننا پڑتا ہے،[۲]

سب سے آخر مین مصری وفد کا معاملہ پیش آیا حضرت عثمانؓ نے اُن سے اصرار کیا کہ اپنی وساطت سے اس جھگڑے کا تصفیہ کرا دین اور انقلاب پسند جماعت کو راضی کر کے واپس کر دین، پہلے تو اُنھون نے انکار کیا، لیکن پھر معاملہ کی اہمیت اور حضرت عثمانؓ کے اصرار سے مجبور ہو کر وساطت قبول کی اور اصلاحات کا وعدہ لیکر انقلاب پسندون کو اپنی

[۱] تاریخ ابن خلدون جلد ۲ ص ۱۰۶ و طبری فتح بیت المقدس [۲] تاریخ طبری ص ۲۹۳۸،

ذمہ داری پر واپس کیا[1] مصری وفد کے ارکان ابھی راہ ہی مین تھے کہ ان کو سرکاری قاصد کی تلاشی سے ایک فرمان ہاتھ آیا جسمین حاکمِ مصر کو ہدایت کی گئی تھی کہ اس وفد کے تمام شرکار کو تہِ تیغ کردیا جائے، مصری اس غداری سے غضبناک ہوکر پھر مدینہ واپس آئے، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض کی کہ ایک طرف تو آپ نے ہم کو اصلاحات کا اطمینان دلا کر واپس کیا اور دوسری طرف سے دربارِ خلافت کا یہ غدارانہ فرمان جاری ہوا، حضرت علیؓ نے فرمان دیکھا تو سخت متعجب ہوئے، اور حضرت عثمانؓ کے پاس آکر اس کی حقیقت دریافت کی، اُنھون نے اس فرمان کے متعلق حیرت کے ساتھ اپنی لاعلمی ظاہر کی، حضرت علیؓ نے کہا مجھے بھی آپ سے ایسی توقع نہین ہوسکتی، لیکن اب مین آئندہ کسی معاملہ مین مداخلت نہین کرون گا، چنانچہ وہ اس کے بعد بالکل عزلت نشین ہوگئے،

مصریون نے جوشِ انتقام مین نہایت سختی کے ساتھ کاشانۂ خلافت کا محاصرہ کرلیا اور آخر مین یہان تک شدت اختیار کی کہ آب ودانہ سے بھی محروم کردیا، حضرت علیؓ کو معلوم ہوا تو عزلت گزینی اور خلوت نشینی کے باوجود محاصرہ کرنے والون کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ تم لوگون نے جس قسم کا محاصرہ قائم کیا ہے وہ نہ صرف اسلام بلکہ انسانیت کے بھی خلاف ہے، کفار بھی مسلمانون کو قید کرلیتے ہین تو آب ودانہ سے محروم نہین کرتے، اس شخص نے تمھارا کیا نقصان کیا ہے جو ایسی سختی روا رکھتے ہو؟ محاصرین نے حضرت علیؓ کی سفارش کی کچھ پروانہ کی اور محاصرہ مین سہولت پیدا کرنے سے قطعی انکار کردیا، حضرت علیؓ کو ناگوار تو ہوا لیکن کیا کرتے غصہ مین اپنا عمامہ پھینک کر واپس چلے آئے،[2]

---

[1] ابن اثیر ج ۳ صفحہ ۱۲۹، [2] طبری ص ۳۰۱۰

محاصرہ اگرچہ نہایت سخت تھا تاہم حضرت علیؓ کو اس کا وہم بھی نہ تھا، کہ یہ معاملہ اس قدر طول کھینچے گا، کہ شہادت تک نوبت پہونچے گی، وہ سمجھے کہ جسطرح اس عہد مین حقوق طلبی کے متواتر مظاہرے ہوتے رہے ہین یہ بھی اسی قسم کا ایک سخت مظاہرہ ہے، تاہم اپنے دونون صاحبزادون کو احتیاطاً حفاظت کے لیے بھیجدیا، جنھون نے نہایت تندہی اور جانفشانی کے ساتھ مدافعت کی، یہان تک کہ اسی کشمکش مین زخمی ہوئے لیکن کثیر التعداد مفسدین کا روکنا آسان نہ تھا وہ دوسری طرف سے دیوار پر چڑھکر اندر گھس آئے اور خلیفہ کو قتل کو شہید کرڈالا، حضرت علیؓ کو معلوم ہوا تو اس سانحۂ جانکاہ پر حد درجہ متاسف ہوے اور جو لوگ محافظت پر مامور تھے اُن پر سخت خفگی ظاہر کی، حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو طمانچہ مارا محمد بن طلحہؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ کو بُرا بھلا کہا، کہ تم لوگون کی موجودگی مین یہ واقعہ کس طرح پیش آیا،

بیعتِ خلافت حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد تین دن تک مسندِ خلافت خالی رہی، اس عرصہ مین لوگون نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اس منصب کے قبول کرنے کے لیے سخت اصرار کیا اُنھون نے پہلے اس بارِ گران کے اُٹھانے سے انکار کردیا، لیکن آخرمین مہاجرین وانصار کے اصرار سے مجبور ہوکر اس بارِ عظیم کو اُٹھانا پڑا[1]، غرض واقعۂ شہادت کے تیسرے دن ۲۱ ذی الحجہ، دوشنبہ کے دن مسجد نبوی مین جناب مرتضےٰؓ کے دستِ اقدس پر بیعت ہوئی، مسند نشینِ خلافت ہونے کے بعد سب سے پہلا کام حضرت عثمانؓ کے قاتلون کا پتہ چلانا اور اُن کو سزا دینا تھا، لیکن دقت یہ تھی کہ شہادت کے وقت صرف اُن کی بیوی نائلہ بنت الفرافصہ موجود تھین، اور وہ اس کے سوا کچھ نہین بتاسکین کہ محمد بن ابی بکرؓ دو دیسون کے

[1] ابن اثیر جلد ۳ ص ۱۵۳،

ساتھ جنکو وہ پہلے سے پہچانتی نہین یقین اندر آئے، حضرت علیؓ نے محمد بن ابی بکرؓ کو پکڑا تو اُنھون نے قسم کھا کر اپنی برئت ظاہر کی کہ وہ قتل کے ارادہ سے ضرور داخل ہوئے تھے لیکن حضرت عثمانؓ کے ایک جملہ سے محجوب ہوکر پیچھے ہٹ آئے، البتہ ان دونون نابکارون نے بڑھکر حملہ کیا جن کو وہ بھی نہین جانتے کہ کون تھے؟ حضرت نائلہؓ نے بھی اس بیان کی تصدیق کی کہ محمد بن ابی بکرؓ شریک قتل نہ تھے، غرض تحقیق وتفتیش کے باوجود قاتلون کا پتہ نہ چلا، تاریخ کی کتابون مین قاتلون کے مختلف نام مذکور ہین، لیکن وہ عدالت مین شہادت کی قانونی حیثیت سے ثابت نہین کیے جاسکتے تھے،

مقدمۂ قتل سے فارغ ہونے کے بعد ملکی نظم ونسق کی طرف متوجہ ہوئے اور تمام عمال عثمانی کی معزولی کا فرمان جاری کرکے عثمان بن حنیف کو بصرہ کا عامل مقرر کیا، عمارہ بن حسان کو کوفہ کی حکومت سپرد کی،

حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کو یمن کی ولایت پر مامور کیا، اور سہل کو حکومتِ شام کا فرمان دیکر روانہ کیا، سہل تبوک کے قریب پہونچے تو امیر معاویہ کے سوارون نے اُن کو مدینہ واپس جانے پر مجبور کیا، چنانچہ یہ پہلا واقعہ تھا جس سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو معلوم ہوا کہ اُن کی خلافت جھگڑون سے پاک نہین ہے،

حضرت علیؓ نے امیر معاویہ کو لکھا کہ مہاجرین وانصار نے اتفاق عام کے ساتھ میرے ہاتھ پر بیعت کی ہے اس لیے یا تو میری اطاعت کرو، یا جنگ کے لیے تیار ہوجاؤ، امیر معاویہ نے اپنے خاص قاصد کی معرفت جواب بھیجا اور خط مین صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد مکتوب الیہ کا اور اپنا نام لکھا، لیکن قاصد نہایت طرار اور زبان آور تھا اس نے کھڑے ہوکر کہا صاحبو! مین نے شام مین پچاس ہزار شیوخ کو اس حال مین چھوڑا ہے کہ

عثمان کی خون آلود قمیص پر اُن کی داڑھیان آنسوؤن سے ترہین اور اُنھون نے عہد کرلیا ہے کہ جب تک اس خون ناحق کا قصاص نہین لیا جائیگا اسوقت تک اُنکی تلوارین بے نیام رہین گی" قاصد نے اپنی تقریر ختم کی تو خالد بن زفر عبسی نے کھڑے ہوکر کہا "تمھارا برا ہو! کیا تم مہاجرین وانصار کو شامیون سے ڈراتے ہو؟ خدا کی قسم نہ تو قمیصِ عثمان قمیصِ یوسف ہے، اور نہ معاویہ کو یعقوب کی طرح غم ہے، اگر شام مین اس کو اس قدر اہمیت دی گئی ہے تو تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ اہل عراق اسکی کچھ پروا نہین کرتے"

حضرت عائشہؓ کی قصاص پر آمادگی

ابھی امیر معاویہ کے مناقشات کا کچھ فیصلہ نہین ہوا تھا کہ ایک دوسرا قضیہ نامرضیہ پیدا ہوگیا، یعنی حضرت عائشہؓ مکہ سے مدینہ واپس ہو رہی تھین، راستہ مین اُن کے ایک عزیز ملے، اُن سے حالات دریافت کیے تو معلوم ہوا کہ عثمانؓ شہید کردیے گئے اور علیؓ خلیفہ منتخب ہوئے، لیکن ہنوز فتنہ کی گرم بازاری ہے، یہ خبر سن کر پھر مکہ واپس ہوگئین، لوگون نے واپسی کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ عثمان مظلوم شہید کردیے گئے، اور فتنہ دبتا ہوا نظر نہین آتا، اس لیے تم لوگ خلیفۂ مظلوم کا خون رائگان نہ جانے دو، اور قاتلون سے قصاص لے کر اسلام کی عزت بچاؤ[1]، حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد مدینہ مین فتنہ وفساد کے آثار دیکھ کر حضرت طلحہؓ و زبیرؓ بھی، حضرت علیؓ سے اجازت لیکر مکہ چلے گئے تھے، حضرت عایشہؓ نے اُن سے بھی وہان کے حالات دریافت کیے، انھون نے وہان کے شور وغوغا کی داستان سنائی، اس سے حضرت عائشہؓ کے ارادون مین اور تقویت ہوگئی، اور خلیفۂ مظلوم کے قصاص کی دعوت شروع کردی،

حقیقت یہ ہے کہ واقعات کی ترتیب اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بعض سیاسی

---

[1] طبری ص ۳۰۹۸

سازش نے عام طور پر ملک میں بدظنی پیدا کر دی تھی، حضرت عثمانؓ کے قاتلوں کا پتہ نہ چلنا، اُن کے اعداء کو اپنا معاون و انصار بنانا اور مسندِ خلافت پر متمکن ہونے کے ساتھ تمام عمال و حکام کو برطرف کر دینا لوگوں کے بدظن کر دینے کے لیے نہایت کافی تھا، چنانچہ انھیں بدگمانیوں نے ام المومنین حضرت عائشہؓ کو بھی حضرت عثمانؓ کے قصاص پر آمادہ کر دیا قصاص کی تیاریاں شروع ہوئیں، عبداللہ بن عامر حضرمی والیِ مکہ، مروان بن حکم، سعید بن العاص، اور دوسرے بنو امیہ نے جو مدینہ سے مفرور ہو کر مکہ میں پناہ گزین تھے نہایت جوش کے ساتھ اس تحریک کو پھیلایا اور ایک معتدبہ جمعیت فراہم کر کے اس خیال سے بصرہ کی طرف روانہ ہوئے کہ پہلے بیت المال پر قبضہ کر کے مالی مشکلات میں سہولت پیدا کریں، پھر بصرہ، کوفہ اور عراق کی دوسری نوآبادیوں میں اس تحریک کی اشاعت کر کے لوگوں کو اپنا ہم آہنگ بنائیں،

سفرِ عراق

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مکہ کی تیاریوں کا حال معلوم ہوا تو اس خیال سے عراق کا قصد کیا کہ وہاں مخالفین سے پہلے پہونچکر بیت المال کی حفاظت کا انتظام کریں، اور اہل عراق کو وفاداری کا سبق دیں، انصارِ کرام کو اس ارادہ کی خبر ہوئی تو وہ بارگاہِ خلافت میں حاضر ہوئے اور حضرت عقبہ بن عامر نے جو بڑے پایہ کے صحابی اور غزوۂ بدر میں سرورِ کائنات صلعم کے ہمرکاب تھے، اس جماعت کی طرف سے قائم مقام ہو کر گذارش کی کہ دار الخلافہ چھوڑ کر جانا کسی طرح مناسب نہیں ہے عمرِ فاروق کے عہد میں بڑی بڑی جنگیں پیش آئیں لیکن انھوں نے کبھی مدینہ سے باہر قدم نہیں نکالا اگر اُسوقت خالدؓ، ابو عبیدہؓ، سعد وقاصؓ اور ابو موسیٰ اشعریؓ نے شام و ایران کو تہ و بالا کر دیا تھا، تو اس وقت بھی ایسے جان بازوں کی کمی نہیں، حضرت علیؓ نے فرمایا ہاں! یہ صحیح ہے لیکن عراق پر مخالفین کے تسلط سے

نہایت دشواری پیش آئے گی، وہ اس وقت مسلمانون کی بہت بڑی نوآبادی ہے، وہان کے بیت المال بھی مال وزر سے پُر ہین، اس لیے میرا وہان موجود رہنا نہایت ضروری ہے، غرض مدینہ مین عام منادی ہوئی کہ لوگ سفر عراق کے لیے تیار ہو جائین اور چند ممتاز صحابہ کے سوا تقریباً تمام اہل مدینہ ہمرکاب ہوئے، جب یہ عظیم الشان جمعیت مقام ذی قار مین پہونچی تو معلوم ہوا کہ حضرت طلحہؓ اور زبیر سبقت کرکے بصرہ پہونچ گئے ہین اور بنو سعد کے علاوہ تقریباً تمام بصرہ والون نے اُن کے ہاتھ پر بیعت کرلی ہے،

حضرت امام حسنؓ کا سفر کوفہ

حضرت علیؓ نے ذی قار مین قیام کرکے حضرت امام حسنؑ کو حضرت عمار بن یاسرؓ کے ساتھ کوفہ روانہ کیا کہ لوگون کو مرکز خلافت کی اعانت پر آمادہ کرین حضرت امام حسنؑ جس وقت کوفہ پہونچے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ والی کوفہ مسجد مین ایک عظیم الشان مجمع کے سامنے تقریر کر رہے تھے کہ سرور کائنات صلعم نے جس فتنہ کا خوف دلایا تھا وہ اب سر پر ہے اس لیے ہتھیار بیکار کردو اور بالکل عزلت نشین ہو جاؤ، رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ فتنہ و فساد کے وقت سونے والا، بیٹھنے والے سے اور بیٹھنے والا چلنے والے سے بہتر ہے، اس اثنا مین حضرت امام حسنؑ مسجد مین داخل ہوے اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے کہا "تم ابھی ہماری مسجد سے نکلو اور جہان جی چاہے چلے جاؤ،" اس کے بعد منبر پر کھڑے ہوکر لوگون کو امیر المومنین کی مساعدت پر آمادہ کیا، حجر بن عدی کندیؓ جو کوفہ کے نہایت معزز اور ذی اثر بزرگ تھے، حضرت امام حسنؑ کی تائید کی اور کہا صاحبو! امیر المومنین نے خود اپنے صاحبزادہ کو بھیجکر تھین دعوت دی ہے، اس دعوت کو قبول کرو، اور علم حیدری کے نیچے مجتمع ہوکر فتنہ و فساد کی آگ سرد کردو مین خود سب سے پہلے چلنے کو تیار ہون، غرض حضرت امام حسنؑ اور حجر بن عدی کی تقریرون نے لوگون کے دل ہلا دیے، ہر طرف سے امیر المومنین

کی اطاعت وفرمان برداری کی صدائین بلند ہوئین اور دوسرے روز صبح کے وقت تقریباً ساڑھے نوہزار جان بازون کی ایک فوج مسلح ہوکر حضرت امام حسن علیہ السلام کے ساتھ روانہ ہوئی اور مقام ذی قار مین امیرالمومنین کی فوج سے مل گئی، جناب امیر نے اپنی کل فوج کو نئے سرے سے ترتیب دیکر بصرہ کا رُخ کیا، اسوقت بصرہ کا یہ حال تھا کہ وہ تین گروہون مین منقسم تھا، ایک خاموش وناطرفدار جماعت، دوسرا حضرت علیؓ کا طرفدار، اور تیسرا حضرت عایشہؓ اور حضرت طلحہؓ وغیرہ کا حامی، درمیانی گروہ مصالحت کے لیے سخت کوشش اور جد وجہد کر رہا تھا، ہر فریق مین سے نیک نیت لوگ اس کی تائید مین تھے، حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ دونون چاہتے تھے کہ جنگ تک نوبت آنے سے پہلے اختلافات دور ہو جائین، صلح کی گفتگو ترقی پر تھی اور فریقین جنگ کے تمام احتمالات دلون سے دور کر چکے تھے، رات کے سناٹے مین ہر فریق آرام کی نیند سو رہا تھا، دونون فریقون مین کچھ ایسے عناصر شامل تھے جن کے نزدیک یہ مصالحت اُن کے حق مین سم قاتل تھی، حضرت علیؓ کی فوج مین سبائی انجمن کے ارکان اور حضرت عثمانؓ کے قاتلون کا گروہ شامل تھا، اور حضرت عائشہؓ کی طرف کچھ اموی تھے، حضرت عثمانؓ کے قاتل اور سبائی یہ سمجھے کہ اگر یہ مصالحت کامیاب ہوگئی تو ان کی خیر نہین اس لیے اُنھون نے رات کی تاریکی مین حضرت عائشہؓ کی فوج پر شبخون مارا، گھبراہٹ مین فریقین نے یہ سمجھا کہ دوسرے فریق نے دھوکا دیا، اور ایک دوسرے پر حملہ شروع کر دیا، حضرت عایشہؓ اونٹ پر آہنی ہودہ رکھوا کر اس لیے سوار ہوئین کہ وہ اپنی فوج کو اس حملہ سے روک سکین، حضرت علیؓ نے بھی اپنے سپاہیون کو روکا مگر جو فتنہ پھیل چکا تھا وہ کب رُک سکتا تھا، ام المومنین حضرت عائشہؓ کی وجہ سے ان کی فوج مین غیر معمولی جوش وخروش تھا، قلبِ فوج مین ان کا ہودج تھا، محمد بن طلحہؓ سوارون کے افسر تھے، عبداللہ بن زبیرؓ پیادہ فوج کی سر براہی پر مامور تھے

اور حضرت طلحہؓ و زبیر کل فوج کی نگرانی کر رہے تھے،

جنگ جمل — اس جوش و خروش اور نعرۂ جنگ کی ہماہمی کے ساتھ دونوں طرف کے سر برآوردہ اپنی اپنی حالت پر غور کر رہے تھے، اسی اثنار مین حضرت علیؓ گھوڑا بڑھا کر بیچ میدان مین آئے، اور حضرت زبیرؓ کو بلا کر کہا "ابو عبد اللہ! تھین وہ دن یاد ہے جب رسول اللہ صلعم نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا تم علی کو دوست رکھتے ہو؟ تم نے عرض کی تھی ہان! یا رسول اللہ! یاد کرو اُس وقت تم سے حضور انورؐ نے فرمایا تھا کہ ایک دن تم اس سے ناحق لڑو گے" حضرت زبیرؓ نے جواب دیا "ہان! اب مجھے بھی یاد آیا"

حضرت زبیرؓ کو رسول اللہ صلعم کی پیشین گوئی یاد آئی تو اُنھون نے اپنی غلطی محسوس کر کے عہد کر لیا کہ اب لڑائی مین حصہ نہ لین گے اور اپنے صاحبزادہ عبد اللہ سے فرمایا جان پدر علی نے ایسی بات یاد دلائی کہ جنگ کا تمام جوش فرو ہو گیا، بیشک ہم حق پر نہین ہین مین اب جنگ سے مُنھ موڑتا ہون اور تم بھی میرا ساتھ دو، حضرت عبد اللہؓ نے انکار کیا تو وہ تنہا بصرہ کی طرف چل کھڑے ہوے کہ وہان سے اسباب و سامان لیکر کسی طرف نکل جائین حضرت طلحہؓ نے حضرت زبیرؓ کو جاتے دیکھا تو ان کا ارادہ بھی متزلزل ہوا، مروان بن حکم کو معلوم ہوا کہ یہ بھی جانا چاہتے ہین تو اس نے ایک ایسا تاک کر تیر مارا جو گھٹنے مین تراز و ہو گیا، تیر زہر مین بجھا تھا جس نے اُن کا کام کر دیا، غرض میدانِ جنگ مین صرف ام المومنین حضرت عائشہؓ اور اُن کے جان نثار فرزند رہ گئے، جنگ کی ابتدا ہو چکی تھی، دیر تک گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی، ام المومنین زرہ پوش ہودج مین بیٹھی تھین، اب حالت یہ تھی کہ سبائی ان کو قصداً گرفتار کرنا چاہتے تھے، اور گستاخی کے ساتھ پیش آنا چاہتے تھے، اور حضرت عائشہؓ کے وفادار بیٹون مین بنو ضبہ اس اونٹ کی حفاظت مین اپنی لاشون پر لاشین گرا رہے تھے، بکر بن وائل

طبری جلد ۲ صفحہ ۲۰۲

ازد اور بنو ضبہ اونٹ کو اپنے حلقہ مین لیکر اس جوش، ثبات اور وارفتگی کے ساتھ لڑے کہ

کہ خود حیدرِ کرار کو حیرت تھی، عبداللہ بن زبیرؓ اونٹ کی نکیل پکڑے تھے، وہ زخمی ہوکر

گرے تو دوسرے نے بڑھ کر پکڑلی، وہ مارا گیا تو تیسرے نے بڑھ کر اس کی جگہ لی، غرض

باری باری ستر آدمیون نے اسی طرح حیرت انگیز جانبازی کے ساتھ اپنے کو قربان کردیا[1]

لیکن پھر بھی ہمت و استقلال مین فرق نہ آیا، بصرہ کا شہسوار عمرو بن بجرہ اس جوش سے

لڑ رہا تھا کہ حضرت علیؓ کی فوج کا جو شخص اس کے سامنے پہونچ جاتا تھا، مارا جاتا تھا، وہ

اسوقت وارفتگی کے ساتھ یہ رجز پڑھ رہا تھا،

یا امنا یا خیر ام نعلم   والام تغذ وولدها وترحم

اے ہماری بہترین مان، اور مان بچون کو کھلاتی ہے اوران پر رحم کرتی ہے،

الا ترین کم جواد تکلم   وتختلی هامته والمعصم

کیا تو نہین دیکھتی کہ کتنے گھوڑے زخمی کیے جاتے ہین اور کسکی کھوپڑی اور کلائی کاٹی جاتی ہے،

آخر کار حضرت علیؓ کی طرف سے مشہور شہسوار حارث بن زہیر ازدی نے بڑھ کر اس کا مقابلہ

کیا اور تھوڑی دیر تک تیغ و سنان کے ردو بدل کے بعد دونون ایک دوسرے

کے وار سے کٹ کر ڈھیر ہوگئے،

اونٹ کے سامنے بنو ضبہ حیرت انگیز شجاعت و ثبات کے ساتھ سدّ سکندری بنکر

دشمنون کو روکے کھڑے تھے اور جب تک ایک شخص بھی زندہ رہا اُس نے پشت نہین

پھیری، اسوقت یہ رجز ان کی زبان پر تھا[2]،

---

[1] طبری صفحہ ۳۱۸۶ و مستدرک حاکم ج ۳ صفحہ ۳۶۶،

[2] طبری صفحہ ۳۲۰۰،

الموت احلی عندنا من العسل | نحن بنو ضبة اصحاب الجمل
موت ہمارے نزدیک شہد سے زیادہ شیرین ہے | ہم ضبہ کی اولاد، اونٹ کے محافظ ہین،
نحن بنو الموت اذا الموت نزل | ننعی ابن عفان باطراف الاسل
ہم موت کے بیٹے ہین، جب موت اترے | ہم عثمان بن عفان کی موت کی خبر برچھون کی نوک سے پھیلاتے ہین،

ردوا علینا شیخنا ثم بجل

ہمارے سردار کو ہم کو واپس کردو تو پھر کچھ نہین،

حضرت علیؓ نے دیکھا کہ جب تک یہ اونٹ بٹھایا نہ جائیگا مسلمانون کی ناحق خونریزی رُک نہین سکتی، اس لیے آپ کے اشارہ سے ایک شخص نے پیچھے سے جاکر اونٹ کے پاؤن پر تلوار ماری، اونٹ بلبلا کر بیٹھ گیا، حضرت عائشہؓ کے بھائی محمد بن ابی بکر جو حضرت علیؓ کے ساتھ تھے، جناب امیرؓ نے ان کو حکم دیا کہ اپنی ہمشیرہ محترمہ کی خبر گیری کرین اور عام منادی کردی کہ بھاگنے والون کا تعاقب نہ کیا جائے، زخمیون پر گھوڑے نہ دوڑائے جائین، مالِ غنیمت نہ لوٹا جائے، جو ہتھیار ڈال دے وہ مامون ہے، پھر خود ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس حاضر ہوکر مزاج پرسی کی اور بصرہ مین چند دنون تک آرام و آسائش کا موقع دینے کے بعد محمد بن ابی بکرؓ کے ہمراہ عزت واحترام کے ساتھ مدینہ بھیجدیا، بصرہ کی چالیس شریف ومعزز خواتین جلوس مین تھین، حضرت علیؓ رخصت کرنے کے لیے چندمیل تک خود ساتھ گئے اور ایک منزل تک اپنے صاحبزادون کو مشایعت کے لیے بھیجا، حضرت عائشہؓ نے رخصت ہوتے وقت لوگون سے فرمایا کہ میرے بچو! ہماری باہمی کشمکش محض غلط فہمی کا نتیجہ تھی، ورنہ مجھ سے علیؓ سے پہلے کوئی جھگڑا نہ تھا، حضرت علیؓ نے موزون الفاظ مین تصدیق کی اور فرمایا کہ یہ آنحضرتؐ کی حرم محترم اور ہماری مان ہین، ان کی تعظیم وتوقیر ضروری ہے، غرض پہلی رجب ۳۶ھ ہجری

سینچر کے روز مدینہ کی طرف روانہ ہوگئین،

بصرہ مین چند روزہ قیام کے بعد حضرت علیؓ نے کوفہ کا عزم کیا اور ۱۲ رجب ۳۶ھ دوشنبہ کے روز داخلِ شہر ہوئے، اہل کوفہ نے قصرِ امارت مین مہمان نوازی کا سامان کیا لیکن زہد وقناعت کے شہنشاہ نے اسمین فروکش ہونے سے انکار کیا اور فرمایا کہ عمر بن خطابؓ نے ہمیشہ ان عالیشان محلات کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا، مجھے بھی اس کی حاجت نہین، میدان میرے لیے بس ہے، غرض میدان مین طرحِ اقامت ڈالی، پھر مسجد اعظم مین داخل ہوکر دورکعت نماز ادا کی اور جمعہ کے روز ایک نہایت مؤثر خطبہ دیکر لوگون کو اتقا و پرہیز گاری اور وفاشعاری کی ہدایت کی،

حضرت علیؓ نے مدینہ منورہ چھوڑکر کوفہ مین مستقل اقامت اختیار کی، اور دار الحکومت حجاز سے عراق کو منتقل ہوگیا، دار الحکومت کی اس تبدیلی کے وجوہ کے متعلق لوگون نے مختلف باتین بیان کی ہین، مگر میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کے فتنۂ قتل نے حرم نبوی کی جو توہین کی، وہ ایسا دردناک منظر تھا، جس نے علی مرتضیٰؓ کو مجبور کیا کہ وہ آئندہ سلطنت کے سیاسی مرکز کو علمی اور مذہبی مرکز سے علٰحدہ کردین، ایک وجہ یہ بھی تھی کہ کوفہ مین حضرت علیؓ کے طرفدارون اور حامیون کی اس وقت سب سے بڑی تعداد تھی، بہرحال حضرت علیؓ نے کوفہ مین قیام فرما کر ملک کا از سرنو نظم ونسق شروع کیا، حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو بصرہ کی ولایت سپرد کی، مدائن پر یزید بن قیس، اصفہان پر محمد بن سلیم، کسکر پر قدامہ بن عجلان ازدی، سجستان پر ربعی ابن کاس اور تمام خراسان پر خلید بن کاس کو مامور کرکے بھیجا، خلید جب خراسان پہونچے تو خبر ملی کہ خاندانِ کسریٰ کی ایک لڑکی نے نیشاپور پہونچکر بغاوت کرادی ہے، چنانچہ اُنھون نے نیشاپور پر فوج کشی کرکے بغاوت فرو کی اور اس لڑکی کو بارگاہِ خلافت مین

بھیجدیا، جناب امیرؑ نے اُس کے ساتھ نہایت لطف وکرم کا برتاؤ کیا اور اُس سے فرمایا کہ اگر پسند کرے تو اپنے فرزند اکبر امام حسن (علیہ السلام) سے نکاح کردون اُس نے گذارش کی کہ وہ ایسے شخص سے بیاہ کرنا نہین چاہتی جو ابھی خود مختار نہو، البتہ خود جناب امیرؑ اپنے عقدِ نکاح سے مشرف فرمائین تو بطیب خاطر حاضر ہون، حضرت علیؓ نے انکار کیا اور اُسے آزاد کردیا کہ جہان جی چاہے رہے اور جس سے چاہے بیاہ کرے،

جزیرہ، موصل اور شام کے متصلہ علاقون پر اشتر نخعی کو مامور کیا، اشتر نے بڑھکر شام کے بعض علاقون پر بھی قبضہ کرلیا، لیکن امیر معاویہ کے عامل ضحاک بن قیس نے حرّان اور رقہ کے درمیان فوجی قوت سے مقابلہ کرکے اشتر کو پھر موصل واپس جانے پر مجبور کیا، اشتر نے موصل مین قیام کرکے شامی فوج سے مستقل چھیڑ چھاڑ شروع کردی اور اس سیلاب کو آگے بڑھنے سے روکے رکھا،

صلح کی دعوت اگرچہ یہ معلوم تھا کہ امیر معاویہ مصالحت کے ساتھ خلافت تسلیم نہین کرینگے، لیکن حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک دفعہ پھر صلح کی دعوت دی' اور جریر بن عبداللہؓ کو قاصد بنا کر بھیجا، جریر ایسے وقت امیر معاویہ کے پاس پہونچے کہ دربار مین رؤسائے شام کا ایک عظیم الشان مجمع موجود تھا، امیر معاویہ نے خط لیکر پہلے خود پڑھا پھر بآواز بلند حاضرین کو سنایا، بعد حمد ونعت کے خط کا مضمون یہ تھا،

"تم اور تمھارے زیر اثر جسقدر مسلمان ہین سب پر میری بیعت لازم ہے، کیونکہ مہاجرین وانصار کے اتفاق عام نے مجھے منصب خلافت کے لیے منتخب کیا ہے، ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کو بھی انھی لوگون نے منتخب کیا تھا، اس لیے جو شخص اس بیعت کے بعد سرکشی اور اعراض کریگا وہ جبراً اطاعت پر مجبور کیا جائیگا، پس تم مہاجرین وانصار کا اتباع کرو، یہی سب سے بہتر طریقہ ہے"

ورنہ جنگ کیلیے تیار ہو جاؤ، تم نے عثمانؓ کی شہادت کو اپنی مقصد برآری کا وسیلہ بنایا ہے اگر تم کو عثمانؓ کے قاتلون سے انتقام لینے کا حقیقی جوش ہے تو پہلے میری اطاعت قبول کرو اسکے بعد باضابطہ اس مقدمہ کو پیش کرو، مین کتاب اللہ اور سنتِ رسولؐ کے مطابق اسکا فیصلہ کرون گا، ورنہ تم نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ محض دھوکا اور فریب ہے،

امیر معاویہؓ بیس بائیس برس سے شام کے والی تھے، اس طویل مدتِ ولایت مین ان مین استقلال و خود مختاری کی تمنا پیدا کر دی تھی، حصولِ تمنا کے لیے اس سے زیادہ بہتر موقع میسّر نہین آسکتا تھا، بنو اُمیہ اور بنو ہاشم کی دیرینہ چشمک پھر تازہ ہو گئی تھی، حضرت علیؓ نے تمام عمال عثمانی کو برطرف کر دیا تھا، اور وہ سب امیر معاویہ کے گرد و پیش جمع ہو گئے تھے، بہت سے قبائلِ عرب جو اگرچہ اموی نہ تھے، تاہم شاہانہ داد و دہش نے اُن کو بھی طرفدار بنا دیا تھا، اسیطرح بعض صحابہ بھی اپنے اغراض و مقاصد کے لحاظ سے ان کے دست و بازو تھے، حضرت عمرو بن العاصؓ نے مصر کی ولایت کا عہد لیکر اعانت و مساعدت کا وعدہ کر لیا تھا، مغیرہؓ بن شعبہ اور زیاد جو عرب کے بڑے چالاک اور سیاسی لوگون مین سمجھے جاتے تھے دربار مرتضوی سے برداشتہ خاطر ہو کر امیر معاویہ کے حلقۂ احباب مین شامل ہو گئے تھے، عبید اللہؓ بن عمر جنھون نے اپنے والد کے جوشِ انتقام مین ایک پارسی نو مسلم ہرمزان کو بے وجہ قتل کر دیا تھا، اور حضرت عثمانؓ نے اُن سے قصاص نہین لیا تھا، حضرت علیؓ کی مسند نشینی کے بعد اس خوف سے بھاگ کر امیر معاویہ کے دامنِ عاطفت مین پناہ گزین ہوے کہ شاید وہ مقدمہ پھر نئے سرے سے چلایا جائے، حضرت عثمانؓ کی شہادت اور اُن کے قاتلون کو سزا نہ دینے کا قصہ عوام کو ہیجان مین لانے کے لیے کافی تھا، چنانچہ تمام ملک شام مین بدرد طریقہ پر اس کی اشاعت کی گئی تھی، ہر ایک گاؤن قصبہ اور شہر مین واعظ اور خطیب مقرر کیے گئے تھے، کہ لوگون مین حضرت عثمانؓ کے انتقام کا

جوش پیدا کرین، دمشق کی جامع مسجد مین حضرت عثمان رضؓ کا خون آلود پیراہن اور حضرت نائلہؓ کی کٹی ہوئی اُنگلیون کی نمائش کی جاتی تھی[1] کہ لوگ دن اور رات مین پانچ دفعہ اس خونین منظر سے اپنے جوش کو تازہ کرین، غرض آرزو برآری کے تمام اسباب مہیا تھے، امیر معاویہ اس زرّین موقع کو ہاتھ سے نہین دے سکتے تھے، اُنھون نے اپنے حاشیہ نشینون کے مشورہ سے خط کا جواب لکھا اور حسب معمول قاتلینِ عثمان رضؓ کو حوالہ کردینے پر اصرار کیا، اس طرف سے خط کا جواب ابو مسلم لیکر گئے تھے، اُنھون نے دربارِ خلافت مین خط پیش کرنے کے بعد نج کے طور پر گذارش کی کہ اگر آپ عثمان کے قاتلون کو ہمارے حوالہ کردین، تو ہم اور تمام اہلِ شام خوشی کے ساتھ آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنے کو تیار ہین، کیونکہ درحقیقت فضل وکمال کے لحاظ سے آپ ہی خلافت کے حقیقی مستحق ہین، جناب امیر نے دوسرے روز صبح کے وقت جواب دینے کا وعدہ فرمایا، ابو مسلم دوسرے روز دربار مین حاضر ہوے تو وہان تقریباً دس ہزار مسلح آدمیون کا مجمع تھا اوران کو دیکھ کر سب نے ایک ساتھ بآوازِ بلند کہا "ہم سب عثمان رضؓ کے قاتل ہین" ابو مسلم نے متعجب ہو کر بارگاہِ خلافت مین عرض کی "معلوم ہوتا ہے سب نے باہم سازش کرلی ہے" حضرت علی رضؓ نے فرمایا تم اس سے سمجھ سکتے ہو کہ عثمان کے قاتلون پر میرا کہان تک اختیار ہے"

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پھر امیر معاویہ کو لکھا کہ وہ ناحق کی ضد سے باز آئین اور لکھا کہ حضرت عثمان رضؓ کے قتل مین اُن کی کوئی شرکت نہ تھی، اسی کے ساتھ عمرو بن العاص رضؓ کو بھی لکھا کہ "دنیا طلبی چھوڑ کر حق کی حمایت کرو" لیکن زمین مسلمانون کے خون کی پیاسی تھی ادہر گو جنگِ جمل مین دس ہزار مسلمانون نے باہم ایک دوسرے کا گلا کاٹ کر اپنے خون سے اس کو سینچا تھا تاہم العطش العطش اور ہل من مزید کی صدا ابھی باقی تھی اس لیے مصالحت

[1] طبری ص ۳۲۵۵

اور خانہ جنگی کے سدِ باب کی تمام کوششین ناکام رہین، حضرت علیؓ نے مجبور ہو کر قبضۂ شمشیر پر
ہاتھ رکھا، تمام عمال وحکام کو دور و دراز حصصِ ملک سے جنگ مین شریک ہونے کے لیے
بلایا اور تقریباً اسّی ہزار کی جمعیت کے ساتھ حدودِ شام کا رُخ کیا،

معرکہ صفین

جب یہ فوج گران فرات کو عبور کر کے سرحدِ شام مین داخل ہو گئی تو امیر معاویہ کی
طرف سے ابو الاعور سلمی نے مقدمۃ الجیش کو آگے بڑھنے سے روکا، اس کے افسر زیاد بن النضر
اور شریح بن ہانی تھے، اُنھون نے تمام دن نہایت جانبازی کے ساتھ مقابلہ کیا اسی اثنا مین
اشتر نخعی کمک لیکر پہونچ گئے، ابو الاعور نے دیکھا کہ اب مقابلہ دشوار ہے رات کی تاریکی مین
اپنی فوج کو ہٹا لیا اور امیر معاویہ کو فوج مخالف کی آمد کی اطلاع دی، اُنھون نے صفین کے
میدان کو مدافعت کے لیے منتخب کیا اور پیشقدمی کر کے مناسب موقعون پر مورچے جما دیے،
گھاٹ پر بھی تسلط کر لیا اور ابو الاعور سلمی کو ایک بڑی جمعیت کے ساتھ متعین کر دیا، کہ دریا سے
پانی لینے مین فوج مخالف کی مزاحمت کرین،

پانی کے لیے کشمکش

حضرت علیؓ کی فوج صفین پہونچی تو اس کو پانی کی وجہ سے سخت دقت پیش
آئی، دریا پر ابو الاعور نے پہلے سے قبضہ کر لیا تھا، حضرت علیؓ نے حکم دیا کہ شامی فوج کا مقابلہ
کر کے بزور گھاٹ پر قبضہ کرین چنانچہ پہلے چند آدمی اتمامِ حجت کے لیے آشتی کے ساتھ دریا کی
طرف بڑھے لیکن جیسے ہی قریب پہونچے ہر طرف سے تیرون کی بارش شروع ہو گئی، حضرت
علیؓ کی فوج اسی پیشدستی کی منتظر تھی، سب نے ایک ساتھ حملہ کر دیا، ابو الاعور نے دیر تک
ثبات و استقلال کے ساتھ مقابلہ کیا، عمرو بن العاصؓ نے بھی اپنی کمک سے تقویت دی،
لیکن پیاسون کو پانی سے روکنا آسان نہ تھا آخر کار پانون اکھڑ گئے اور تمام گھاٹ پر
تشنہ کامون کا قبضہ ہو گیا، اب جو دقت امیر المومنینؑ کی فوج کو تھی وہی امیر معاویہؓ کو پیش آئی،

لیکن جناب مرتضیٰ کی حمیت انسانی نے کسی کو تشنہ کام رکھنا گوارا نہ کیا اور شامی فوج کو دریا سے متمتع ہونے کی اجازت دیدی[1] چنانچہ دونون فوج ایک ساتھ دریا سے سیراب ہونے لگی، اور باہم اسقدر اختلاط پیدا ہوگیا کہ دونون کیمپ کے سپاہیون مین دوستانہ آمد و رفت شروع ہوگئی، یہان تک کہ بعضون کو خیال ہوا کہ اب صلح ہوجائیگی،

میدانِ جنگ مین مصالحت کی آخری کوشش

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جنگ شروع کرنے سے قبل ایک دفعہ پھر اتمام حجت کے لیے بشیر بن عمرو بن محصن انصاری، سعید بن قیس ہمدانی اور شیث بن ربعی کو امیر معاویہ کے پاس بھیجکر مصالحت کی آخری کوشش کی لیکن کامیابی نہوئی، تاہم دونون طرف علما، فضلا، اور حفاظِ قرآن کی ایک جماعت موجود تھی جو دل سے اس خونریزی کو ناپسند کرتی تھی اُس نے مسلسل تین ماہ تک جنگ کو روکا اور مصالحت کی کوشش کرتی رہی، اس اثنا مین دونون طرف سے تقریباً پچاسی دفعہ حملہ کا ارادہ کیا گیا، لیکن ان بزرگون نے ہمیشہ درمیان مین پڑ کر بیچ بچاؤ کر دیا، غرض ربیع الاول، ربیع الثانی اور جمادی الاولیٰ تین مہینے صرف صلح کے انتظار مین گذر گئے اور جمادی الاخریٰ کے شروع سے باضابطہ جنگ کی ابتدا ہوئی،

آغازِ جنگ

لڑائی کا طریقہ یہ تھا کہ دونون طرف سے دن مین دو دفعہ یعنی صبح و شام تھوڑی تھوڑی فوج میدان جنگ مین اترتی تھی اور کشت و خون کے بعد اپنے فرودگاہ پر واپس جاتی تھی، فوج کی کمان حضرت علی رضی اللہ عنہ کبھی خود کرتے تھے او کبھی باری باری سے اشتر، حجر بن عدی، شیث بن ربعی، خالد بن المعمر، زیاد بن النضر، زیاد بن خصفۃ التیمی، سعید بن قیس، محمد بن حنفیہ معقل بن قیس اور قیس بن سعد اس فرض کو انجام دیتے تھے، یہ سلسلہ جمادی الاخریٰ

---

[1] ابن اثیر جلد ۳ ص ۲۵۴،

کی اخیر تاریخ ون تک جاری رہا، لیکن جب ماہ رجب کا ہلال افق پر طلوع ہوا تو دفعۃً دونون طرف سے جنگ رُک گئی، حضرت ابوالدرداؓ اور حضرت ابوامامہ باہلیؓ نے امیر معاویہ کے پاس جاکر حسب ذیل مکالمہ کیا،

حضرت ابوالدرداؓ، تم علی سے کیون لڑتے ہو؟ کیا وہ امامت کے تم سے زیادہ مستحق نہین ہین؟

امیر معاویہ، مین عثمان کے خون ناحق کے لیے لڑتا ہون،

حضرت ابوالدرداؓ، کیا عثمان کو علی نے قتل کیا ہے،؟

امیر معاویہ۔ قتل نہین کیا ہے، تو قاتلون کو پناہ دی ہے، اگر اُن کو میرے سپرد کردین تو سب سے پہلے بیعت کرنے کو تیار ہون،

حضرت ابوالدرداؓ اور ابوامامہؓ اس مکالمہ کے بعد دربارِ خلافت مین حاضر ہوے اور امیر معاویہ کی شرط سے مطلع کیا، اس خبر کو سن کر تقریباً بیس ہزار سپاہی عام فوج سے علحدہ ہوگئے اور چیخ کر کہا "ہم سب عثمان کے قاتل ہین" حضرت ابوالدرداؓ اور ابوامامہؓ نے یہ رنگ دیکھا تو لشکرگاہ چھوڑکر ساحلی مقامات کا رُخ کیا اور پھر کسی طرح اس جنگ مین حصّہ نہین لیا،

غرض پہلی رجب سے اخیر محرم ۳۷؁ھ تک طرفین سے سکوت رہا اور کوئی قابلِ ذکر معرکہ پیش نہ آیا، جب محرم کا مہینہ ختم ہوگیا تو پھر از سرِ نو جنگ شروع ہوئی اور اس قدر خون ریز لڑائیان پیش آئین کہ محض تصور سے دل کانپ اُٹھتا ہے، ہزارون عورتین بیوہ اور ہزارون بچے یتیم ہوگئے، تاہم اس خانہ جنگی کا کچھ فیصلہ نہوا، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس طوالت سے تنگ آکر اپنے اعوان و انصار کے سامنے نہایت پرجوش تقریر کی اور فیصلہ کن جنگ کے لیے آمادہ کیا، تمام فوج نے اس صدائے دعوت کو نہایت جوش وخروش کے ساتھ لبیک کہا اور

اور اپنے حریف پر اس زور سے حملہ کیا کہ بڑے بڑے بہادرون کے پانون اکھڑ گئے، تمام صفین درہم و برہم ہو گئین، حیدر کرار خود فوج کے آگے آگے تھے، اور اس جانبازی سے لڑ رہے تھے، کہ حریف کی صفین چیرتے ہوے امیر معاویہ کے مقصورہ تک پہونچ گئے، اس وقت زبان پر یہ رجز جاری تھا،

اضربهم ولا ادی معاویه الجاحظ العین العظیم الحاویه

حضرت علیؓ نے پکار کر کہا "معاویہ! خلقِ خدا کا خون کیون گراتے ہو، آؤ ہم تم باہم اپنے جھگڑون کا فیصلہ کر لین"، اس مبارزت پر عمرو بن العاصؓ اور امیر معاویہؓ مین حسب ذیل مکالمہ ہوا،

عمرو بن العاص، بات انصاف کی ہے،

امیر معاویہ، خوب! کیا انصاف ہے؟ تم جانتے ہو کہ جو اس شخص کے مقابلہ مین جاتا ہے پھر زندہ نہین بچتا،

عمرو بن العاصؓ، جو کچھ ہو تاہم مقابلہ کے لیے نکلنا چاہیئے،

امیر معاویہ، تم چاہتے ہو کہ مجھے قتل کرا کے میرے منصب پر قبضہ کرو،

امیر معاویہ نے اعراض کیا تو عمرو بن العاص نے خود بڑھ کر حیدر کرار کو مقابلہ کے لیے بلایا، شیرِ خدا نے بڑھ کر لبیک کہا، دیر تک دونون آدمیون مین تیغ وسنان کا رد و بدل ہوتا رہا، ایک دفعہ حضرت علیؓ نے ایسا وار کیا کہ اس سے سلامت بچنا ناممکن تھا، عمرو بن العاصؓ نے اس بدحواسی کے ساتھ اپنے کو گھوڑے سے گرا دیا کہ بالکل برہنہ ہو گئے، فاتحِ خیبر نے اپنے حریف کو برہنہ دیکھکر مُنھ پھیر لیا اور زندہ چھوڑ کر واپس چلے آئے،

اس جنگ کے بعد تھوڑی تھوڑی فوج سے مقابلہ ہونے کے بجائے پوری فوج کے

ساتھ جنگ ہونے لگی، چند دنون تک یہی سلسلہ جاری رہا، یہان تک کہ جمعہ کے روز وہ عظیم الشان جنگ پیش آئی جو شدت وخونریزی کے لحاظ سے تاریخ اسلام مین اپنی آپ نظیر ہے، صبح سے شام اور شام سے دوسری صبح تک اس زور کا رن پڑا کہ نعرون کی گرج، گھوڑون کی ٹاپون اور تلوار کی جھنکارون سے کرۂ ارض تھرا رہا تھا، اسی مناسبت سے اسکو لیلۃ الہریر کہتے ہین،

دوسری صبح کو مجروحین ومقتولین کے اُٹھانے کے لیے جنگ ملتوی ہوگئی، حضرت علیؓ نے اپنے طرفدارون کو مخاطب کرکے نہایت پُرجوش تقریر کی اور فرمایا "جانبازو! ہماری کوششین اس حد تک پہونچ چکی ہین کہ انشاء اللہ کل اس کا آخری فیصلہ ہوجائے گا بس آج کچھ آرام لینے کے بعد کل اپنے حریف کو آخری شکست دینے کے لیے تیار ہوجاؤ اور اسوقت تک میدان سے منہ نہ موڑو جب تک اس کا قطعی فیصلہ نہ ہوجائے"

امیر معاویہؓ اور عمرو بن العاصؓ نے گو اس وقت تک نہایت جانبازی، شجاعت اور پامردی کے ساتھ اپنی فوجون کو سرگرم کارزار رکھا تھا تاہم لیلۃ الہریر کی جنگ سے اُنھین یقین ہوگیا تھا کہ اب لشکر حیدری کا مقابلہ ناممکن ہے، قبیلون کے سردار بھی ہمت ہار گئے تھے، اشعث بن قیس نے علانیہ دربار مین کھڑے ہوکر کہا کہ "اگر مسلمانون کی باہمی لڑائی ایسی ہی قائم رہی تو تمام عرب ویران ہوجائیگا، رومی شام مین ہمارے اہل وعیال پر قبضہ کرینگے، اسیطرح ایران کے دہقان اہل کوفہ کی عورتون اور بچون پر متصرف ہوجائین گے" تمام درباریون کی نظرین امیر معاویہ کے چہرہ پر گڑ گئین اور سب نے بالاتفاق اس خیال کی تائید کی،

امیر معاویہ نے جناب مرتضیٰ کو لکھا کہ "اگر ہم کو اور خود آپ کو معلوم ہوتا کہ یہ جنگ

اسقدر طول کھینچ گئی تو غالباً ہم دونون اس کو چھیڑنا پسند نہ کرتے، بہرحال اب ہم کو اس تباہ کن جنگ کا خاتمہ کردینا چاہیئے، ہم لوگ بنی عبد مناف ہین اور آپسمین ایک کو دوسرے پر کوئی فوقیت نہین، اس لیے مصالحت ایسی ہو کہ طرفین کی عزت برقرار رہے،" حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اب مصالحت سے انکار کیا، اور دوسرے روز علی الصباح زرہ بکتر سے آراستہ ہوکر اپنی فوج ظفر موج کے ساتھ میدان مین صف آرا ہوئے، لیکن حریف نے جنگ ختم کردینے کا تہیہ کرلیا تھا، جناب امیر نے مصالحت سے اعراض کیا تو عمرو بن العاص نے کہا اب مین ایک ایسی چال چلون گا کہ یا تو جنگ کا خاتمہ ہی ہو جائیگا، یا علی کی فوج مین تفرقہ عظیم برپا ہو جائیگا، چنانچہ دوسری صبح کو شامی فوج ایک عجیب منظر کے ساتھ میدانِ جنگ مین آئی، آگے آگے دمشق کا مصحف اعظم پانچ نیزون پر بندھا ہوا تھا، اور اسکو پانچ آدمی بلند کیے ہوے تھے، اسکے علاوہ جس کے جس کے پاس قرآن پاک تھا اُس نے اُسکو اپنے نیزے پر باندھ لیا تھا، حضرت علیؓ کی طرف سے اشتر نخعی نے ایک جمعیت عظیم کے ساتھ حملہ کیا، تو قلب سے فضل بن ادھم، میمنہ سے شریح الجذامی اور میسرہ سے زرقاء بن معمر بڑھے اور چلا کر کہا، "گروہِ عرب! خدا رومیون اور ایرانیون کے ہاتھ سے تمھاری عورتون اور بچون کو بچائے، تم فنا ہوگئے، دیکھو یہ کتاب اللہ ہمارے اور تمھارے درمیان ہے" اسیطرح ابوالاعور سلمی اپنے سر پر کلام مجید رکھے ہوے لشکرِ حیدری کے قریب آئے اور ببانگ بلند کہا "اے اہل عراق! یہ کتاب اللہ ہمارے اور تمھارے درمیان حکم ہے" اشتر نخعی نے اپنے ساتھیون کو سمجھایا کہ یہ حریف کی چال ہے اور جوش دلاکر نہایت زور و شور کے ساتھ حملہ کردیا،

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے لوگون کو سمجھایا کہ مصاحف کا بلند کرنا محض عیاری ہے ہم کو اس دام تزویر سے بچنا چاہیئے، کردوس بن ہانی، سفیان بن ثور اور خالد بن المعمر نے

بھی امیرالمومنین کی تائید کی اور کہا کہ پہلے ہم نے ان کو قرآن کی طرف بلایا تو اُنھون نے کچھ
پروانہ کی لیکن جب ناکامی ونامرادی کا خوف ہوا تو اس مکاری کے ساتھ ہمین دھوکا دینا
چاہتے ہین، لیکن باوجود سعی وکوشش ایک جماعت پیدا ہوگئی جس نے نہایت سختی کے
ساتھ اصرار کیا کہ قرآن کی دعوت کو رد نہ کرنا چاہیئے، اور دھمکی دی کہ اگر قرآن کے درمیان مین
آنے کے بعد بھی جنگ بند نہ ہوگی تو وہ نہ صرف فوج سے کنارہ کش ہوجائیگی بلکہ خود جناب امیر
کے خون کی پیاسی ہوگی، مسعر بن فدکی، زید بن حصین عبسی اور ابن الکوا اس جماعت کے
سرگروہ تھے، اسیطرح اشعث بن قیس نے عرض کی "امیرالمومنین! مین جسطرح کل آپکا جان نثار
تھا اسی طرح آج بھی ہون، لیکن میری بھی یہی راے ہے کہ قرآن مجید کو حکم مان لینا چاہیئے"
غرض یہ چال ایسی کامیاب ہوئی کہ جناب مرتضیٰ کو مجبوراً اپنی فوج کو بازگشت کا حکم دینا
پڑا، اشتر نخعی اسوقت نہایت کامیاب جنگ مین مصروف تھے، واپسی کا حکم ملا تو نہایت
صدمہ ہوا، فرودگاہ پر پہونچے تو نہایت غیظ وغضب کی حالت مین، مسعر بن فدکی اور ابن الکوا
وغیرہ سے جنھون نے التواے جنگ پر مجبور کیا تھا نہایت تلخ گفتگو ہوئی اور قریب تھا کہ باہم
کشت وخون کی نوبت پہونچ جائے، لیکن جناب امیر نے درمیان مین پڑکے معاملہ کو رفت
وگذشت کردیا،

جنگ ملتوی ہوگئی تو مکاتبت ومراسلت کے بعد طرفین سے علما وفضلا کا اجتماع ہوا،
اور بحث ومباحثہ کے بعد قرار پایا کہ خلافت کا مسئلہ دو حکم پر محول کردیا جائے، اور وہ جو کچھ فیصلہ کرین
اُس کو قطعی تصور کیا جائے، شامیون نے اپنی طرف سے عمرو بن العاص پر اعتماد ظاہر کیا،
اہل عراق کی طرف سے اشعث بن قیس نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا نام لیا، حضرت
علیؓ نے اُن سے اختلاف کرکے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو تجویز کیا، لوگون نے کہا کہ

عبداللہ بن عباسؓ اور آپ ایک ہی ہین حکم کو غیر جانبدار رہنا چاہیئے، اب جناب امیرؓ نے اشتر نخعی کا نام لیا، اشعث بن قیس نے برافروختہ ہو کر کہا،، جنگ کی آگ اشتر ہی نے بھڑکائی ہے اور اس وقت تک ہم اسی کی راے پر عمل کرتے رہے ہین یعنی جب تک آخری نتیجہ ظاہر نہو ہر فریق پر ایک دوسرے کے درپے فنا رہے، ظاہر ہے جسکی راے یہ ہے اس کا فیصلہ بھی یہی ہوگا،، حضرت علیؓ نے دیکھا کہ لوگ ابوموسیٰ کے علاوہ اور کسی پر رضامند نہین تو تحمل و بردباری کے ساتھ فرمایا ،،جسکو چاہو حکم بناؤ مجھے بحث نہین،،

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ جنگ سے کنارہ کش ہو کر ملک شام کے ایک گاؤن مین گوشہ نشین ہوگئے تھے، لوگون نے قاصد بھیجکر ان کو بلایا اور دونون فریق کے ارباب حل وعقد ایک عہدنامہ ترتیب دینے کے لیے مجتمع ہوئے، کاتب نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد لکھا، ہذا ما قاضی علیہ امیرالمومنین، امیر معاویہ نے اعتراض کیا کہ مین امیرالمومنین تسلیم کرلیتا تو پھر جھگڑا ہی کیا تھا، عمرو بن العاص نے مشورہ دیا کہ صرف نام پر اکتفا کیا جائے، لیکن احنف بن قیس اور حضرت علیؓ کے دوسرے جان نثارون کو اس لقب کا محو ہونا نہایت شاق تھا، فداے رسول نے کہا ،،خدا کی قسم یہ سنت کبری ہے، صلح حدیبیہ مین ،،رسول اللہ،، کے فقرے پر یہی اعتراض ہوا تھا، اس لیے جسطرح حضور انورؐ نے اپنے دست مبارک سے محو کردیا تھا، اسیطرح مین بھی اپنے ہاتھ سے مٹاتا ہون غرض معاہدہ لکھا گیا، اور دونون طرف کے سربرآوردہ آدمیون نے دستخط کرکے اسکو موثق کیا، معاہدہ کا خلاصہ یہ ہے،

،،علی، معاویہ اور ان دونون کے طرفدار باہمی رضامندی کے ساتھ عہد کرتے ہین، کہ عبداللہ بن قیس اور عمرو بن العاص قرآن پاک اور سنت نبوی کے مطابق جو فیصلہ کرینگے اُسکے تسلیم کرنے مین پس وپیش نہوگا اس لیے دونون حکم کے لیے نہایت ضروری ہے کہ

وہ قرآن اور سنت نبوی کو نصب العین بنائین اور کسی حالت مین اس سے انحراف نہ کرین،
حکم کی جان اور ان کا مال محفوظ رہیگا، اور اُن کے حق فیصلہ کی تمام امت تائید کریگی، ہان!
اگر فیصلہ کتاب اللہ اور سنت نبوی کے خلاف ہوگا، تو تسلیم نہین کیا جائیگا، اور فریقین کو
اختیار رہوگا کہ پھر از سر نو جنگ کو اپنا حکم بنائین،

خارجی فرقہ کی بنیاد

معاہدہ تیرھوین صفر ۳۷ھ چہارشنبہ کے روز ترتیب پایا، اشعث بن قیس
تمام قبائل کو اس معاہدہ سے مطلع کرنے پر مامور ہوئے، وہ سب کو سناتے ہوے جب عنزہ
کے فرودگاہ پر پہونچے تو دو آدمیون نے کھڑے ہوکر کہا کہ "خدا کے سوا اور کسی کو فیصلہ کا حق
نہین" اور غضبناک ہوکر شامی فوج پر حملہ کردیا، اور لڑکر مارے گئے، اسیطرح قبیلۂ مراد اور بنوراسب
اور بنوتمیم نے بھی اس کو ناپسند کیا، بنوتمیم کے ایک شخص عروہ بن اُدیہ نے اشعث سے
سوال کیا کیا تم لوگ اللہ کے دین مین آدمیون کا فیصلہ قبول کرتے ہو؟ اگر ایسا ہے تو بتاؤ کہ
ہمارے مقتول کہان جائین گے؟ اور غضبناک ہوکر تلوار کا ایک ایسا وار کیا کہ اگر خالی نہ جاتا
تو اشعث کا کام ہی تمام ہوجاتا خود حضرت علیؓ کی خدمت مین حاضر ہوکر بہت سے آدمیون
نے اس معاہدہ کی نسبت اپنی بیزاری ظاہر کی، محرز بن خنیس نے عرض کی "امیرالمومنین
اس معاہدہ سے رجوع کرلیجیے، واللہ! مین ڈرتا ہون کہ شاید آپ کے لیے انجام بُرا ہو" غرض
ایک معتدبہ جماعت نے اس کو ناپسند کیا اور انجام کار اسی ناپسندیدگی نے ایک مستقل فرقہ
کی بنیاد قائم کردی جس کا تفصیلی تذکرہ آگے آئیگا،

تحکیم کا نتیجہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہ نے دومۃ الجندل کو جو عراق اور شام کے
وسط مین تھا بالاتفاق حکمین کے لیے اجلاس کا مقام منتخب کیا، اور ہر ایک نے اپنے حکم کے
ساتھ چار چار سو آدمیون کی جمعیت ساتھ کردی، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کے ساتھ جو فوج گئی تھی

اس کے افسر شریح بن ہانی اور مذہبی نگران حضرت عبداللہ بن عباسؓ تھے، حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت سعد وقاصؓ اور حضرت مغیرہ بن شعبہؓ وغیرہ بھی جو اپنے ورع وتقوے کے باعث اس خانہ جنگی مین شریک ہونے سے محترز رہے تحکیم کی خبر سن کر اس کا آخری فیصلہ معلوم کرنے کے لیے دومۃ الجندل مین مجتمع ہوگئے، حضرت مغیرہ بن شعبہؓ نہایت نکتہ رس اور معاملہ فہم بزرگ تھے، انھون نے پہونچنے کے ساتھ ابو موسی اشعریؓ اور عمرو بن العاصؓ سے علحدہ علحدہ گفتگو کرکے اُن کی رائے کا اندازہ کیا، تو اُنھین یقین ہوگیا، کہ ان دونون مین اتحادِ رائے ممکن نہین ہے، چنانچہ اُنھون نے علانیہ پیشین گوئی کردی کہ اس تحکیم کا نتیجہ خوش آیندہ نہ ہوگا، بہرحال دونون حکم حسب قرارداد گوشۂ خلوت مین مجتمع ہوئے، عمرو بن العاصؓ نے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو اپنا ہمخیال بنانے کے لیے اُن کی غیر معمولی تعظیم وتوقیر شروع کی، تعریف وتوصیف کے پُل باندھ دیئے، اصل مسئلہ کے متعلق جو گفتگو ہوئی اس کا خلاصہ یہ ہے،

ابو موسی۔ عمرو! تم ایک ایسی راے کے متعلق کیا خیال رکھتے ہو جس سے خدا کی خوشنودی اور قوم کی بہبودی دونون میسر آئے،

عمرو بن العاص " وہ کیا ہے؟

ابو موسیٰ۔ عبداللہ بن عمر کو منصبِ خلافت پر متمکن کرنا چاہیئے، کیونکہ انھون نے ان خانہ جنگیون مین کسی طرح حصّہ نہین لیا ہے،

عمرو بن العاص۔ معاویہ مین کیا خرابی ہے؟

ابو موسیٰ۔ معاویہ نہ تو اس منصب جلیل کے لیے موزون ہین اور نہ اُن کو کسی طرح کا استحقاق ہے، ہان اگر تم مجھ سے اتفاق کرو، تو فاروقِ اعظم کا عہد لوٹ آئے اور عبداللہ اپنے باپ کی یاد پھر تازہ کردین،

عمرو بن العاص - میرے لڑکے عبداللہ پر آپ کی نظرِ انتخاب کیون نہین پڑتی، فضل ومنقبت مین تو وہ بھی کچھ کم نہین ؟

ابو موسی - بیشک تمھارا لڑکا صاحبِ فضل ومنقبت ہے، لیکن ان خانہ جنگیون مین شریک کرکے تم نے اُن کے دامن کو بھی ایک حد تک داغدار کر دیا ہے، برخلاف اس کے طیب بن الطیب عبداللہ بن عمرؓ کا لباسِ تقوی ہر قسم کے دھبون سے محفوظ ہے، بس آؤ! انھی کو مسندِ خلافت پر بٹھا دین"

عمرو بن العاص :- ابو موسی! اس منصب کی صلاحیت صرف اس مین ہو سکتی ہے جسکے دو داڑھ ہون ایک سے کھائے اور دوسرے سے کھلائے،

ابو موسی :- عمرو! تمھارا بُرا ہو، کشت وخون کے بعد مسلمانون نے ہمارا دامن پکڑا ہے اب ہم اُن کو پھر فتنہ وفساد مین مبتلا نہین کرینگے،

عمرو بن العاص - پھر آپ کی کیا رائے ہے ؟

ابو موسی - ہمارا خیال ہے کہ علیؓ اور معاویہؓ دونون کو معزول کر دین، اور مسلمانون کی مجلسِ شوریٰ کو پھر نئے سر سے اختیار دین کہ جسکو چاہے منتخب کرے،

عمرو بن العاص :- مجھے بھی اس سے اتفاق ہے،

مذکورۂ بالا قرارداد کے بعد دونون ایک دوسرے سے جُدا ہوئے، تو عبداللہ بن عباسؓ نے ابو موسیٰ کے پاس آکر کہا "خدا کی قسم مجھے یقین ہے کہ عمرو نے آپکو دھوکا دیا ہوگا اگر کسی رائے پر اتفاق ہوا ہو تو آپ ہرگز اعلان مین سبقت نہ کیجیئے گا وہ نہایت غدار ہے کیا عجب ہے کہ وہ آپ کے بیان کی مخالفت کر بیٹھے" ابو موسیٰ نے کہا کہ ہم لوگ ایسی رائے پر متحد ہوئے ہین کہ اسمین اختلاف کی گنجایش نہین، غرض دوسرے روز مسجد مین مسلمانون کا مجمع ہوا حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے

عمرو بن العاص سے فرمایا کہ منبر پر چڑھ کر فیصلہ سنائیں، اُنھوں نے عرض کی " میں آپ پر سبقت نہیں کر سکتا، آپ فضل و منقبت میں سن و سال میں غرض ہر حیثیت سے ہم سے افضل اور ہمارے بزرگ ہیں "

حضرت ابو موسیٰ پر عمرو بن العاص کا جادو چل گیا، بغیر پس و پیش کے کھڑے ہو گئے اور حمد و ثنا کے بعد کہا " صاحبو! ہم نے علی اور معاویہ دونوں کو معزول کیا اور پھر نئے سر سے مجلس شوریٰ کو انتخاب کا حق دیا وہ جسکو چاہے اپنا امیر بنائے " ابو موسیٰ اپنا فیصلہ سنا کر منبر پر سے اتر آئے تو عمرو بن العاص نے کھڑے ہو کر کہا " صاحبو! علی کو جیسا کہ ابو موسیٰ نے معزول کیا میں بھی معزول کرتا ہوں لیکن معاویہ کو اس منصب پر قائم رکھتا ہوں کیونکہ وہ امیر المومنین عثمان کے ولی اور خلافت کے سب سے زیادہ مستحق ہیں "

حضرت ابو موسیٰ بہت نیک اور سادہ دل بزرگ تھے، اس خلاف بیانی سے ششدر رہ گئے، چلا کر کہنے لگے، یہ کیا غداری ہے ؟ یہ کیا بے ایمانی ہے ؟ سچ یہ ہے کہ تمھاری حالت بالکل اُس کتے کی طرح ہے جسپر لادو جب بھی ہانپتا ہے اور چھوڑ دو جب بھی ہانپتا ہے انما مثلک کمثل الکلب ان تحمل علیہ یلہث او تترکہ یلہث عمرو بن العاص نے جواب دیا اور آپ پر چار پائے برو کتابے چند کی مثل صادق آتی ہے مثلک کمثل الحمار یحمل اسفارا،

عمرو بن عاص کے بیان سے مجمع میں سخت برہمی پیدا ہو گئی، شریح بن ہانی نے غضبناک ہو کر عمرو بن العاص کو کوڑے سے مارنا شروع کیا اس طرف سے اُن کے ایک لڑکے نے شریح پر حملہ کر دیا لیکن بات بڑھنے نہیں پائی اور لوگوں نے بیچ بچاؤ کر کے رفت و گذشت کر دیا، حضرت ابو موسیٰ کو اسقدر ندامت ہوئی کہ اسی وقت مکہ کی طرف روانہ ہو گئے اور تمام عمر گوشہ نشین رہے،

خوارج کی سرکشی پہلے گذر چکا ہے کہ تحکیم کو حضرت علیؓ کے اعوان وانصار مین سے ایک معتدٌبہ جماعت نے ناپسند کیا تھا، چنانچہ جب وہ صفین سے کوفہ واپس تشریف لائے تو اُس نے اپنی ناپسندیدگی کا ثبوت اس طرح دیا کہ تقریباً بارہ ہزار آدمیون نے لشکر حیدری سے کنارہ کش ہوکر حرورا مین اقامت اختیار کی، حضرت علیؓ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو سمجھانے کے لیے بھیجا، اُنھین ناکامی ہوئی تو خود تشریف لے گئے اور مناظرہ ومباحثہ کے بعد راضی کرکے سب کو کوفہ لے آئے، یہان یہ افواہ پھیلی کہ جناب امیر نے اُن کی خاطرداری کے لیے تحکیم کو کفر تسلیم کرکے اس سے توبہ کی ہے، حضرت علیؓ کے کان مین اس کی بھنک پہونچی تو ایک خاص طور پر خطبہ دیکر اس کی تکذیب کی، اور فرمایا کہ پہلے ان ہی لوگون نے جنگ ملتوی کرنے پر مجبور کیا، پھر تحکیم پر ناپسندیدگی ظاہر کی اور اب چاہتے ہین کہ عہدشکنی کرکے قبل از فیصلہ پھر جنگ شروع کردون، خدا کی قسم یہ نہین ہوسکتا، حاضرین مین اس جماعت کے لوگ بھی موجود تھے، وہ سب ایک ساتھ چلا اُٹھے، لاحکم الا للہ یعنی فیصلہ کا حق صرف خدا کو ہے، اور ایک شخص نے سامنے آکر نہایت بلندآہنگی سے کہا،

وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُکَ وَلَتَکُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ ○ (زمر ۷)

اے محمدؐ تم پر اور تمھارے قبل انبیا پر یہ وحی بھیجی گئی کہ اگر تم نے خدا کی ذات مین دوسرے کو شریک بنایا تو تمھارے سب اعمال بیکار ہوجائینگے اور تم خسارہ اُٹھانے والون مین ہوگے،

حضرت علیؓ نے برجستہ جواب دیا،

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ وَّلَا یَسْتَخِفَّنَّکَ الَّذِیْنَ لَا یُوْقِنُوْنَ (روم ۶)

تو صبر کر خدا کا وعدہ حق ہے، اور جو لوگ یقین نہین رکھتے وہ تیرا استخفاف نہ کرین،

غرض رفتہ رفتہ اس جماعت نے ایک مستقل فرقہ کی صورت اختیار کرلی، دومۃ الجندل کی

تحکیم کا افسوسناک نتیجہ ملک مین شائع ہوا، تو اس فرقہ نے جناب مرتضیٰؓ کی بیعت سے الگ ہوکر عبداللہ بن وہب الراسبی کے ہاتھ پر بیعت کی، اور کوفہ، بصرہ، انبار اور مدائن وغیرہ مین جسقدر اس فرقہ کے لوگ موجود تھے، وہ سب ایک ایک کرکے نہروان مین جمع ہوئے، اور ملک مین عام طور پر قتل وغارت کا بازار گرم کردیا،

خارجیون کا عقیدہ تھا کہ معاملاتِ دین مین سرے سے حکم مقرر کرنا کفر ہے، پھران دونون حکم نے جسطریقہ پر اس کا فیصلہ کیا اس کے لحاظ سے خود وہ دونون اور ان کے انتخاب کرنیوالے کافر ہین، نیز اس عقیدہ سے جسکو اتفاق نہو وہ بھی گردن زدنی ہے، چنانچہ اُنھون نے عبداللہ بن خباب اور اُن کی اہلیہ محترمہ کو نہایت بیدردی کے ساتھ قتل کردیا، اسی طرح ام سنان صیدیہ کو مشقِ ستم بنایا اور جو کوئی ملا اُسکو یا تو اپنا ہمخیال بنایا یا تلوار کے گھاٹ اُتار دیا، حضرت علیؓ کو ان جگرخراش واقعات کی اطلاع ہوئی تو حارث بن مرّہ کو دریافتِ حال کے لیے بھیجا، خارجیون نے اس غریب کا بھی کام تمام کردیا،

جناب مرتضیٰؓ اُسوقت نئے سرے سے شام پر فوج کشی کی تیاری فرمارہے تھے، لیکن جب خارجیون کی سرکشی اس قدر خوفناک حدتک پہونچ گئی تو اس ارادہ کو ملتوی کرکے نہروان کا قصد کرنا پڑا،

معرکۂ نہروان

حضرت علیؓ نے نہروان پہونچکر پہلے حضرت ایوب انصاریؓ اور قیس بن سعد بن عبادہؓ کو خارجیون کے پاس بھیجا کہ بحث و مباحثہ سے اُن کو ان کی غلطی پر متنبہ کرین، اور جب ان دونون کو ناکامی ہوئی تو خارجیون کے ایک سردار ابن الکوا کو بلاکر خود ہر طرح سمجھایا لیکن قلوب تاریک ہوچکے تھے، آنکھون پر ضلالت وگمراہی کا پردہ پڑچکا تھا، اس لیے ارشاد وہدایت کے تمام مساعی ناکام رہے، جناب امیر نے مجبوراً فوج کو تیاری کا حکم دیا اور میمنہ پر

حجر بن عدیؓ میسرہ پر شبیث بن ربعیؓ، پیادہ پر حضرت ابو قتادہ انصاریؓ اور سواروں پر حضرت ابو ایوب انصاریؓ کو متعین کرکے باقاعدہ صف آرائی کی،

خارجیون مین ایک جماعت ایسی بھی تھی جسکو حیدر کرار سے جنگ آزما ہونے مین پس وپیش تھا، چنانچہ لڑائی شروع ہوئی تو تقریباً پانچ سو آدمیون نے جنگ سے پہلو تہی کرکے بندنجین کی راہ لی ایک بڑے گروہ نے کوفہ کا قصد کیا اور ایک ہزار آدمیون نے توبہ کرکے علم حیدری کے نیچے پناہ لی اس طرح عبداللہ بن وہب الراسبی کے ماتحت صرف چار ہزار خارجی باقی رہ گئے، لیکن اس قلیل جماعت نے دو ٹکڑیون مین منقسم ہوکر میمنہ اور میسرہ پر اس زور سے حملہ کردیا کہ اگر جان نثاران علی مین غیر معمولی ثبات واستقلال نہوتا تو ان کا روکنا سخت مشکل تھا، خارجیون کی حالت یہ تھی کہ اعضا رکٹ کٹ کر جسم سے علحدہ ہوجاتے تھے، لیکن اُن کی حملہ آوری مین فرق نہین آتا تھا، شریح بن ابی اوفی کا ایک پانون کٹ گیا تو وہ صرف ایک ہی پانون پر کھڑا ہوکر لڑتا رہا غرض نہایت گھمسان کی جنگ ہوئی، خارجی ایک ایک کرکے مارے گئے، جنگ ختم ہونے کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خارجی مقتولین مین اس شخص کو تلاش کرنا شروع کیا جسکے متعلق رسول اللہ صلعم نے پیشین گوئی کی تھی، چنانچہ تمام علامات کے ساتھ وہ لاش برآمد ہوئی تو فرمایا "اللہ اکبر! خدا کی قسم رسول اللہ نے کس قدر صحیح ارشاد فرمایا تھا،،

جنگ نہروان سے فارغ ہونے کے بعد حضرت علیؓ نے شام کی طرف کوچ کا حکم دیا، لیکن اشعث بن قیس نے کہا "امیر المومنین! ہمارے ترکش خالی ہوگئے ہین، تلوارون کی دھارین مڑ گئی ہین اور نیزون کے پھل خراب ہوگئے ہین اس لیے ہمکو دشمن پر فوج کشی کرنے سے پہلے اسباب وسامان درست کرلینا چاہیے، جناب امیر نے اشعث کی رائے کے مطابق

نخیلہ مین پڑاؤ کرکے لوگون کو تیاری کا حکم دیا، لیکن لوگ تیار ہونے کے بجائے آہستہ آہستہ دس دس بیس بیس کرکے کوفہ جانے لگے، یہان تک کہ آخر مین تقریباً صرف ایک ہزار کی جمعیت ساتھ رہ گئی، حضرت علیؓ نے یہ رنگ دیکھا تو سردست شام پر فوج کشی کا ارادہ ترک کردیا اور کوفہ واپس جاکر اقامت اختیار کی،

مصر کے لیے کشمکش پہلے گذر چکا ہے کہ جناب مرتضیٰؑ نے مسندِ خلافت پر متمکن ہونے کے ساتھ عہد عثمانی کے تمام عمال کو معزول کرکے نئے عمال مقرر کیے، چنانچہ مصر کی ولایت حضرت قیس بن سعد انصاری کے سپرد ہوئی، انھون نے نہایت حکمت عملی کے ساتھ تقریباً تمام اہل مصر کو جناب امیر علیہ السلام کی خلافت پر راضی کرلیا، اور سب سے بیعت لی، صرف قصبہ "خربتا" کے لوگون نے پس وپیش کیا اور عرض کی کہ جب تک معاملات یکسو ہوجائین اسوقت تک ان سے بیعت کے لیے اصرار نہ کیا جائے، البتہ وہ والیِ مصر کی اطاعت وفرمانبرداری مین کوتاہی نہ کرینگے، ورنہ ملک مین امن وسکون کو صدمہ پہونچائین گے، قیس بن سعد نہایت تجربہ کار اور صاحب تدبیر تھے، اُنھون نے اس بھڑکے چھتے کو چھیڑنے کے بجائے نہایت خوشی کے ساتھ انھین امن وسکون کی زندگی بسر کرنے کی اجازت دیدی اور فرمایا کہ "مین ہرگز تمھین بیعت کے لیے مجبور نہین کرون گا" اس رواداری کا نتیجہ یہ ہوا کہ اہل خربتا مطیع وفرمان بردار ہوگئے اور خراج وغیرہ ادا کرنے مین اُنھون نے کبھی کوئی جھگڑا نہین کیا،

جنگ صفین کی تیاریان شروع ہوئین تو امیر معاویہؓ کو خوف ہوا کہ اگر دوسری طرف سے قیس بن سعد اہل مصر کو لیکر شام پر چڑھ آئین گے تو نہایت دقت کا سامنا ہوگا، اس بناپر اُنھون نے خود قیس بن سعد کو ایک خط لکھ کر اپنا طرفدار بنانا چاہا، قیس بن سعد نے دنیا سازی کے طور پر نہایت گول مول جواب دیا، لیکن امیر معاویہ فوراً اس کو تاڑ گئے، اور

لکھا کہ "تم مجھے دھوکا دینا چاہتے ہو، حالانکہ مجھ جیسا شخص کبھی تمھارے دام فریب کا شکار نہین ہوسکتا، افسوس تم اُسکو فریب دیتے ہو جسکا ادنی اشارہ مصر کو پامال کرسکتا ہے"، قیس بن سعدؓ نے نہایت سختی سے اس کا جواب دیا اور لکھا کہ مین تمھاری دھمکی سے نہین ڈرتا، خدانے چاہا تو خود تمھین اپنی جان کے لالے پڑجائین گے،

حضرت قیس بن سعدؓ نہایت بلند پایہ اور ذی اثر بزرگ تھے، رسول اللہؐ کے ساتھ اکثر غزوات مین انصار کے علم بردار رہے تھے، امیر معاویہ نے دیکھا کہ اُن کے مقابلہ مین کچھ پیش نہ جائیگی تو اُنھون نے اُن کے مصر سے ہٹانے کی ایک عجیب وغریب تدبیر اختیار کی یعنی شہرت دی کہ قیس بن سعد اُن کے طرفدار ہین، رفتہ رفتہ یہ افواہ دربارِ خلافت مین پہونچی، محمد بن ابی بکر وغیرہ نے اسکو اور بھی بڑھا چڑھا کر بیان کیا اور اہل خربتا کو بیعت پر مجبور نہ کرنے کا واقعہ ثبوت مین پیش کیا،

غرض جناب امیر نے اس افواہ سے متاثر ہوکر قیس بن سعد کو خربتا والون سے بیعت کے لیے لڑنے کا حکم دیا، اُنھون نے گذارش کی کہ "خربتا تقریباً دس ہزار نفوس کی آبادی ہے، اسمین بسر بن ارطاۃ، مسلمہ بن مخلد اور معاویہ بن خدیج جیسے جنگ آزما بہادر موجود ہین اس سے لڑائی خریدنا مفید مصلحت نہین"، لیکن جب دربارِ خلافت سے مکرر اصرار ہوا تو اُنھون نے استعفا دیدیا،

قیس کی جگہ محمد بن ابی بکر والیِ مصر مقرر ہوئے لیکن ان کی کمسنی وناتجربہ کاری نے بہت جلد مصر مین شورش وبےچینی کی آگ بھڑکا دی اور خربتا والون سے چھیڑ کرکے اُن کو آمادۂ پرخاش کردیا، حضرت علیؑ کو ان حالات کی اطلاع ہوئی تو اُنھون نے معرکۂ صفین کے بعد اشتر نخعی کو مصر کی طرف روانہ کیا کہ محمد بن ابی بکر کو سبکدوش کرکے ملک کی حالت درست کرین لیکن

امیر معاویہ رضؓ نے رستہ مین زہر دلا کر اشتر کا کام تمام کر دیا، اور عمرو بن العاص رضؓ کے ماتحت ایک زبردست مہم مصر کی طرف روانہ کی محمد بن ابی بکرؓ کے لیے اس فوج کا مقابلہ نہایت دشوار تھا، تاہم دو ہزار کی جمعیت فراہم کرکے نہایت جانبازی سے لڑے، یہانتک کہ عمرو بن العاص کو معاویہ بن خدیج رئیس خربتا کی مدد طلب کرنی پڑی، معاویہؓ نے ایک بڑی جمعیت کے ساتھ پیچھے سے آکر گھیر لیا، اسطرح محمد بن ابی بکرؓ کے ساتھی یا تو مارے گئے یا جان بچاکر بھاگ کھڑے ہوئے محمد بن ابی بکرؓ نے بھی ایک ویران کھنڈر مین پناہ لی، لیکن عمرو بن العاصؓ کے جاسوسون نے ڈھونڈھ نکالا، معاویہ بن خدیج نے نہایت بے رحمی کے ساتھ قتل کیا، اور لاش کو ایک مردہ گدھے کے پیٹ مین ڈالکر جلا دیا، غرض اس افسوسناک طریقہ پر ۳۸ھ مین مصر کی قسمت کا فیصلہ ہو گیا، اور حضرت علیؓ اپنی مجبوریون کے باعث محمد بن ابی بکرؓ کی کچھ مدد نہ کر سکے،

اسی سال یعنی ۳۸ھ مین امیر معاویہ نے عبداللہ بن حضرمی کو بصرہ بھیجا کہ لوگون کو جناب مرتضیٰ کی اطاعت سے برگشتہ کرکے اُن کی حکومت کا طرفدار بنائے چنانچہ عبداللہ کو اپنی مہم مین زیادہ کامیابی ہوئی، قبیلۂ بنو تمیم اور تقریباً تمام اہل بصرہ نے اس صدائے دعوت کو لبیک کہا، یہان تک کہ حضرت علیؓ کے عامل زیاد کو بصرہ چھوڑکر حدان مین پناہ گزین ہونا پڑا، بارگاہ خلافت کو اطلاع ہوئی تو اعین بن ضبیعہ ابن حضرمی کی ریشہ دوانیون کا شیرازہ بکھیرنے پر مامور ہوئے، لیکن قبل اسکے کہ اُنھین کامیابی ہو، امیر معاویہ کے ہواخواہون نے ناگہانی طور پر اُنھین قتل کر دیا،

جناب امیر نے اعین بن ضبیعہ کے بعد جاریہ بن قدامہ کو ابن حضرمی کی سرکوبی پر مامور کیا، اُنھون نے نہایت حکمت عملی کے ساتھ بصرہ پہونچکر ابن حضرمی اور اس کے ساتھیون کو محصور

کرلیا اور اُن کے مامن کو نذرِ آتش کرکے خاک سیاہ کردیا، اہل بصرہ نے پھر نئے سرے سے اطاعت قبول کی، اور امیر المومنین کے ترحم نے عفو عام کا اعلان کیا،

بغاوتون کا استیصال

جنگِ نہروان مین گو خارجیون کا زور ٹوٹ چکا تھا تاہم ان کی چھوٹی چھوٹی جماعتین تمام ملک مین موجود تھین اور اپنی ریشہ دوانیون سے روزانہ ایک نہ ایک فتنہ برپا کرتی رہتی تھین، چنانچہ خریت بن راشد کا صرف یہ کام تھا کہ مجوسیون، مرتدون اور نومسلمون کو اپنے دامِ تزویر مین پھنسا کر ملک مین ہر طرف لوٹ مار کرتا پھرتا تھا، اور ہر جگہ ذمیون کو بھڑکا کر بغاوت کرا دیتا تھا، حضرت علیؓ نے زیاد بن حفصہ اور ایک دوسری روایت کے مطابق معقل بن قیس کو اسکی سرکوبی پر مامور کیا، اُنھون نے مسلسل تعاقب کے بعد رامہرمز کی پہاڑیون مین مقابلہ کرکے اُس سے اور اُس کی جماعت سے ملک کو پاک وصاف کردیا، معقل بن قیس نے باغی ذمیون سے پھر اطاعت کا عہد لیکر نہایت لطف و ترحم کا سلوک کیا، نومسلمون اور مرتدون کے ساتھ بھی (اسلام قبول کرنے کے بعد) باوجود ابن خریت کی معاونت کے نہایت عمدہ برتاؤ کیا، اس لطف ونوازش کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ معقل بن قیس رامہرمز سے روانہ ہوئے تو مسلمانون نے دور تک مشایعت کی، ایرانی مردون اور عورتون نے خدا حافظ کہا، اور اُن کی جدائی پر بے اختیار آنکھون سے آنسو نکل آئے،

امیر معاویہ کا جارحانہ طریق عمل

جنگِ صفین کے التوا، اور مسئلہ تحکیم نے اگر ایک طرف حضرت علیؓ کی جماعت مین تفریق واختلافات کا رخنہ ڈالکر خارجیون کا خطرناک وجود پیدا کردیا، تو دوسری طرف سب سے بڑا نقصان یہ کیا کہ مخصوص ہمدمون اور جان نثارون کے عزم وارادے بھی پست کردئیے، جناب امیرؓ نے بارہا شام پر چڑھائی کا قصد کیا، پرجوش خطبون سے اپنے ساتھیون کو حمایتِ حق کی دعوت دی اور طعن آمیز جملون سے ان کی رگِ غیرت کو جوش دلایا، لیکن

شیعیانِ علی کے دل پژمردہ ہوگئے تھے اور ہمتین پست ہوچکی تھین، اُنھون نے ہمیشہ سردمہری اور سکوت سے اس کا جواب دیا، اس موقع پر حضرت علیؓ کی طرف جو خطبے منسوب ہین اور جو نہج البلاغۃ مین موجود ہین، اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ کو اپنے حامیون اور طرفدارون کی اس سردمہری کا کتنا صدمہ تھا، بہرحال امیر معاویہ اس حقیقت سے ناواقف نہ تھے، انھون نے اب اپنے حریف کے تساہل سے فائدہ اُٹھا کر مدافعت کے بجائے جارحانہ طریقِ عمل اختیار کیا، اور ۳۹ھ مین اپنی فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے بنا کر حجاز، عراق اور جزیرہ مین پھیلا دیے کہ قتل وغارت کرکے جناب مرتضیٰؓ کی پریشانیون مین اضافہ کرین، چنانچہ نعمان بن بشیر نے دو ہزار کی جمعیت سے عین التمر پر، سفیان بن عوف نے چھ ہزار کی قوت سے انبار اور مدائن وغیرہ پر، عبداللہ بن مسعدہ فزاری نے ایک ہزار سات سو آدمیون سے تیماء پر، ضحاک بن قیس نے واقصہ کے نشیبی حصہ پر، اور خود امیر معاویہ نے دجلہ کے ساحلی علاقون پر حملہ کرکے بیت المال لوٹ لیے، شیعیانِ علی کو تہ تیغ کیا، اور لوگون کو اپنی حکومت کے سامنے گردنِ اطاعت خم کرنے پر مجبور کیا،

کرمان وفارس کی بغاوتون کو فرو کرنا حیدر کرار کی ہمت مردانہ نے گو بہت جلد امیر معاویہ کے حملہ آور دستون کو ممالک مقبوضہ سے نکال دیا، تاہم اس سے ایک عام بدامنی اور بے رعبی پیدا ہوگئی، کرمان وفارس کے عجمیون نے بغاوت کرکے خراج ادا کرنے سے انکار کردیا، اسیطرح اکثر صوبون سے عمال نکال دیے گئے، اور ذمیون نے خودسری اختیار کرلی، حضرت علیؓ نے اس عام بغاوت کے فرو کرنے کے متعلق مشورہ طلب کیا، لوگون نے عرض کی کہ زیاد بن ابیہ سے زیادہ اس کام کیلئے کوئی شخص موزون نہین ہوسکتا، غرض زیاد اس مہم پر مامور ہوئے، اور اُنھون نے بہت جلد کرمان، فارس اور تمام ایران مین بغاوت کی آگ فرو کرکے امن وسکون پیدا کردیا،

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بغاوت فرو ہونے کے بعد ایرانی باغیون کے ساتھ اس قدر لطف و مدارات کا سلوک کیا کہ ایران کا بچہ بچہ منت پذیری کے جذبات سے لبریز ہو گیا، ایرانیون کا خیال تھا کہ امیر المومنین علی بن ابی طالب رض کے طریقِ جہانبانی نے نوشیروانی طرزِ حکومت کی یاد بھلادی،

فتوحات گذشتہ اوراق پڑھنے کے بعد یہ معلوم ہو چکا ہوگا کہ حضرت علی مرتضیٰ رض کو داخلی اصلاحات اور خانگی جھگڑون کے دبانے مین جو مصروفیتین رہین اُن کی بنا پر اُن کو اتنی مہلت بمشکل مل سکتی تھی کہ وہ اسلام کے فتوحات کے دائرہ کو بڑھا سکتے، صرف دو سمتون مین وہ کچھ کر سکے، ایک تو سیستان اور کابل کی سمت مین جو بعض عرب خود مختار ہو گئے تھے اُن کو قابو مین لیکر آگے قدم بڑھایا[۱]، دوسری طرف ۳۸ھ مین بعض مسلمانون کو بحری راستہ سے ہندوستان پر حملہ کرنے کی اجازت دی، اسوقت کوکن (بمبئی) کا علاقہ سندھ مین شامل تھا مسلمان رضا کار سپاہیون نے سب سے پہلے اسی عہد مین کوکن پر حملہ کیا[۲]،

حجاز وعرب کے قبضہ کیلئے کشمکش امیر معاویہ نے ۴۰ھ مین پھر از سرِ نو چھیڑ چھاڑ شروع کی، بسر بن ابی ارطاۃ کو تین ہزار کی جمعیت کے ساتھ حجاز کی طرف روانہ کیا، چنانچہ اُس نے بغیر کسی مقابلہ کے مکہ و مدینہ پر قبضہ کر لیا، اور لوگون سے زبردستی امیر معاویہ کے لیے بیعت لی، پھر وہان سے یمن کی طرف بڑھا، حضرت ابو موسیٰ اشعری رض نے پہلے سے پوشیدہ طور پر یمن کے عامل عبید اللہ بن عباس رض کو بسر بن ارطاۃ کے حملہ کی اطلاع کر دی، اور لکھا کہ جو لوگ معاویہ رض کی حکومت تسلیم کرنے مین لیت و لعل کرتے ہین، وہ اُنکو نہایت بیدردی کے ساتھ تہ تیغ کر دیتا ہے عبید اللہ بن عباس نے اپنے کو مقابلے سے عاجز دیکھکر عبد اللہ بن عبد المدان کو اپنا

---

[۱] فتوح البلدان بلاذری باب سیستان و کابل [۲] فتوح البلدان بلاذری ذکر فتوح السند،

قائم مقام کیا اور دربارِ خلافت سے مدد طلب کرنے کے لیے کوفہ کی راہ لی بسر بن ابی ارطاۃ نے یمن پہونچکر نہایت بیرحمی کے ساتھ عبید اللہ بن عباس کے دو صغیر السن بچون اور ہواخواہانِ مرتضیٰ کی ایک بڑی جماعت کو قتل کردیا،

دوسری طرف شامی سوارون نے خود عراق پر ترکتاز شروع کی اور محافظ سپاہ کو شکست دیکر انبار پر تسلط کرلیا، حضرت علیؓ نے جاریہ بن قدامہ اور وہب بن مسعود کو چار ہزار کی جمعیت کے ساتھ بسر بن ابی ارطاۃ کی سرکوبی کے لیے یمن وحجاز کی مہم پر مامور کیا، اور کوفہ کی جامع مسجد مین پُرجوش خطبے دیکر لوگون کو حدودِ عراق سے شامی فوج نکالدینے پر اُبھارا، یہ تقریرین ایسی مؤثر تھین کہ اہل کوفہ کے مردہ قلوب مین بھی اسوقت فوری طور پر ایک روح پیدا ہوگئی اور جوش وخروش کے ساتھ ہر گوشہ سے صداے لبیک بلند ہوئی، لیکن جب کوچ کا وقت آیا تو میدانِ اجتماع مین صرف تین سو آدمی پائے گئے، جناب مرتضیٰ کو اہلِ کوفہ کی اس بے حسی پر نہایت صدمہ ہوا، حجر بن عدی اور سعید بن قیس ہمدانی نے عرض کی "امیر المومنین! بغیر تشدد کے لوگ راہ پر نہ آئین گے، عام منادی کرادیجیے کہ بلا استثناء ہر شخص کو میدانِ جنگ کی طرف چلنا پڑے گا، اور جو اس مین تساہل یا اعراض سے کام لے گا اس کو سخت سزا دیجائیگی"، اس مشورہ پر عمل کرنے کے سوا چارہ نہ تھا، حضرت علیؓ نے حسب قرارداد اعلان عام کردیا اور معقل بن قیس کو رساتیق بھیجا کہ وہان سے جسقدر سپاہی میسر آسکین جمع کرکے لے آئین لیکن یہ تیاریان ابھی حد تکمیل کو نہین پہونچی تھین کہ ابن ملجم کی زہر آلود تلوار نے جام شہادت پلادیا، انا للہ وانا الیہ راجعون،

اس جان گسل واقعہ اور اندوہناک سانحہ کی تفصیل یہ ہے کہ واقعۂ نہروان کے بعد چند خارجیون نے حج کے موقع پر مجتمع ہوکر مسائلِ حاضرہ پر گفتگو شروع کی اور بحث ومباحثہ کے بعد بالاتفاق

یہ راے قرار پائی کہ جب تک تین آدمی علیؓ، معاویہؓ اور عمرو بن العاصؓ صفحۂ ہستی پر موجود ہین دنیاے اسلام کو خانہ جنگیون سے نجات نصیب ہوگی، چنانچہ تین آدمی ان تینون کو قتل کرنے کے لیے تیار ہوگئے، عبدالرحمن بن ملجم نے کہا کہ مین علی کے قتل کا ذمہ لیتا ہون، اسیطرح نزال نے معاویہ اور عبداللہ نے عمرو ابن العاص کے قتل کا بیڑا اُٹھایا، اور تینون اپنی اپنی مہم پر روانہ ہوگئے، کوفہ پہونچکر ابن ملجم کے ارادہ کو قطام نامی ایک خارجی عورت نے زیادہ مستحکم کردیا، اُس نے اس مہم مین کامیاب ہونے کے بعد اُس سے شادی کا وعدہ کیا، اور جناب مرتضیٰ کے خون کو مہر قرار دیا،

غرض رمضان ۴۰ھ مین تینون نے ایک ہی روز صبح کی نماز کے وقت ہر ایک پر حملہ کیا، امیر معاویہ اور عمرو بن العاص اتفاقی طور پر بچ گئے، امیر معاویہ پر اوچھا پڑا، اور بچ گئے، عمرو بن العاص اس دن خود امامت کے لیے نہین آئے تھے، ایک اور شخص اُن کا قائم مقام ہوکر آیا، اور وہ عمرو بن العاص کے دھوکے مین مارا گیا، لیکن جناب مرتضیٰ کا پیمانۂ حیات لبریز ہوچکا تھا، آپ مسجد مین تشریف لائے، ابن ملجم جو مسجد مین سو رہا تھا اُسکو جگایا، نماز کیلیے کھڑے ہوے، سر سجدہ مین تھا، اور دل راز و نیاز الٰہی مین مصروف تھا کہ ابن ملجم شقی کی تلوار کا وار نہایت کاری پڑا، سر پر زخم آیا، ابن ملجم کو لوگون نے گرفتار کرلیا[۱] حضرت علیؓ نے حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو بلاکر نہایت مفید نصائح کیے اور محمد بن حنفیہ کے ساتھ لطف و مدارات کی تاکید کی، جندب بن عبداللہ نے عرض کی "امیرالمومنین! آپ کے بعد ہم لوگ امام حسنؑ کے ہاتھ پر بیعت کرین؟ فرمایا اس کے متعلق مین نفیاً یا اثباتاً کچھ کہنا نہین چاہتا، تم لوگ خود اسکو طے کرو، اس کے بعد مختلف وصیتین کین، قاتل کے متعلق

---

[۱] طبری از صفحہ ۳۴۵۷ و ۳۴۵۸،

فرمایا کہ معمولی طور پر قصاص لینا (طبری ۲۴۶۱)

تلوار زہر مین بجھی ہوئی تھی اس لیے نہایت تیزی کے ساتھ اس کا اثر تمام جسم مین سرایت کرگیا، اور اسی روز یعنی ۲۰ رمضان ۴۰ھ جمعہ کی رات کو یہ فضل و کمال اور رشد و ہدایت کا آفتاب ہمیشہ کے لیے غروب ہوگیا، حضرت امام حسنؑ نے خود اپنے ہاتھ سے تجہیز و تکفین کی، نماز جنازہ مین چار تکبیرون کے بجائے پانچ تکبیرین کہین اور غزی نام کوفہ کے ایک قبرستان مین سپردِ خاک کیا،

کارنامے

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی تمام خلافت خانہ جنگی، شورش و فتنہ پردازی کے نذر ہوگئی اور اس پنجسالہ مدت مین انھین ایک لمحہ بھی سکون و اطمینان کا نصیب نہوا، یہی وجہ ہے کہ اس عہد مین فتوحات کے دائرہ کو کچھ یون ہی سی وسعت حاصل ہوئی، ملکی نظم و نسق کو بہتر بنانے کے لیے بھی اطمینان و فرصت درکار ہے، تاہم باوجود ان گوناگون مشکلات کے جناب مرتضیٰؓ کی زندگی عظیم الشان کارنامون سے مملو ہے، لیکن کارنامون پر نظر کرنے سے پہلے ہم کو غور کرنا چاہیئے کہ خلافت مرتضوی مین اسقدر افتراق، اختلاف اور شر و فساد کے کیا اسباب تھے؟ اور حضرت علیؓ نے کس تحمل استقلال اور سلامت روی کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا؟

خلافت پر ایک منظر حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد جناب مرتضیٰؓ نے مسندِ خلافت پر قدم رکھا تو نہ صرف دار الخلافہ بلکہ تمام دنیاے اسلام پُر آشوب تھی، اُن کا شہید ہونا کوئی معمولی واقعہ نہ تھا،

اس نے تمام مسلمانون کے جذبۂ غیظ و غضب کو مشتعل کر دیا یہان تک کہ جو لوگ خلیفۂ ثالث کے طرزِ حکومت کو ناپسند کرتے تھے اُنھون نے بھی مفسدین کی اس حرکت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھا، یہی وجہ ہے کہ حضرت زبیرؓ حضرت طلحہؓ اور خود ام المومنین حضرت عائشہؓ نے حضرت عثمانؓ کی حکومت سے کبیدہ خاطر ہونے کے باوجود مطالبۂ قصاص کا علم بلند کیا،

دوسری طرف شام مین بنو امیہ امیر معاویہؓ کے زیر سیادت خلافت راشدہ کو اپنی مخصوص سلطنت مین تبدیل کر لینے کا خواب دیکھ رہے تھے، اور اُن کے لیے اس سے زیادہ بہتر موقع کیا ہو سکتا تھا؟ چنانچہ امیر معاویہؓ نے بغیر کسی تامل کے ہر ممکن ذریعہ سے تمام شام مین خلیفۂ ثالث کے انتقام کا جوش پیدا کر کے حضرت علیؓ کے خلاف ایک عظیم الشان قوت پیدا کر لی اور حسب ذیل وجوہ کو نقاب بنا کر میدانِ رزم مین اُترے،

(۱) حضرت علیؓ نے مفسدین کے مقابلہ مین حضرت عثمانؓ کو مدد نہین دی،

(۲) اپنی خلافت مین قاتلینِ عثمان سے قصاص نہین لیا،

(۳) محاصرہ کرنے والون کو قوتِ بازو بنایا اور اُن کو بڑے بڑے عہدے دیے،

چونکہ یہ وجوہ تمام خانہ جنگیون کی بنا قرار پائے اس لیے ہم کو غور کرنا چاہیئے کہ یہ کہان تک صحیح ہین اور جناب مرتضیٰ اسمین کس حد تک معذور تھے؟ امر اول یعنی مفسدین کے مقابلہ مین مدد نہ دینے کا الزام، صرف حضرت علیؓ ہی پر نہین بلکہ حضرت طلحہؓ زبیرؓ سعد وقاصؓ اور تمام اہل مدینہ پر عائد ہوتا ہے لیکن اصل یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کو منظور نہ تھا کہ اُن کے عہد مین خانہ جنگی کی ابتدا ہو، چنانچہ انصار کرام، بنو امیہ اور خود خلیفۂ ثالث کے پروردگانِ نعمت نے جان نثاری کے لیے اپنے کو پیش کیا تو اُنھون نے نہایت سختی کے ساتھ کشت و خون سے منع کر دیا، جناب مرتضیٰ نے اس باب مین جو کچھ کیا اُن کے لیے اس سے زیادہ ممکن نہ تھا،

پہلے گذر چکا ہے کہ اول دفعہ مفسدین کو حضرت علیؓ ہی نے راضی کرکے واپس کردیا تھا لیکن جب دوسری مرتبہ واپس آئے تو مروان کی غداری نے اُن کی آتشِ غیظ و غضب کو اس قدر بھڑکا دیا تھا کہ کسی قسم کی سفارش کارگر نہین ہوسکتی تھی، ام المومنین ام حبیبہؓ نے محاصرہ کی حالت مین حضرت عثمانؓ کے پاس کھانے پینے کا کچھ سامان پہونچانا چاہا تو مفسدین نے ام المومنین ام حبیبہؓ کا پاس و لحاظ نہ کیا اور گستاخانہ مزاحمت کی[1]، اسی طرح حضرت علیؓ نے سفارش کی کہ آب و دانہ کی بندش نہ کی جائے تو ان شوریدہ سرون نے نہایت سختی سے انکار کردیا، جناب امیر کو اپنی سفارش کے نہ مانے جانے پر اس قدر صدمہ ہوا کہ عمامہ پھینک کر اسی وقت واپس چلے آئے[1] اور تمام معاملات سے قطع تعلق کرکے عزلت نشین ہوگئے، پھر اس نکتہ کو بھی ملحوظ رکھنا چاہیے کہ اگر حضرت عثمانؓ محصور تھے تو دوسرے بڑے بڑے صحابہ بھی آزاد نہ تھے، مفسدین نے ان لوگون کی نقل و حرکت پر بھی سخت نگرانی قائم کردی تھی چنانچہ ایک دفعہ حضرت امام حسنؑ نے اپنے پدر گرامی سے عرض کی کہ اگر آپ میری گذارش پر عمل کرکے محاصرہ کے وقت مدینہ چھوڑ دیتے تو آج مطالبۂ قصاص کا جھگڑا آپکے سر نہ پڑتا اُسوقت جناب امیر نے یہی جواب دیا تھا کہ تمھین کیا معلوم کہ مین اس وقت آزاد تھا یا مقید؟[2]

امر دوم یعنی قاتلون کو سزا نہ دینے کا الزام ایک حد تک لائقِ بحث ہے، اصل یہ ہے کہ اگر قاتل سے مراد وہ مخصوص اشخاص ہین جنھون نے براہ راست خونریزی مین حصہ لیا تو بیشک انھین کیفر کردار تک پہونچانا فرض تھا لیکن پہلے گذر چکا ہے کہ باوجود تفتیش و تحقیق ان کا سراغ نہ ملا اور اگر قاتل کا لفظ تمام محاصرہ کرنے والون پر مشتمل ہے جیسا کہ امیر معاویہ وغیرہ کے مطالبہ سے ظاہر ہوتا ہے تو ظاہر ہے کہ ایک شخص کے قصاص مین ہزارون

[1] طبری ص ۳۰۱۰ [2] ابن اثیر ج ۳ ص ۱۸۱،

آدمیون کا خون نہین بہایا جا سکتا تھا، اور نہ شریعت اس کی اجازت دے سکتی تھی پھر اسی کے ساتھ اس بڑی جماعت مین بعض صحابۂ کرام رضی اور بہت سے صلحاے روزگار بھی شامل تھے، جنکا مطمح نظر صرف طلب اصلاح تھا اس لیے ان لوگون کو قتل کر دینا یا امیر معاویہ کے خنجر انتقام کے نیچے دیدینا صریحاً ظلم تھا۔

امر سوم یعنی محاصرہ کرنے والون کو توت بازو بنانے اور ان کو بڑے بڑے عہدے دینے کا الزام اگر الزام ہے تو یہ ایک حد تک صحیح ہے، لیکن حضرت علی رضی اس کے لیے بالکل مجبور تھے، درحقیقت اسوقت دنیاے اسلام مین تین مختلف فرقے پیدا ہو گئے تھے، شیعۂ عثمان یعنی عثمانی فرقہ جو علانیہ جناب امیر کا مخالف اور اپنی ایک مستقل سلطنت قائم کرنے کا خواب دیکھ رہا تھا، دوسرا گروہ اکابر صحابہ کا تھا جو اگرچہ حضرت علی رضی کو برسرِ حق سمجھتا تھا، لیکن اپنے ورع و تقوی کے باعث خانہ جنگی مین حصہ لینا پسند نہین کرتا تھا، چنانچہ جب حضرت علی رضی نے مدینہ سے کوفہ کا قصد کیا اور صحابۂ کرام سے چلنے کے لیے کہا تو بہت سے محتاط صحابہ نے معذرت کی حضرت سعد وقاص رضی نے کہا "مجھے ایسی تلوار دیجیے جو مسلم و کافر مین امتیاز رکھے، مین صرف اسی صورت مین جانبازی کیلیے حاضر ہون" حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی نے کہا "خدا کیلیے مجھے ایک ناپسندیدہ فعل کیلیے مجبور نہ کیجیے" حضرت محمد بن مسلمہ رضی نے کہا "قبل اس کے کہ میری تلوار کسی مسلم کا خون گرائے اس زور سے اسے جبلِ احد پر پٹک مارونگا کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے" اسیطرح حضرت اسامہ بن زید رضی نے عرض کی امیر المومنین مجھے معاف کیجیے مینے عہد کیا ہے کہ کسی کلمہ گو کے خون سے اپنی تلوار رنگین نہ کرونگا، غرض یہ گروہ عملی اعانت سے قطعی کنارہ کش تھا، تیسرا گروہ شیعیانِ علی کا تھا جس مین ایک بڑی جماعت ان لوگون کی تھی جو یا تو خود محاصرہ مین شریک تھے، یا وہ اُن کے زیر اثر تھے، اس لیے جناب امیر خواہ مخواہ بے رخی کرکے اس بڑی جماعت کو قصداً اپنا دشمن کیونکر بنا لیتے، تاہم حضرت علی رضی نے ان ہی لوگون کو اپنا خاص تقرب عطا کیا جو درحقیقت اسکے اہل تھے، حضرت عمار بن یاسر رضی ایک بلند پایہ صحابی اور مقبولِ بارگاہِ نبوت تھے، محمد بن ابی بکر رضی خلیفۂ

اول کے صاحبزادہ اور آغوشِ حیدر کے تربیت یافتہ تھے، اسیطرح اشتر نخعی ایک نہایت صالح، نیک سیرت اور جان نثار تابعی تھے،

غرض اسباب وعلل جس قسم کے ہون اور ان کی حقیقت کچھ بھی ہو لیکن واقعہ یہ ہے کہ جناب مرتضی کی سند نشینی کے ساتھ ہی یکایک دنیائے اسلام مین افتراق واختلاف کی آگ بھڑک اُٹھی اور شیرازۂ ملی اس طرح بکھر گیا کہ جناب امیر کی سعی اور جد وجہد کے باوجود ان اوراق پریشان مین شیرازہ بندی بیدا نہ ہوئی، بلکہ روز بروز مشکلات مین اضافہ ہوتا گیا اور دقتین بڑھتی گئین، یہان تک کہ اسلام کے سررشتۂ نظام مین فرقہ آرائی اور جماعت بندی کی ایسی گرہ پڑ گئی جو قیامت تک کسی کے ناخنِ تدبیر سے حل نہین ہوسکتی،

اس مین شک نہین ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رض نے جب عنانِ خلافت ہاتھ مین لی تھی تو اس وقت بھی دنیائے اسلام نہایت پر آشوب تھی، لیکن دونون حالتونمین بین فرق ہے، صدیق اکبر رض کے سامنے گو مصائب کا طوفان امنڈ رہا تھا اور کفر وارتداد کا ابر اسلام کے افق پر ہر طرف سے محیط تھا، تاہم قدرت نے معین ومددگار ایسے عطا کیے تھے، جنکو سرور کائنات صلعم کی صحبت اور تعلیم نے نامغلوب طاقت اور عرفانی جوش کا پتلا بنا دیا تھا، دوسرے حریف مین حقانیت نہونے کے باعث ثبات واستقامت کی بڑی کمی تھی، برخلاف اس کے جناب امیر کے مقابلہ مین جو لوگ کھڑے ہوے وہ دنیائے اسلام مین مخصوص عزت واقتدار کے مالک تھے حضرت عائشہ رض خلیفۂ اول کی صاحبزادی اور سرور کائنات صلعم کی محبوب ترین حرم، اور تمام مسلمانون کی مان تھین، اسی طرح حضرت زبیر آنحضرت صلعم کے پھوپھی زاد بھائی، ہمزلف، خلیفۂ اول کے داماد اور "حواریِ رسول اللہ صلعم" کے خطاب سے مخاطب تھے، حضرت طلحہ رض غزوۂ احد کے ہیرو رسول اللہ صلعم کے ہمزلف اور اربابِ حل وعقد مین شامل تھے، دوسری طرف

امیر معاویہ ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کے حقیقی بھائی اور بیس برس سے شام کے گورنر تھے،
حضرت عمرو بن العاصؓ بھی ایک ذی اقتدار صحابی اور مصر کے فاتح تھے، پھر اسی کے ساتھ
ان مین سے ہر ایک اپنے کو برسر حق سمجھتا تھا، ساتھ ہی انکو ایسے جان نثار و وفا شعار ملے تھے
کہ شیعیان علی مین مخصوص اشخاص سے قطع نظر کرکے ایک بھی اس جوش و فدویت سے سرفراز
نہ تھا،

حضرت علیؓ کی سیاسی ناکامی کا اصلی سبب یہ تھا کہ وہ جس زہد و اتقا، دینداری و
امانت، عدل و انصاف، کے ساتھ حکومت کرنا چاہتے تھے، اور لوگون کو دوبارہ جس راستہ پر لانا
چاہتے تھے، زمانہ کے تغیرادر حالات کے انقلاب نے اُس کے لیے لوگون کے قلوب مین صلاحیت
باقی نہین رکھی تھی، ایک طرف امیر معاویہ اپنے طرفدارون کے لیے بیت المال کا خزانہ لٹا رہے
تھے، دوسری طرف حضرت علیؓ ہر شخص سے ایک ایک خرمہرہ کا حساب مانگتے تھے، یہی سبب تھا
کہ حضرت علیؓ کے طرفدار دل برداشتہ اور اُن کے اعزہ تک ان سے جدا ہو رہے تھے، لیکن
بہرحال حق حق تھا اور باطل باطل، اگر حضرت علیؓ ایسا نہ کرتے تو گو سیاسی حیثیت سے وہ ناکام نہوتے
مگر زہد و تقوی اور دیانت و امانت کی عدالت مین وہ ناکام ہی ٹھہرتے، ان کی بظاہر ناکامی کا
دوسرا سبب یہ بھی تھا کہ اُن کے طرفدارون اور حامیون مین پورا اتحادِ خیال اور کامل خلوص نہ تھا،
اس جماعت مین ایک بڑا فرقہ عبداللہ بن سبا کا تھا جس کا عقیدہ تھا کہ جناب مرتضی رسول اللہ
کے وصی ہین، پھر اس خیال نے یہان تک ترقی کی کہ سبائی فرقہ کے لوگ حضرت علیؓ کو نہان
سے بالاتر ہستی بلکہ بعض خدا کہنے لگے، حضرت علیؓ نے ان لوگون کو عبرت انگیز سزائین دین لیکن
جو وبا پھیل چکی تھی اس کا دور کرنا آسان نہ تھا، اسی فرقہ نے مذہب کے علاوہ سیاسی حیثیت سے
بھی نقصان پہونچایا، واقعہ جمل مین صلح ممکن تھی لیکن اسی جماعت نے پیشدستی کرکے جنگ شروع کردی

دوسری جماعت قرّاء اور حفاظِ قرآن کی تھی جو ہر معاملہ مین قرآن پاک کی لفظی مطابقت چاہتی تھی، معنے اور مفہوم سے اس کو چندان سروکار نہ تھا، چنانچہ واقعہ تحکیم کے بعد یہی جماعت خارجی فرقہ کی صورت مین ظاہر ہوئی،

حضرت علیؓ کے حاشیہ نشینون مین کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو درحقیقت جان نثار و وفا شعار تھے، لیکن معرکۂ صفین مین کامل جد و جہد کے بعد درِ مقصود تک پہونچکر غنیم کی چال سے محروم واپس آنا نہایت ہمت شکن واقعہ تھا، اس نے تمام جان نثارون کے حوصلے اور ارادے پست کردیے تھے، غرض جناب مرتضےٰؓ نے گذشتہ بالا مجبوریون کے باوجود غیر معمولی ہمت و استقلال اور عدیم النظیر عزم و ثبات کے ساتھ آخری لمحۂ حیات تک مشکلات ومصائب کا مقابلہ کرکے دنیا کے سامنے بے نظیر تحمل وسلامت روی کا نمونہ پیش کیا، اور اپنی ناکامی کا مشاہدہ کرنے کے باوجود دیانتداری اور روحِ شریعت سے سرِمو تجاوز کرنا پسند نہ فرمایا کہ اگر ایسا نہ کرتے تو دنیا گو کامیاب ہوجاتی مگر دین ناکام رہ جاتا، جسکا بچانا ایک خلیفۂ راشد اور جانشینِ رسولؐ کا سب سے پہلا بلکہ اصلی فرض تھا،

ملکی نظم ونسق

حضرت علی کرم اللہ وجہہ انتظام مملکت مین حضرت عمرؓ کے نقشِ قدم پر چلنا چاہتے تھے اور اس زمانہ کے انتظامات مین کسی قسم کا تغیر کرنا پسند نہین فرماتے تھے، ایک دفعہ نجران کے یہودیون نے (جن کو فاروق اعظمؓ نے حجاز سے جلاوطن کرکے نجران مین آباد کرایا تھا) نہایت لجاجت کے ساتھ درخواست کی کہ ان کو پھر اپنے قدیم وطن مین واپس آنے کی اجازت دیجائے، حضرت علیؓ نے صاف انکار کردیا اور فرمایا کہ عمرؓ سے زیادہ کون صحیح الرائے ہوسکتا ہے؟[1]

عمال کی نگرانی

ملکی نظم ونسق کے سلسلہ مین سب سے اہم کام عمال کی نگرانی ہے حضرت علیؓ کو

[1] کتاب الخراج قاضی ابویوسف و مصنف ابن ابی شیبہ کتاب السیر

اس کا خاص اہتمام مدِنظر تھا، وہ جب کسی عامل کو مقرر کرتے تھے تو پہلے بلا کر نہایت مفید اور گران بہا نصائح کرتے تھے، لیکن صرف اسی پر اکتفا نہین کرتے تھے بلکہ عمال وحکام کے طرزِ عمل کی تحقیقات بھی کرتے تھے، چنانچہ اُنھون نے جس فرمان کے ذریعہ سے حضرت کعب بن مالک رض کو اس کارِ اہم پر مامور کیا تھا اُس کے چند ابتدائی فقرے یہ ہین،

اخرج فی طائفة من اصحابک حتی تمر بارض السواد کورة کورة فتسألهم عن عمالهم وتنظر فی سیرتهم الخ[1]	تم اپنے ساتھیون کا ایک گروہ لیکر روانہ ہو جاؤ اور عراق کے ہر ضلع مین پھر کر عمال کی تحقیقات کرو اور ان کی روش پر غائر نظر ڈالو،

وہ بطور خود اس شدت کے ساتھ عمال سے بازپرس کرتے تھے کہ بعض خائف ہو کر بھاگ گئے، چنانچہ ایک دفعہ اردشیر کے عامل مصقلہ نے بیت المال سے قرض لیکر پانچسو لونڈی اور غلام خرید کر آزاد کیے، کچھ دنون کے بعد حضرت علی رض نے سختی کے ساتھ اس رقم کا مطالبہ کیا، مصقلہ نے کہا خدا کی قسم عثمان کے نزدیک اتنی رقم کا چھوڑ دینا کوئی بات نہ تھی، لیکن یہ تو ایک ایک حبہ کا تقاضا کرتے ہین، اور ناداری کے باعث مجبور ہو کر امیر معاویہ کی پناہ مین چلے گئے، جناب امیر کو معلوم ہوا تو فرمایا،

برحه الله فعل فعل السید وفر فرار العبد وخان خیانة الفاجر اما والله لو انه اقام فعجز ما زدنا علی حبس فان وجدنا له شیئا اخذناه وان لم نقدر علی مال ترکناه[2]،	خدا اس کا بُرا کرے! اس نے کام تو سید کا کیا لیکن غلام کی طرح بھاگا اور فاجر کی طرح خیانت کی خدا کی قسم اگر وہ مقیم رہتا تو قید سے زیادہ اس کو سزا نہ دیتا اور اگر اس کے پاس کچھ ہوتا تو لیتا ورنہ معاف کر دیتا،

بازپرس کے عام اصول سے مخصوص اعزہ واقارب بھی مستثنی نہ تھے، حضرت عبداللہ بن عباس رض

---

[1] کتاب الخراج ص ۹ [2] کتاب الخراج ص ۷، [3] تاریخ طبری ص ۳۴۴۱،

حضرت علیؓ کے ابن عم تھے اور بصرہ کے عامل تھے، اُنھون نے ایک دفعہ بیت المال سے ایک بیش قرار رقم لے لی حضرت علیؓ نے چشم نمائی کی تو جواب دیا کہ مین نے ابھی اپنا پورا حق نہین لیا ہے لیکن اِس جواب کے باوجود وہ خائف ہوکر بصرہ سے مکہ چلے گئے[1]،

صیغۂ مال

حضرت علیؓ نے صیغۂ مال مین خاص خاص اصلاحات جاری کین، اس سے پہلے جنگل سے کسی قسم کا مالی فائدہ نہین حاصل کیا جاتا تھا، اس عہد مین جنگلات کو بھی محاصل ملکی کے ضمن مین داخل کیا گیا، چنانچہ برس کے جنگل پر چار ہزار درہم مالگذاری تشخیص کی گئی[2]،

عہد نبوی مین گھوڑا زکوٰۃ سے مستثنیٰ تھا، لیکن عہدِ فاروقی مین عام طور پر اسکی تجارت ہونے لگی، تو اسپر بھی زکوٰۃ مقرر ہوگئی، حضرت علیؓ نے اسکو موقوف کردیا، کیونکہ تمدنی اور جنگی فوائد کے لحاظ سے گھوڑون کی افزائش نسل مین سہولت بہم پہونچانا نہایت ضروری تھا[3]،

جناب امیر محاصل ملکی کے وصول کرنے مین نہایت سخت تھے لیکن اسی کے ساتھ رعایا کی فلاح وبہبود کا بھی خاص خیال تھا، معذور اور نادار آدمیون کے ساتھ کسی قسم کی سختی نہین کی جاتی تھی، یہان تک کہ محتاج ذمی اور غیر مذاہب کے دینی پیشوا بھی جزیہ سے مستثنیٰ کردیے گئے تھے، قاضی ابو یوسف صاحب نے کتاب الخراج مین اُس کے متعلق ایک مفصل فرمان درج کیا ہے، لیکن ہم طوالت کے خوف سے اس کو نظر انداز کرتے ہین[4]

رعایا کے ساتھ شفقت

حضرت علیؓ کا وجود باجود رعایا کے لیے آیۂ رحمت تھا، بیت المال کے دروازے غربا ومساکین کے لیے کھُلے ہوئے تھے اور اس مین جو رقم جمع ہوتی تھی نہایت فیاضی کے ساتھ مستحقین مین تقسیم کردی جاتی تھی، ذمیون کے ساتھ بھی نہایت شفقت آمیز برتاؤ تھا، ایران مین مخفی سازشون کے باعث بارہا بغاوتین ہوئین لیکن حضرت علیؓ نے ہمیشہ نہایت

---

[1] تاریخ طبری ص ۳۴۵۳ [2] کتاب الخراج ص ۵۰۰ [3] کتاب الخراج ص ۴۸ [4] کتاب الخراج ص ۶۹ ،

ترحم سے کام لیا، یہان تک کہ ایرانی اس لطف وشفقت سے متاثر ہوکر کہتے تھے "خدا کی قسم اس عربی نے نوشیروان کی یاد تازہ کردی"

فوجی انتظامات حضرت علیؓ خود مردِ میدان تھے، اس لیے قدرۃً فوج مین ہر دلعزیزی حاصل تھی، مسلسل خانہ جنگیون اور بغاوتون کے باعث اُن کو مخصوص انتظامات کی ضرورت پیش آئی "مثلاً ملک کا وہ حصہ جو شام سے متصل تھا، اس مین نہایت کثرت کے ساتھ فوجی چوکیان قائم کین، چنانچہ ۳۹ھ مین امیر معاویہ نے اپنی فوج کو متعدد حصون مین تقسیم کرکے عراق پر عام یورش کی تو پہلے انہی سرحدی فوجون نے اُن کو آگے بڑھنے سے روکا، اسی طرح ایران مین مسلسل شورش اور بغاوت کے باعث بیت المال اور عورتون اور بچون کی حفاظت کے لیے نہایت مستحکم قلعے بنوائے، چنانچہ حضرت علیؓ کے عامل زیاد نے اصطخر مین جو قلعہ تعمیر کرایا تھا اس کا نام حصنِ زیاد تھا[1]،

جنگی تعمیرات کے سلسلہ مین دریائے فرات کا پُل بھی جو معرکۂ صفین مین فوجی ضروریات کے خیال سے تعمیر کیا تھا لائقِ ذکر ہے،

مذہبی خدمات امامِ وقت کا سب سے اہم فرض مذہب کی اشاعت اور تبلیغ اور خود مسلمانون کی مذہبی تعلیم وتلقین ہے، حضرت علیؓ عہدِ نبوت ہی سے اِن خدمات مین سب سے پیش پیش تھے، یمن مین اسلام کی روشنی انہی کی کوشش سے پہونچی، سورۂ برات نازل ہوئی تو اس کی اشاعت وتبلیغ کی خدمت انہی کے سپرد ہوئی،

مسندِ خلافت پر قدم رکھا تو خانہ جنگیون نے فرصت نہ دی، تاہم اس فرض سے بالکل غافل نہ تھے، ایران اور آرمینیا مین بعض نومسلم عیسائی مرتد ہوگئے تھے، حضرت علیؓ نے نہایت

---

[1] طبری ص ۳۴۵۰،

سختی کے ساتھ ان کی سرکوبی کی، چنانچہ ان مین سے اکثر تائب ہوکر پھر دائرۂ اسلام مین داخل ہوگئے،

خارجیون کی سرکوبی اور بعض سبائی، جو غلو کرکے جناب مرتضیٰ کو خدا کہنے لگے تھے ان کو سزا دینا بھی دراصل مذہب کی ایک بڑی خدمت تھی،

حضرت علی رضؓ نے قوم کی اخلاقی نگرانی کا بھی نہایت سختی کے ساتھ خیال رکھا، مجرمون کو عبرت انگیز سزائین دین، اور جرم کی نوعیت کے لحاظ سے نئی سزائین ایجاد کین جو ان سے پہلے اسلام مین رائج نہ تھین، مثلاً زندہ جلانا، مکان مسمار کرادینا، چوری کے علاوہ دوسرے جرم مین بھی ہاتھ کاٹنا وغیرہ وغیرہ لیکن اس سے یہ قیاس نہین کرنا چاہیئے کہ حضرت علی رضؓ حدود کے اجرار مین کسی اصول کے پابند نہین تھے، زندہ جلادینے کی سزا چند زندیقون کو دی تھی، مگر حضرت ابن عباس رضؓ نے آپ کو اس غلطی پر متنبہ کیا، اور کہا کہ آنحضرت صلعم نے اس سزا کی ممانعت فرمائی ہے، حضرت علی رضؓ نے جب یہ سنا تو ان کو اپنے اس فعل پر ندامت ہوئی[1]، شراب نوشی کی سزا مین کوڑون کی مقدار متعین نہ تھی، حضرت علی رضؓ نے اس کے لیے اسّی کوڑے تجویز کیے[2]،

دُرّے مارنے والون کو ہدایت تھی کہ چہرہ اور شرمگاہ کے علاوہ تمام جسم پر کوڑا مار سکتے ہین عورتون کے لیے حکم تھا کہ اُن کو بٹھا کر مارین اور کپڑے سے تمام جسم کو اس طرح چھپا دین کہ کوئی عضو بے ستر ہونے پائے، اسی طرح رجم کی صورت مین عورت کو ناف تک زمین مین گاڑ دینا چاہیے[3]

اقرار جرم کی حالت مین صرف ایک دفعہ کا اقرار کرلینا کافی نہ تھا، چنانچہ ایک مرتبہ ایک شخص نے بارگاہ خلافت مین حاضر ہو کر عرض کی "امیرالمومنین! مین نے چوری کی ہے" حضرت علی رضؓ نے اس دفعہ صرف غضب آلود نگاہ ڈالکر اس کو واپس کردیا، لیکن جب اس نے پھر مکرر

[1] ترمذی حدود مرتد [2] کتاب الخراج ص ۹۹ اور سنن ابی داؤد کتاب الحدود [3] کتاب الخراج ص ۹۷،

حاضر ہو کر اقرارِ جرم کیا تو فرمایا اب تم نے اپنا جرم آپ ثابت کر دیا اس وقت اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا[۱]،

جرم کا ارادہ یا اُس کے لیے ابتدائی عمل قبل از وقوعِ جرم انسان کو مجرم نہین بنا سکتا، چنانچہ ایک شخص نے ایک مکان مین نقب لگائی اور چوری کرنے سے قبل پکڑا لیا گیا حضرت علی رضؓ کے سامنے پیش کیا گیا تو آپ نے اُس پر کسی قسم کی حد نہین جاری کی[۲]،

دس درہم سے کم کی چوری مین ہاتھ کاٹنے کا حکم نہ تھا، اسیطرح اگر مجرم نشہ کی حالت مین ہو، تو نشہ اُترنے کا انتظار کیا جاتا تھا[۳]،

اسی طرح جو عورتین ناجائز حمل سے حاملہ ہوتی تھین اُن پر حد جاری کرنے کے لیے وضعِ حمل کا انتظار کیا جاتا تھا، تاکہ بچہ کی جان کو نقصان نہ پہونچے جسکا درحقیقت کوئی گناہ نہین، عام قیدیون کو بیت المال سے کھانا دیا جاتا تھا لیکن جو لوگ محض اپنے فسق و فجور کے باعث نظر بند کیے جاتے تھے وہ اگر مالدار ہوتے تھے تو خود اُن کے مال سے اُن کے کھانے پینے کا انتظام کیا جاتا تھا ورنہ بیت المال سے مقرر کر دیا جاتا تھا[۴]،

تعزیری سزا — حضرت علی رضؓ نے جو بعض غیر معمولی سزائین تجویز کین وہ دراصل تعزیری سزائین تھین، حضرت عمر رضؓ نے بھی اس قسم کی تعزیری سزائین جاری کی تھین، چنانچہ اُن کے عہد مین ایک شخص نے رمضان مین شراب پی تو اسی کوڑے کے بجائے سو کوڑے لگوائے کیونکہ اُس نے بادہ نوشی کے ساتھ رمضان کی بے حرمتی بھی کی تھی[۵]،

---

[۱] کتاب الخراج صفحہ ۱۰۳ [۲] ایضاً ص ۱۰۴۰ [۳] ایضاً ۱۰۰ [۴] ایضاً ص ۸۸،

[۵] ایضاً ص ۱۰۰

فضل وکمال

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بچپن ہی سے درسگاہِ نبوت میں تعلیم وتربیت حاصل کرنے کا موقع ملا، اور یہ سلسلہ ہمیشہ قائم رہا، خود مسند میں اُن سے روایت ہے کہ میں روزانہ صبح کو ایک خاص وقت میں معمولاً آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا[1] اور تقرب کا یہ درجہ میرے سوا کسی اور کو حاصل نہ تھا[2]، ایک روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ رات دن میں دو بار اس قسم کا موقع حاصل ہوتا تھا[3]، سفر میں بھی آپ کی رفاقت کا شرف حاصل ہوتا تھا اور اس حالت میں بہت سے شرعی احکام سے واقف ہونے کا موقع حاصل ہوتا تھا، چنانچہ شریح بن ہانی نے حضرت عائشہ رضؓ سے مسح علی الخفین کے متعلق سوال کیا تو اُنھوں نے اس کے لیے حضرت علیؓ کا نام بتایا اور اس کی وجہ یہ بیان کی کہ وہ آپ کے ساتھ سفر کیا کرتے تھے[4]، شاہ ولی اللہ صاحب نے ازالۃ الخفا میں اسی تقرب وتربیت کو اُن کے فضائل کی اصلی بنیاد قرار دیا ہے، چنانچہ پہلے امام احمد بن حنبل جن کی سند سے ایک حدیث روایت کی ہے جسکا مفہوم یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جسقدر فضائل مذکور ہیں کسی صحابی کو یہ شرف حاصل نہیں ہے، اس کے بعد اس حدیث کی تشریح اس طرح کی ہے،

عبد ضعیف گوید سببِ این معنی اجتماعِ دو جہت است در مرتضی رضی اللہ عنہ یکے رسوخ او در سوابق اسلامیہ، دوم قرب قرابت او با نحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وانجناب علیہ الصلوۃ والسلام اوصل ناس بارحام واعرف ناس بحقوقِ قرابت بودند بازچون عنایت الٰہی مساعدت نمود حضرت مرتضےٰ را درکنار تربیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

[1] مسند جلد ۱ صفحہ ۷۷ و ۸۵ [2] ایضاً [3] ایضاً صفحہ ۸۰ [4] مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۲۱

انداخت، مرتبۂ قرابت دوبالا شد و کرامت دیگر در کار او کردند رضی اللہ عنہ باز چون حضرت
فاطمۂ زہرا را رضی اللہ عنہا در عقد او دادند مزید فضیلت باو یار شد[۱]،

اس تقرب واختصاص کی بنا پر رسول اللہ صلعم خود اُن کو قرآن مجید کی تعلیم دیتے تھے[۲]
بعض موقعون پر قرآن مجید کی آیتون کی تفسیر کرتے تھے[۳]۔ چند مخصوص حدیثین بھی قلمبند کرلی
تھین[۴]۔ غرض حضرت علی کرم اللہ وجہہ ابتدا ہی سے علم وفضل کے گہوارے مین تربیت
پاکر غیر معمولی تبحراور فضل وکمال کے مالک ہوئے، اور انا مدینۃ العلم وعلی بابہا (مین علم کا گھر ہون
اور علی اس کا دروازہ ہین) کے طغراے خاص سے ممتاز ہوئے[۵]،

ظاہری نوشت وخواند مین بھی پورا ملکہ رکھتے تھے، گو تصریح نہین ملتی، مگر قرینہ سے
معلوم ہوتا ہے کہ یہ تعلیم آپ نے بچپن ہی مین حاصل کی تھی، کیونکہ تاریخ نبوی اور
تاریخ ہجرت کے روشن عہد کے تمام اہم واقعات راویون کے بیان مین آتے ہین، لیکن
اس سلسلہ مین آپ کے حصولِ تعلیم کا ذکر نہین ہے، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ظاہری حصولِ تعلیم کا
زمانہ اس سے پہلے غالباً ختم ہوچکا تھا، تحریر ونوشت مین آپ کو جو ملکہ حاصل تھا، اس کا ثبوت
اس سے ملتا ہے کہ وحیِ مبارک کے کاتبون مین آپ کا اسم گرامی بھی داخل ہے، نیز آنحضرت
صلعم کی طرف سے جو مکاتیب دفرامین لکھے جاتے تھے، اُن مین بعض آپ کے دستِ مبارک
کے بھی لکھے ہوئے تھے، احادیث وسیر مین خصوصیت کے ساتھ اس صلحنامۂ حدیبیہ کا آپکے
ہاتھ سے لکھا جانا مذکور ہے،

[۱] ازالۃ الخفار جلد دوم صفحہ ۲۶۰ [۲] مسند جلد ا صفحہ ۸۳ [۳] صفحہ ۸۵ [۴] ص ۷۹ [۵] جامع ترمذی مناقب علی مرتضیٰ مین ہے انا دار الحکمۃ وعلی بابہا، لیکن امام ترمذی نے اس کو منکر کہا ہے، حاکم نے مستدرک ج۳ صفحہ ۱۲۶، ۱۲۷ اس روایت کے متعدد راویون کو جمع کیا ہے اور اس کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کی، لیکن امام ذہبی نے اُن کے صحیح کہنے کو تسلیم نہین کیا ہے

تفسیر اور علوم القرآن | اسلام کے علوم و معارف کا اصل سرچشمہ قرآن پاک ہے، حضرت علی مرتضیٰ

اس سرچشمہ سے اچھی طرح سیراب تھے، وہ اُن صحابہ میں تھے جنھوں نے آنحضرت صلعم کی زندگی ہی میں پورا قرآن زبانی یاد کر لیا تھا، نہ صرف لفظی طور سے آپ اُس کے حافظ تھے، بلکہ اس کی ایک ایک آیت کے معنی اور شانِ نزول سے واقف تھے، ابن سعد میں ہے کہ ایک موقع پر خود جناب مرتضیٰ رض نے علی الاعلان فرمایا کہ "میں ہر آیت کے متعلق بتا سکتا ہوں کہ یہ کہاں، اور کیوں اور کس کے حق میں نازل ہوئی[1]، حضرت علیؓ کا شمار مفسرین کے اعلیٰ طبقہ میں ہے، اور صحابہ میں حضرت ابن عباس رض کے سوا اسمیں آپ کا کوئی بمشکل ثانی ہے، چنانچہ تمام روایتی تفسیروں میں مثلاً ابن جریر طبری، ابن ابی حاتم، ابن کثیر وغیرہ میں بکثرت آپکی روایت سے آیات کی تفسیریں منقول ہیں، ابن سعد میں ہے کہ آپ نے آنحضرت کی وفات کے بعد چھ مہینے تک جو گوشہ نشینی اختیار کی اس میں آپ نے تنہا بیٹھ کر قرآن مجید کی تمام سورتوں کو نزول کی ترتیب سے مرتب کیا، ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں سورتوں کی اس ترتیب کو نقل کیا ہے،

قرآنِ پاک سے اجتہاد اور مسائل کے استنباط میں آپکو بڑا طولیٰ حاصل تھا، چنانچہ تحکیم کے مسئلہ میں جب خوارج نے آپ پر اعتراض کیا کہ فیصلہ کا حق خدا کے سوا کسی اور کو حاصل نہیں کہ ان الحکم الا للہ، آپ نے قرآن کے تمام حفاظ اور واقف کاروں کو جمع کیا اور فرمایا کہ میاں بیوی میں جب اختلافِ رائے ہو تو اللہ تعالیٰ حکم بنانے کی اجازت دے، وان خفتم شقاق بینہما فابعثوا حکماً من اھلہ وحکماً من اھلہا اور امت محمدیہ میں جب اختلافِ رائے ہوجائے تو حکم بنانا جائز نہو، کیا تمام امتِ محمدیہ کی حیثیت ایک مرد اور ایک عورت سے بھی خدا کی نگاہ میں کم ہے[2]،

[1] ابن سعد جزء ثانی قسم ثانی صفحہ ۱۰۱ [2] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۸۶،

علم ناسخ و منسوخ مین آپ کو کمال حاصل تھا، اور اُسمین آپ کو بڑا اہتمام مدِنظر تھا، اُن لوگون کو جن کو اس مین درک نہوتا، آپ درس و وعظ سے روک دیتے تھے، چنانچہ کوفہ مین آپ کی جامع مسجد مین جو شخص وعظ وتذکیر کرنا چاہتا تھا، آپ دریافت فرماتے تھے کہ تم کو ناسخ و منسوخ کا بھی علم ہے، جب وہ نفی مین جواب دیتا تھا تو اُس کو زجر و توبیخ فرماتے تھے، اور درس و وعظ کی اجازت نہین دیتے تھے،

آیات کی تفسیر و تاویل کے متعلق آپ سے اسقدر کثیر روایتین ہین کہ اگر ان کا استقصا کیا جائے تو ایک مستقل ضخیم کتاب تیار ہو جائے، اسی لیے یہان اُن کو نقل کرنے کی کوشش نہین کیگئی،

بعض لوگون کو خیال تھا کہ آنحضرت صلعم نے حضرت علی مرتضیٰؓ کو ان ظاہری علوم کے سوا کچھ خاص باتین اور بھی بتائی ہین، اُن کے شاگردون سے اُن سے پوچھا کہ کیا قرآن کے سوا کچھ اور بھی آپ کے پاس ہے؟ فرمایا قسم ہے اس کی جو دانہ کو پھاڑ کر (درخت اگاتا ہے) اور جو جان کو (جسم کے اندر) پیدا کرتا ہے، کہ قرآن کے سوا کچھ اور نہین لیکن قرآن کے سمجھنے کی قوت (فہم) یہ دولت خدا جسکو چاہے دے[1]، اور چند حدیثین میرے پاس ہین، اس موقع پر علی مرتضیٰؓ نے جو قسم کھائی ہے، میرے خیال مین اس مین بھی ایک خاص نکتہ ہے، یعنی قرآن کی آیتون کی مثال تخم اور جسم کی ہے، اور اس کے معنی و مقصود کی مثال درخت کی ہے جو اسی تخم سے پیدا ہوتا ہے، اور جان کی ہے جو جسم مین پوشیدہ رہتی ہے تو جس طرح ایک چھوٹے تخم کے اندر سے اتنا بڑا عظیم الشان درخت پیدا ہو جاتا ہے، جو درحقیقت اس کے اندر مخفی تھا، اور اسی طرح روح بھی اسی جسم مین چھپی رہتی ہے اور تمام اعمالِ انسانی اسی سے ظاہر ہوتے ہین، اسی طرح قرآن پاک کے ان ظاہری الفاظ کے معانی و مطالب ہر صاحبِ فہم اپنی استعداد کے مطابق پیدا کرتا ہے،

---

[1] صحیح بخاری کتاب الدیات و ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۹ و صفحہ ۱۰۰

علم حدیث

جناب مرتضیٰ رضؓ نے آنحضرت صلعم کی آغوشِ تعلیم مین تقریباً تیس برس کی زندگی بائی اور یہ تمامتر زمانہ رفاقتِ نبوی مین بسر کیا، اس لیے احکام و فرائض، اور ارشاداتِ نبوی کے خزانہ کا حضرت ابوبکر صدیقؓ کو چھوڑ کر آپ سے زیادہ امین کون ہوسکتا ہے، پھر آپ نے تمام اکابر صحابہ مین وفاتِ نبوی کے بعد سب سے زیادہ عمر بائی، یعنی آنحضرت صلعم کے بعد تقریباً تیس برس تک ارشاد و افادت کی مسند پر جلوہ گر رہے، خلفاے سابقینؓ کے عہد مین بھی آپ کے سپرد یہ خدمت رہی، اور اُن کے بعد جب آپ خود منصبِ خلافت پر مامور ہوئے تو یہ فیض بدستور جاری رہا، اس لیے تمام خلفاء مین احادیث کی روایت کا زمانہ آپ کو سب سے زیادہ ملا، اور اسی لیے خلفاے سابقین کے مقابلہ مین آپ کی روایتون کی تعداد بہت زیادہ ہے، تاہم اس بنا پر کہ احادیث کی روایت مین آپ بھی دیگر خلفاء اور اکابر صحابہ کی طرح محتاط اور متشدد تھے، عام کثیر الروایہ صحابہ کے مقابلہ مین آپ کی روایتین بہت کم ہین، چنانچہ آپ سے کل ۵۸۶ حدیثین مروی ہین، جن مین سے بیس حدیثون پر بخاری و مسلم دونون کا اتفاق ہے، اور نو حدیثین صرف بخاری مین ہین، مسلم مین نہین، اور دس حدیثین مسلم مین ہین بخاری مین نہین، غرض صحیحین مین آپ کی انتالیس حدیثین ہین،

آپ نے آنحضرت صلعم سے براہِ راست جو حدیثین نقل فرمائی ہین اُن کے علاوہ اپنے رفقاء اور ہم عصرون سے بھی روایتین لی ہین، چنانچہ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت مقداد بن الاسودؓ، اور اپنے جگر گوشۂ رسول فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا سے بھی روایتین کی ہین، جن لوگون نے آپ سے روایتین کی ہین اُن مین آپ کی عترت مطہرہ اولاد امجاد مین سے حسب ذیل اصحاب ہین، حضرت حسنؑ، حضرت حسینؑ، محمد بن حنفیہ، عمرؓ، فاطمہ (صاحبزادے اور صاحبزادیان) محمد بن عمر بن علی، علی بن حسین بن علی (پوتے) عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب (بھتیجے)،

جعدہ بن ہبیرۃ مخزومیؓ (بھانجے) اورعام اصحاب میں سے حسب ذیل اصحاب آپ کے حلقۂ علم سے نسبت رکھتے ہیں، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، براء بن عازبؓ، ابوہریرہؓ، ابوسعید خدریؓ، بشر بن شحیم غفاریؓ، زید بن ارقمؓ، سفینہ مولی رسول اللہ صلعم، صہیب رومیؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ، ابن زبیرؓ، عمرو بن حریثؓ، نزال بن سبرہ ہلالیؓ، جابر بن سمرۃؓ، جابر بن عبداللہؓ، ابوجحیفہؓ، ابوامامہؓ، ابولیلی انصاریؓ، ابوموسیٰؓ، مسعود بن حکم زرقیؓ، ابوالطفیل عامر بن واثلہؓ، عبیداللہ بن ابی رافعؓ (کاتب) اور ام موسیٰؓ (جاریہ)

اور تابعین میں سے حسب ذیل اشخاص نے آپ سے فیض پایا، زر بن حبیش، زید بن وہب، ابوالاسود دوئلی، حارث بن سوید التیمی، حارث بن عبداللہ الاعور، حرملہ مولی اسامہ بن زیدؓ، ابوساسان حضین بن منذر الرقاشی، حجیہ بن عبداللہ الکندی، ربعی بن حراش، شریح بن ہانی، شریح بن النعمان الصائدی، ابووائل شقیق بن سلمہ، شبیث بن ربعی، سوید بن غفلہ، عاصم بن ضمرۃ، عامر بن شراحیل الشعبی، عبداللہ بن سلمہ مرادی، عبداللہ بن شداد بن الہاد، عبداللہ بن شقیق، عبداللہ بن معقل بن مقرن، عبد خیر بن یزید الہمدانی، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ، عبیدۃ سلمانی، علقمہ بن قیس النخعی، عمیر بن سعید النخعی، قیس بن عباد البصری، مالک بن اوس بن حدثان، مروان بن حکم اموی، مطرف بن عبداللہ بن شخیر، نافع بن جبیر بن مطعم، ہانی بن ہانی، یزید بن شریک التیمی، ابوبردہ بن ابی موسی الاشعری، ابوحیہ وادعی، ابوالخلیل الحضرمی، ابوالصالح الحضرمی، ابوصالح الحنفی، ابوعبدالرحمن السلمی، ابوعبید مولی ابن ازہر، ابوالہیاج الاسدی[1]، وغیرہ،

شاہ ولی اللہ صاحب نے حضرت علی مرتضیٰؓ کی تمام حدیثوں پر ایک اجمالی نظر ڈال کر یہ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلعم کے حلیۂ اقدس، آپ کی نماز و مناجات ودعا اور نوافل کے

[1] یہ فہرست تہذیب التہذیب سے منقول ہے،

کے متعلق سب سے زیادہ روایتین حضرت مرتضیٰؓ ہی سے ہین جسکی وجہ یہ ہے کہ وہ ہر وقت رفاقتِ نبوی مین رہتے تھے اور اُن کو عبادتون سے خاص شغف تھا[1]،

احادیث کو صورتِ تحریر مین لانے کا شرف جن چند صحابہ کو حاصل ہے اُن مین حضرت علی مرتضیٰؓ بھی داخل ہین، فہمِ قرآن کے سلسلہ مین جو روایت اوپر گذری ہے اس مین چند حدیثون کا ذکر ہے وہ وہی ہین جن کو آنحضرت صلعم سے سنکر آپ نے ایک لنبے کاغذ پر لکھ لیا تھا، یہ تحریر لپٹی ہوئی آپ کی تلوار کے نیام مین لٹکی رہتی تھی، اسی کا نام آپ نے صحیفہ رکھا تھا اُس صحیفہ کا ذکر حدیث کی کتابون مین آیا کرتا ہے، یہ حدیثین چند فقہی احکام سے متعلق تھین[2]،

فقہ و اجتہاد

حضرت علی مرتضیٰؓ کو فقہ و اجتہاد مین بھی کامل دسترس حاصل تھی، بلکہ علم و اطلاع کی وسعت کی حیثیت سے دیکھا جائے تو آپ کی مستحضرانہ قوت سب سے اعلیٰ ماننی پڑے گی، بڑے بڑے صحابہ یہان تک کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عائشہؓ کو بھی گاہے گاہے حضرت مرتضیٰؓ کے فضل و کمال کا ممنون ہونا پڑا،

فقہ و اجتہاد کے لیے کتاب و سنت کے علم کے ساتھ سرعتِ فہم، دقیقہ سنجی، انتقالِ ذہنی اور کثرتِ معلومات کی ضرورت ہے، اور حضرت علی مرتضیٰؓ کو یہ دولت خداداد حاصل تھی، مشکل سے مشکل اور پیچیدہ سے پیچیدہ واقعہ پیش آتا تھا مگر حضرت علی مرتضیٰؓ اُس کی تہ کو باسانی پہنچ جاتے تھے، اور صحیح جواب دیتے تھے، شاہ ولی اللہ صاحب نے ازالۃ الخفاء مین آپ کی طبّاعی اور انتقالِ ذہنی کے بہت سے قصے نقل کیے ہین، لیکن ہم طوالت کے خوف سے

[1] ازالۃ الخفاء صفحہ ۲۷۵، [2] صحیح بخاری کتاب العلم باب کتابت العلم و جلد دوم، وکتاب الاعتصام و مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۰۹،

اُن کو نظرانداز کرتے ہین،

ایک دفعہ حضرت عمرؓ کے سامنے ایک مجنون زانیہ عورت پیش کی گئی حضرت عمرؓ نے اس پر حد جاری کرنے کا ارادہ کیا، حضرت علیؓ نے کہا یہ ممکن نہین کہ مجنون حدودِ شرعی سے مستثنیٰ ہین، یہ سُنکر حضرت عمرؓ اپنے ارادہ سے باز آگئے[1]، ایک بار حضرت عمرؓ نے حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کو احرام کی حالت مین زعفرانی لباس پہنے دیکھا، تعجب سے پوچھا کہ یہ لباس کیسا؟ حضرت علیؓ نے برہم ہوکر کہا کہ مین نہین سمجھتا کہ کوئی شخص ہم لوگونکو سنت کی تعلیم دے سکتا ہے، حضرت عمرؓ خاموش ہوگئے[1]،

ایک دفعہ حج کے موسم مین حضرت عثمانؓ کے سامنے کسی نے شکار کا گوشت پکا کر پیش کیا، لوگون نے بحالتِ احرام اس کے کھانے کے جواز اور عدم جواز مین اختلاف کیا، حضرت عثمانؓ اس کے جواز کے قائل تھے، اُنھون نے کہا کہ بحالتِ احرام خود شکار کرکے کھانا منع ہے لیکن جب کسی دوسرے غیر مُحرِم نے شکار کیا ہے تو احرام کی حالت مین ہم کو اُس کے کھانے مین کیا ہرج ہے، دوسرون نے اس سے اختلاف کیا، حضرت عثمانؓ نے دریافت کیا کہ اس مسئلہ مین قطعی فیصلہ کس سے معلوم ہوگا؟ لوگون نے کہا علی سے، چنانچہ وہ آپکے پاس آئے اور مسئلہ کی صورت پیش کی، حضرت مرتضیٰؓ کام مین مشغول تھے، اُسکو چھوڑکر فوراً متوجہ ہوگئے، اور فرمایا جن لوگون کو یہ واقعہ یاد ہو وہ شہادت دین کہ ایک دفعہ آنحضرت صلعم کی خدمت مین جب آپ احرام کی حالت مین تھے، ایک گورخر شکار کرکے پیش کیا گیا تھا تو آپ نے فرمایا کہ ہم لوگ تو احرام کی حالت مین ہین یہ اُن کو کھلا دو جو احرام مین نہین ہین، حاضرین مین سے بارہ[2] آدمیون نے اُٹھ کر اس کی شہادت دی، اسی طرح آپ نے دوسرے واقعہ کا حوالہ دیا،

---

[1] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۱۰۴، [2] مسند شافعی ص ۶۹، مطبوعہ آرہ،

جسمین کسی نے آپ کے سامنے اسی حالتِ احرام مین شترمرغ کے انڈے پیش کیے تھے، آپ نے اُن کے کھانے سے بھی احتراز فرمایا، اس کی بھی کچھ لوگون نے گواہی دی، یہ سُنکر حضرت عثمان رضؓ اور اُن کے رفقا نے اُس کے کھانے سے پرہیز کیا[1]،

ایک دفعہ ام المومنین حضرت عائشہ رضؓ سے کسی نے آکر یہ مسئلہ پوچھا، کہ ایک بار پاؤن دھونے کے بعد کے دن تک مُوزون پر مسح کر سکتے ہین، فرمایا علی سے جاکر دریافت کرو اُن کو معلوم ہوگا، کیونکہ وہ سفر مین آنحضرت صلعم کے ساتھ رہا کرتے تھے، چنانچہ وہ سائل حضرت علی رضؓ کے پاس گیا، اُنھون نے بتایا کہ مسافر تین دن تین رات تک اور مقیم ایک دن، ایک رات[2]،

حضرت علی رضؓ کی اجتہادی قوت اور دقتِ نظر کا اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ اُنکے حریف بھی دقیق اور مشکل مسائل مین ان کی طرف رجوع کرنے کے لیے مجبور ہوتے تھے، چنانچہ ایک دفعہ امیر معاویہ رضؓ نے خط لکھ کر دریافت کیا کہ خنثی مشکل کے لیے وراثت کی کیا صورت ہے یعنی وہ مرد قرار دیا جاے یا عورت؟ حضرت علی رضؓ نے فرمایا خدا کا شکر ہے کہ ہمارے دشمن بھی عِلمِ دین مین ہمارے محتاج ہین پھر جواب دیا کہ پیشاب گاہ سے اندازہ کرنا چاہیے کہ وہ مرد ہے یا عورت[3]،

فقہی مسائل مین حضرت علی رضؓ کی وسعتِ نظر کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ وہ جو بات نہین جانتے تھے اسکو آنحضرت صلعم سے دریافت کیا کرتے تھے، بعض ایسے مسئلے جو شرم وحیا اور باہمی نازک رشتہ کے باعث وہ براہِ راست نہین پوچھ سکتے تھے، تو کسی دوسرے کو فرماتے تھے وہ جاکر

---

[1] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۱۰۰ فقہا مین یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، بہت سے لوگ حضرت عثمان رضؓ کے استدلال کو صحیح سمجھتے ہین اور دیگر احادیث سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے، بہرحال حضرت علی رضؓ کا فتوی زیادہ محتاطانہ ہے، اسی لیے حضرت عثمان رضؓ نے اس کو قبول کرلیا، [2] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۹۶ و جلد ۶ صفحہ ۱۵۵ [3] تاریخ الخلفاء سیوطی بحوالہ سنن سعد بن منصور و مسند ہشیم،

آنحضرت صلعم سے دریافت کرتا تھا، اور آپ کو آکر اطلاع دیتا تھا، چنانچہ مذی کا ناقضِ وضو ہونا، آپ نے اسی طرح بالواسطہ دریافت کرایا[۱]،

حضرت علی مرتضیٰ رضؓ متعدد مسائل مین عام صحابہ سے مختلف رائے رکھتے تھے خصوصاً حضرت عثمان رضؓ سے بعض خاص مسائل مین وہ شدید اختلاف رکھتے تھے، مثلاً حضرت عثمان رضؓ حجِ تمتع کو جائز نہین سمجھتے تھے، اور کہتے تھے کہ یہ صرف لڑائی اور بے امنی کی وجہ سے آپ کے عہد مین جائز تھا، اب وہ حالت نہین ہے حضرت علیؓ اور دیگر صحابہ ہر حال مین جائز سمجھتے تھے اسیطرح حالتِ احرام مین نکاح اور حالتِ عدت مین عورت کی وراثت وغیرہ کے مسائل مین بھی اختلاف تھا،

حضرت علی مرتضیٰ رضؓ گو تمام عمر مدینہ منورہ مین رہے، لیکن اپنی خلافت کا عہد تمام تر کوفہ مین گذارا، اور احکام اور مقدمات کے فیصلے کا زیادہ موقع یہین پیش آیا، اس لیے آپ کے مسائل و اجتہادات کی زیادہ تر اشاعت عراق ہی مین ہوئی، اسی بنا پر حنفی فقہ کی بنیاد حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کے بعد حضرت مرتضیٰ رضؓ ہی کے ارشادات اور فیصلون پر ہے،

قضا اور فیصلے

حضرت مرتضیٰؓ انھین خصوصیات کی بنا پر مقدمات کے فیصلون اور قضا کے لیے نہایت موزون تھے اور اس کو صحابہ عام طور سے تسلیم کرتے تھے، حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ اقضانا علی واقرأنا ابی، یعنی ہم مین مقدمات کے فیصلے کیلئے سب سے موزون علیؓ ہین اور سب سے بڑے قاری ابیؓ ہین[۲]"

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہین کہ ہم صحابہ کہا کرتے تھے کہ تمام مدینہ والون مین سب سے زیادہ صحیح فیصلہ کرنے والے علیؓ ہین[۳]،

---

[۱] صحیح بخاری وغیرہ کتاب الوضوء، [۲] طبقات ابن سعد جلد ۲ قسم ۲ صفحہ ۱۰۲، [۳] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۱۳۵،

آنحضرت صلعم کی جوہر شناس نظر نے حضرت مرتضیٰؓ کی اس خداداد قابلیت کا پہلے ہی اندازہ کرلیا تھا، یمن جب اسلام لایا تو آنحضرت صلعم نے وہان کے عہدۂ قضا کے لیے آپ کو منتخب فرمایا، حضرت علیؓ نے عرض کی کہ یا رسول اللہؐ وہان نئے نئے مقدمات پیش ہون گے، اور مجھے قضاء کا تجربہ اور علم نہین، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمھاری زبان کو راہ راست اور تمھارے دل کو ثبات و استقلال بخشے گا، حضرت علیؓ فرماتے ہین کہ اس کے بعد پھر مجھے مقدمات کے فیصلہ مین تذبذب نہ ہوا،[۱]

آنحضرت صلعم نے آپ کو قضاء اور فصلِ مقدمات کے بعض اصول بھی تعلیم فرمائے ارشاد ہوا کہ اے علی جب تم دو آدمیون کا جھگڑا چکانے لگو تو صرف ایک آدمی کا بیان سُنکر فیصلہ نہ کرو، اسوقت تک اپنے فیصلہ کو روکو جب تک دوسرے کا بیان بھی نہ سُن لو،[۲]

مقدمات مین اہل مقدمہ اور گواہون پر جرح اور سوالات کرکے اس کی واقعیت کا یقین کرنا بھی حضرت علیؓ کے اصولِ قضاء مین داخل تھا، لیکن ایک عورت نے آپ کی عدالت مین آکر علانیہ اپنی نسبت جرمِ زنا کا اعتراف کیا، آپ نے اس سے پے درپے متعدد سوالات کیے اور جب وہ آخر تک اپنے بیان پر قائم رہی تو اس کی سزا کا حکم دیا،[۳] اسی طرح لوگون نے ایک شخص کو چوری کے الزام مین پکڑ کر پیش کیا، اور دو گواہ بھی پیش کردیے، آپ نے گواہون کو سخت دھمکی دی کہ اگر تمھاری گواہی جھوٹی نکلی، تو مین یہ سزا دون گا اور یہ کردن گا، اور وہ کردون گا، اس کے بعد کام مین مصروف ہوگئے، فراغت کے بعد دیکھا تو دونون گواہ موقع پاکر چلدیے تھے، آپنے ملزم کو بے قصور پاکر چھوڑ دیا،[۴]

یمن مین حضرت علیؓ نے دو عجیب وغریب مقدمات کا فیصلہ کیا، یمن نیا نیا مسلمان ہوا تھا، پرانی

---

[۱] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۸۳ و حاکم جلد ۳ صفحہ ۱۳۵، [۲] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۹۶ و ۱۴۳، [۳] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۱۴۰، [۴] تاریخ الخلفا بحوالہ مصنف ابن ابی شیبہ

باتین ابھی تازہ تھین، ایک عورت کا مقدمہ پیش ہوا جس سے ایک ہی ماہ کے اندر تین مرد خلوت کر چکے تھے، نو ماہ بعد اُس کے لڑکا ہوا، اب یہ نزاع ہوئی کہ وہ لڑکا کس کا قرار دیا جائے، ہر ایک نے اس کے باپ ہونے کا دعوی کیا، حضرت علیؑ نے یہ فیصلہ کیا کہ اس لڑکے کی دیت کے تین حصے کیے، پھر قرعہ ڈالا جسکے نام قرعہ نکلا لڑکا اس کے حوالہ کیا اور بقیہ دونوں کو دیت کے تین حصون مین سے دو حصے اس سے لیکر دلوا دیے، گویا غلام کے مسئلہ پر اُس کو قیاس کیا، آنحضرت صلعم نے جب حضرت علیؓ کا یہ فیصلہ سُنا تو آپ نے تبسّم فرمایا[1]،

یمن مین ایک اور واقعہ پیش آیا، چند لوگون نے شیر کے پھنسانے کے لیے ایک کنوان کھودا تھا، شیر اس مین پھنس کر گر گیا، چند اشخاص باہم مذاق مین ایک دوسرے کو دھکیل رہے تھے، کہ اتفاق سے ایک کا پانون پھسلا اور وہ اُس کنوئین مین گرا، اس نے اپنی جان بچانے کے لیے بدحواسی مین دوسرے کی کمر پکڑلی، وہ بھی سنبھل نہ سکا، اور گرا، اور گرتے گرتے اس نے تیسرے کی کمر تھام لی، تیسرے نے چوتھے کو پکڑ لیا۔ غرض چارون اسمین گرے اور شیر نے چارون کو مار ڈالا، ان مقتولین کے ورثہ باہم آمادۂ جنگ ہوئے، حضرت مرتضیٰؓ نے آکر ہنگامۂ و فساد سے روکا، اور فرمایا کہ ایک رسول کی موجودگی مین یہ فتنۂ و فساد مناسب نہین، مین فیصلہ کرتا ہون، اگر وہ پسند نہو تو دربارِ رسالت مین جاکر تم اپنا مقدمہ پیش کر سکتے ہو، لوگون نے رضامندی ظاہر کی، آپ نے یہ فیصلہ کیا کہ جن لوگون نے یہ کنوان کھودا ان کے قبیلون سے ان مقتولین کے خون بہا کی رقم اس طرح وصول کی جائے کہ ایک پوری ایک ایک تہائی، ایک ایک چوتھائی اور ایک آدھی، پہلے مقتول کے ورثہ کو ایک چوتھائی خون بہا، دوسرے کو ثلث تیسرے کو نصف اور چوتھے کو پورا خون بہا دلایا،

لوگ اس بظاہر عجیب و غریب فیصلہ سے راضی نہوئے اور حجۃ الوداع کے موقع پر حاضر ہو کر

---

[1] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۱۳۵،

اس فیصلہ کا مرافعہ (اپیل) عدالت نبوی میں پیش کیا، آنحضرت صلعم نے اس فیصلہ کو برقرار رکھا[1]،
روایت مین یہ مذکور نہین کہ یہ فیصلہ کس اصول پر کیا گیا تھا، صرف پہلے شخص کے متعلق یہ بیان کیا ہے کہ اس کو چوتھائی اس لیے ملا کہ وہ فوراً اوپر سے گرا تھا، ہمارا خیال ہے کہ حضرت علی رض مرتضیٰ نے اس فیصلہ مین اس اصول کو پیش نظر رکھا ہے کہ یہ حادثے بالقصد قتل اور اتفاقی قتل کے درمیان ہین، غرض قصد اور عدم قصد کے بیچ بیچ کی شکل ہے اس لیے عدم قصد و اتفاق اور قصد و ارادہ ان دونون مین جسکا حصہ جس مقتول مین زیادہ ہے اتنا ہی اُسکو کم و بیش دلایا گیا، اس کے بعد وراثت کا اصول پیش نظر رہا، چونکہ یہ معاملہ چار آدمیون کا تھا، اس لیے کم سے کم رقم ایک چوتھائی مقرر کی، اُس کے نکل جانے کے بعد تین آدمی رہ گئے تو اُسکو تہائیون پر تقسیم کرکے تیسرا حصہ یعنے ایک تہائی اس کو دلایا، باقی دو بچے تو دو حصے کرکے نصف تیسرے کا مقرر کیا، اب غور کیجیے کہ اصل جرم اُن لوگون کا تھا، جنھون نے آبادی کے قریب کنوان کھود کر شیر پھنسانے کی غلطی کی، اس لیے کسی متعین قاتل نہونے کے سبب سے قسامت کے اصول سے خون بہا کو ان کے کھودنے والون اور ان کے ہم قبیلون پر عائد کیا، پہلا شخص گو اتفاقاً گرا، مگر ایک دوسرے کے ڈھکیلنے کے نتیجہ کو بھی اسمین دخل تھا، اس لیے پہلے شخص کے گرنے مین اتفاق کا زیادہ اور قصد کو بہت کم دخل تھا، اس لیے وہ خون بہا کا کم سے کم مستحق ٹھہرا، یعنی ایک چوتھائی، پہلے نے دوسرے کو گو بالقصد کھینچا، مگر غایت بدحواسی مین، ذرا اُسکو اپنے فعل کے نتیجہ کے سوچنے سمجھنے کا بالکل موقع نہین ملا، اس لیے پہلے کے مقابلہ مین اسمین اتفاق کا عنصر کم اور قصد کا کچھ زیادہ ہے، اس لیے وہ تہائی کا مستحق ہوا، دوسرے کو پہلے نتائج کو دیکھکر اپنے فعل کے نتیجہ کے سوچنے سمجھنے کا موقع زیادہ ملا، اس لیے اسمین اتفاق کے مقابلہ مین قصد کا عنصر زیادہ تھا اس لیے اُس کو نصف دلایا گیا، تیسرے نے چوتھے کو جو کھینچا، حالانکہ وہ سب سے دو نقلے

[1] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۷۷،

اور گذشتہ نتائج کو تیسرے نے خوب غور سے دیکھ لیا تھا، اس لیے وہ تمام تر قصد و ارادہ سے گرایا گیا، نیز یہ کہ اُس نے اپنے پہلے رفقار کی طرح کسی اور کے گرانے کا جُرم بھی نہین کیا، اس لیے وہ پوری دیت کا مستحق تھا، واللہ اعلم

ایک اور مقدمہ کا اس سے بھی زیادہ دلچسپ فیصلہ آپ نے فرمایا، دو صاحب (غالباً مسافر) تھے، ایک صاحب کے پاس تین روٹیان تھین، اور دوسرے کے پاس ۵ روٹیان تھین، دونون ملکر ایک ساتھ کھانے کو بیٹھے تھے کہ اتنے مین ایک تیسرا مسافر بھی آگیا، وہ بھی کھانے مین شریک ہوا، کھانے سے جب فراغت ہوئی تو اس نے آٹھ درم اپنے حصہ کی روٹیون کی قیمت دیدی اور آگے بڑھ گیا، جن صاحب کی پانچ روٹیان تھین اُنھون نے سیدھا حساب یہ کیا کہ اپنی پانچ روٹیون کی قیمت ۵ درم لی، اور دوسرے صاحب کو ان کی تین روٹیون کی قیمت تین درم دینے چاہے مگر وہ اسپر راضی نہ ہوے اور نصف کا مطالبہ کیا، یہ معاملہ عدالت مرتضوی مین پیش ہوا، آپ نے دوسرے صاحب کو نصیحت فرمائی کہ تھارا رفیق جو فیصلہ کر رہا ہے اس کو قبول کر لو، اس مین زیادہ تھارا نفع ہے، لیکن انھون نے کہا کہ حق کے ساتھ جو فیصلہ ہو مجھے منظور ہے، حضرت مرتضیٰ رضہ نے فرمایا کہ حق تو یہ ہی کہ تم کو صرف ایک درم اور تھارے رفیق کو ۷ درم ملنے چاہئین، اس عجیب فیصلہ سے وہ متحیر رہ گیا، آپ نے فرمایا، تم تین آدمی تھے، تھاری تین روٹیان تھین، اور تھارے رفیق کی پانچ، تم دونون نے برابر کھائین، اور ایک تیسرے کو بھی برابر کا حصہ دیا، تھاری تین روٹیون کے حصے تین جگہ کیے جائین تو ۹ ٹکڑے ہوتے ہین، تھارے رفیق کی پانچ روٹیون کے تین تین ٹکڑے کیے جائین تو ۱۵ ٹکڑے ہوتے ہین، تم اپنے نو ٹکڑون اور اُس کے پندرہ ٹکڑون کو جمع کرو تو ۲۴ ٹکڑے ہوتے ہین، تینون مین سے ہر ایک نے برابر ٹکڑے کھائے تو فی کس ۸ ٹکڑے پڑتے ہین، تم نے اپنے ۹ مین سے آٹھ خود کھائے، اور ایک تیسرے مسافر کو دیا، اور تھارے رفیق نے اپنے ۱۵ ٹکڑون مین سے ۸ خود کھائے اور ۷ تیسرے کو دیے، اس لیے

۸ درم مین سے ایک کے تم اور ۷ کا وہ مستحق ہے[1]،

کبھی کبھی کوئی لغو مقدمہ پیش ہوتا تو آپ زندہ دلی کا ثبوت بھی دیتے تھے، ایک شخص نے ایک شخص کو یہ کہکر پیش کیا کہ اس نے خواب مین دیکھا ہے کہ اُس نے میری مان کی آبروریزی کی ہے فرمایا ملزم کو دُھوپ مین لیجا کر کھڑا کرو، اور اُس کے سایہ کو سو کوڑے مارو[2]،

حضرت علی مرتضیٰؑ کے فیصلے قانون کی نظائر کی حیثیت رکھتے تھے، اس لیے لوگون نے اُن کو تحریری صورت مین مدون کر لیا تھا، مگر چونکہ اس عہد مین اختلاف آرا اور فرقہ آرائی کا زمانہ شروع ہو چکا تھا، ان مین تحریف بھی ہونے لگی، چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے سامنے جب ان کے فیصلون کا تحریری مجموعہ پیش ہوا، تو اس مین کے ایک حصہ کو اُنھون نے جعلی بتایا اور کہا کہ اپنی عقل وہوش کے بجا رہنے کے ساتھ علیؓ کبھی ایسا فیصلہ نہین کر سکتے تھے[3]،

علم اسرار وحکم دنیا مین اہل حکمت اور متکلمین کے دو گروہ ہین، ایک وہ جو اپنی عقل، فہم، اور علم کی بنا پر ہر شرعی حکم کی جزئی مصلحتون پر نگاہ رکھتے ہین اور اس کے اسرار وحکم کی تلاش مین رہتے ہین، دوسرا گروہ وہ ہے جو ایک ایک حکم کے جزئی مصالح سے دلچسپی نہین رکھتا، بلکہ وہ کلی طور پر پوری شریعت پر ایک مبصرانہ نگاہ ڈالکر ایک کلی اصول طے کر لیتا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے ان احکام مین جو جزئی مصلحتین رکھی ہین ان کی تلاش اور جستجو کی ضرورت نہین سمجھتا، صحابہ مین حضرت عائشہ صدیقہؓ کا مذاق علم پہلی قسم کا، اور حضرت علی مرتضیٰ کا ذوق نظر دوسری قسم کا معلوم ہوتا ہے ان کی نظر احکام کی نظری کیفیت پر اتنی نہین پڑتی جتنی اُن کی عملی کیفیت پر، اسی لیے کسی حکم کا انسان کی ظاہری عقل کے خلاف ہونا اُن کے نزدیک چندان اہم نہین کہ انسانی عقل خود ناقص ہے، وہ کسی حکم شرعی کیلئے صحت اور صواب کا معیار نہین بن سکتی،

[1] تاریخ الخلفا سیوطی بروایت زر بن حبیش [2] ایضاً بحوالہ مصنف ابن ابی شیبۃ [3] مقدمہ صحیح مسلم،

صحیح بخاری کی تعلیقات مین ہے کہ ایک دفعہ حضرت علی مرتضیٰؓ نے فرمایا :

حدثوا الناس بما یعرفون اتحبّون ان	لوگون سے وہی کہو جو سمجھ سکتے ہون کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ
یکذب اللہ ورسولہ (کتاب العلم)	خدا یا خدا کا رسول جھٹلایا جائے

مقصود یہ ہے کہ اگر اُن سے ایسی باتین کی جائین جو اُن کے فہم سے بالاتر ہون، تو لامحالہ اپنی بیوقونی سے وہ ان باتون کو غلط سمجھین گے، اور اس طرح وہ ناداستگی مین خدا اور رسول کی تکذیب کے جرم کے مرتکب ہون گے، اس لیے لوگون سے اُن کی عقل کے مطابق گفتگو کرنی چاہیے، کہ مصالح الٰہی ہر شخص کی سمجھ مین یکسان نہین آسکتے ہین،

احکام اور روایات کے بعض الفاظ اگر متعدد معنون کو محتمل ہون تو آپ فرماتے ہین کہ ان مین سے وہی معنی صحیح ہون گے جو رسالت اور نبوت کی شان کے شایان ہون، مسند ابن حنبل کے مطابق اس روایت کے اصل الفاظ یہ ہین، آپ نے فرمایا :-

اذا حدثتم عن رسول اللہ صلعم بحدیث	جب تم سے رسول اللہ صلعم کی کوئی حدیث بیان کی جائے تو
فظنوا بہ الذی ھو اھدی والذی ھو اتقی	اُس کے معنی وہ سمجھو جو زیادہ راہ راست، زیادہ پرہیزگارانہ
والذی ھو اھنأ (صفحہ ۱۲۰)	اور زیادہ بہتر ہو،

موزون پر مسح کرنا سنت ہے لیکن یہ مسح نیچے تلوون پر نہین بلکہ اوپر پاؤن پر کیا جاتا ہی حضرت علی مرتضیٰؓ فرماتے ہین جیسا کہ سنن ابی داؤد مین ہے،

لو کان الدین بالرای لکان باطن القدمین	اگر احکام دین (ظاہری) عقل و رائے سے بنائے جاتے تو تلوے
احق بالمسح من ظاھرھما وقد مسح النبی صلعم	اوپر کے پاؤن سے زیادہ مسح کے مستحق ہوتے لیکن آنحضرت صلعم نے
علی ظھر خفیہ (باب کیف المسح)	موزون کی پشت پا پر مسح فرمایا،

حضرت مرتضیٰؑ کا مقصود یہ ہے کہ چلنے کی وجہ سے اگر گرد و غبار کے دور کرنے اور صفائی کی غرض سے

یہ مسح ہوتا تو نیچے کے تلوؤں پر مسح ہوتا، لیکن آنحضرت صلعم نے نیچے نہین اوپر مسح فرمایا، اس لیے احکامِ الٰہی کے مصالح کی تعیین مین محض ظاہری عقل ورائے کو دخل نہین ہے'

یہی روایت مسند ابن حنبل (جلد اول صفحہ ۱۱۴) مین اس طرح ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر مین رسول اللہ صلعم کو نہین دیکھتا تو سمجھتا کہ نیچے مسح کرنا اوپر مسح کرنے سے زیادہ بہتر ہے یعنی ظاہری قیاس کا مقتضی یہی تھا، مگر حکم الٰہی صرف ظاہری قیاس پر مبنی نہین،

تصوف

اس بیان سے یہ نہ سمجھنا جائے کہ حضرت مرتضیٰ کو اسرارِ شریعت پر عبور نہ تھا، بلکہ اُن کا مسلک یہ تھا کہ عوام کے لیے یہ موزون نہین ہین' اور یہ بالکل سچ ہے کہ اس سے عوام کے طبائع مین احکام الٰہی کی اتباع اور پیروی کے بجائے، عدم عمل کیلئے حیلہ گری اور فلسفیانہ بہانہ جوئی پیدا ہوتی ہے' خواص اس فرق کو سمجھتے ہین' اس لیے انھین کے لیے یہ علم موزون ہے' چنانچہ تصوف جو مذہب کی جان اور اسرارِ شریعت کی روح ہے' اور جو خاصانِ اُمت کے لیے ہے' حضرت علی مرتضیٰ نے اس کے حقایق ومعارف بہت خوبی سے بیان کیے ہین'

تصوف کے اکثر سلسلے سینۂ مرتضوی پر جاکر ختم ہوتے ہین' حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ "اصول اور آزمائش وامتحان مین ہمارے شیخ الشیوخ علی مرتضیٰ ہین" شاہ ولی اللہ صاحب نے ازالۃ الخفا مین لکھا ہے کہ "خلافت سے پہلے حضرت ممدوح کو اسمین بیحد انہماک تھا مگر خلافت کے بعد اس کی مصروفیت نے اُن کو اس فن کی تفصیل بیان کرنے کی فرصت نہ دی"[1]

محدثین کے اصول پر حضرت مرتضیٰ کے یہ صوفیانہ اقوال پایۂ صحت کو نہین پہنچتے' اور نہ سلسلۂ صحبت کی کڑیاں ثابت ہوتی ہین کہ یہ اکثر سلسلے حضرت حسن بصری پر جاکر تمام ہوتے ہین' اور انکو حضرت مرتضیٰ کا فیض پذیر اور صحبت یافتہ سمجھا جاتا ہے' مگر حضرت حسن بصری کی یہ صحبت اور تعلیم

[1] ازالۃ الخفا صفحہ ۲۷۴،

محدثین کی روایتون سے ثابت نہین ہوتی بلکہ امام ترمذی نے تو اس سے بھی انکار کیا ہے کہ اُنھون نے بلا واسطہ حضرت مرتضیٰؓ سے کچھ سنا بھی ہے بہرحال اتنا بالاتفاق ثابت ہے کہ انھون نے حضرت مرتضیٰ کو خلافت سے پہلے مدینہ مین دیکھا تھا، اور اُن کے دیدار سے مشرف تھے، اور اس وقت اُنکی عمر غالباً چودہ پندرہ برس کی تھی،

تقریر وخطابت

تقریر وخطابت مین حضرت علی مرتضیٰؓ کو خداداد ملکہ حاصل تھا، مشکل سے مشکل مسئلہ پر بڑے بڑے مجمعون مین فی البدیہہ تقریر فرماتے تھے، تقریرین عموماً مدلل اور مؤثر ہوتی تھین، ۳۹ھ مین جب امیر معاویہؓ نے مدافعت کے بجائے جارحانہ طریقِ عمل اختیار کیا، تو جمعہ کے روز اپنی جماعت کو اُبھارنے کے لیے جو خطبہ دیا تھا اس سے زورِ تقریر اور حسنِ خطابت کا کافی اندازہ ہوگا،

اما بعد فان الجهاد باب من ابواب الجنة من ترکه البسه الله الذلة وشمله بالصغار وسیم الخسف وسبیل الضیم وانی قد دعوتکم الی جهاد هولاء القوم لیلا ونهارا وسرا وجهارا وقلت لکم اغزوهم قبل ان یغزوکم فما غزی قوم فی عقر دارهم الا ذلوا واجترء علیهم عدوهم هذا اخو بنی عامر قد ورد الانبار وقتل ابن حسان البکری وازال مسالحکم عن مواضعها وقتل رجالا منکم صالحین وقد بلغنی انهم کانوا یدخلون

حمد ونعت کے بعد، جہاد جنت کے دروازون مین سے ایک دروازہ ہے، جس نے اس کو چھوڑا، خدا اسکو ذلت کا لباس پہناتا ہے، اور رسوائی کو شاملِ حال کرتا ہے، اور ذلت کا مزہ چکھایا جاتا ہے، اور دشمنون کی دست درازی مین گرفتار ہوتا ہے، مین نے تم کو شب و روز، علانیہ اور پوشیدہ ان لوگون سے لڑنے کی دعوت دی اور مین نے کہا کہ اس سے پہلے کہ وہ حملہ کرین، مین حملہ کرون، کوئی قوم جسپر اُسکے گھر مین آکر حملہ کیا جائے وہ ذلیل و رسوا ہوتی ہے، اُسکا دشمن اسپر جری ہوجاتا ہے، دیکھو کہ عامری نے انبار مین آکر ابن حسان بکری کو قتل کردیا، تمھارے مورچون کو اپنی جگہ سے ہٹادیا، تمھاری فوج کے چند نیکوکار بہادرون کو

بيت المرأة المسلمة والاخرى
المعاهدة فينزع حجلها
من رجلها وقلائدها من عنقها
يا عجباً من امر يميت القلوب ويجتلب
الغم وسيعر الاحزان من اجتماع القوم
على باطلهم وتفرقكم عن حقكم
فبعداً لكم وسحقا فقد صرتم غرضا ترمون
ولا ترمون ويغار عليكم ولا تغيرون
ويعصى الله فترضون اذا قلت لكم
سيروا فى الشتاء قلتم كيف نغزوا
فى هذا القر والصر وان قلت لكم
سيروا فى الصيف قلتم حتى ينصرم
عنا حرارة القيظ وكل هذا فرار من الموت
فاذا كنتم من الحر والقر تفرون
فانتم والله من السيف افر والذى
نفسى بيده ما من ذالك تهربون
ولكن من السيف تحيدون يا اشباه الرجال
ولا رجال ويا احلام الاطفال وعقول
ربات الحجال اما والله لوددت ان الله اخرجنى

قتل کر ڈالا، اور مجھے یہ خبر معلوم ہوئی ہے کہ وہ مسلمان اور ذمی
عورتون کے گھرون مین گھسے اور اُن کے پاؤن سے
اُنکے پازیب اور اُن کے گلے سے اُن کے ہار اُتار لیئے،
ایک قوم کا باطل پر اجتماع اور تمھارا امر حق سے برگشتہ ہونا
کس قدر تعجب انگیز ہے جو دلون کو مردہ کرتا ہے اور غم و رنج
کو بڑھاتا ہے، تمھارے لیے دوری و ہلاکت ہو، تم نشانہ
بن گئے ہو، اور تم پر تیر برسایا جاتا ہے لیکن تم خود تیر نہین
چلا سکتے، تم پر غارت گری کی جاتی ہے لیکن تم خود غارتگری
نہین کرتے خدا کی نافرمانی کی جاتی ہے اور تم اُسکو پسند کرتے ہو
جب تسے کہتا ہون کہ موسم سرما مین فوج کشی کرو تو تم کہتے ہو کہ
اس قدر سردی اور پالے مین کس طرح لڑ سکتے ہین اور اگر کہتا
ہون کہ موسم گرما مین چلو تو کہتے ہو کہ گرمی کی شدت کم ہو جائے تب
حالانکہ یہ سب موت سے بھاگنے کا حیلہ ہے، پس جب تم
گرمی اور سردی سے بھاگتے ہو تو خدا کی قسم تلوار سے اور بھی
بھاگو گے قسم ہے اس ذات کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے
تم اُس سے نہین بھاگتے، بلکہ تلوار سے جان چُراتے ہو، اے
مرد نہین بلکہ مرد کی تصویرو! اور اے بچون اور عورتون
کی سی عقل اور سمجھ رکھنے والو! خدا کی قسم مین پسند کرتا ہون
کہ خدا تمھاری جماعت سے مجھے نکال لیجائے اور موت دیکر

من بين اظهركم وقبضني الى رحمته من	اپنی رحمت نصیب کرے میری تمنا تھی کہ تم سے جان پہچان نہوتی
بينكم وددت اني لم اركم ولم اعرفكم والله	خدا کی قسم تم نے میرا سینہ غیظ وغضب سے بھر دیا ہی تم نے
ملأتم صدري غيظا وجرعتموني الامرين انفاساً	مجھے دو تلخیون کے گھونٹ پلائے ہین اور عصیان و نافرمانی
وافسدتم علي رائي بالعصيان والخذلان	کرکے میری راے کو برباد کردیا ہے،

آپ کے طرفدارون کے دل اگرچہ پژمردہ ہوچکے تھے اور قواے عملی نے جواب دیدیا تھا تاہم اس غیرت انگیز تقریر نے تھوڑی دیر کیلیے ہلچل پیدا کردی، اور ہر طرف سے پُرجوش صداؤن نے لبیک کہا،

شریف رضی نے حضرت علیؓ کے تمام خطبون کو نہج البلاغۃ کے نام سے چار جلدون مین جمع کردیا ہے اور انپر اپنی راے ظاہر کرتے ہوے یہ نہایت صحیح لکھا ہے کہ ان خطبون نے ہزارون لاکھون آدمیون کو فصیح و بلیغ مقرر بنادیا ہے، تاہم نہج البلاغۃ کے تمام خطبون کا صحیح ہونا ایک مشتبہ امر ہے خصوصاً جبکہ اُن مین ایسے اصطلاحات و خیالات بھی ملین جو تیسری صدی مین یونانی فلسفہ کے ترجمہ کے بعد سے عربی مین رائج ہوے ہین،

شاعری جناب مرتضیٰؓ کی طرف بہت سے اشعار بھی منسوب ہین جن مین سے دو چار احادیث صحیحہ مین بھی مذکور ہین، مثلاً آپ کا وہ رجزیہ شعر جو معرکۂ خیبر مین آپ نے پڑھا تھا،

انا الذي سمتني امي حيدرة   كليث غابات كريه المنظرة

مگر لوگون نے آپ کی طرف نہایت بے احتیاطی سے بہت سے جعلی اشعار بھی منسوب کردیے ہین، بلکہ ایک پورا دیوان، دیوان علی کے نام سے موجود ہے، جس کو افسوس ہے کہ طلبہ اور علما نہایت شوق سے پڑھتے پڑھاتے ہین حالانکہ اس کی زبان اس لایق بھی نہین کہ کسی عربی شاعر کی طرف منسوب کی جاے، چہ جائیکہ افصح الفصحا حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الشریف کی طرف، حاکم نے مستدرک مین حضرت فاطمہ زہراؓ کے مرثیہ مین آپکی زبان مبارک سے دو شعر نقل کیے ہین،

علم نحو کی ایجاد علم نحو کی بنیاد خاص حضرت علیؓ کے دستِ مبارک سے رکھی گئی ہے، ایک دفعہ ایک شخص کو قرآن شریف غلط پڑھتے سُنا اس سے خیال پیدا ہوا کہ کوئی ایسا قاعدہ بنادیا جائے جس سے اعراب میں غلطی واقع نہو سکے، چنانچہ ابوالاسود دُئلی کو چند قواعد کلیہ بتائے اور اس فن کی تدوین پر مامور کیا، اس طرح علم نحو کے ابتدائی اصول بھی آپ ہی کی طرف منسوب ہیں،

اخلاق وعادات
اور
ذاتی حالات

معلوم ہو چکا ہے کہ حضرت علی مرتضیٰؓ نے ایام طفولیت ہی سے سرور کائنات صلعم کے دامنِ عاطفت میں تربیت حاصل کی تھی، اس لیے وہ قدرۃً حسنِ اخلاق اور حسنِ تربیت کے نمونہ تھے، کبھی ان کی زبان کلمۂ شرک وکفر سے آلودہ نہوئی، اور نہ کبھی ان کی پیشانی غیر خدا کے آگے جھکی، جاہلیت کے ہر قسم کے گناہ سے مبرا اور پاک رہے، شراب جو عرب کی گھٹی میں تھی اسلام سے پہلے بھی کبھی آپ نے نہیں پی، اور اسلام کے بعد تو اس کا کیا موقع ہو سکتا تھا[1]،

---

[1] ترمذی اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ شراب کی حرمت سے پہلے دوستوں کے ایک جلسہ میں حضرت علیؓ نے شراب پی، اسی حالت میں نماز پڑھائی تو سورۂ قل یا ایھا الکفرون کچھ سے کچھ پڑھ دی، اس پر شراب کی حرمت کی آیت نازل ہوئی، گو شراب کی حرمت کے نازل ہونے سے پہلے شراب پینا مذہباً گناہ نہیں تھا، تاہم ظاہر ہے کہ کمالِ تقویٰ کے خلاف ضرور تھا، اور دوسری روایتوں سے یہ بالکل ثابت نہیں ہوتا کہ آپ کا دہن مبارک کبھی اس سے آلودہ ہوا، اسی لیے اس روایت کے قبول کرنے میں ہمیں تردد ہے، اصل یہ ہے کہ اس کا اخیر راوی گو پہلے علوی تھا، مگر آخر میں حضرت علیؓ کا مخالف (عثمانی) ہوگیا تھا، اس لیے حضرت علیؓ کی شان میں اسکی مخالف شہادت معتبر نہیں ہو سکتی، اب حاکم کی مستدرک چھپ چکی ہے، اس کی روایت سے اصلی واقعہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت علی نے یہ واقعہ ایک اور شخص کا بیان کیا تھا، عثمانی راوی نے خود حضرت علی مرتضیٰ کا نام رکھدیا، حاکم نے اس روایت کو نقل کرکے لکھا ہے کہ بحمد اللہ اس روایت سے حضرت علیؓ کے مخالفین جو آپ پر اعتراض کرتے تھے وہ اُٹھ گیا،

امانت و دیانت

سب کو معلوم ہے کہ مکہ مین آنحضرت صلعم کے پاس اہل قریش کی امانتین جمع رہتی تھین، جب آپ نے ہجرت فرمائی تو اس منصب امانت کی جانشینی پر حضرت علیؓ کو نامزد فرمایا اور حکم دیا کہ سب کی امانتین واپس کرکے میرے پاس چلے آنا، چنانچہ انھون نے اس فرض کو بخوبی انجام دیا، خلافت کے عہد مین بیت المال کی دیانت و امانت کے ساتھ دیکھ بھال بھی کچھ کم اہم فرض نہ تھا، حضرت علی مرتضیٰؓ نے اس فرض کو اس طرح ادا کیا کہ حضرت ام کلثومؓ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ نارنگیان آئین امام حسنؑ امام حسینؑ نے ایک نارنگی اٹھالی جناب امیر نے دیکھا تو چھین کر لوگون مین تقسیم کردی،[1]

مال غنیمت تقسیم فرماتے تھے تو برابر حصے لگا کر قرعہ ڈالتے تھے کہ اگر کچھ کمی بیشی ہو تو وہ اس سے بری ہو جائین، ایک دفعہ اصفہان سے مال آیا اس مین ایک روٹی بھی تھی حضرت علی نے تمام مال کے ساتھ اس روٹی کے بھی سات ٹکڑے کیے اور قرعہ ڈالکر تقسیم فرمادیا، ایک دفعہ بیت المال کا تمام اندوختہ تقسیم کرکے اس مین جھاڑو دی اور دو رکعت نماز ادا فرمائی کہ وہ ان کی امانت و دیانت کی شاہد رہے،[2]

زہد

دنیا کی جھوٹی نمائش اور اس کے چند روزہ عیش کو حضرت علی مرتضیٰؓ نے ہمیشہ حقارت کی نظر سے دیکھا، کوفہ تشریف لائے تو دارالامارت کے بجائے ایک میدان مین فروکش ہوئے اور فرمایا کہ عمر بن خطابؓ نے ہمیشہ ان عالیشان محلات کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا، مجھے بھی اسکی حاجت نہین، میدان میرے لیے بس ہے،[3]

حضرت علیؓ نے شروع سے آخر تک زاہدانہ زندگی بسر کی، چھبیس برس کی عمر تک

[1] اسد الغابہ جلد ۴ صفحہ ۲۰ [2] ازالۃ الخفا، بحوالہ ابن ابی شیبہ [3] مسند جلد ۱ صفحہ ۱۳۱ [4] ازالۃ الخفا بحوالہ ابو عمر ابن البر، صفحہ ۲۶۶،

آنحضرت صلعم کے ساتھ رہے، ظاہر ہے شہنشاہ اقلیم زہد و قناعت کے ساتھ عیش دنیاوی کا کہان موقع میسّر ہوگا، حضرت فاطمہ رض کے ساتھ شادی ہوئی تو علٰحدہ مکان مین رہنے لگے لیکن زہد کا اس سے اندازہ ہوگا کہ سیدۂ جنت جو سازو سامان اپنے میکے سے لائی تھین اسمین ایک چیز کا بھی اضافہ نہو سکا، چکی پیستے پیستے حضرت فاطمہ رض کے ہاتھون مین گھٹے پڑ گئے تھے، گھر مین اوڑھنے کی صرف ایک چادر تھی وہ بھی اس قدر مختصر کہ پاؤن چھپاتے تو سر برہنہ ہو جاتا اور سر چھپاتے تو پاؤن کھل جاتا، معاش کی یہ حالت تھی کہ ہفتون گھر سے دھوان نہین اُٹھتا تھا، بھوک کی شدت ہوتی تو پیٹ پر پتھر باندھ لیتے، ایک دفعہ شدت گرسنگی مین کاشانۂ اقدس سے باہر نکلے کہ مزدوری کر کے کچھ کما لائین، عوالی[1] مدینہ مین دیکھا کہ ایک ضعیفہ کچھ اینٹ پتھر جمع کر رہی ہے خیال ہوا کہ شاید اپنا باغ سیراب کرنا چاہتی ہے اُس کے پاس پہنچکر اُجرت طے کی اور پانی سینچنے لگے یہانتک کہ ہاتھون مین آبلے پڑ گئے، غرض اس محنت و مشقت کے بعد ایک مٹھی کھجور اجرت مین ملی لیکن تنہا خوری کی عادت نہ تھی بجنسہ لیے ہوئے بارگاہِ نبوت مین حاضر ہوئے آنحضرت صلعم نے تمام کیفیت سنکر نہایت شوق کے ساتھ کھانے مین ساتھ دیا،[2]

ایامِ خلافت مین بھی زہد کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹا، موٹا جھوٹا لباس اور روکھا پھیکا کھانا ان کے لیے دنیا کی سب سے بڑی نعمت تھی، ایک دفعہ عبداللہ بن زریر نام ایک صاحب شریکِ طعام تھے، دسترخوان پر کھانا نہایت معمولی اور سادہ تھا، اُنھون نے کہا امیرالمومنین آپ کو پرند کے گوشت سے شوق نہین ہے، فرمایا ابن زریرا خلیفۂ وقت کو مسلمانون کے مال مین سے صرف دو پیالون کا حق ہے، ایک خود کھلائے اور اہل و عیال کو کھلائے اور دوسرا خلق خدا کے سامنے پیش کرے،[3]

---

[1] مدینہ کے قرب و جوار کی آبادی کا نام عوالی تھا، [2] مسند احمد بن حنبل صفحہ ۱۳۵، [3] مسند احمد جلد ۱ صفحہ ۷۸،

دردولت پر نہ کوئی حاجب تھا نہ دربان، نہ امیرانہ کروفر، نہ شاہانہ تزک واحتشام،

غرض عین اسوقت جب کسریٰ کی شہنشاہی مسلمانون کے لیے زروجواہر اُگل رہی تھی، اسلام کا خلیفہ ایک معمولی غریب کی طرح زندگی بسر کرتا تھا، اور داد ودہش کی بدولت کبھی فقروفاقہ کی نوبت بھی آجاتی تھی، ایک دفعہ منبر پر خطبہ دیتے ہوے فرمایا کہ "میری تلوار کا کون خریدار ہے؟ خدا کی قسم اگر میرے پاس ایک تہ بند کی قیمت ہوتی تو اس کو فروخت نہ کرتا" ایک شخص نے کھڑے ہوکر کہا "امیرالمومنین! مین تہ بند کی قیمت قرض دیتا ہون"[1]

گھر مین کوئی خادمہ نہ تھی، سیدۂ پاکؓ نے کاشانۂ نبوت پر حاضر ہوکر اپنی یہ مصیبت بیان کرنا چاہی، لیکن سرورِ کائناتؐ موجود نہ تھے، اس لیے واپس آکر سو رہین، تھوڑی دیر کے بعد حضرت عائشہؓ کی اطلاع پر آنحضرت صلعم خود تشریف لائے اور ارشاد فرمایا "کیا مین تم کو ایک ایسی بات نہ بتاؤن جو ایک خادم سے کہین زیادہ تمھارے لیے مفید ہو" اس کے بعد آپ نے تسبیح کی تعلیم دی،[2]

عبادات حضرت علی کرم اللہ وجہہ خدا کے نہایت عبادت گذار بندے تھے، اُنھون نے بارہ تیرہ سال کے سن سے رسول اللہ صلعم کے ساتھ خداوند تعالیٰ کے آگے سر جھکایا اور اُس کے بعد ہمیشہ یہی ذوق قائم رہا، جسکی بڑی شہادت قرآن مجید کا ایک اشارہ ہے، قرآن مجید مین صحابۂ کرامؓ کے فضائل مین ایک نہایت جامع آیت یہ نازل ہوئی ہے،

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ	محمد رسول اللہ اور وہ لوگ جو اُن کے ساتھ ہین کافرون پر سخت
عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا	باہم رحمدل ہین تم اُن کو دیکھتے ہو کہ بہت رکوع اور بہت سجدہ
سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا	کرکے خدا کا فضل اور اسکی رضامندی کی جستجو کرتے ہین،

---

[1] ازالۃ الخفا بحوالہ ابو عمر (ابن عبدالبر)

[2] بخاری کتاب الدعوات باب التسبیح والتکبیر عند المنام ۱۲

مفسرین نے اس آیت کی تفسیر مین بطور نکتہ کے لکھا ہے کہ والذین معہ سے ابوبکر صدیق رضؓ، اشداء علی الکفار سے عمر بن الخطاب رضؓ رحماء بینھم سے عثمان رضؓ بن عفان، رکعا سجدا سے حضرت علی بن ابی طالب رضؓ اور یبتغون فضلا من اللہ ورضوانا سے بقیہ صحابہ مراد ہین جس سے عبادات کے لحاظ سے تمام صحابہ رضؓ پر حضرت علی رضؓ کی مخصوص فضیلت ثابت ہوتی ہے کیونکہ اولاً تو رکوع وسجود تمام صحابہ رضؓ کا وصف تھا لیکن اُن کے ساتھ اس وصف کی تخصیص کرنے سے معلوم ہوا کہ باوجود اس اشتراک کے ان کو اس باب مین کچھ مزید امتیاز بھی حاصل تھا،

قرآن مجید کے اس اشارہ کے علاوہ خود صحابہ رضؓ بھی ان کے اس وصف امتیاز کی شہادت دیتے ہین، حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہین،

کان ما علمت صواما قواما[1] جہان تک مجھے معلوم ہے، وہ بڑے روزہ دار اور عبادت گذار تھے

زبیر بن سعید قرشی کہتے ہین،

لم ارھا شمیا قط کان اعبد للہ منہ[2] مین نے کسی ہاشمی کو نہین دیکھا جو ان سے زیادہ خدا کا عبادت گذار ہو،

اُن کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عبادات مین جس چیز کا التزام کر لیتے تھے، اس پر ہمیشہ قائم رہتے تھے، ایک موقع پر رسول اللہ صلعم نے اُن سے اور حضرت فاطمہ رضؓ سے فرمایا کہ تم دونون ہر نماز کے بعد دس۱۰ بار تسبیح، دس بار تحمید، اور دس بار تکبیر پڑھ لیا کرو، اور جب سوؤ تو ۳۳ بار تسبیح ۳۳ بار تحمید، اور ۳۴ بار تکبیر کہہ لیا کرو، حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ جب سے رسول اللہ صلعم نے مجھ کو اس کی تلقین کی، مین نے اس کو نہین چھوڑا، ابن کواء نے کہا کہ "صفین کی شب مین بھی نہین"؟ فرمایا "صفین مین بھی نہین"[3]،

---

[1] تفسیر فتح البیان جلد ۹ صفحہ ۴۸ [2] ترمذی کتاب المناقب، فضل فاطمہ [3] مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۱۰۸ [4] مسند ابن حنبل جلد اصفحہ ۱۰۷، وابوداؤد کتاب الادب،

انفاق فی سبیل اللہ حضرت علیؓ گو دولت دنیاوی سے متمتع نہ تھے تاہم دل غنی تھا کوئی سائل یا اہل حاجت نظر آجاتا تو قوت لایموت بھی دیدیتے، ایک دفعہ رات بھر باغ سینچکر تھوڑے سے جو مزدوری مین حاصل کیے، صبح کے وقت گھر تشریف لائے تو ایک ثلث پسوا کر حریرہ پکوانیکا انتظام کیا، ابھی پک کر تیار ہی ہوا تھا کہ ایک مسکین نے صدا بلند کی، حضرت علیؓ نے سب اُٹھا کر اسکو دیدیا اور پھر بقیہ مین دوسرے ثلث کے پکنے کا انتظار کیا، لیکن جیسے تیار ہوا کہ ایک یتیم مسکین نے دستِ سوال بڑھایا، اُسے بھی اُٹھا کر اُس کے نذر کیا غرض اسی طرح تیسرا حصہ بھی جو بچ رہا تھا پکنے کے بعد ایک مشرک قیدی کے نذر ہو گیا، اور یہ مرد خدا رات بھر کی مشقت کے باوجود دن کو فاقہ مست رہا، خداے پاک کو یہ ایثار کچھ ایسا بھایا کہ بطور ستایش اسکے متعلق ایک خاص آیت نازل فرمائی، وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا الخ[1]

تواضع سادگی اور تواضع حضرت علیؓ کی دستارِ فضیلت کا سب سے خوشنما طرہ ہے، اپنے ہاتھ سے محنت و مزدوری کرنے مین اُن کو کچھ عار نہ تھا، لوگ مسائل پوچھنے آتے تو وہ عموماً کبھی جوتا ٹانکتے، کبھی اونٹ چراتے اور کبھی زمین کھودتے ہوے پاے جاتے، مزاج مین بے تکلفی اسقدر تھی کہ فرش خاک پر سو جاتے، ایک دفعہ آنحضرت صلعم اُنھین ڈھونڈھتے ہوے مسجد تشریف لائے، دیکھا کہ بے تکلفی کے ساتھ زمین پر سو رہے ہین، چادر پیٹھ کے نیچے سے سرک گئی ہے اور جسم انور گرد و غبار کے اندر کندن کی طرح چمک رہا ہے، سرورِ کائنات صلعم کو یہ سادگی نہایت پسند خاطر ہوئی اور خود دست اقدس سے اُن کا بدن صاف کر کے محبت آمیز لہجہ مین فرمانے لگے اجلس یا ابا تراب[2] مٹی والے اب اُٹھ بیٹھو، چنانچہ حضرت علیؓ کو یہ کنیت اس قدر محبوب تھی کہ جب کوئی اس سے مخاطب کرتا تو خوشی سے ہونٹون پر تبسم کی لہر دوڑ جاتی،

---

[1] بخاری کتاب المناقب باب مناقب علی؛

ایامِ خلافت مین بھی یہ سادگی قائم رہی عموماً چھوٹی آستین اور اونچے دامن کا کرتہ اور معمولی کپڑے کی تہمد باندھے بازار مین گشت کرتے پھرتے اگر کوئی تعظیماً پیچھے ہولیتا تو منع فرماتے اور کہتے کہ اسمین والی کے لیے فتنہ اور مومن کے لیے ذلت ہے[۱]

شرم وحیا | شرم وحیا کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی، یہان تک کہ خود آنحضرت صلعم سے ضروری مسائل دریافت کرنے مین بھی حیا دامنگیر ہوتی تھی، ایک دفعہ دریافت کرنا تھا کہ مذی سے غسل لازم آتا ہے یا نہین لیکن شرم وحیا خود ان کو اجازت نہ دیتی تھی اس لیے دوسرے شخص کے ذریعہ سے دریافت کرایا[۲]

غزوۂ اُحد مین ابو سعد ایک کافر حریفانہ مقابلہ کے لیے آیا، ایک ہی حملہ مین وہ ایسا گرا کہ اسکو اپنے کپڑون کا بھی حواس نہ رہا اور برہنہ ہوگیا، شرم وحیا کی زنجیر نے حضرت مرتضیٰؓ کے پانون پکڑ لیے، آپ اُس کو چھوڑ کر ہٹ گئے[۳]

شجاعت | شجاعت وبسالت حضرت مرتضیٰؓ کا مخصوص وصف تھا، وہ تمام اہم غزوات مین شریک ہوے اور سب مین اپنی شجاعت کے جوہر دکھائے

اسلام مین سب سے پہلا غزوۂ بدر پیش آیا حضرت حمزہؓ اور حضرت علیؓ اس غزوہ کے دو ہیرو تھے۔ اس جنگ مین حضرت علیؓ نے تجربہ کار اور جنگ آزما بہادرون کے دوش بدوش دادِ شجاعت دی، حالانکہ اسوقت اُن کا عنفوانِ شباب تھا"

جنگ شروع ہوئی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مقابلہ ولید سے ہوا تو ایک وار مین اس کا کام تمام کردیا، پھر شیبہ کے مقابلے مین حضرت عبیدہ بن حارثؓ آئے اور اُس نے ان کو زخمی کیا تو حضرت حمزہؓ اور حضرت علیؓ نے حملہ کرکے اس کا کام بھی تمام کردیا، غزوۂ احد مین کفار کا جھنڈا طلحہ بن ابی طلحہ کے ہاتھ مین تھا، اس نے مبارزت طلب کی تو حضرت علی مرتضیٰؓ ہی اس کے مقابلہ مین آئے اور سر پر

[۱] تاریخ طبری صفحہ ۳۴۴۸ [۲] بخاری کتاب الغسل باب غسل المذی والوضوء منہ [۳] سیرۃ ابن ہشام غزوۂ احد

ایسی تلوار ماری کہ سر کے دو ٹکڑے ہو گئے، رسول اللہ صلعم کو اس کی خبر ہوئی تو مسرور ہوے اور تکبیر کا نعرہ مارا، اور مسلمانون نے بھی تکبیر کے نعرے لگائے،

غزوۂ خندق مین بھی وہ تمام صحابہؓ مین پیش پیش رہے، چنانچہ عرب کے مشہور پہلوان عمر بن عبدود نے جب مبارزت طلب کی تو حضرت علی مرتضیٰ نے رسول اللہ صلعم سے میدان مین آنے کی اجازت چاہی، آپ نے ان کو اپنی تلوار عنایت فرمائی، اُن کے سر پر عمامہ باندھا اور دعا کی کہ خداوندا تو اس کے مقابلہ مین اُن کا مددگار ہو، اُس کے بعد باہم تیغ آزمائی شروع ہوئی، تو حضرت علیؓ نے تکبیر کا نعرہ مارا جس سے مسلمانون کو معلوم ہوا کہ انھون نے اپنے حریف پر کامیابی حاصل کی،

غزوۂ خیبر کا میدان اُن کی شجاعت کے اظہار کا مخصوص میدان ہے، اسی غزوہ مین آپ نے فرمایا کہ مین جھنڈا ایسے شخص کو دون گا جو خدا اور خدا کے رسول کو محبوب رکھتا ہے اور خدا اور خدا کے رسول اس کو محبوب رکھتے ہین، اُس کے بعد آپ نے اُن کو جھنڈا عنایت فرمایا، اور مرحب تلوار ہلاتا ہوا اور رجز پڑھتا ہوا مقابلہ مین آیا تو اُس کے جواب مین حضرت علیؓ مرتضیٰ رجز خوان آگے بڑھے اور مرحب کے سر پر ایسی تلوار ماری کہ سر پھٹ گیا اور فتح خیبر اُن کے جنگی کارنامون مین شمار ہوئی،

غزوات نبوی مین غزوۂ ہوازن خاص اہمیت رکھتا ہے جسمین تمام قبائل عرب کی متحدہ طاقت مسلمانون کے خلاف امنڈ آئی تھی، لیکن اس غزوہ مین بھی حضرت علیؓ مرتضیٰ ہر موقع پر ممتاز رہے، رسول اللہ صلعم نے جن اکابر صحابہؓ کو جھنڈے عنایت فرمائے، اُن مین حضرت مرتضیٰؓ بھی شامل تھے، اس کے بعد جنگ شروع ہوئی اور کفار نے دفعۃً تیرون کا مینہ برسایا، تو مسلمانون کے پانون اکھڑ گئے، صرف چند ممتاز صحابہؓ رسول اللہ صلعم کے ساتھ ثابت قدم رہے، جن مین ایک حضرت مرتضیٰؓ بھی تھے عہد نبوت کے بعد خود اُن کے زمانہ مین بھی جو معرکے پیش آئے اُن مین بھی کبھی اُن کے پائے ثبات کو لغزش نہین ہوئی،

دشمنون کے ساتھ سلوک

حدیث مین آیا ہے کہ بہادر وہ نہین ہے جو دشمن کو پچھاڑ دے، بہادر وہ ہے جو اپنے نفس کو زیر کرے" حضرت علی مرتضیٰؓ اس بہادری مین بھی نمایان تھے اُن کی زندگی کا اکثر حصہ مخالفین کی معرکہ آرائی مین صرف ہوا، لیکن باایہمہ اُنھون نے ہمیشہ اُن کے ساتھ عمدہ برتاؤ کیا، ایک دفعہ ایک لڑائی مین جب اُن کا حریف گر کر برہنہ ہوگیا، تو اُس کو چھوڑ کر الگ کھڑے ہوگئے کہ اسکو شرمندگی نہ اُٹھانی پڑے، جنگ جمل مین حضرت عائشہؓ اُن کی حریف تھین، لیکن جب ایک ضبی نے اُن کے اونٹ کو زخمی کرکے گرایا تو خود حضرت علیؓ نے آگے بڑھ کر اُن کی خیریت دریافت کی، اور اُن کو اُنکے ایک طرفدار بصری رئیس کے گھر مین اتارا، حضرت عائشہؓ کی فوج کے تمام زخمیون نے بھی اسی گھر کے ایک ایک گوشے مین پناہ لی تھی، اُس کے بعد حضرت علیؓ ملنے کو آئے تو اگرچہ ان کو معلوم ہوگیا تھا کہ تمام زخمی اسی گھر مین پناہ گزین ہین مگر اُنھون نے اُن سے کچھ تعرض نہین کیا، اس کے بعد بحراست تمام محمد بن ابی بکر کی معیت مین چالیس معزز عورتون کے ساتھ اُن کو حجاز کی طرف رخصت کیا، عام مسلمانون نے اور خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دور تک ان کی مشایعت کی،

اس موقع پر جو لوگ شریک جنگ تھے، ان کی نسبت بھی عام منادی کرادی کہ بھاگنے والون کا تعاقب نہ کیا جائے، زخمیون کے اوپر گھوڑے نہ دوڑائے جائین، مال غنیمت نہ لوٹا جائے، جو ہتیار ڈالدے اسکو امان ہے،

حضرت زبیرؓ نے ایک حریف کی حیثیت سے ان کا مقابلہ کیا تھا، اور جنگ جمل کے سپہ سالارون مین تھے، مگر ان کا قاتل ابن جرموز ان کا مقتول سر اور تلوار لیکر حضرت علیؓ کے پاس آیا تو آبدیدہ ہوگئے، فرمایا فرزند صفیہ کے قاتل کو جہنم کی بشارت دیدو، پھر حضرت زبیرؓ کی تلوار ہاتھ مین لیکر فرمایا، یہ وہی تلوار ہے جس نے کئی دفعہ آنحضرت صلعم کے چہرہ سے مشکلات کا بادل ہٹادیا ہے"

مستدرک مین ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس اُن کا سر آیا تو فرمایا کہ فرزند صفیہؓ کے

قاتل کو جہنم کی بشارت دو، مین نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے کہ ہر نبی کے حواری ہوتے ہین اور میرا حواری زبیر ہے[1]"

جنگِ جمل کے میدان مین جب وہ فریق مخالف کی لاشون کا معاینہ کر رہے تھے تو ایک ایک لاش کو دیکھ کر افسوس کرتے تھے اور جب حضرت طلحہؓ کے لڑکے محمد کی لاش پر نظر پڑی تو آہ سرد بھر کر فرمایا! "اے قریش کا شکرہ!"

ان کا سب سے بڑا دشمن ان کا قاتل ابن ملجم ہو سکتا تھا، لیکن اُنھون نے اُس کے متعلق آخری وصیت جو کی تھی وہ یہ تھی کہ اس سے معمولی طور پر قصاص لینا، مثلہ نہ کرنا یعنی اس کے ہاتھ پاؤن اور ناک کان نہ کاٹنا، ابن سعد مین ہے کہ جب وہ اُن کے سامنے لایا گیا تو اُنھون نے فرمایا کہ "اس کو اچھا کھانا کھلاؤ، اور اُس کو نرم بستر پر سلاؤ، اگر مین زندہ بچ گیا تو اس کے معاف کرنے یا قصاص لینے کا مجھے اختیار حاصل ہوگا اور اگر مین مرگیا تو اس کو مجھ سے ملا دینا مین خدا کے سامنے اُس سے جھگڑ لون گا[1]"

دشمنون کے ساتھ حسن سلوک کی اس سے اعلیٰ مثال کیا ہو سکتی ہے"

امیر معاویہ جنھون نے سب سے پہلے ان سے سرکشی کی اور ان کی تمام تجویزون کو برباد کیا، اُن کی خلافت کے عہد کو بدنام کیا، اُن کے خلاف لڑنے کے لیے بار بار فوجین لائے، مگر حضرت علی مرتضیٰؓ کبھی اُن کے خلاف ایک کلمۂ ناسزا بھی زبان پر نہین لائے، حالانکہ وہ اُن کے متعلق بہت سی صحیح اور درست باتین کہہ سکتے تھے،

اصابتِ رائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اصابتِ رائے پر عہدِ نبوت ہی سے اعتماد کیا جاتا تھا اس لیے تمام مہمات امور مین شریکِ مشورہ کیے جاتے تھے، واقعۂ افک مین رسول اللہ صلعم نے

[1] مستدرک جلد ۳ صفحہ ۳۶۷ ۲ طبقات تذکرہ علی بن ابی طالب

اپنے گھر کے رازدارون مین جن لوگون سے مشورہ طلب کیا ان مین ایک حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تھے، غزوۂ طائف مین آپ نے اُن سے اتنی دیر تک سرگوشی کی کہ لوگون کو اسپر رشک ہونے لگا اُس کے بعد تمام خلفاء نے اُن سے اہم معاملات مین مشورہ لیے چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق نے مہاجرین وانصار کی جو مجلسِ شوریٰ قائم کی تھی اس کے ایک رکن حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تھے، حضرت عمر فاروقؓ نے اس مجلس کے ساتھ مہاجرین کی جو مخصوص مجلس شوریٰ قائم کی تھی اُس کے اراکین کے نام اگرچہ ہم کو معلوم نہین ہین لیکن حضرت علی کرم اللہ وجہہ لازمی طور پراس کے ایک رکن رہے ہون گے، کیونکہ حضرت عمرؓ کو ان کی راے پراس قدر اعتماد تھا کہ جب کوئی مشکل معاملہ پیش آجاتا تھا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مشورے کے بغیراس کے فیصلہ کرنے سے پناہ مانگتے تھے، اسی قسم کے موقعون پراُنھون نے فرمایا ہے،

لولا علی لھلک عمر، اگر علی نہوتے تو عمر ہلاک ہوجاتا،

مذہبی اور تمدنی معاملات کے علاوہ بہت سے سیاسی واقعات مذکور ہین، جن مین حضرت عمرؓ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی راے کو ترجیح دی ہے، چنانچہ معرکۂ نہاوند مین جب ایرانیون کی کثرت نے حضرت عمرؓ کو بیحد مشوش کردیا تو اُنھون نے مسجد نبوی مین تمام صحابہؓ کو جمع کرکے راے طلب کی، حضرت طلحہؓ نے کہا امیرالمومنین آپ خود ہم سے زیادہ سمجھ سکتے ہین اسلیے ہم لوگ تعمیلِ حکم کے لیے تیار ہین، حضرت عثمانؓ نے مشورہ دیا کہ شام ویمن وغیرہ سے فوجین جمع کیجائین اور آپ خود سپہ سالار ہوکر میدانِ جنگ کی طرف تشریف لیجائین، اب تک حضرت علی کرم اللہ وجہہ خاموش تھے، لیکن حضرت عمرؓ نے ان کی طرف دیکھا تو بولے کہ شام سے اگر فوجین ہٹین تو مفتوحہ مقامات پر دشمنون کا تسلط ہوجائیگا، اور آپ نے مدینہ چھوڑا تو عرب مین ہرطرف قیامت برپا ہوجائے گی، اس لیے میری راے یہ ہے کہ آپ یہان سے نہ ہلین اور شام ویمن وغیرہ مین

فرمان بھیجدیے جائین کہ جہان جہان جسقدر فوجین ہون ایک ایک ثلث اُدھر روانہ کردی جائین،

حضرت عمرؓ نے اس راے کو پسند کیا اور کہا کہ میرا بھی یہی خیال تھا،

حضرت عثمانؓ نے بھی ان سے اہم معاملات مین مشورے یے، اور اگر اُن کے مشورون پر عمل کیا جاتا تو اُن کا عہد نہ صرف فتنہ و فساد سے محفوظ رہتا بلکہ قبائل عرب مین ایک ایسا توازن قائم ہوجاتا کہ آیندہ جھگڑے کی کوئی صورت ہی نہ پیدا ہوتی،

علم و فضل اور وسعت نظر کے ساتھ اصابت راے کی سب سے زیادہ ضرورت انفصال مقدمات مین ہوتی ہے، اسی اصابت راے کی بنا پر رسول اللہ صلعم نے ان کو سب سے پہلے یمن کا قاضی مقرر کرکے روانہ فرمایا، اور تمام صحابہؓ مین وہ سب سے بڑے قاضی تسلیم کیے گئے احادیث کی کتابون مین بہت سے پیچیدہ مقامات مذکور ہین جنکا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فیصلہ کیا، اور وہ فیصلے رسول اللہ صلعم کے سامنے پیش کیے گئے، تو آپ نے اُن کو قائم رکھا، چنانچہ اس قسم کا ایک مقدمہ آپ کی خدمت مین پیش کیا گیا، تو آپ نے فرمایا،

ما اجد فیھا الا ما قال علی — میرے نزدیک بھی اس کا فیصلہ وہی ہے جو علی نے کہا،

اُن کے ایک اور فیصلے کا ذکر کیا گیا تو آپ بہت خوش ہوئے، اور فرمایا،

الحمد للہ الذی جعل فینا الحکمۃ اھل البیت[1] — اس خدا کا شکر ہو جس نے ہم اہل بیت کو حکمت سکھائی،

شاہ ولی اللہ صاحب نے ازالۃ الخفاء مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے محاسن اخلاق پر ایک نہایت جامع بحث کی ہے جسکا خلاصہ کردینا یہان مناسب ہوگا وہ لکھتے ہین :-

"بڑے بڑے لوگون کی سرشت مین جو عظیم الشان اخلاق داخل ہوتے ہین، مثلاً شجاعت قوت، حمیت اور وفادہ سب ان مین موجود تھے اور فیض ربانی نے ان سب کو اپنی مرضی مین صرف کیا، اور اُن کے ایک ایک خلق کے ساتھ اس فیض ربانی کی آمیزش سے ایک مقام

[1] ازالۃ الخفا، صفحہ ۲۶۶ (عن یحییٰ بن عبد الرحمن بن حاطب المدنی)

پیدا ہوا، ریاض النضرہ مین ہے کہ جب وہ چلتے تھے تو ادھر اُدھر جھکتے ہوے چلتے تھے اور جب کسی آدمی کا ہاتھ پکڑ لیتے تھے تو وہ سانس تک نہین لے سکتا تھا، وہ تقریباً فربہ اندام تھے، ان کی کلائیان اور اُن کے ہاتھ مضبوط تھے، اور جب میدان جنگ مین جاتے تھے تو بیباکانہ دوڑتے ہوے جاتے تھے، قوی اور دل کے مضبوط تھے، جس شخص سے کشتی لڑتے تھے، اُسکو پچھاڑ دیتے تھے بہادر تھے اور جس سے جنگ مین مقابلہ کرتے تھے اس پر غالب آتے تھے،

ان کے تمام محاسن اخلاق مین ایک وفا بھی، اور جب فیض ربانی نے اُس کو مہذب کیا تو مقام محبت اُن کے لیے ایک مسلمہ چیز بنگیا، رسول اللہ صلعم نے جیسا کہ متواتر طور پر ثابت ہے فرمایا کہ مین کل ایسے شخص کو جھنڈا دون گا جو اللہ اور اُس کے رسول کی محبت کرتا ہے، اور اللہ اور اُسکے رسول بھی اُس سے محبت کرتے ہین، بالآخر آپ نے جھنڈا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیا،

اُن کے محاسن اخلاق مین ایک خلق دشمنون کی مدافعت و مبارزت تھا، اور فیض ربانی نے اس کو اُن کے سوابق اسلامیہ مین صرف کیا اور آخرت مین اس سے عجیب نتیجہ پیدا ہوا اور یہ آیت

هذان خصمان اختصموا — ان دونون فریق نے باہم مخاصمت کی،

اُن کی اور اُن کے رفقا، کی شان مین نازل ہوئی امام بخاری نے حضرت علی بن ابیطالب سے روایت کی ہے کہ اُنھون نے فرمایا کہ مین پہلا شخص ہون گا جو قیامت کے دن خدا کے سامنے خصوصیت کیلئے دوزانو بیٹھے گا، قیس کہتے ہین کہ یہ آیت،

هذان خصمان اختصموا فی ربهم — ان دونون فریق نے اپنے رب کے بارے مین باہم مخاصمت کی،

انھین لوگون کے بارے مین نازل ہوئی، اور یہ وہ لوگ ہین جنھون نے بدر کے دن باہم مبارزت کی یعنی، حمزہ علی عبیدہ، ابو عبیدہ بن الحارث شیبہ بن ربیعہ، عتبہ، اور ولید بن عتبہ،

اُن کے محاسنِ اخلاق یہ تھے کہ نہایت سخت اور دلیر تھے، کسی کی پروا نہین کرتے تھے، اور لوگون کی خاطر مدارات کیلیئے اپنی خواہش سے باز نہین آتے تھے، فیضِ ربانی نے انھی اخلاق سے نہی عن المنکر اور بیت المال کی حفاظت مین کام لیا، حاکم نے حضرت ابو سعید خدری رضؓ سے روایت کی ہے کہ لوگون نے رسول اللہ صلعم سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شکایت کی، تو آپ ہم لوگون کے درمیان خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوے اور فرمایا کہ لوگو علی کی شکایت نہ کرو، خدا کی قسم، خدا کی ذات اور اُس کے راہ مین وہ کسی قدر سخت ہے، حضرت عمرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ خدا کی ذات مین علی سخت ہے،

اُن کے تمام محاسنِ اخلاق مین ایک جیز اپنی قوم اور اپنے چچازاد بھائی کی حمیت تھی اسلیئے وہ اُن کے منصب کی تکمیل مین نہایت اہتمام کرتے تھے، اور ان کی مدد مین نہایت ہمت سے کام لیتے تھے، اور یہ وہ وصف ہے، جو اکثر شریف لوگون مین پیدا ہوتا ہے، اور جب فیض ربانی نے اعلاء کلمۃ اللہ کا جذبہ اُن کے دل مین پیدا کیا تو اس خلق سے کام لیا اور اس عقلی معنی کی شرح و تفسیر کی جس سے ایک ایسا عجیب مقام پیدا ہوا جسکی تعبیر اخوتِ رسول، موالاتِ رسول وصی اور وارث وغیرہ متعدد الفاظ سے کی جاتی ہے، حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے ہر شخص سے فرمایا کہ دنیا و آخرت مین تم مین سے کون میرا ولی ہوگا، آپ نے فرمایا کہ نہین یہان تک کہ اُن مین سے اکثر لوگون سے گذرے تو حضرت علی رضؓ نے فرمایا کہ مین دنیا و آخرت مین آپ کی موالات کرون گا آپ نے فرمایا کہ دنیا و آخرت مین تم میرے ولی ہو، حاکم نے حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ رسول اللہ صلعم کی زندگی مین فرماتے تھے کہ خداوند تعالی فرماتا ہے،

اَفَاۡئِنۡ مَّاتَ اَوۡ قُتِلَ انۡقَلَبۡتُمۡ عَلٰۤى اَعۡقَابِكُمۡ — اگر وہ مرگئے یا مارے گئے تو کیا تم الٹے پاؤن پھر جاؤگے،

خدا کی قسم جب ہم کو خدا نے ہدایت دیدی تو اس کے بعد ہم پیٹھ نہ پھیرین گے، خدا کی قسم اگر رسول اللہ صلعم کا وصال ہوا یا آپ شہید ہو گئے تو جس چیز کے لیے آپ جنگ کرتے تھے ہم بھی اسکے لیے لڑین گے، یہان تک کہ مر جائین، خدا کی قسم مین آپ کا بھائی ہون، آپ کا ولی ہون آپکے چچا کا لڑکا ہون، اور آپ کے علم کا وارث ہون تو مجھ سے زیادہ آپ کا حقدار کون ہے، اسی سے ان دونون فریق کی جو افراط و تفریط کرتے ہین غلطی بھی ظاہر ہو گئی، ایک کہتا ہے کہ قوم کی حمایت کے لیے غلبہ کا خواستگار ہونا خلوص نہین، دوسرا کہتا ہے کہ استحقاق خلافت مین اخوت نسبی شرط ہے،

اُن کے محاسن اخلاق مین ایک زہد اور شہوات نفسانی سے اجتناب ہے، حضرت امیر معاویہ نے ضرار اسدی سے کہا مجھ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اوصاف بیان کرو، انھون نے کہا کہ اے امیر المومنین مجھے معاف فرمایئے، اُنھون نے کہا کہ ضرور بیان کرو، بولے اگر ضروری ہے تو وہ بلند حوصلہ اور نہایت قوی تھے، فیصلہ کن بات کہتے تھے، اور عادلانہ فیصلہ کرتے تھے، اُن کے ہر جانب سے علم کا چشمہ پھوٹتا تھا، اور اُن کے تمام اطراف سے حکمت ٹپکتی تھی، دنیا اور دنیا کی شادابی سے وحشت کرتے اور رات اور رات کی وحشت سے انس کرتے تھے، نہایت رونے والے اور بہت زیادہ غور و فکر کرنے والے تھے، چھوٹا لباس اور موٹا جھوٹا کھانا پسند تھا، اور ہم مین بالکل ہماری ہی طرح رہتے تھے، جب ہم اُن سے سوال کرتے تھے تو وہ ہمارا جواب دیتے تھے، اور جب ہم اُن سے انتظار کی درخواست کرتے تھے تو وہ ہمارا انتظار کرتے تھے، باوجودیکہ ہم کو وہ اپنے آپ سے قریب کر لیتے تھے، اور خود ہم سے قریب ہو جاتے تھے، لیکن خدا کی قسم ہم اُن کی ہیبت سے اُن سے گفتگو نہین کر سکتے تھے، وہ اہل دین کی عزت کرتے تھے، غریبون کو مقرب بناتے تھے، قوی کو اُس کے باطل مین حرص کرنے کا موقع نہین دیتے تھے، اور اُن کے انصاف سے ضعیف نا اُمید نہین ہوتا تھا، مین شہادت دیتا ہون کہ مین نے ان کو بعض معرکون مین دیکھا کہ

کہ رات گذر چکی ہے تارے ڈوب چکے ہین اور وہ اپنی داڑھی پکڑے ہوئے اس طرح مضطرب ہین جس طرح وہ شخص مضطرب ہوتا ہے جسکو سانپ نے کاٹ کھایا ہے، غمگین آدمی کی طرح روتے ہین، اور کہتے ہین کہ اے دنیا مجھکو فریب نہ دے دوسرے کو دے، تو مجھ سے چھیڑ چھاڑ کرتی ہے یا میری مشتاق ہوئی ہے، افسوس افسوس مین نے تجھ کو تین طلاقین دیدی ہین جس سے رجعت نہین ہوسکتی، تیری عمر کم اور تیرا مقصد حقیر ہے، آہ زاد راہ کم اور سفر دور دراز کا ہے اور راستہ وحشت خیز ہے، یہ سُنکر امیر معاویہ رو پڑے اور فرمایا خدا ابو الحسن پر رحم کرے خدا کی قسم وہ ایسے ہی تھے،

اُن کے محاسن اخلاق مین ایک چیز شبہات سے اجتناب ہے، اُن کی صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ سے روایت ہے کہ اگر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس لیمون آجاتے تھے، اور حسنؓ حسینؓ ان مین سے کوئی لیمون لیکر کھانے لگتے تو وہ اس کو اُن کے ہاتھ سے چھین لیتے تھے، پھر اس کو تقسیم کرنے کا حکم دیتے تھے، ابو عمر سے روایت ہے کہ وہ فے کی تقسیم مین حضرت ابو بکر کا طریقہ اختیار کرتے تھے، یعنی جب اُن کے پاس مال آتا تھا تو سب تقسیم کر دیتے تھے اور بیت المال مین صرف اس قدر رکھ چھوڑتے تھے جسکی تقسیم اوس روز نہ کر سکتے تھے اور کہتے تھے کہ اے دنیا میرے سوا کسی اور کو دھوکا دے، اور خود اس مین سے اپنے لیے کوئی چیز انتخاب نہین کرتے تھے، اور اپنے کسی رشتہ دار یا اور عزیز کی اس مین تخصیص نہین کرتے تھے، حکومت اور امانت صرف متدین لوگون کے سپرد کرتے تھے، اور جب یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے اس مین خیانت کی ہے تو اس کو لکھتے تھے کہ

قد جاءتکم موعظۃ من ربکم فاوفوا الکیل	تمھارے پاس تمھارے رب کی جانب سے نصیحت آچکی ہو تو ناپ کو
والمیزان بالقسط ولا تبخسوا الناس اشیاءھم	کو انصاف کے ساتھ پورا کرو، اور لوگون کی چیزون مین کمی نہ کرو

ولا تعثوا فی الارض مفسدین بقیۃ اللہ خیر لکم — اور زمین مین فساد نہ پھیلاؤ، خدا کا ثواب تمھارے لیے بہتر ہے

ان کنتم مومنین وما انا علیکم بحفیظ، — اگر تم ایماندار ہو اور مین تمھارا نگران نہین ہون،

اور جب تمھارے پاس میرا یہ خط پہونچے تو تمھارے ہاتھ مین ہمارا جو کام ہے اُسکی حفاظت کرو، یہان تک کہ ہم تمھارے پاس اُس شخص کو بھیجین جو تم سے اُسکو لے لے، پھر اپنی نگاہ کو آسمان کی طرف اُٹھائے اور کہتے کہ خداوندا تو جانتا ہے کہ مین نے ان کو تیری مخلوق پر ظلم کرنے، اور تیرے حق کے چھوڑنے کا حکم نہین دیا،

مجمع التیمی سے روایت ہے کہ بیت المال مین جو کچھ تھا اُسکو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مسلمانون مین تقسیم کردیا پھر حکم دیا کہ اس مین جھاڑو دیدی جائے، پھر اس مین نماز پڑھی تاکہ وہ قیامت کے دن اُن کے لیے شہادت دے،

حضرت کلیب جرمی سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس اصفہان سے مال آیا تو اُنھون نے اس کے سات حصے کیے اور اس مین ایک روٹی پائی تو اس کے سات ٹکڑے کیے، اور ہر حصے پر ایک ایک ٹکڑا تقسیم کیا پھر قرعہ ڈالا کہ ان مین کس کو کون حصہ دیا جائے،

اُن کے تمام محاسن اخلاق مین ایک چیز یہ ہے کہ وہ معاش کی تنگی پر صبر کرتے تھے اور اسکو اپنے اوپر گوارا کرلیتے تھے، خود اُن سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہؓ ہمارے گھر مین آئین تو ہمارے بچھانے کے لیے صرف مینڈھے کی ایک کھال تھی ضمرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے گھر کا کام دھندا اپنی صاحبزادی فاطمہؓ کے متعلق کیا، اور بیرونی انتظامات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد کئے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلعم نے اُن سے حضرت فاطمہؓ کا نکاح کیا تو ان کے ساتھ ایک چادر، چمڑے کا ایک گدا جسمین کھجور کی پتیان بھری ہوئی تھین، ایک چکی، ایک مشک، اور دو گھڑے روانہ کیے، ایک دن

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت فاطمہؓ سے کہا کہ پانی بھرتے بھرتے میرا سینہ درد کرنے لگا
رسول اللہ صلعم کے پاس لونڈی غلام آتے ہین، جاؤ اور آپ سے ایک خادم طلب کرو،
اُنھون نے کہا کہ آٹا پیستے پیستے میرے ہاتھون مین بھی آبلے پڑگئے، چنانچہ وہ آپ کی خدمت
مین حاضر ہوئین، آپ نے فرمایا بیٹی کس غرض سے آئی ہو، بولین سلام عرض کرنے، لیکن سوال
کرنے سے اُن کو شرم آئی، اور واپس گئین، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پوچھا کہ تم نے کیا کیا؟
بولین آپ سے سوال کرنے مین مجھے شرم آئی، اب آپ کی خدمت مین دونون حاضر ہوئے
حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا کہ پانی بھرتے بھرتے میرا سینہ درد کرنے لگا، اور حضرت فاطمہؓ
نے کہا کہ آٹا پیستے پیستے میرے ہاتھون مین چھالے پڑگئے، خدا نے آپ کے پاس لونڈی غلام
اور مال بھیجا ہے ہم کو ایک خادم عنایت فرمائیے، آپ نے فرمایا، نہین یہ کیا، مین تم کو تو دون اور
اہل صفہ کو فاقہ مستی کی حالت مین چھوڑ دون، مین ان لونڈی غلامون کو فروخت کردون گا،
اور اُن کے اوپر اُن کی قیمت صرف کرون گا، اب دونون واپس آئے، اس کے بعد رسول اللہؐ
آئے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت فاطمہؓ چادر اوڑھ کر سو چکی تھین، لیکن جب دونون
سر ڈھکتے تھے تو پانون اور جب پاؤن ڈھکتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، رسول اللہ صلعم کے آنے
سے دفعۃً دونون اٹھ گئے، آپ نے فرمایا کہ اپنی جگہ پر ٹھہرے رہو کیا تم کو مین ایسی چیز نہ بتلا دون
جو اس چیز سے بہتر ہے جسکو تم مجھ سے مانگتے ہو، دونون نے کہا ہان، فرمایا مجھ کو جبرئیلؑ نے چند
کلمے سکھائے، اور کہا کہ دونون ہر نماز کے بعد دس بار تسبیح، دس بار تحمید اور دس بار تکبیر
کہہ لیا کرین تو تم دونون جب سوؤ، تو ۳۳ بار تسبیح، ۳۳ بار تحمید، اور ۳۴ بار تکبیر کہہ لیا کرو، حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کا بیان ہے کہ جب سے رسول اللہ صلعم نے مجھ کو یہ کلمے سکھائے اسوقت سے
مین نے ان کو نہین چھوڑا، ابن کوا نے کہا کہ صفین کی رات مین بھی نہین، انھون نے کہا کہ نہین،

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا بیان ہے کہ "میں ایک بار مدینہ میں سخت بھوک میں مبتلا ہوا، اس لیے عوالی مدینہ میں مزدوری کی تلاش میں نکلا، تو مجھے ایک عورت ملی جس نے ڈھیلے اکٹھے کیے تھے، میں نے خیال کیا کہ وہ اُن کو بھگونا چاہتی ہے، چنانچہ میں نے ہر ڈول پر ایک کھجور اجرت طے کی اور ۱۶ ڈول پانی بھرے جس سے میرے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے، اُس نے مجھے سولہ کھجوریں گن کر دیں، میں رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ نے اُن کھجوروں میں سے میرے ساتھ کھایا"،

خانگی زندگی | حضرت علیؓ کی مستقل خانہ داری اس وقت سے شروع ہوئی جبکہ سیدۂ جنت حضرت فاطمہؓ کے ساتھ ایک علٰحدہ مکان میں رہنے لگے، کیونکہ اس سے پہلے وہ آنحضرتؐ کے ساتھ رہتے تھے اور کسبِ معاش کے لیے انھیں کسی جدو جہد کی ضرورت نہ پڑتی تھی، البتہ ہجرت کے بعد حضرت فاطمہؓ سے شادی قرار پائی تو ولیمہ کی فکر دامنگیر ہوئی اور قرب و جوار کے جنگل سے اونٹ پر گھانس لا کر بیچنے کا ارادہ کیا، لیکن حضرت حمزہؓ نے ایک روز ان کی اجازت کے بغیر اس اونٹ کو ذبح کر کے لوگوں کو کھلا دیا، حضرت علیؓ نے دیکھا تو نہایت صدمہ ہوا کیونکہ آپ کے پاس صرف دو اونٹ تھے، آخر زرہ بیچکر سامان کیا، اس زرہ کی قیمت بھی روپے سوا روپے سے زیادہ نہ تھی،

شادی کے بعد علٰحدہ مکان میں رہنے لگے تو حصولِ معاش کی فکر لاحق ہوئی، چونکہ شروع سے اس وقت تک تمام زندگی سپاہیانہ کاموں میں بسر ہوئی اس لیے کسی قسم کا سرمایہ پاس نہ تھا، صرف محنت و مزدوری اور جہاد کے مالِ غنیمت پر گذر اوقات تھا، خیبر فتح ہوا تو آنحضرت صلعم نے آپ کو ایک قطعۂ زمین جاگیر کے طور پر عنایت کی، حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں

[۱] ازالۃ الخفا کا خلاصہ ختم ہوا، [۲] ابوداؤد کتاب الخراج والامارۃ باب فی بیان مواضع قسم الخمس،

باغِ فدک کا انتظام بھی اُن کے حوالہ کر دیا، اور دوسرے صحابہؓ کی طرح اُن کے لیے بھی پانچہزار درہم (ایک ہزار روپیہ) سالانہ کا وظیفہ مقرر کر دیا، خلیفۂ ثالث کے بعد مسند نشین خلافت ہوئے تو بیت المال سے بقدر کفاف روزینہ مقرر ہو گیا اور اسی پر آخری لمحۂ حیات تک قانع رہے،

مسند کی ایک روایت مین ہے کہ حضرت مرتضیٰ نے فرمایا ایک وہ زمانہ تھا کہ مین رسول اللہ کے ساتھ بھوک کی شدت سے پیٹ پر پتھر باندھتا تھا اور آج میرا یہ حال ہے کہ چالیس ہزار سالانہ میری زکواۃ کی رقم ہوتی ہے[1] اس واقعہ مین اور آپ کی ترشی و تنگی و فقر و فاقہ کی روایتون مین کوئی تضاد نہین ہے آپ کی اس آمدنی کا بڑا حصہ خدا کی راہ مین صرف ہوتا تھا اور ذاتی اور خانگی فقر و فاقہ کا وہی عالم رہتا تھا،

کبھی کبھی خانہ داری کے معاملات مین حضرت فاطمہؓ سے رنجش بھی ہو جاتی تھی لیکن آنحضرت صلعم ہمیشہ درمیان مین پڑکر صفائی کرا دیتے تھے ایک مرتبہ حضرت علی نے ان پر کچھ سختی کی وہ آنحضرت صلعم کے پاس شکایت لیکر چلین، پیچھے پیچھے حضرت علیؓ بھی آئے حضرت فاطمہ نے شکایت کی تو آپ نے فرمایا بیٹی، تم کو خود سمجھنا چاہیئے کہ کون شوہر اپنی بی بی کے پاس خاموش چلا آتا ہے؟ حضرت علی نہایت متاثر ہوئے اور انھون نے حضرت فاطمہؓ سے کہا اب مین تمھارے خلاف مزاج کوئی بات نہ کرونگا،

آنحضرت صلعم نے رحلت فرمائی تو حضرت فاطمہ کو اس قدر غم ہوا کہ اُس کے بعد صرف چھ مہینے زندہ رہین اور اس عرصہ مین ایک لمحہ کے لیے بھی ان کا دل پژمردہ شگفتہ نہوا حضرت علی بھی اُن کی دلدہی اور تسلی کے خیال سے خانہ نشین رہے، اور جب تک وہ زندہ رہین گھر سے باہر قدم نہ رکھا،

حضرت فاطمہ کے بعد متعدد شادیان کین اور اُن بی بیون سے بھی لطف و محبت کے ساتھ پیش آئے اُن کو اپنے صاحبزادہ محمد بن حنفیہ سے بھی نہایت محبت تھی چنانچہ وفات کے وقت حضرت امام حسن سے اُن کے ساتھ لطف و محبت سے پیش آنے کی خاص طور پر وصیت فرمائی تھی،

[1] مسند ابن حنبل جلد اول صفحہ ۱۵۹

غذا و لباس | حضرت علیؓ کے غیر معمولی زہد و ورع نے ان کی معاشرت کو نہایت سادہ بنا دیا تھا کھانا عموماً روکھا پھیکا کھاتے تھے، عمدہ پوشاک اور قیمتی لباس سے بھی شوق نہ تھا، عمامہ بہت پسند کرتے تھے، چنانچہ فرمایا کرتے تھے العمائم تیجان العرب یعنی عمامے عربون کے تاج ہین، کبھی کبھی سپید ٹوپی بھی پہنتے تھے، کرتے کی آستین اسقدر چھوٹی ہوتی کہ اکثر ہاتھ آدھے کھلے رہتے تھے تہمد بھی نصف ساق تک ہوتی تھی کبھی صرف ایک تہمد اور ایک چادر ہی پر قناعت کرتے اور اسی حالت مین فرائض خلافت ادا کرنے کیلیے کوڑا لیکر بازار مین گشت کرتے نظر آتے تھے، غرض آپ کو ظاہری نمایش اور طمطراق کا مطلق شوق نہ تھا، پیوند لگے ہوے کپڑے پہنتے تھے، لوگون نے اسکے متعلق عرض کیا تو فرمایا یہ دل مین خشوع پیدا کرتا ہے اور مسلمانون کیلیے ایک اچھا نمونہ ہے کہ وہ اسکی پیروی کرین، بائین ہاتھ مین انگوٹھی پہنتے تھے اور اسپر للہ الملک نقش تھا،

حضرت علیؓ پر سردی و گرمی کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا کیونکہ رسالتمآب صلعم نے غزوۂ خیبر مین انکے لیے دعا فرمائی تھی، اللھم اذھب عنہ الحر والبرد یعنی اے خدا اس سے گرمی و سردی دور کر، اس کا اثر یہ تھا کہ وہ جاڑے کا کپڑا گرمی مین اور گرمی کا لباس جاڑے مین زیب تن فرماتے اور اس سے کوئی تکلیف نہ ہوتی،

حلیہ | حلیہ یہ تھا، قد میانہ، رنگ گندم گون، آنکھین بڑی بڑی، چہرہ پر رونق و خوبصورت، سینہ چوڑا، اسپر بال بازو اور تمام بدن گٹھا ہوا، پیٹ بڑا اور نکلا ہوا اور سر مین بال نہ تھے، یا تو فطرۃً نہ تھے یا سر گھٹایا کرتے تھے ایک روایت مین ہے کہ آپنے فرمایا کہ مین نے آنحضرت صلعم کو کہتے سنا ہے کہ سر کے بال کے نیچے نجاست ہوتی ہے اسی لیے مین بالون کا دشمن ہون، ایک روایت مین ہے کہ ایک شخص نے آپ کے پیچھے دو گیسو پڑے دیکھے، اگر زیادہ مشہور یہی ہے کہ آپ کے سر مین بال نہ تھے، ریش مبارک بڑی اور اتنی چوڑی تھی کہ ایک مونڈھے سے دوسرے مونڈھے تک پھیلی تھی آخر مین بال بالکل سپید ہو گئے تھے اور شاید تمام عمر مین ایک دفعہ بالون مین مہندی کا خضاب کیا تھا،

ازواج و اولاد | سیدۂ جنت حضرت فاطمۂ زہرا کے بعد جناب مرتضیٰ نے مختلف اوقات مین متعدد شادیان

سنہ ۱۲ صفحہ ۹۹

گین اور اُن سے نہایت کثرت کے ساتھ اولادین ہوئین تفصیل حسب ذیل ہی،

حضرت فاطمہؓ رسول اللہ صلعم کی صاحبزادی تھین ان سے ذکور مین حسنؑ حسینؑ محسنؓ اور لڑکیون مین زینب کبریؓ اور ام کلثوم کبریؓ پیدا ہوئین محسن نے بچپن ہی مین وفات پائی،

ام البنینؓ بنت حزام ان سے عباس جعفر عبد اللہ اور عثمان پیدا ہوے ان مین سے عباس کے علاوہ سب حضرت امام حسینؑ کے ساتھ کربلا مین شہید ہوے،

لیلیٰؓ بنت مسعود انھون نے عبید اللہ اور ابوبکر کو یادگار چھوڑا لیکن ایک روایت کے مطابق یہ دونون بھی حضرت امام حسینؑ کے ساتھ شہید ہوے،

اسماءؓ بنت عمیس ان سے یحییٰ اور محمد اصغر پیدا ہوئے،

صہباؓ یا ام حبیب بنت ربیعہ یہ ام ولد تھین ان سے عمر اور رقیہ پیدا ہوئین عمر نے نہایت طویل عمر پائی، اور تقریباً پچاس برس کے سن مین ینبوع مین وفات پائی،

امامہؓ بنت ابی العاص یہ حضرت زینبؓ کی صاحبزادی اور آنحضرت صلعم کی نواسی تھین اُن سے محمد اوسط تولد ہوے،

خولہؓ بنت جعفر، محمد بن علی جو محمد بن حنفیہ کے نام سے مشہور ہین اُن ہی کے بطن سے پیدا ہوے تھے

ام سعیدؓ بنت عروہ ان سے ام الحسن اور رملہ کبریٰ پیدا ہوئین،

محیاۃؓ بنت امرؤ القیس ان سے ایک لڑکی پیدا ہوئی تھی مگر بچپن ہی مین قضا کر گئی،

متذکرۂ بالا بیویون کے علاوہ متعدد لونڈیان بھی تھین اور ان سے حسب ذیل لڑکیان تولد ہوئین،

ام ہانی، میمونہ، زینب صغریٰ، رملہ صغریٰ، ام کلثوم صغریٰ، فاطمہ، امامہ، خدیجہ، ام الکرام، ام سلمہ، ام جعفر، جمانہ، نفیسہ

غرض حضرت علیؓ کی سترہ لڑکیان اور چودہ لڑکے تھے، ان مین سے پانچ سے سلسلۂ نسل جاری ہا

ان کے نام یہ ہین، امام حسن، امام حسین، محمد بن حنفیہ، عباس، عمرؓ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ

سیرۃ عائشہؓ

(طبع دوم)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حالات زندگی اور ان کے مناقب و فضائل و اخلاق اور ان کے علمی کارنامے، اور ان کے اجتہادات اور صنف نسوانی پر ان کے احسانات اور اسلام کے متعلق ان کی نکتہ سنجیاں اور معترضین کے جوابات، قیمت ۳ے/

اَلفَارُوق

(حضرت فاروق اعظمؓ کی لائف اور طرز حکومت) اگرچہ مسخ شدہ صورت مین معمولی کاغذ پر اس گران بہا کتاب کے بیسون ایڈیشن فروخت ہو رہے ہین، مگر اہل نظر کو ہمیشہ اس کے اعلیٰ ایڈیشن کی تلاش تھی، مطبع معارف نے نہایت اہتمام اور سعی بلیغ سے اس کا نیا ایڈیشن تیار کرایا ہے جو حرف بحرف نامی پریس کانپور کی نقل ہی نہایت عمدہ کتابت، اعلیٰ چھپائی، عمدہ کاغذ، دنیاے اسلام کا رنگین نفیس نقشہ، مطلا ٹائیٹل، ضخامت ۳۱۲ صفحے، قیمت للعہ/

خطبات مدراس

مولانا سید سلیمان ندوی نے پچھلے سال مدراس مین سیرۃ نبوی کے مختلف پہلوؤن پر جو آٹھ خطبے (لکچر) دیے تھے، وہ نہایت اہتمام سے عمدہ کاغذ پر چھپکر تیار ہین چھپنے سے پہلے اس کے نصف آرڈر آ چکے ہین، یہ اس لایق ہین کہ مسلمانون کے علاوہ غیر مسلمون مین ہدیۃً تقسیم کیے جائین، ضخامت ۱۶۰ صفحے قیمت عہ/

سیرۃ النبیؐ

رسول اللہ صلعم کے حالات، غزوات، اور اخلاق و عادات کے متعلق بہت سے رطب و یابس واقعات تاریخ و سیر کی کتابون مین مذکور ہین، لیکن اس کتاب کی اصلی خصوصیت یہ ہے کہ اس مین اس قسم کی تمام روایتون سے قطع نظر کر لی گئی ہے، اور صرف وہ واقعات بیان کیے گئے ہین، جو قرآن مجید اور احادیث مین مذکور ہین، اور جنکی صحت مین کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہین، تاریخ و سیر سے بھی وہی واقعات لیے گئے ہین جنکی صحت پر عقلی و نقلی حیثیت سے کوئی اعتراض واقع نہو،

اب تک اس کتاب کے تین حصے شایع ہو چکے ہین، اور تین حصے اور باقی ہین، پہلے حصے مین ولادت سے لیکر فتح مکہ تک کے حالات ہین، اور ابتدا مین ایک نہایت مفصل مقدمہ لکھا گیا ہے جسمین سیرت کی کتابون پر تنقید کی گئی ہے اور اُن کی خصوصیات بتائی گئی ہین، اسی مقدمہ مین آپکی سوانح کے متعلق اور بھی چند اہم اور اصولی مباحث مذکور ہین، دوسرے حصہ مین آپ کی وفات، آپکے اخلاق و عادات اور اعمال و عبادات وغیرہ کا مفصل بیان ہے، اور یہ حصہ تمامتر قرآن و حدیث سے ماخوذ ہے،

تیسرے حصہ مین آپکے معجزات و خصائص نبوت پر بحث ہے، اسمین سب سے پہلے عقلی حیثیت سے معجزات پر متعدد اصولی بحثین کی گئی ہین، پھر اُن معجزات کی تفصیل ہے جو بروایت صحیحہ ثابت ہین، اس کے بعد ان معجزات کے متعلق غلط روایات کی تنقید و تفصیل کی گئی ہے، قیمت باختلاف کاغذ حصہ اول تقطیع خورد ۳؎ روللعہ حصہ دوم تقطیع کلان عہ ۱۲؎ حصہ دوم تقطیع خورد صہ ۱ دسے حصہ سوم تقطیع کلان عہ ۱ دستے،

منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ